
جامع قوانین و مفصل تعلیلات پر مشتمل کتب

حافظ خادم حسین رضوی

شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور




تعلیلات خادمیہ

[illegible] حق پبلیکیشنز

جامع قوانین اور مفصل تعلیلات پر مشتمل کتاب

تعلیلات خادمیہ

حافظ خادم حسین
مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور



مکتبہ مجددیہ سلطانیہ
ملکانہ دینہ جہلم

تعلیلاتِ خادمیہ

مصنف ---------------- حافظ خادم حسین رضوی

باہتمام ---------------- ملک غلام رسول ہمدمی

سن اشاعت ---------------- ربیع الاول ۱۴۳۳ھ بمطابق فروری 2012ء

صفحات ---------------- 680

قیمت ----------------

ملنے کے پتے

نظامیہ کتاب گھر اردو بازار لاہور   ضیاء القرآن پبلی کیشنز

مکتبہ غوثیہ ہول سیل کراچی   اسلامک کارپوریشن راولپنڈی

کتب خانہ امام احمد دربار مارکیٹ لاہور

مکتبہ اہلسنت جامعہ نظامیہ لاہور 042-37634478

ناشر

علامہ فضل حق پبلیکیشنز لاہور

دربار مارکیٹ لاہور

0300-4798782,03134949182

انتساب

اپنے شیخِ طریقت سراپا شفقت ومحبت قدوۃ السالکین حضرت قبلہ

خواجہ محمد عبدالواحد زید مجدہ الکریم (المعروف حاجی پیر صاحب)

کے نام

جن کے فیضانِ نظر نے میرے دل کو درد آشنا کیا اور عشقِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء سے سرشار کیا۔

جلا سکتی ہے شمعِ کشتہ کو موجِ نفَس ان کی

الٰہی ! کیا چھپا ہوتا ہے اہل دل کے سینوں میں

حافظ خادم حسین رضوی

۱۹ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

الاہداء

اپنے استاذ و مربی غوث العلماء سند الفقہاء مفتی اعظم حضرت قبلہ علامہ مولانا مفتی محمد عبدالقیوم قادری رضوی ہزاروی نَوَّرَ اللّٰہُ مَرْقَدَہٗ

کی خدمت میں

جو اپنے ہمعصر اور بعد میں آنے والوں کے لیے نشانِ منزل بن گئے۔

جو سختیٔ منزل کو سامانِ سفر سمجھے
اے وائے تن آسانی ناپید ہے وہ راہی

حافظ خادم حسین رضوی

۱۷ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

علم ساری کائنات کو محیط ہے۔ بلکہ اس کی رسائی ماوراء الکائنات تک بھی ہے۔ یہ مسلسل وسعت پذیر ہے۔ ہر روز طلوع ہونے والا سورج نت نئی جہتوں میں اس کی وسعت کا پیغام لے کر طلوع ہوتا ہے۔ جب تک یہ نظامِ کائنات جاری ہے یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ علم کی وسعتوں کا جب یہ عالم ہے تو اس میں کثیر در کثیر انواع واقسام کا پایا جانا ایک فطری اور ناگزیر امر ہے۔ چنانچہ مختلف زمانوں میں متعدد علماء نے اپنے اپنے ذوق اور طبعی رجحان کے مطابق اس کی مختلف تقسیمات کی ہیں۔ اور ہر تقسیم کے تحت متعدد اقسام بیان کی ہیں۔ علم کی ان اقسام میں ایک قسم کا نام علوم مدونہ ہے۔ علوم مدونہ کی اقسام، ہر قسم کے نام، تعارف اور اس پر تصنیف شدہ کتابوں کی تفصیل وغیرہ امور پر متعدد کتب لکھی جا چکی ہیں۔ علم صرف یا تصریف بھی انہی مدونہ علوم کی ایک قسم ہے [1]

صرف کا لغوی معنی ہے۔

الصرف رد الشيء من حالة إلى حالة او ابداله بغيره يقال صرفته فانصرف [2]

ترجمہ: صرف کے معنی ہیں کسی چیز کی ایک حالت کو دوسری حالت سے بدل دینا یا ایک چیز کو دوسری سے بدل لینا۔ عربی محاورہ ہے **صرفته فانصرف** میں نے اسے پھیرا وہ پھر گیا۔

اور تصریف کے لغوی معنی ہیں:

التصريف كالصرف .إلا في التكثير وأكثر ما يقال في صرف الشيء من حالة ومن أمر إلى أمر [3]

ترجمہ: تصریف کے معنی صرف کی مانند ہیں۔ لیکن اس کے معنوں میں تکثیر پائی جاتی ہے۔ اور عام طور پر یہ کسی شے کی ایک حالت کو دوسری حالت کی طرف یا ایک امر کو دوسرے امر کی طرف پھیرنے کے معنوں میں آتا ہے۔

اصطلاحی اعتبار سے لفظ صرف دو معنوں اور لفظ تصریف ایک معنی میں مستعمل ہے۔ لفظ صرف اور تصریف کا مشترکہ اصطلاحی مفہوم یوں ہیں۔

---

[1] اس موضوع پر لکھی گئی چند کتابوں اور ان کے مؤلفین کے نام یہ ہیں۔

(1) الفہرست۔ ابن ندیم (2) احصاء العلوم۔ فارابی (3) مفاتیح العلوم۔ خورازمی

(4) الفوائد الخاقانیہ۔ محمد امین (5) کشف الظنون۔ حاجی خلیفہ (6) مفتاح السعادۃ، طاش کبری زادہ

(7) کشف اصطلاحات الفنون، محمد علی بن علی

[2] المفردات: امام راغب، ص: 280، 181

[3] المفردات: امام راغب ص: 281

’’یہ اس علم کا نام ہے جس میں ایک کلمہ کو دوسرے کلمہ سے بنانے کے قواعد اور کلمات کی گردان اور ان میں تبدیل وتعلیل کا حال معلوم ہو‘‘

لفظ صرف کے دوسرے اصطلاحی معنی کا تعلق علم فقہ سے ہے۔ علامہ سید شریف علی بن محمد رحمۃ اللہ علیہ نے یہ تعریف یوں بیان کی ہے۔

بیع الأثمان بعضها ببعض [1]

ترجمہ: اثمان یعنی سونا اور چاندی کو باہم ایک دوسرے کے عوض فروخت کرنا۔

فقہ کی کتابوں میں اس موضوع پر مستقل باب ہوتا ہے۔ علامہ ابن ندیم نے اپنی کتاب الفہرست ۳۷۷ھ میں مکمل کی۔ یہ علم کی اقسام ان کے تعارف اور ان پر تصیف کردہ کتب کے بارے میں قدیم ترین تصانیف میں سے ایک ہے۔ علم الصرف کے بارے میں اس عہد تک مختلف علماء کی تصنیف شدہ کتابوں کے نام اس طرح سے ہیں۔

کتاب التصریف :	8عدد	کتاب التصاریف :	2عدد
کتاب الاشتقاق	12عدد [2]	کتاب المشتق من المختلف والموتلف	1عدد
کتاب جمل اصول التصریف	1عدد	کتاب الادغام	1عدد

وغیرہ وغیرہ۔ یہ تعداد سرسری گنتی سے حاصل شدہ ہے امید ہے کہ درست ہی ہوگی۔ اس علم پر تصنیف کردہ کسی کتاب کا نام مجھے باوجود تلاش کے کتاب الصرف نہیں مل سکا۔ جب کہ ’’الصرف‘‘ کے فقہی اصطلاحی معنی پر مختلف علمائے کرام کی کتابوں کے نام اس طرح سے درج ہیں۔

کتاب الصرف	4عدد	کتاب التصریف والنقد والسکہ	1عدد

اس تفصیل سے یہ نتیجہ اخذ کرنا غلط نہ ہوگا چوتھی صدی ہجری کے ربع ثالث تک یہ علم ’’علم تصریف‘‘ کے نام سے معروف تھا۔ جب کہ موجودہ دور میں یہ علم ’’علم صرف‘‘ کے نام سے مشہور ہے۔

---

[1] التعریفات: ص116

[2] واضح رہے کہ علم صرف اور علم اشتقاق دو الگ الگ علوم ہیں۔ اقسام واصناف علوم کی کتابوں میں دونوں کو جدا جدا بیان گیا ہے۔ لیکن چونکہ بالعموم دونوں علموں کو یک جا بیان کیا جاتا ہے اکٹھا ہی پڑھا پڑھایا جاتا ہے۔ کیونکہ دونوں کے مبادی مشترکہ ہیں اور علم اشتقاق کے قواعد بہت قلیل ہیں۔ اس لیے اس علم پر مستقل تصانیف کی تعداد بھی قلیل ہے۔ راقم الحروف عفی عنہ نے بھی دونوں علموں کی تصانیف کو اکٹھا کر دیا ہے اس علم کی تعریف، علم صرف اور اس علم کا فرق اور اشتقاق کی اقسام وغیرہ وابحاث کے لیے ملاحظہ ہو کشف الظنون 1 / 101، 102 نواب صدیق حسن خان نے اس کتاب کی اس پوری بحث کو من وعن اپنی کتاب ابجد العلوم میں حوالہ کے بغیر نقل کر دیا ہے۔

ابتداء میں اس علم کی جداگانہ حیثیت نہ تھی بلکہ یہ نحو میں شامل تھا۔اس کے قواعد وضوابط نحو کی کتابوں میں نحو کے ساتھ ہی پڑھائے جاتے تھے۔مگر جب علوم میں وسعت پیدا ہوئی اور ان کے قواعد وضوابط میں تہذیب، تدقیق، تفصیل اور تشریح کا زمانہ آیا تو اسے ایک مستقل علم کی حیثیت دے دی گئی۔اسے مستقل علم کی شکل دینے والے علامہ ابوعثمان مازنی ہیں [1]۔

لفظ نحو کے متعدد معانی ہیں ایک معنی تصریف بھی ہے۔ممکن ہے کہ کلمات میں تغیر وتبدل کے باعث تسمیۃ الکل باسم الجزء کے قاعدہ کے مطابق اس کا نام علم نحو پڑ گیا ہو۔مولانا محمد عبدالعلی مدارسی فرماتے ہیں۔

النحو لغۃ ...... التصریف نحو نحوت بصری إلیہ أی صرفت و الانحاء نحوہ مثل انحیت عنہ بصری ای عدلتہ[2].

ترجمہ: لفظ نحو کے لغوی معنوں میں سے ایک تصریف (پھیرنا) بھی ہے عربی محاورہ میں نحوت بصری الیہ اس کا معنی ہے میں نے اپنی آنکھ اس کی طرف پھیر دی۔انحاء (باب افعال) کے معنی بھی اسی طرح ہے عربی محاورہ ہے انحیت عنہ بصری اس کا معنی بھی میں نے اپنی آنکھ اس سے پھیر لی ہے۔

صرف علوم آلیہ یعنی ایسے علوم جو قرآن حکیم، احادیث مبارکہ کو سمجھنے میں معاون اور مددگار ہوتے ہیں۔اس کی ضرورت اور اہمیت کے بارے میں زبان زدِ عوام وخاص عربی کا یہ مقولہ ہی کافی ہے۔الصرف ام العلوم و النحو أبوھا.

امام زرکشی رحمۃ اللہ علیہ نے البرہان میں فرمایا۔

(عربی) زبان کو سمجھنے کے لیے علم الصرف کی اہمیت علم النحو سے بڑھ کر ہے کیوں کہ علم صرف میں کلمہ کی ذات میں غور وفکر ہوتا ہے اور نحو میں اس کے عوارض اور طاری ہونے والے احوال پر غور کیا جاتا ہے۔یہ ان علوم میں داخل ہے جن کی ایک مفسر قرآن کو ضرورت ہوتی ہے [3]۔

---

[1] (الف) کشف الظنون :412/1

(ب) دائرۃ معارف القرن العشرین 616/6

(ج) ابجد العلوم، ص:323

(د) رضی شرح شافیہ 1/2 نوٹ: اس کے حاشیہ میں علم نحو کی متقدمین کے نزدیک (جب علم صرف اس کی ایک قسم شمار ہوتی تھی) اور متاخرین کے نزدیک (جب علم الصرف اس کی قسم ٹھہری) کی تعریف وغیرہ مفید ابحاث ہیں۔

نوٹ: شیخ محمد حنیف گنگوہی نے علامہ معاذ بن مسلم المتوفی 187ھ شاگرد ابوالاسود دوئلی کو اس کا واضع قرار دیا ہے۔ قرۃ العیون فی تذکرۃ الفنون : ص116 نہ معلوم انکا ماخذ کیا ہے۔

[2] ثمرات الحیرۃ فی طبقات النحاۃ ص193۔تبصرۃ الطلاب فی تذکرۃ طبع الکتاب ص2

نوٹ: دونوں کتابیں مولانا محمد عبدالعلی مدارسی کی تالیف ہیں۔

[3] البرھان فی علوم القرآن 208/1

علامہ ابن فارس نے فرمایا

جو آدمی اس علم کے حصول میں ناکام رہا وہ علوم کے ایک بڑے حصہ کے حصول میں ناکام رہا۔ جیسا کہ لفظ "وجد" کے معانی میں ابہام ہے جب اسے مختلف اوزان پر ڈھالا جائے گا تو اس کے معانی کی وضاحت ہوتی جائے گی۔ وُجداً مال کے ملنے کے لیے وِجْدَاناً گم شدہ چیز کے پانے کے لیے۔ "مَوْجِدَة" غضب ناک ہونے کے لیے اور "وَجْداً" غمگین ہونے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔ نیز ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

وأما القاسطون فكانوا لجهنم حطبا (الجن ۱۴)

ترجمہ: ظلم کرنے والے جہنم کا ایندھن ہوں گے۔

اور اسی "قسط" کے مادہ میں تغیر کے ساتھ ایک اور صیغہ آیا تو معنی بدل گیا۔ چنانچہ قرآن مجید میں ہے۔

اقسطوا إن الله يحب المقسطين (الحجرات: ۹)

ترجمہ: انصاف کرو اللہ تعالیٰ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔

علم صرف کا الفاظ کے معانی پر اثر ملاحظہ ہو کہ کس طرح ایک مادہ سے مختلف الفاظ کا معنیٰ ظلم سے عدل میں تبدیل ہو گیا[1]

علم الصرف کا عمل دخل اسماء اور افعال دونوں میں ہے۔ مثلاً ریت میں موجود رستہ کو "خِبَّة" کہتے ہیں۔ اور خُبَّة اس رستہ کو کہتے ہیں جو ہری بھری اور قحط زدہ زمین کے درمیان ہو[2]۔

امام لغت علامہ ازہری[3] نے لکھا کہ "ذکر" مہمل ہے عربی زبان میں یہ لفظ استعمال نہیں ہوتا۔ لیکن علامہ تاج الکندی نے اس کتاب کے حاشیہ پر لکھ دیا جس لفظ کو علامہ ازہری نے مہمل قرار دیا ہے وہ تو مستعمل ہے قرآن مجید میں ہے۔ وادكر بعد امة (یوسف: ۴۵) نیز قرآن مجید میں ہے فهل من مدكر (القمر: ۱۵) یہ علامہ تاج الکندی کی غلطی ہے جو علم صرف کے ایک قاعدہ سے غفلت کا ثمرہ ہے۔ درست وہی ہے جو علامہ ازہری نے لکھا کیونکہ "ادکر" اصل میں "اذتکر" تھا جو باب افتعال سے ماضی کا صیغہ ہے کہ اور "مدکر" دراصل "مذتکر" تھا یہ بھی باب افتعال سے اسم فاعل کا صیغہ ہے[4]۔

---

[1] البرهان فی علوم القرآن 208/1

[2] الاتقان فی علوم القرآن 2/573 (ترجمہ) البرہان: 1/208

[3] لغت کی مشہور کتاب تہذیب اللغۃ کے مؤلف ہیں۔ ازہری نسبت جامع ازہر کے باعث نہیں بلکہ ان کے جد امجد "ازہر" کے باعث ہے۔ ہرات کے باشندے تھے۔ القاموس الوحید ص 38

[4] البرهان فی علوم القرآن 209/1

علامہ جاراللہ زمخشری نے آیت مبارکہ

الشیطان سول لهم واملی لهم (سورہ محمد : ۲۵)

کی تفسیر میں لکھا۔

سول لهم سهل لهم رکوب العظائم من السّول وهو الاسترخاء وقد اشتقه من السُّؤل من لا علم له بالتصریف والاشتقاق ۱؎

ترجمہ: سول لهم کا معنی ہے شیطان نے بڑے بڑے گناہوں کا ارتکاب ان کے لیے آسان بنا دیا یہ لفظ سَوْل سے مشتق ہے جس کا معنی ہے استرخاء (نرم ہونا) اور جس شخص کے پاس صرف اور اشتقاق کا علم نہیں اس نے اسے سؤل سے مشتق قرار دیا ہے۔ امام زرکشی نے فرمایا کہ یہ امام ابن سکیت پر تعریض ہے ۲؎۔

علم صرف واشتقاق سے نابلد ہونے کی صورت میں قرآن کریم کے غلط معانی اور مفہوم تک پہنچنے کی ایک اور مثال' علامہ زمخشری نے آیت مبارکہ

یوم ندعوا کل اناس بامامهم (الاسراء:۷۱) کے تحت یوں بیان کی۔

ومن بدع التفاسیر ان الامام جمع أم وإن الناس یدعون یوم القیامة بامهاتهم وإن الحکمة فی الدعاء بالامهات دون الآباء رعایة حق عیسی علیه السلام واظهار شرف الحسن والحسین وأن لا یفتضح أولاد الزنی ۳؎ .

ترجمہ: نئی اور من گھڑت تفسیروں سے ایک یہ ہے کہ اس آیت مبارکہ میں لفظ امام اُمّ (ماں) کی جمع ہے اور لوگوں کو قیامت کے دن ان کی ماؤوں کے ناموں کے ساتھ پکارا جائے گا۔ اور باپوں کے ناموں کو چھوڑ کر ماؤوں کے ناموں سے پکارے جانے میں یہ (تین) حکمتیں ہیں۔ (۱) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق کی رعایت (۲) حضرات حسنین کریمین رضی اللہ عنہما کے شرف وعظمت کا اظہار (۳) زنا کی اولاد کو رسوائی سے بچانا۔

مزید تلاش وجستجو سے اس طرح کی مزید مثالیں بھی مل سکتی ہیں ۴؎۔

۱؎ الکشاف 537/3 ۲؎ البرهان فی علوم القرآن 209/1

۳؎ الکشاف :459/2

۴؎ الاتقان 2/181 اس میں اختصار ہے۔

نوٹ: مزید مثالوں کے لیے ملاحظہ ہو۔ 1۔البرہان فی علوم القرآن ۔2۔الجاسوس علی القاموس وغیرہ کتب۔

مندرجات بالا سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ جو شخص علم صرف کو نظر انداز کر کے قرآن مجید' احادیث مبارکہ' عربی زبان کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے اور قرآن وحدیث سے براہ راست منشائے ایزدی اور منشائے رسول کریم ﷺ تک رسائی حاصل کرنے کا دعوی کرتا ہے وہ اپنے دعوی میں سچا نہیں۔ اس کا دعوی دیوانے کی بڑ سے بڑھ کو کچھ نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ قرآن وحدیث کو سمجھنے کے لیے دیگر مطلوبہ علوم کے ساتھ علم صرف ونحو میں مہارت اور ملکہ ہونا بنیادی شرط ہے۔

یاد رہے کہ جب تک کسی شخص کو اپنے متعلقہ علم کے مبادی اور اصول وقواعد پر پورا احاطہ حاصل نہ ہو اور اس کے ہر ہر مسئلہ سے کامل واقفیت کے حصول کے بعد وہ اس علم کے اصول سے فروع کے استخراج کا ملکہ پیدا نہ کرے اسے اپنے متعلقہ علم میں حاذق اور ماہر تسلیم نہیں کیا جاسکتا۔ اور نہ ہی اسے اس میں حاوی مانا جاسکتا ہے۔ یہ ملکہ مسائل ومبادی' قوانین وضوابط کے رٹ لینے اور ان سے فروع کے استخراج کی مشق حاصل کیے بغیر میسر نہیں آسکتا۔ ممکن ہے کہ ایک قانون مبتدی بھی سمجھتا ہو اور منتہی بھی لیکن مبتدی کو ملکہ حاصل نہیں ہوتا جب کہ ماہر اور حاذق اس سے بہرہ ور ہوتا ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ ملکہ مسائل کو صرف سمجھ لینے اور از بر کر لینے سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ یہ اس سے برتر کوئی اور چیز ہے جو صرف ماہر اور حاذق کو نصیب ہوتی ہے۔

پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ قرآن مجید' حادیث مبارکہ اور عربی زبان وادب کو درست سمجھنے کے لیے کچھ دیگر علوم کے ساتھ علم صرف میں مہارت اور ملکہ کا ہونا شرط ہے۔ درس نظامی کی عام درس گاہوں اور دار العلوموں میں علم صرف اگرچہ نصاب کا بنیادی اور لازمی جزو ہوتا ہے لیکن ان کا المیہ یہ ہے کہ اس علم کو پڑھانے کے باوجود اساتذہ کرام بالعموم اپنے طلبہ میں اس علم کی مہارت اور ملکہ پیدا کرنے میں ناکام رہتے ہیں۔ جس کے برے اثرات ان کی ساری عمر میں ظاہر ہوتے رہتے ہیں لیکن مقام شکر ہے کہ چند جامعات اس سے مستثنیٰ ہیں ان میں تعلیم پانے والے طلبہ جہاں دیگر علوم میں خاصی دسترس رکھتے ہیں وہیں علم صرف میں ان کی مہارت مسلم ہوتی ہے۔ دور حاضر میں دار العلوم جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور کو ایسے مدارس میں ایک برتر مقام حاصل ہے۔ اس خوبی کا سہرا جامع معقول ومنقول استاذ الاساتذہ حضرت مولانا حافظ خادم حسین صاحب زید علمہ وشرفہ کے سر بندھتا ہے۔ جن کی مہد تربیت سے فیض یافتہ علماء اپنے ہم عصروں سے خصوصیت کے ساتھ علم صرف کی مہارت میں بلند مقام پر فائز ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم' اساتذہ کرام کی تربیت اور بزرگوں کی نگاہ عنایات نے ان کی ذات میں یہ خوبی پیدا کر دی ہے کہ وہ اپنے زیر تعلیم طلبہ میں علم صرف میں مہارت اور ملکہ پیدا کر دیتے ہیں۔ وہ برصغیر پاک وہند میں اس علم کے چند چوٹی کے ماہر اساتذہ میں شمار ہوتے ہیں انہیں یہ مقام استاذ العلماء حضرت مولانا مفتی محمد عبد القیوم ہزاروی رحمۃ اللہ علیہ جیسی عظیم القدر ہستی کی نگرانی میں جامعہ نظامیہ جیسی عظیم درسگاہ میں مسلسل تیرہ برس تک اس فن کی تدریس سے حاصل ہوا۔ حضرت مولانا زید فیضہ وعلمہ دیگر فنون کی تدریس میں بھی اپنے ہم عصروں میں کسی سے پیچھے نہیں۔

ذلک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔

مولانا محترم بڑی حساس اور بے باک طبیعت کے مالک ہیں اگرچہ وہ محکمہ اوقاف میں بحیثیت خطیب بھی فرائض انجام دیتے ہیں لیکن وقت کے حاکموں کو بے راہ روی اور شریعت سے بغاوت پر برسر منبر ڈانٹ دیتے ہیں اس سلسلہ میں کسی نرمی، مداہنت کے روادار نہیں ان کے نزدیک سود وزیاں کا پیمانہ عام لوگوں کے پیمانوں سے الگ ہے۔ ان کے اخلاص اور للّٰہیت نے ان کو ایسے بلند مقام پر فائز کر رکھا ہے۔ حکمران باوجود ان کی بے نیازی بلکہ ان کی نظروں میں ان کی ''خودسری'' کے کچھ بگاڑ نہیں سکے۔

تدریس اور تقریر کی گوناگوں مصروفیات کے باوجود انہوں نے تحریری میدان میں نمایاں کارنامے سرانجام دیئے ہیں۔ اب تک کی ان کی تحریری خدمات کی تفصیل یوں ہیں۔

1۔ اعلیٰ حضرت قدس سرہ بحیثیت مرجع العلماء۔

یہ دورہ حدیث شریف کے امتحان میں ان کا تحقیقی مقالہ ہے۔ جو اپنی جامعیت اور افادیت کے باعث فتاوی رضویہ (جدید ایڈیشن) کی جلد نمبر [illegible] کے شروع میں چھپ رہا ہے۔

2۔ اسی مقالہ کو بعد میں مزید اضافات کے ساتھ مرتب کیا جس کی ضخامت پانچ سو صفحات سے بڑھ گئی ہے۔ ابھی تک طبع نہیں ہوا۔

3۔ تیسیر ابواب الصرف۔ جو 680 صفحات پر مشتمل ایک انتہائی مفید تالیف ہے۔ اس کے کئی ایڈیشن چھپ چکے ہیں۔

4۔ تعلیلات خمسہ زیر نظر تالیف مہموز، مثال، اجوف، ناقص، لفیف کے ابواب اور مضاعف کے ابواب کے سارے صیغوں اصل صورت اور قوانین کے اجراء کے بعد مختلف حالتوں سے گذرنے کے بعد موجودہ صورت سے بحث پر مشتمل ہے۔

فقیر راقم الحروف اپنی کم علمی کے باعث یہ دعوی کرنے کی پوزیشن میں تو نہیں ہے۔ لیکن یوں کہا جاسکتا ہے کہ علم صرف پر اس طرح کی مفصل کتاب میری نظر سے نہیں گذری اگرچہ جامع التعلیلات اس نہج کی ایک تالیف فارسی زبان میں موجود ہے۔ لیکن ''ہر گلے را رنگ وبوئے دیگر است'' درحقیقت انہوں نے اس کتاب میں اپنی تدریسی منہاج واسلوب کو تحریری زبان دینے کی کامیاب کوشش کی ہے۔

اللہ تعالیٰ کی کریم ورحیم بارگاہ میں دعا ہے کہ وہ اس تالیف کو ان کی اس علم میں پہلی تالیف سے بڑھ کر مقبول عام بنائے۔ اور انہیں مزید علمی فتوحات کی توفیق مرحمت فرمائے۔ ان کو صحت وعافیت اور خدمت دین سے بھرپور لمبی زندگی عطا فرمائے۔ بزرگوں کی شفقتیں ان کے شامل حال فرمائے۔

این دعا از من واز جملہ جہاں آمین باد

صلی اللہ علیہ حبیبہ محمد وآلہ وسلم

دعا جو

محمد علیم الدین نقشبندی عفی عنہ

6 دسمبر 2005ء

حرفِ آغاز

حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے ظاہری دنیا سے تشریف لے جانے کے بعد اب تک دینِ حق کو مٹانے کے لیے بڑی بڑی آندھیاں اور جھکڑ چلے۔ ہمارے اسلاف نے ہر دور میں ان طوفانوں کا بڑی بے جگری سے مقابلہ کرتے ہوئے دینِ مصطفیٰ علیہ التحیۃ والثناء کے جھنڈے کو سرنگوں نہیں ہونے دیا۔

سلام اس پر کہ جس کے نام لیوا ہر زمانے میں
بڑھا دیتے ہیں ٹکڑا سرفروشی کے فسانے میں

عروج وزوال تاریخ کا حصہ ہیں جو قومیں دورِ انحطاط میں اپنے افکار ونظریات پر سختی سے کاربند رہیں۔ ان کے دوبارہ عزت ووقار حاصل کرنے اور سربلند ہونے میں دیر نہیں لگتی لیکن جو قومیں اپنے افکار ونظریات کو چھوڑ کر اغیار کی نقالی میں مصروف ہو جاتی ہیں۔ تباہی وبربادی ہمیشہ کے لیے ان کا مقدر بن جاتی ہے۔

یہ بات پیشِ نظر رہے پختہ افکار ونظریات پر وہی قوم ثابت قدم رہ سکتی ہے جس کا نصاب تعلیم اغیار کا مرہونِ منت نہ ہو۔

اعلیٰ حضرت مجدد دین وملت الامام شاہ احمد رضا خان علیہ الرحمۃ والرضوان نے جو دس اصول دینِ حقہ کی ترویج واشاعت کے لیے بیان فرمائے کاش اہلِ سنت وجماعت کے قائدین اور امراء ان کو اپناتے تو ہر محفل وجلسہ کے اختتام پر اہلِ سنت کی زبوں حالی پر رونا نہ رویا جاتا۔ فرنگیوں کی برصغیر آمد کے بعد ہمارے اسلاف نے جس پامردی اور استقامت کے ساتھ ان کا مقابلہ کیا وہ تاریخ اسلام کا ایک درخشاں باب ہے۔

ان کے چلے جانے کے بعد چاہیے تو یہ تھا کہ دینی مدارس کو فروغ وترقی دے کر اپنے اسلاف کے دیے ہوئے نظامِ تعلیم کی حفاظت کا مزید بندوبست کیا جاتا۔

لیکن العجب ثم العجب آہستہ آہستہ دینی مدارس کے اربابِ حل وعقد مغربی یلغار کے زیرِ دام آتے گئے اور آج معاملہ یہاں تک آ پہنچا کہ جو کتابیں سرکاری سطح پر مسلمان بچوں کو تباہ کرنے کے لیے پڑھائی جاتی تھیں۔ انہیں مدارس دینیہ کے نصاب میں شامل کر لیا گیا۔ جن میں لڈی بھنگڑے وغیرہ کو پاکستانی ثقافت کے طور پر پیش کیا گیا اور بعض افراد کو مسلمانوں کے ہیرو کے طور پر پیش کیا گیا۔ حالانکہ مفتیانِ اسلام نے ان کے برے عقائد کی بنیاد پر انہیں دائرہ اسلام سے خارج قرار دیا تھا۔

پختہ افکار کہاں ڈھونڈنے جائے کوئی
اس زمانے کی ہوا ہر چیز بناتی ہے خام

جس قوم کا نصاب تعلیم اغیار کے افکار ونظریات پر مشتمل ہو یا وہ قوم نظام تعلیم میں غیروں کی محتاج ہو تو غلامی اس کا مقدر بن جاتی ہے۔اس پر درویش لاہوری علامہ اقبال کی گواہی پڑھیے اور غور وفکر کیجئے کہ اہل اسلام کے نصاب تعلیم کو بدلنے کا کتنا پرانا منصوبہ تھا۔جیسے اس دور میں پایہ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کی جارہی ہے۔

اک لرد فرنگی نے کہا اپنے پسر سے
منظر وہ طلب کر کہ تری آنکھ نہ ہو سیر
سینے میں رہیں رازِ ملوکانہ تو بہتر
کرتے نہیں محکوم کو تیغوں سے زیر
تعلیم کے تیزاب میں ڈال اس کی خودی کو
ہوجائے ملائم تو جدھر چاہے اسے پھیر
تاثیر میں اکسیر سے بڑھ کر ہے یہ تیزاب
سونے کا ہمالہ ہو تو مٹی کا ہے اک ڈھیر

ان اشعار کا خلاصہ کچھ اس طرح ہے ایک انگریز نے اپنے بیٹے کو نصیحت کرتے ہوئے کہا مسلمانوں کو ایسی تعلیم پڑھاؤ جس کے بعد وہ سونا بھی ہو تو مٹی بن جائے۔غیر اسلامی تعلیم سے بڑھ کر اور کوئی چیز مسلمانوں کے لیے زیادہ تباہ کن نہیں۔

آج دنیاوی تعلیم کو ترقی اسلام کا نام دے کر درس نظامی کے نصاب میں شامل کیا جارہا ہے اور اس پر عجیب قسم کے دلائل بھی دیے جارہے ہیں۔

اس دنیوی تعلیم کے بارے میں تاجدار گولڑہ فاتح مرزائیت شہنشاہ ولایت حضرت قبلہ سید پیر مہر علی شاہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا موقف بھی پڑھیے اور غور وفکر کیجئے کہ ہمارے اسلاف آنے والے حالات وواقعات سے کتنے باخبر تھے اور ایک ہم ہیں کہ سب کچھ سامنے دیکھ کر اس سے بچنے کی کوئی تدبیر نہیں کر رہے۔

مباش ایمن از علمے کہ خوانی
کہ از وے روحِ قومے میتواں کشت

اسلامیہ کالج پشاور کی تعمیر وترقی کے لیے سر عبدالقیوم نے آپ کو لے جانا چاہا تو آپ نے پسند نہ فرمایا۔آپ کے تشریف نہ لے جانے پر سر عبدالقیوم نے آپ کو ایک خط ان الفاظ میں تحریر کیا۔

دیگر اقوام ہم مسلمانوں سے علم حاصل کر کے بہرور ہو چکی ہیں مگر ہم خود اپنے بزرگوں کا ورثہ ہاتھ سے دے بیٹھے ہیں

حضرت قبلہ نے اسے جواب دیتے ہوئے تحریر فرمایا آپ کے اس فقرہ پر تعجب ہوا۔ مخدوما اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ نے نزدیک علم معتد بہ علوم شرائع و ادیان ہیں یعنی علوم الٰہیہ اور وہ بفضلہ تعالیٰ اپنے خدام سمیت محفوظ و مصون ہیں۔ ہمارے نزدیک تا حال دیگر اقوام ان علوم سے بے بہرہ ہیں پس آپ کے اس فقرہ بالا کی صحت بالکل صورت پذیر نہیں ہوتی البتہ ہمارے ہاتھ سے ان علوم پاک کا نکل جانا اس صورت میں صحیح ہو جائے گا کہ اب بحسب "کلمۃُ خیرٍ اُرِیْدَ بِھَا شَرٌّ" ترقی اسلام کے نام سے کام لیا جائے۔

فَا للّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا ط وَھُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ

اس کے لیے صحیح عنوان ترقی اسلام نہیں ترقی اسباب معیشت ہے۔ اور وہ بھی غیر شرعی اسباب سے

بر عکس نہند نام زنگی کافور

اس کے بعد ماوشما سے جو زندہ رہے گا دیکھ لے گا کہ اس طرزِ تعلیم کا اثر احکامِ شرعیہ صوم و صلوۃ وغیرہ پس پشت ڈالنے اور ظاہر اعزاز و شکم پروری کے بغیر کچھ نہ ہوگا۔ جسے اللہ محفوظ رکھے۔

اس وقت دینی مدارس کو حکومتی اور فرنگی آسیب سے بچانے کے لیے علمائے اسلام کو اپنے اسلاف جیسا کردار ادا کرنا ہوگا۔

تازہ خواہی داشتن گر داغ ہائے سینہ را
گاہے گاہے باز خواں قصۂ پارینہ را

اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر و احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے محبوب کریم ﷺ کی غلامی سے سرفراز فرمایا اور عربی زبان کے ساتھ جو کتاب و سنت کی زبان ہے اشتغال کی توفیق عطا فرمائی۔ اور ایسے عظیم اساتذہ اور محسنین کو ہمارے لیے مقدر فرمایا جنہوں نے ہمیں عربی زبان و ادب کی تعلیم کے ساتھ دینی و اخلاقی تربیت سے بھی نوازا۔

فالحمد للہ علی ذلک حمدا کثیرا

پیش نظر کتاب تعلیلاتِ خادمیہ جامع قوانین اور مفصل تعلیلات پر مشتمل ہے۔ مفصل تعلیلات لکھنے کی ضرورت اس لیے پیش آئی کہ مشاغل اتنے بڑھ گئے کہ پڑھنے پڑھانے والوں کے پاس اتنا وقت نہیں بچتا کہ وہ تمام صیغوں کی تفصیلاً تعلیلات کریں اس موضوع پر میری نظر سے کوئی مفصل کتاب نہیں گزری اگر کسی نے کچھ لکھا ہے تو چند گردانوں پر اکتفا کیا یا معتد گردانوں کے حض صیغے لکھ کر باقی صیغوں کو ان پر قیاس کرنے کا اشارہ دے دیا۔

اس کتاب میں بعض صیغوں کو بعض پر قیاس کرنے یا چند صیغے لکھ کر الی آخرہ لکھنے والے اسلوب سے احتراز کیا گیا ہے۔

(۱) قوانین کو درج ذیل انداز میں تحریر کیا گیا ہے۔
سب سے پہلے صحیح کے پھر مہموز کے پھر مضاعف کے پھر معتل کے قوانین بیان کیے گئے۔

(۲) گردانوں کی تعلیلات کو درج ذیل ترتیب سے لکھا گیا ہے۔ سب سے پہلے مہموز کی مکمل (مہموز الفاء، مہموز العین، مہموز اللام) تعلیلات لکھی گئیں۔ پھر مضاف کی مکمل تعلیلات لکھی گئیں۔ پھر معتل کی مکمل (مثال، اجوف، ناقص، لفیف مفروق، لفیف مقرون) تعلیلات لکھی گئیں آخر میں مخلوط ابواب کی مکمل تعلیلات لکھی گئیں۔

(۳) تعلیل کرتے ہوئے قانون کا حوالہ اوران کا نمبر بھی لکھ دیا گیا۔

(۴) بعض صیغوں میں دو قانون جاری ہو سکتے تھے ایک کو جاری کر کے دوسرے کی نشاندہی کر دی گئی۔

(۵) اس کتاب کا نام تعلیلاتِ خادمیہ حضرت قبلہ علامہ مفتی محمد علیم الدین نقشبندی زید مجدہ نے تجویز کیا۔

(۶) اس کتاب کی کمپوزنگ و اشاعت میں عزیزم مولانا محمد واحد بخش سعیدی عم فیضہ کی مجھے بھرپور معاونت حاصل رہی۔ بلا مبالغہ مولانا موصوف اگر اخلاص و محبت سے میری معاونت نہ فرماتے تو شاید یہ کتاب منظر عام پر نہ آتی۔ اللہ تعالیٰ انہیں دارین کی نعمتوں سے مالا مال فرمائے آمین۔

(۷) دینی مدارس کے طلباء ادھر ادھر مت دیکھیں بلکہ اپنے عزائم کو بلند رکھتے ہوئے خالص درس نظامی خوب لگن اور محنت سے پڑھیں۔

اب تیرا بھی دور آنے کو ہے اے فقرِ غیور
کہ کھا گئی روحِ فرنگی کو ہوائے سیم و زر

(۸) اس کتاب سے استفادہ کرنے والے حضرات سے مؤدبانہ التماس ہے اگر کہیں کسی قانون میں اشتباہ پائیں یا کسی صیغہ کی تعلیل میں غلطی نظر آئے تو ضرور مطلع فرمائیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں اس کی تصحیح کی جاسکے۔

آخر میں اس کتاب کی تکمیل پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے مجھے ہمت اور توفیق عطا فرمائی اس آرزو کے ساتھ اپنی بات کو ختم کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اپنے حبیب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے توسل سے اسے میرے لیے ذریعہ نجات اور طلباء کے لیے نفع بخش بنائے آمین ثم آمین۔

حافظ خادم حسین رضوی

۱۸ ذوالحجہ ۱۴۲۶ھ

بسم الله الرحمن الرحيم

فهرست

صحیح کے قوانین

(1) اگر مدہ زائدہ مُفرَد مُکبَّر میں دوسری جگہ واقع ہوتو جمع اقصیٰ اور تصغیر بناتے ہوئے اسے واوَ مفتوحہ سے بدلنا ضروری ہے۔

جیسے ضَارِبٌ سے ضُوَیْرِبٌ اور ضَارِبَۃٌ سے ضَوَارِبُ اور ضُوَیْرِبَۃٌ . ضَارِبٌ کے الف کو ضُوَیْرِبٌ میں واوَ سے بدلا گیا اور ضَارِبَۃٌ کے الف کو ضَوَارِبُ. اور ضُوَیْرِبَۃٌ میں واوَ سے بدلا گیا۔

(2) ہر وہ کلمہ جس کے آخر میں نون تنوین ہو جب اس کلمہ پر الف لام داخل ہو یا اس کلمہ کو دوسرے کلمہ کی طرف مضاف کیا جائے تو نون تنوین کو حذف کردینا ضروری ہے۔

جیسے: حَمْدٌ سے اَلْحَمْدُ اور غُلَامٌ سے غُلَامُ زَیْدٍ.

نوٹ: نون تنوین کی تعریف:

نون تنوین اس نون ساکن کو کہتے ہیں جو کلمہ کے آخری حرف کی حرکت کے تابع ہو کر پڑھا جاتا ہو۔

جیسے زَیْدٌ. زَیْدٍ. زَیْداً.

(3) ہر وہ کلمہ جس کے آخر میں نون تثنیہ یا نون جمع ہو اگر اس پر الف لام داخل ہو تو نون تثنیہ اور نون جمع برقرار رہیں گے۔

جیسے: نَاصِرَانِ اور نَاصِرُوْنَ سے اَلنَّاصِرَانِ اور اَلنَّاصِرُوْنَ.

اور اگر وہ کلمہ مضاف ہو جائے تو نون تثنیہ وجمع گر جائیں گے۔

جیسے: نَاصِرَا زَیْدٍ. نَاصِرُوْا زَیْدٍ. اصل میں نَاصِرَانِ. اور نَاصِرُوْنَ تھے۔

(4) فعل مضارع پر حروف نواصب اور جوازم میں سے کوئی حرف داخل ہو یا اس کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لاحق ہوں یا فعل مضارع حاضر معروف سے فعل امر حاضر معروف کی بحث بنائی جائے تو فعل مضارع کے آخر سے نون اعرابی گرادینا واجب ہے۔

جیسے: لَنْ یَّضْرِبَا. لَنْ یَّضْرِبُوْا. لَمْ یَضْرِبَا. لَمْ یَضْرِبُوْا. لَیَضْرِبَانِّ . لَیَضْرِبُنَّ. لَیَضْرِبُنْ. لَتَضْرِبِنْ. اِضْرِبَا. اِضْرِبُوْا. لِیَضْرِبَا. لِیَضْرِبُوْا. لَا تَضْرِبَا. لَا تَضْرِبُوْا. وغیرہ

(5) اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْنَ میں سے کوئی حرف آجائے تو نون ساکن اور نون تنوین کا حروف یَرْمَلُوْنَ میں ادغام کرنا واجب ہے۔

نوٹ: نون ساکن کے ادغام کے لیے یہ شرط ہے کہ نون ساکن اور حروف یَرْمَلُوْن جدا جدا کلموں میں واقع ہوں۔

جیسے: مَنْ یَّشَاءُ. مِنْ رَّبِّهِمْ. مِنْ مَّقَامٍ. مِنْ وَّرَاءٍ. مِنْ نَّصِیْرٍ.

نوٹ: اگر نون ساکن اور حروف یَرْمَلُوْن ایک ہی کلمہ میں واقع ہوں تو ادغام نہیں ہوگا۔

جیسے:دُنْیَا. صِنْوَانٌ. وغیرہ۔

نون تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْن کی مثالیں

غَدًا یَّرْتَعْ وَیَلْعَبْ. غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ. نَصْرٌ مِّنَ اللهِ. عَدُوٌّ لِّجِبْرِیْلَ. رَعْدٌ وَّبَرْقٌ. كُلًّا نُّمِدُّ.

نوٹ: حروف یَمُوْنَ میں ادغام غنہ کے ساتھ ہوگا۔لیکن لام اور راء میں بغیر غنہ کے ادغام ہوگا۔

نوٹ: اگر نونِ متحرک کے بعد حروف یَرْمَلُوْنَ میں سے کوئی حرف آ جائے تو نونِ متحرک کا حروف یَرْمَلُوْنَ میں ادغام کرنا جائز ہے۔

جیسے: اَنَا وَلِیٌّ سے اَنَا وَّلِیٌّ. پڑھنا جائز ہے۔

(6) اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد لفظ باء آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو میم سے بدلنا واجب ہے۔

جیسے: مِنْ بَعْدِ اور لَفِیْ شِقَاقٍ بَعِیْدٍ.

(7) اور اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف حلقی میں سے کوئی حرف آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو اظہار کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

جیسے: یَنْهَوْنَ. یَنْئَوْنَ. سَوَاءٌ عَلَیْهِمْ. عَذَابٌ اَلِیْمٌ وغیرہ

حروف حلقی چھ ہیں۔

ے	حرف	حلقی	شش	بود	اے	نورِ عین
	ہمزہ	ھاء و	حاء و	خاء و	عین	وغین

(8) اور اگر نون ساکن اور نون تنوین کے بعد حروف یَرْمَلُوْنَ، حروف حلقی اور لفظ باء کے علاوہ پندرہ حروف میں سے کوئی حرف آ جائے تو نون ساکن اور نون تنوین کو اخفاء کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔

جیسے: مِنْ قَبْلِكَ. اُنْزِلَ. كُنْتُ. كَاْسًا دِهَاقًا. عَذَابًا قَرِیْبًا. مَاءً ثَجَّاجًا.

نوٹ: الف ہمیشہ ساکن ہونے کی وجہ سے نون ساکن اور نون تنوین کے بعد نہیں آتا۔

تنبیہ: جس پر حرکت آئے وہ ہمزہ کہلاتا ہے اور جو ہمیشہ ساکن ہو وہ الف کہلاتا ہے۔

نوٹ: صرف پڑھانے والے اساتذہ کرام اگر خود مُجَوِّدْ ہوں تو طلبہ کو ادغام، اظہار، اقلاب اور اخفاء کرنے کا مکمل طریقہ سکھائیں۔ اگر خود مُجَوِّد نہ ہوں تو قراءِ عظام کی خدمات سے استفادہ کیا جائے۔

(9) ہمزہ زائد یعنی جو ہمزہ کسی کلمہ کے شروع میں واقع ہو اس کی دو قسمیں ہیں

(۱) ہمزہ وصلی (۲) ہمزہ قطعی

ہمزہ وصلی کی وجہ تسمیہ:۔

وصلی وَصْــلٌ سے بنا ہے جس کا معنی ملنا ملانا ہے جب ہمزہ وصلی درمیان کلام میں آئے تو خود گر کر ماقبل کو مابعد سے ملا دیتا ہے اس لیے اس کو ہمزہ وصلی کہتے ہیں۔

ہمزہ وصلی کا حکم

ہمزہ وصلی دو حالتوں میں گر جاتا ہے۔

نمبر1: جب ہمزہ وصلی درمیان کلام میں آئے تو پڑھنے میں گر جائے گا لکھنے میں برقرار رہے گا۔

جیسے بِسْــمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سے ملا کر پڑھا جائے تو اَلْحَمْدُ کے شروع سے ہمزہ وصلی گرا کر اس طرح پڑھتے ہیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ

نمبر۲: ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہو جائے تو عموماً ہمزہ وصلی دونوں طرح یعنی لکھنے اور پڑھنے میں گر جاتا ہے۔

جیسے اُقْلُ. سے قُلْ .

ہمزہ قطعی کی وجہ تسمیہ

ہمزہ قطعی کو ہمزہ قطعی اس لیے کہتے ہیں کہ یہ قَطْعٌ سے بنا ہے جس کا معنی کاٹنا' جدا کرنا ہے۔ جب ہمزہ قطعی درمیان کلام میں آئے تو گرتا نہیں بلکہ برقرار رہ کر ماقبل کو مابعد سے جدا اور علیحدہ رکھتا ہے۔ اس لیے اس کو ہمزہ قطعی کہتے ہیں۔

ہمزہ قطعی کا حکم

نمبر ا: ہمزہ قطعی درمیان کلام میں نہیں گرتا۔

جیسے ءَ اَنْذَرْتَهُمْ.

نمبر۲: اگر ہمزہ قطعی کا مابعد متحرک ہو جائے تو بھی نہیں گرتا۔

جیسے: اَقِمِ الصَّلٰوةَ .

ہمزہ قطعی کی ۹ قسمیں ہیں

(۱)	باب افعال کا ہمزہ	جیسے	اَكْرَمَ :
(۲)	واحد متکلم کا ہمزہ	جیسے	اَضْرِبُ:
(۳)	اسم تفضیل کا ہمزہ	جیسے	اَضْرَبُ
(۴)	جمع کا ہمزہ	جیسے	اَشْرَافٌ
(۵)	اعلام کا ہمزہ	جیسے	اِبْرَاهِيْمُ:
(۶)	بناء کا ہمزہ	جیسے	اِصْبَعٌ

(۷) فعل تعجب کا ہمزہ جیسے مَا اَضْرَبَهٗ وَاَضْرِبْ بِهٖ

(۸) استفہام کا ہمزہ جیسے اَكَفَرْتَ. أَسْتَغْفَرْتَ

(۹) ندا کا ہمزہ جیسے اَعَبْدَ اللّٰهِ

ہمزہ قطعی نو پچھانی ہور تمامی وصلی
اِسْتِفْهَام، ندا، تکلّم، افعالی تے اصلی
فعل تعجّب جمع نے اَفْعَلْ آکھے شاہ ولایت
اَعْلَمْیَاں دے آکھ سنائے رب کیتی ھدایت

(10): اگر باب افتعال کے فا کلمہ میں دال، ذال، زاء میں سے کوئی حرف آجائے تو تائے افتعال کو دال سے تبدیل کردیتے ہیں۔ اگر فا کلمہ میں بھی دال ہو تو دال کا دال میں ادغام کرنا واجب ہوگا۔

جیسے اِدْتَعَوَ سے اِدْدَعَوَ سے اِدَّعَوَ سے اِدَّعَیَ سے اِدَّعیٰ

اور اگر فا کلمہ میں ذال واقع ہو تو ادغام و اظہار دونوں جائز ہیں۔

اظہار کی صورت: جیسے: اِذْتَكَرَ سے اِذْدَكَرَ.

ادغام کی دو صورتیں ہیں

نمبر 1: ذال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کریں۔

جیسے: اِذْدَكَرَ سے اِدْدَكَرَ سے اِدَّكَرَ.

نمبر 2: دال کو ذال کریں پھر ذال کا ذال میں ادغام کریں۔

جیسے: اِذْدَكَرَ سے اِذْذَكَرَ سے اِذَّكَرَ.

اگر فا کلمہ میں زا واقع ہو تو اظہار و ادغام دونوں جائز ہیں۔

نمبر 1: اظہار کی صورت۔ جیسے: اِزْتَلَفَ سے اِزْدَلَفَ

ادغام کی دو صورتوں میں سے ایک صورت جائز ہے۔

(1) یعنی دال کو زا کرنا پھر زا کا زا میں ادغام کرنا جائز ہے۔

(2) لیکن زا کو دال کرنا پھر دال کا دال میں ادغام کرنا جائز نہیں۔

جیسے: اِزْدَلَفَ سے اِزَّلَفَ جائز اور اِدَّلَفَ ناجائز۔

نوٹ: صرف ونحو میں جہاں بھی لفظ واجب استعمال ہو اس کا معنی ضروری ہوتا ہے۔

(11): اگر باب افتعال کے فاکلمہ کے مقابلہ میں صاد' ضاد' طا' ظا میں سے کوئی حرف آ جائے تو تائے افتعال کو طا سے تبدیل کر دیتے ہیں پھر اگر فاکلمہ میں بھی طا ہو تو طا کا طا میں ادغام کرنا واجب ہوگا۔

جیسے اِطْتَلَبَ سے اِطْطَلَبَ سے اِطَّلَبَ.

اور اگر فاکلمہ میں ظا واقع ہو تو اظہار و ادغام دونوں جائز ہیں۔

نمبر1: اظہار کی مثال۔

جیسے:اِظْتَلَمَ سے اِظْطَلَمَ

نمبر2: ادغام کی دو صورتیں ہیں۔

(1) ظا کو طا کریں پھر طا کا طا میں ادغام کریں۔

جیسے:اِظْطَلَمَ سے اِطْطَلَمَ سے اِطَّلَمَ.

(2) طا کو ظا کریں پھر ظا کا ظا میں ادغام کریں۔

جیسے:اِظْطَلَمَ سے اِظْظَلَمَ سے اِظَّلَمَ.

اور اگر فاکلمہ میں صاد' ضاد واقع ہوں تو ادغام و اظہار دونوں جائز ہیں۔

نمبر1: اظہار کی صورت: جیسے اِضْتَرَبَ سے اِضْطَرَبَ'

اِصْتَبَرَ' سے اِصْطَبَرَ

نمبر2: ادغام کی دو صورتیں ہیں۔

ادغام کی صورت نمبر 1: طا کو صاد' ضاد کرنا پھر صاد کا صاد میں اور ضاد کا ضاد کا میں ادغام کرنا۔

جیسے: اِضْطَرَبَ سے اِضْضَرَبَ سے اِضَّرَبَ.

اور اِصْطَبَرَ سے اِصْصَبَرَ سے اِصَّبَرَ.

ادغام کی صورت نمبر 2: صاد اور ضاد کو طا کرنا پھر طا کا طا میں ادغام کرنا یہ صورت جائز نہیں۔

جیسے: اِضْطَرَبَ سے اِطْطَرَبَ سے اِطَّرَبَ. اور اِصْطَبَرَ سے اِطْطَبَرَ سے اِطَّبَرَ

(12): اگر باب افتعال کے فاکلمہ میں ثا واقع ہو تو تائے افتعال کو ثا کرنا پھر ثا کا ثا میں ادغام کرنا بہتر اور افضل ہے۔

جیسے: اِثْتَقَلَ سے اِثْثَقَلَ سے اِثَّقَلَ.

لیکن ثا کو تا کرنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا بھی جائز ہے۔

جیسے:اِثْتَقَلَ سے اِتْتَقَلَ سے اِتَّقَلَ.

(13) اگر باب افتعال کے عین کلمہ میں تا' ثا' جیم' دال' ذال' زا' سین' شین' صاد' ضاد' طا' ظا' میں سے کوئی حرف آ جائے تو تائے افتعال کو عین کلمہ کے ہم جنس کر کے پھر جنس کا جنس میں ادغام کرتے ہیں۔

جیسے: اِخْتَصَمَ سے اِخَصَّمَ.

اور اِهْتَدٰى سے اِهَدّٰى.

قانون کی وضاحت:

جب تائے افتعال کو عین کلمہ کے ہم جنس کر دیا جائے تو ادغام کرنے کے دو طریقے ہیں۔

پہلا طریقہ: پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر ادغام کیا جائے۔

جیسے اِخْتَصَمَ سے اِخْصَصَمَ اور اِهْتَدٰى سے اِهْدَدٰى. اب پہلے صاد کی حرکت خا اور پہلے دال کی حرکت ھا کو دے کر صاد کا صاد میں اور دال کا دال میں ادغام کیا تو اِخَصَّمَ اور اِهَدّٰى بن گئے۔ فا کلمہ متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی اسے گرا دیا تو خَصَّمَ اور هَدّٰى بن گئے۔

دوسرا طریقہ:

اِخْصَصَمَ اور اِهْدَدٰى میں پہلے صاد اور پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے صاد کا دوسرے صاد میں اور پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کیا تو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا خا اور پہلے صاد اسی طرح ھا اور پہلے دال کے درمیان۔ پھر اجتماع ساکنین والے قانون کے مطابق پہلے صاد اور پہلے دال کو کسرہ کی حرکت دی تو اِخِصَّمَ اور اِهِدّٰى بن گئے۔ ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں رہی اسے حذف کر دیا تو خِصَّمَ اور هِدّٰى بن گئے۔

نوٹ نمبر 1: ساکن کو حرکت دینے کا قاعدہ اَلسَّاکِنُ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ

نوٹ نمبر 2: اسی قانون کے مطابق سورۃ یٰسین شریف کی آیت ۴۹ میں لفظ یَخِصِّمُوْنَ اور سورہ یونس کی آیت نمبر ۳۵ میں لفظ لَا یَهِدِّیْ استعمال ہوا ہے۔

نوٹ نمبر 3: اسم فاعل کی بحث میں فا کلمہ پر تین حرکتیں پڑھنی جائز ہیں۔ فتحہ' کسرہ' ضمہ۔

فتحہ کی مثال مُخَصِّمٌ. کسرہ کی مثال مُخِصِّمٌ.

ضمہ کی مثال مُخُصِّمٌ.

(14): ہر وہ مصدر کہ جس کے فا کلمہ میں نون واقع ہو وہ باب انفعال سے نہیں آتا۔ اگر باب اِنْفِعَال کا معنی لینا مقصود ہو تو اسے باب افتعال سے لاتے ہیں۔

جیسے: اِنْتَکَسَ ' اِنْتَظَرَ وغیرہ

(15): اگر باب تَفَعُّلٌ، تَفَاعُلٌ یاتَفَعْلُلٌ کی تا پر فعل مضارع کی تاء آ جائے تو فعل مضارع معروف میں ایک تاء کو حذف کرنا جائز ہے۔

جیسے: تَتَقَبَّلُ سے تَقَبَّلُ، تَتَقَابَلُ سے تَقَابَلُ. اور تَتَدَحْرَجُ سے تَدَحْرَجُ.

(16): اگر باب تَفَعُّلٌ یاتَفَاعُلٌ کے فاکلمہ میں تا، ثا، جیم، دال، ذال، زا، سین، شین، صاد، ضاد، طا، ظا میں سے کوئی حرف آ جائے تو تائے تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کو فاکلمہ کے ہم جنس کرتے ہیں پھر جنس کا جنس میں ادغام کرتے ہیں فعل ماضی، فعل مضارع اور فعل امر حاضر معروف کے شروع میں ابتدا بالسکون سے بچنے کے لیے ہمزہ وصلی لاتے ہیں۔

جیسے: تَطَهَّرَ سے طَطَهَّرَ سے طُطَهَّرَ سے طَّهَّرَ سے اِطَّهَّرَ.

تَذَاكَرَ سے ذَذَاكَرَ سے ذُذَاكَرَ سے ذَّاكَرَ سے اِذَّاكَرَ.

نوٹ: ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل کے بابوں کی تعداد کے بارے میں اختلاف اسی قانون کی وجہ سے ہے۔ جو حضرات نو باب شمار کرتے ہیں وہ کہتے ہیں چونکہ قانون کے مطابق ان کے شروع میں ہمزہ وصلی آتا ہے اس لیے یہ دو باب بھی باہمزہ وصل کے بابوں میں شمار ہوں گے۔

اور جو حضرات باہمزہ وصل کے سات باب شمار کرتے ہیں ان کا موقف یہ ہے کہ یہ مستقل باب نہیں بلکہ ضرورت کے تحت ان کے شروع میں ہمزہ وصلی لایا گیا ہے۔ اس لیے ان کو مستقل ابواب قرار نہیں دیا جاسکتا۔ صرف اَلضَّرُوْرَةُ تُبِيْحُ الْمَحْظُوْرَاتِ کی وجہ سے ایسا ہوا ہے۔

(17) ہر وہ باب جس کی ماضی معروف میں چار حروف ہوں خواہ تمام اصلی ہوں یا تین اصلی اور ایک زائد ہو تو اس باب کے فعل مضارع معروف میں علامت مضارع مضموم ہوگی ورنہ مفتوح۔

جیسے: اَكْرَمَ، يُكْرِمُ. صَرَّفَ، يُصَرِّفُ. قَاتَلَ، يُقَاتِلُ. بَعْثَرَ، يُبَعْثِرُ.

اسی طرح وہ ابواب جو بَعْثَرَ کے ساتھ ملحق ہیں۔

جیسے جَلْبَبَ يُجَلْبِبُ وغیرہ۔

اس فعل مضارع کی مثالیں جس کی ماضی چار حرفی نہیں۔

جیسے: ضَرَبَ. يَضْرِبُ. نَصَرَ. يَنْصُرُ. اِجْتَنَبَ. يَجْتَنِبُ. اِسْتَنْصَرَ. يَسْتَنْصِرُ. تَقَبَّلَ. يَتَقَبَّلُ. تَقَابَلَ. يَتَقَابَلُ. تَسَرْبَلَ. يَتَسَرْبَلُ. اِبْرَنْشَقَ. يَبْرَنْشِقُ. اِقْشَعَرَّ. يَقْشَعِرُّ وغیرہ۔

مصادرِ ابوابِ غیر ثلاثی مجرد کے قواعد

(18) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے آخر میں تا ہو، فاکلمہ مفتوح ہو اور اس کا مابعد ساکن ہو تو ساکن کے مابعد پہلا حرف

مفتوح ہوگا۔

باب فَعْلَلَةٌ. اوراس کے ملحقات کے مصادر جیسے:بَعْثَرَةٌ اور جَلْبَبَةٌ .اور باب مُفَاعَلَةٌ کا مصدر مُقَاتَلَةٌ

(19) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے فا کلمہ سے پہلے تا ہو اس طرح کہ فا کلمہ مفتوح ہو اور اسکا مابعد ساکن ہو تو ساکن کے مابعد پہلا حرف مضموم ہوگا۔

باب تَفَعْلُلٌ. اوراس کے ملحقات کے مصادر جیسے:تَقَلْنُسٌ. اسی طرح باب تَفَاعُلٌ. اور تَفَعُّلٌ. کے مصادر جیسے: تَقَابُلٌ. اور تَقَبُّلٌ.

(20) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے فا کلمہ سے پہلے تا ہو اس طرح کہ فا کلمہ ساکن ہو اس مصدر میں ساکن کے بعد پہلا حرف مکسور ہوگا۔ جیسے:تَفْعِيلٌ. تَصْرِيفٌ:

(21) غیر ثلاثی مجرد کا وہ مصدر جس کے شروع میں ہمزہ وصلی ہو اس طرح کہ ہمزہ وصلی کے بعد والا حرف ساکن ہو تو ساکن کے بعد پہلا حرف مکسور ہوگا۔

جیسے:اِفْتِعَالٌ. اِجْتِنَابٌ. اِسْتِفْعَالٌ اِسْتِنْصَارٌ. اِنْفِعَالٌ . اِنْفِطَارٌ. اِفْعِلاَلٌ . اِحْمِرَارٌ. اِفْعِيلاَلٌ. اِدْهِيمَامٌ. اِفْعِيعَالٌ. اِخْشِيشَانٌ. اِفْعِوَّالٌ . اِجْلِوَّاذٌ.

نوٹ: باب اِفَّعُّلٌ اور اِفَّاعُلٌ کے مصادر اس قاعدہ سے مستثنٰی ہیں کیونکہ یہ باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کی فرع ہیں جس کی وضاحت ماقبل ہو چکی ہے۔

(22) ایسا مصدر جس کے شروع میں ہمزہ قطعی ہو اس طرح ان کا مابعد ساکن ہو تو ساکن کے بعد والا پہلا حرف مفتوح ہوگا۔

جیسے : اِفْعَالٌ. اِكْرَامٌ.

نوٹ:حرف ساکن کے بعد پہلے حرف کی حرکت کو واضح کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اکثر لوگ اسی حرف کے تَلَفُّظ میں غلطی کرتے ہیں جیسے مُنَاسَبَت کو مُنَاسِبَت اور اِجْتِنَاب کو اِجْتَنَاب' اِنْتِخَاب کو اِنْتَخَاب اور اِمْتِحَان کو اِمْتَحَان اور مُطَالَعَه کو مُطَالِعَه پڑھتے ہیں۔

غیر ثلاثی مجرد ابواب کے فعل مضارع معروف کے عین کلمہ کی حرکت کا قاعدہ

(23) اگر فعل ماضی میں فا کلمہ سے پہلے تا ہو تو فعل مضارع معروف کا عین کلمہ مفتوح ورنہ مکسور ہوگا۔

فعل مضارع معروف کے عین کلمہ مفتوح ہونے کی مثالیں:

تَقَبَّلَ سے يَتَقَبَّلُ. تَقَابَلَ سے يَتَقَابَلُ. تَسَرْبَلَ سے يَتَسَرْبَلُ. اسی طرح باب تَفَعْلُلٌ کے ملحقات میں بھی فعل مضارع معروف میں عین کلمہ مفتوح ہوگا جیسے:تَجَلْبَبَ سے يَتَجَلْبَبُ. تَمَسْكَنَ. سے يَتَمَسْكَنُ وغیرہ۔

فعل مضارع معروف میں عین کلمہ مکسور ہونے کی مثالیں:

اِجْتَنَبَ سے یَجْتَنِبُ. صَرَّفَ سے یُصَرِّفُ. بَعْثَرَ سے یُبَعْثِرُ. اِقْشَعَرَّ سے یَقْشَعِرُّ. وغیرہ۔

نوٹ: رباعی اور اس کے تمام ملحقات میں عین کلمہ سے پہلا لام اور جو حرف اس کی جگہ آئے وہ مراد ہوگا۔

نوٹ: خلاصہ کلام یہ ہے کہ باب تَفَعْلُلٌ اور اس کے ملحقات اسی طرح باب تَفَعُّلٌ اور تَفَاعُلٌ کی گردانوں میں فعل مضارع معروف کا عین کلمہ مفتوح ہوگا باقی ابواب میں فعل مضارع معروف کا عین کلمہ مکسور ہوگا۔

نوٹ: ثلاثی مجرد کے کل آٹھ ابواب ہیں۔

ان میں سے پانچ ابواب مُطَّرِد کہلاتے ہیں یعنی زیادہ استعمال ہونے والے۔ باقی تین ابواب کو شاذ کہا جاتا ہے۔ یعنی کم استعمال ہونے والے۔

ثلاثی مجرد کے ابواب سے فعل مضارع معروف کے عین کلمہ پر تینوں حرکتیں آتی ہیں۔ فتحہ، کسرہ، ضمہ جیسے سَمِعَ. یَسْمَعُ ۔ ضَرَبَ. یَضْرِبُ اور کَرُمَ. یَکْرُمُ.

قانون نمبر 24

اسم ظرف فعل مضارع صحیح مکسور العین اور مثال سے مطلقاً (فعل مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا اعتبار نہیں) مَفْعِلٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے یَضْرِبُ سے مَضْرِبٌ. یَعِدُ (اصل میں یَوْعِدُ تھا) سے مَوْعِدٌ . یَیْسِرُ سے مَیْسِرٌ

فعل مضارع صحیح مفتوح العین اور مضموم العین اسی طرح ناقص لفیف سے اسم ظرف مطلقاً (فعل مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کا اعتبار نہیں) مَفْعَلٌ کے وزن پر آئے گا۔ جیسے یَفْتَحُ سے مَفْتَحٌ . یَنْصُرُ سے مَنْصَرٌ. یَدْعُوْ سے مَدْعًی. یَرْمِیْ سے مَرْمًی. یَطْوِیْ سے مَطْوًی. یَلِیْ (اصل میں یَوْلِیْ تھا) سے مَوْلًی.

مضاعف سے اسم ظرف فعل مضارع صحیح کی طرح آتا ہے۔ یعنی مکسور العین سے مَفْعِلٌ کے وزن پر جیسے یَحِلُّ سے مَحِلٌّ اور مضارع مفتوح العین اور مضموم العین سے مَفْعَلٌ کے وزن پر جیسے یَبَرُّ سے مَبَرٌّ اور یَضُرُّ سے مَضَرٌّ

نوٹ: غیر ثلاثی مجرد سے اسم ظرف ہمیشہ اسم مفعول کے وزن پر آئے گا۔ جیسے مُجْتَنَبٌ . مُکْرَمٌ. مُبَعْثَرٌ. مُتَسَرْبَلٌ. مُبْرَنْشَقٌ. مُقْشَعَرٌّ. مَجْلَبٌ. مُتَجَلْبَبٌ. مُکْوَهَدٌّ.

مہموز کے قوانین

قاعدہ نمبر 1: ہمزہ منفردہ ساکنہ کو ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنا جائز ہے۔ یعنی ہمزہ ساکنہ کو فتحہ کے بعد الف، کسرہ کے بعد یا اور ضمہ کے بعد واؤ سے تبدیل کیا جائے گا۔

جیسے: رَأْس سے رَاسٌ، ذِئْبٌ سے ذِيْبٌ اور بُؤْسٌ سے بُوْسٌ.

نوٹ: ہمزہ ساکنہ کو ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنے کے لیے شرط یہ ہے کہ ہمزہ ساکنہ کو حرکت دینے کا کوئی قاعدہ موجود نہ ہو۔

جیسے: يَؤُمُّ اور يَئِنُّ . اصل میں يَأْمُمُ اور يَأْنِنُ تھے ان مثالوں میں ہمزہ کو الف سے تبدیل نہیں کیا جائے گا بلکہ پہلی میم اور پہلے نون کی حرکت ماقبل ہمزہ کو دے کر میم کا میم میں اور نون کا نون میں ادغام کیا جائے گا۔ جیسے: يَؤُمُّ، يَئِنُّ

قاعدہ نمبر 2:

ہمزہ ساکنہ ہمزہ متحرکہ کے بعد آئے تو ہمزہ ساکنہ کو ماقبل ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنا واجب ہے۔

جیسے: أَءْ مَنَ سے اٰمَنَ، أُءْ مِنَ سے أُوْمِنَ، إِءْ مَاناً سے إِيْمَاناً.

قاعدہ نمبر 3:

ہمزہ منفردہ مفتوحہ کو ضمہ کے بعد واؤ، کسرہ کے بعد یا اور فتحہ کے بعد الف سے تبدیل کرنا جائز ہے۔

جیسے: جُؤَ نٌ سے جُوَنٌ اور مِئَرٌ سے مِيَرٌ اور اِلْتَئَمَ سے اِلْتَامَ.

قاعدہ نمبر 4:

دو متحرک ہمزے اس طرح جمع ہوں کہ ان میں سے کوئی ایک مکسور ہو تو دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔

جیسے: جَاءٍ اور اَئِمَّةٌ سے اَيِمَّةٌ.

وضاحت: جَاءٍ اصل میں جَـايِئٌ تھا معتل کے قانون نمبر ۱۷ کے مطابق یا الفِ فاعل کے بعد واقع ہوئی اور ماضی میں بدل چکی ہے اس یا کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا۔ تو جَـاءِئٌ بن گیا۔ پھر مہموز کے قانون نمبر 4 کے مطابق دو متحرک ہمزے اس طرح جمع ہو گئے ہیں کہ ان میں سے ایک مکسور ہے دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو جَاءِيٌ بن گیا۔ یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا یا اور نون تنوین کے درمیان یا کو حذف کر دیا تو جَاءٍ ہو گیا۔

نوٹ: اس قانون کو وجوبی قرار دے کر اس کی مثال اَئِـمَّةٌ دینا درست نہیں کیونکہ قرآن پاک میں لفظ اَئِـمَّةٌ دوسرے ہمزہ کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔

نوٹ: لفظ اَئِمَّةٌ کو سامنے رکھتے ہوئے بعض صرفیوں نے اس قاعدہ کو جوازی لکھا ہے ان کے نزدیک لفظ جَاءٍ میں قلب مکانی کی

وجہ سے یا آخر میں آ گئی جیسے: جَـــایِئٌ میں قلب مکانی کی تو جَــاءِ یٌ بن گیا۔ پھر یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ اس کے بعد اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرا دی تو جَاءٍ بن گیا۔

قاعدہ نمبر 5:

دو متحرک ہمزے اس طرح جمع ہوں کہ ان میں سے کوئی ایک مکسور نہ ہو تو دوسرے ہمزہ کو واؤ سے بدلنا واجب ہے۔

جیسے: اَءَ ادِمُ سے اَوَادِمُ. اُءَ مِّلُ سے اُوَمِّلُ.

قاعدہ نمبر 6:

اگر ہمزہ جو واؤ مدہ زائدہ یا یا مدہ زائدہ یا یائے تصغیر کے بعد واقع ہو تو اس ہمزہ کو ماقبل حرف کے ہم جنس کر کے جنس کا جنس میں ادغام کرتے ہیں۔

جیسے: خَطِیْئَۃٌ سے خَطِیَّۃٌ اور مَقْرُوْءَ ۃٌ سے مَقْرُوْوَۃٌ سے مَقْرُوَّۃٌ. اُفَیْئِسٌ سے اُفَیِّسٌ سے اُفَیِّسٌ.

قاعدہ نمبر 7:

اگر ہمزہ الف مفاعل کے بعد اور یا سے پہلے واقع ہو تو اس ہمزہ کو یا مفتوحہ سے بدلنا واجب ہے۔ پھر دوسری یا کو الف سے بدلنا واجب ہے۔ جیسے: خَطَایَا

وضاحت: خَـطَـایَا اصل میں خَـطَـایِئُ تھا معتل کے قانون نمبر 19 کے مطابق یا کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو خَـطَـاءِ ءُ بن گیا۔ پھر مہموز کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یا سے تبدیل کر دیا تو خَـطَـائِیُ بن گیا۔ اب درج بالا قانون کے مطابق ہمزہ کو یا مفتوحہ سے بدل دیا تو خَـطَایَیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق دوسری یا کو الف سے تبدیل کیا تو خَـطَایَا بن گیا۔

قاعدہ نمبر 8:

اگر ہمزہ متحرک کا ماقبل حرف ساکن مدہ زائدہ اور یائے تصغیر نہ ہو تو اس ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دینا پھر ہمزہ کو گرانا جائز ہے۔

جیسے: یَسْئَلُ سے یَسَلُ. قَدْ اَفْلَحَ سے قَدَفْلَحَ . یَرْمِیُ اَخَاہُ سے یَرْمِیَخَاہُ.

نوٹ: یہ قاعدہ تمام افعال رؤیت میں وجوباً جاری ہوتا ہے اور افعال رؤیت کے اسمائے مشتقات یعنی اسم فاعل و مفعول وغیرہ میں جوازاً جاری ہوتا ہے۔

افعالِ رؤیت کی مثال:

اَرٰی. یُرِیُ. اَرِ. ان کا اصل اَرْءَ یَ. یُرْءِ یُ. اَرْءِ تھا۔

اَرْءَ یَ میں ہمزہ کی حرکت را کو دے کر ہمزہ کو گرادیا۔ پھر یا کو الف سے تبدیل کر دیا تو تواَرٰی بن گیا۔

یُرْءِ یُ میں ہمزہ کی حرکت را کو دے کر ہمزہ کو گرادیا۔ پھر یا کو ساکن کر دیا تو یُرِیْ ہو گیا۔

اَرْءِ میں ہمزہ کی حرکت را کو دے کر ہمزہ گرادیا تو اَرِ ہو گیا۔

اسمائے مشتقات میں سے اسم فاعل کی مثال :مُرٍ.

اصل میں مُرْئِیٌ تھا ہمزہ کی حرکت را کو دی اس کے بعد یا پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گر گئی تو مُـــــرٍ بن گیا۔ اگر ہمزہ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو نہ دیں تو یا پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گر جائے گی تو مُرْءٍ ی پڑھا جائے گا۔

قاعدہ نمبر 9: اگر ہمزہ متحرکہ حرف متحرک کے بعد واقع ہو تو اس ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید دونوں طریقوں سے پڑھنا جائز ہے۔

نوٹ: بین بین قریب کو تسہیل قریب اور بین بین بعید کو تسہیل بعید بھی کہتے ہیں۔

بین بین قریب کی تعریف:

ہمزہ کو اپنے مخرج اور ہمزہ پر جو حرکت ہے اس کے مطابق جو حرف علت بنتا ہے اس کے مخرج کے درمیان پڑھنے کو بین بین قریب کہتے ہیں۔

بین بین بعید کی تعریف:

ہمزہ کو اپنے مخرج اور ہمزہ کے ماقبل حرف کی حرکت کے مطابق جو حرف علت بنتا ہے اس کے مخرج کے درمیان پڑھنے کو بین بین بعید کہتے ہیں۔ جیسے: سَاَلَ ' سَئِمَ اور لَؤُمَ.

نوٹ: اگر ہمزہ اور ماقبل حرف پر ایک ہی حرکت ہو تو اس ہمزہ کو صرف بین بین قریب کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ جیسے: لفظ سَـــاَلَ اس میں ہمزہ کو دونوں صورتوں میں ہمزہ اور الف کے مخرج کے درمیان ہی پڑھا جائے گا اس لیے کہ ہمزہ اور ماقبل حرف دونوں پر فتحہ ہے۔ سَئِمَ میں بین بین قریب کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور یا کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا اور بین بین بعید کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا۔ لَـــؤُمَ میں بین بین قریب کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور واؤ کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا اور بین بین بعید کا طریقہ یہ ہے کہ ہمزہ کو اپنے مخرج اور الف کے مخرج کے درمیان پڑھا جائے گا۔

عرضِ مصنف صرف پڑھانے والے اساتذۂ کرام طلباء کو تسہیل کرنے کا طریقہ ضرور سکھائیں۔

قاعدہ نمبر 10:

اگر ہمزہ استفہام ہمزہ قطعی پر داخل ہو تو تین صورتیں جائز ہیں۔

نمبر ۱: ہمزہ قطعی کو تسہیل کے ساتھ پڑھا جائے۔ جیسے: اَ ءَ نْتُمْ

نمبر ۲: ہمزہ قطعی کو واؤ سے بدل کر پڑھا جائے۔ جیسے: اَوَنْتُمْ

نمبر ۳: ہمزہ استفہام اور ہمزہ قطعی کے درمیان الف کا اضافہ کیا جائے۔ جیسے: ءَأَنْتُمْ سے ا اَنْتُمْ.

قاعدہ نمبر 11:

اگر ہمزہ استفہام ہمزہ وصلی پر آ جائے تو ہمزہ وصلی کو الف سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

جیسے: اَ اَللّٰہُ سے آللّٰہُ. اَ اَلْحَسَنُ سے اٰلْحَسَنُ وغیرہ۔

مُضَاعَفْ کے قوانین

قاعدہ نمبر 1:

جب دو حروف ہم جنس یا قریب المخرج جمع ہو جائیں ان میں سے پہلا حرف ساکن ہو تو پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیتے ہیں خواہ دونوں حروف ایک کلمہ میں ہوں یا جدا جدا کلموں میں ہوں۔ لیکن ادغام کے لیے شرط ہے کہ پہلا ساکن مدہ نہ ہو۔

ایک کلمہ کی مثال: مَدْدٌ سے مَدٌّ اور شَدْدٌ سے شَدٌّ اور عَبَدْتُّمْ سے عَبَدْتُّمْ۔

دو کلموں کی مثال: اِذْهَبْ بِنَا سے اِذْهَبْ بِنَا اور عَصَوْا وَ كَانُوْا سے عَصَوْا وَّكَانُوْا۔

اگر پہلا ساکن مدہ ہو تو ادغام نہیں کریں گے۔ جیسے: فِيْ يَوْمٍ

قاعدہ نمبر 2:

اگر دو متحرک حروف اس طرح جمع ہوں کہ پہلے حرف کا ماقبل بھی متحرک ہو تو پہلے حرف کو ساکن کر کے پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کریں گے۔ لیکن ادغام کے لیے شرط یہ ہے کہ جس کلمہ میں وہ حروف واقع ہوں وہ کلمہ اسم متحرک العین نہ ہو۔ جیسے: مَدَدَ سے مَدَّ۔ فَرَرَ سے فَرَّ۔

نوٹ: جیسے: سَبَبٌ. رِدَدٌ. عِلَلٌ. سُرُرٌ. دُرَرٌ. میں ادغام نہیں ہوگا کیونکہ یہ اسماء متحرک العین ہیں۔

قاعدہ نمبر 3:

اگر دو متحرک حروف اس طرح جمع ہوں کہ پہلے حرف متحرک کا ماقبل ساکن غیر مدہ ہو تو پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کریں گے۔ اس شرط کے ساتھ کہ وہ کلمہ ملحق نہ ہو۔

جیسے:یَمْدُدُ سے یَمُدُّ اور یَفْرِرُ سے یَفِرُّ اور یَعْضَضُ سے یَعَضُّ۔۔

لیکن جَلْبَبَ میں کلمہ ملحق ہونے کی وجہ سے ادغام نہیں ہوگا۔

قاعدہ نمبر4:

اگر دو متحرک حروف اس طرح جمع ہوں کہ ان کا ماقبل ساکن مدہ اور یائے تصغیر ہو تو پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کریں گے۔

جیسے:حَاجَجَ سے حَاجَّ اور یُحَاجِجُ سے یُحَاجُّ. مُمَیْدِدٌ. سے مُمَیْدٌّ.

نوٹ: اگر ادغام کرنے کے بعد دوسرے حرف پر امر یا کسی حرف جازم کی وجہ سے جزم آ جائے تو دوسرے حرف کو تینوں حرکتیں دے کر پڑھنا جائز ہے۔

(۱) اَلسَّاکِنُ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ کے مطابق کسرہ دیا جائے۔ جیسے: لَمْ یَفِرِّ. فِرِّ

(۲) فتحہ دے کر پڑھا جائے کیونکہ وہ ضمہ اور کسرہ کے مقابلہ میں خفیف حرکت ہے۔ جیسے:لَمْ یَفِرَّ .فِرَّ.

(۳) صیغہ امر اور جس صیغہ پر حرف جازم داخل ہو اس کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے گا۔ جیسے:لَمْ یَفْرِرْ. اِفْرِرْ.

نوٹ: اگر مضارع مضموم العین ہو تو دوسرے حرف کو عین کلمہ کا لحاظ کرتے ہوئے ضمہ دے کر پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے: لَمْ یَمُدَّ . مُدَّ .

لَمْ یَمُدِّ . مُدِّ .

لَمْ یَمُدُّ . مُدُّ .

لَمْ یَمْدُدْ . اُمْدُدْ .

معتل کے قوانین

قاعدہ نمبر 1:

اگر واؤ علامت مضارع مفتوحہ اور کسرہ کے درمیان میں واقع ہو تو اس واؤ کو بغیر کسی شرط کے گرا دینا واجب ہے۔

جیسے: یَوْعِدُ سے یَعِدُ. اور یَوْزِنُ سے یَزِنُ. یَوْرِمُ سے یَرِمُ اور یَوْلِیُ سے یَلِیُ.

اسی طرح اگر واؤ علامت مضارع مفتوحہ اور فتحہ کے درمیان واقع ہو تو اسے بھی گرا دیتے ہیں لیکن شرط یہ ہے کہ عین یا لام کلمہ میں حرف حلقی ہو۔

جیسے: یَوْهَبُ سے یَهَبُ. یَوْضَعُ سے یَضَعُ.

نوٹ: یَوْجَلُ میں واؤ کو اس لیے نہیں گرایا گیا کہ اس میں حرف حلقی والی شرط نہیں پائی گئی۔

نوٹ: حروف حلقی چھ ہیں جن کو اس شعر میں بیان کیا گیا ہے۔

حرف حلقی شش بود اے نورِ عین
همزه هاء و حاء و خاء و عین و غین

قاعدہ نمبر 2:

اگر مصدر فِعْلٌ کے وزن پر ہو اور اس کے فا کلمہ میں واؤ واقع ہو تو اس واؤ کو گرا دیتے ہیں پھر اس واؤ کے بدلے آخر میں تا کا اضافہ کر کے تا کے ماقبل کو فتحہ دے دیتے ہیں۔ عین کلمہ کو الساکن اذا حرک حرک بالکسر کے مطابق کسرہ دیتے ہیں۔

جیسے: وِعْدٌ سے عِدَةٌ . وِزْنٌ سے زِنَةٌ اور وِسْعٌ سے سِعَةٌ

نوٹ: اگر مصدر فعل مضارع مفتوح العین کا ہو تو عین کلمہ کو فتحہ دینا بھی جائز ہے۔

جیسے: سِعَةٌ کو سَعَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے قرآن مجید میں ہے ﴿وَلَمْ يُؤْتَ سَعَةً مِّنَ الْمَالِ﴾

(سورۃ البقرۃ: آیت: نمبر ۲۴۷)

قاعدہ نمبر 3:

واؤ ساکن غیر مدغم (غیر مشدد) کسرہ کے بعد یا ہو جاتی ہے۔

جیسے: مِوْعَادٌ سے مِيْعَادٌ۔ مِوْزَانٌ سے مِيْزَانٌ

اِجْلِوَّاذٌ میں واؤ مشدد ہونے کی وجہ سے یاء سے تبدیل نہیں کی جائے گی۔

اسی طرح یا ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واؤ ہو جاتی ہے۔

جیسے: مُیْسِرٌ سے مُوْسِرٌ۔ یُیْقِنُوْنَ سے یُوْقِنُوْنَ

مُیَزٌ میں یا مشدد ہونے کی وجہ سے واؤ سے تبدیل نہیں کی جائے گی۔

اسی طرح الف ضمہ کے بعد واؤ اور کسرہ کے بعد یا سے تبدیل کیا جائے گا۔

جیسے:قَاتَلَ سے قُوْتِلَ. مِحْرَابٌ. سے مَحَارِیْبُ اور مِضْرَابٌ سے مَضَارِیْبُ.

قاعدہ نمبر 4:

اگر واؤ اور یا اصلی باب افتعال کے فا میں واقع ہوں تو واؤ اور یا کو تا کرنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا واجب ہے۔

جیسے:اِوْتَقَدَ سے اِتْتَقَدَ سے اِتَّقَدَ اور اِیْتَسَرَ سے اِتْتَسَرَ سے اِتَّسَرَ.

نوٹ نمبر 1:اِتَّخَذَ. یَتَّخِذُ میں یا کو تا کرنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا خلافِ قانون ہے۔کیونکہ اِتَّخَذَ کا اصل اِءْ تَخَذَ ہے مہموز کا قانون نمبر 3 جاری ہوا تو اِیْتَخَذَ بن گیا۔اِیْتَخَذَ میں یا ہمزہ سے بدل کر باب افتعال کے فا کلمہ میں آئی اس کو تا سے بدلنا پھر تا کا تا میں ادغام کرنا خلاف قانون ہے جسے اہل صرف کی اصطلاح میں شاذ کہا جاتا ہے۔

نوٹ نمبر 2: صاحب علم الصیغۃ مجاہد جنگ آزادی ۱۸۵۷ء حضرت علامہ قبلہ مفتی محمد عنایت احمد کاکوروی نور اللہ مرقدہ نے اِتَّخَذَ یَتَّخِذُ کے بارے میں فرمایا اس کو اَخَذَ سے مشتق قرار دے کر شاذ نہیں کہا جائے گا۔ بلکہ اس کا اصل تَخِذَ ہے یعنی اس کی تا اصلی ہے جب اس کو باب افتعال پر لے گئے تو اِتْتَخَذَ بن گیا۔ اِتَّبَعَ کی طرح پہلی تا کا دوسری تا میں ادغام کر دیا تو اِتَّخَذَ بن گیا رہی یہ بات کہ اَخَذَ اور تَخِذَ کی باہم معنوی کیا مناسبت ہے تو علامہ کاکوروی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں کہ علامہ بیضاوی علیہ الرحمۃ کی تحقیق کے مطابق دونوں کا معنی ایک ہے۔

قاعدہ نمبر 5:

اگر واؤ مضموم یا مکسور کلمہ کے شروع میں آئے یا واؤ مضموم کلمہ کے درمیان میں آئے تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنا جائز ہے۔

جیسے:وُجُوْہٌ سے اُجُوْہٌ ، وِشَاحٌ سے اِشَاحٌ اور اَدْوُرٌ سے اَدْءُرٌ۔

اگر واؤ مفتوح کلمہ کے شروع میں ہو تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنا شاذ ہے۔

جیسے: وَحَدٌ سے اَحَدٌ اور وَنَاۃٌ سے اَنَاۃٌ

قاعدہ نمبر 6:

اگر دو متحرک واؤ ایک کلمہ کے شروع میں جمع ہو جائیں تو پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔

جیسے:وَوَاصِلُ سے اَوَاصِلُ اور وُوَیْصِلٌ سے اُوَیْصِلٌ اور وُوَیْصِلَۃٌ سے اُوَیْصِلَۃٌ.

قاعدہ نمبر 7:

اگر واؤ اور یا متحرک ہوں ماقبل ان کا مفتوح ہو تو اس واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔ چند شرائط

ـ کے ساتھ۔

(1) وہ واؤ اور یا فا کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے: فَوْعَدَ اور تَیَسَّرَ.

(2) لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے: طَوٰی اور حَیِیَ

(3) الف تثنیہ سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: دَعَوَا . رَمَیَا.

(4) مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: طَوِیْلٌ ' غَیُوْرٌ اور غَیَابَۃٌ.

(5) یائے مشدد داور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: عَلَوِیٌّ ' اِخْشَیِنَّ

(6) وہ واؤ اور یا ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو رنگ اور عیب کے معنی میں ہو۔ جیسے: عَوِرَ اور صَیِدَ

(7) ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو فَعَلَانٌ کے وزن پر ہو۔ جیسے: دَوَرَانٌ اور سَیَلَانٌ.

(8) ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو فَعَلٰی کے وزن پر ہو۔ جیسے: صَوَرٰی اور حَیَدٰی

(9) ایسے کلمہ میں نہ ہوں جو فَعَلَۃٌ کے وزن پر ہو۔ جیسے: حَوَکَۃٌ. حَیَکَۃٌ .

(10) ایسے باب افتعال میں نہ ہوں جو بمعنی تفاعُلٌ کے ہو۔

جیسے: اِجْتَوَرَ اور اِعْتَوَرَ بمعنی تَجَاوَرَ اور تَعَاوَرَ کے۔

ـاؤ اور یا کو الف سے تبدیل کرنے کی مثالیں۔

جیسے: قَوَلَ سے قَالَ . عَوَذَ سے عَاذَ ' عَوَدَ سے عَادَ. بَیَعَ سے بَاعَ. زَیَدَ سے زَادَ . طَیَرَ سے طَارَ . دَعَوَ ـے دَعَا. رَمَیَ سے رَمیٰ وغیرہ۔

ـٹ: شرط نمبر 9 کا تعلق فَعَلَۃٌ صفتی کے ساتھ نہیں بلکہ فَعَلَۃٌ اسمی کے ساتھ ہے۔ یعنی اگر واؤ اور یا فَعَلَۃٌ اسمی میں واقع ہوں تو ان ـو الف سے تبدیل کیا جائے۔ جیسے: قَوَلَۃٌ . بَیَعَۃٌ سے قَالَۃٌ . بَاعَۃٌ اور اگر واؤ اور یا فَعَلَۃٌ صفتی میں واقع ہوں تو ان کو الف سے ـدیل نہ کیا جائے۔

ـے: حَوَکَۃٌ . حَیَکَۃٌ

ـبر 1: واؤ اور یاء جب الف سے تبدیل ہو جائیں اور ان کا مابعد بھی ساکن ہو تو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف ـرا دیا جائے گا۔

جیسے: دَعَوُوْا سے دَعَوْا . اور رَمَیُوْا سے رَمَوْا.

واؤ اور یا کے الف ہونے کے بعد تائے تانیث آجائے متحرک ہو یا ساکن دونوں صورتوں میں الف گرا دیا جائے گا۔

ـکی تائے تانیث ساکنہ کے ساتھ جمع ہونے کی مثالیں

جیسے: دَعَوَتْ سے دَعَاتْ سے دَعَتْ اور رَمَیَتْ سے رَمَاتْ سے رَمَتْ.

الف کی تائے تانیث متحرکہ کے ساتھ جمع ہونے کی مثالیں:

جیسے: دَعَوَتَا سے دَعَاتَا سے دَعَتَا اور رَمَیَتَا سے رَمَاتَا سے رَمَتَا۔

جز نمبر 2: ماضی معروف میں صیغہ جمع مؤنث غائب سے آخر تک جب واؤ اور یا الف ہو کر گر جائیں تو واوی مفتوح العین اور مضموم العین میں فا کلمہ کو ضمہ دیں گے۔

جیسے: قَوَلْنَ سے قُلْنَ اور طَوُلْنَ سے طُلْنَ.

لیکن واوی مکسور العین اور اجوف یائی میں مطلقاً (یعنی عین کلمہ کی حرکت کا اعتبار نہیں) جب واؤ اور یا الف ہو کر گر جائیں تو فا کلمہ کو کسرہ دیں گے۔

جیسے: واوی مکسور العین کی میں خَوِفْنَ سے خِفْنَ اور اجوف یائی میں زَیَدْنَ سے زِدْنَ ۔

قاعدہ نمبر 8:

اگر واؤ اور یا متحرک کا ماقبل ساکن ہو تو اس واؤ اور یا کی حرکت ماقبل کو دینا واجب ہے اگر نقل کی جانے والی حرکت فتحہ کی ہو تو واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کر دینا بھی ضروری ہے۔

جیسے: یَقْوَلُ سے یُقَالُ اور یُبْیَعُ سے یُبَاعُ.

اگر نقلِ حرکت کے بعد واؤ اور یا کا مابعد ساکن ہو تو واؤ اور یا کو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرا دیں گے۔

جیسے مَقْوُوْلٌ سے مَقُوْلٌ اور مَبْیُوْعٌ سے مَبُیُوْعٌ سے مَبُوْعٌ سے مَبِوْعٌ سے مَبِیْعٌ.

نقل حرکت کے لیے درج ذیل شرائط ہیں

(1) واؤ اور یا فا کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے: مَنْ وَّعَدَ اور مَنْ یَّسَّرَ.

(2) واؤ اور یا لفیف کے عین کلمہ میں نہ ہوں۔ جیسے یَطْوِیْ اور یَحْیٰ

(3) واؤ اور یا مدہ زائدہ سے پہلے نہ ہوں۔ جیسے: مِقْوَالٌ ' مِبْیَاعٌ ' تِحْوَالٌ ' تِبْیَانٌ ' تَمْیِیْزٌ وغیرہ۔

نوٹ: شرط نمبر 3 سے اسم مفعول کی واؤ مستثنیٰ ہے۔ یعنی اگر اسم مفعول کی واؤ سے پہلے واؤ اور یا آ جائیں تو ان کی حرکت ماقبل کو دی جائے گی۔ پھر ایک واؤ اور یاء کو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرا دیں گے۔

جیسے: مَقْوُوْلٌ سے مَقُوْلٌ اور مَبْیُوْعٌ سے مَبِیْعٌ. (مَبِیْعٌ کی مکمل تعلیل ص 230 پر دیکھیں)

نوٹ شرط نمبر 3: کے مطابق اسم آلہ صغریٰ اور وسطیٰ میں واؤ اور یا کی حرکت اسم آلہ کبریٰ کے تابع ہونے کی وجہ سے ماقبل کو نہیں دی جائے گی۔

(4) واؤ اور یاء ایسے کلمہ میں نہ ہوں جس میں عیب اور رنگ کا معنی پایا جاتا ہو۔

جیسے: یَعْوَرُ. یَصْیَدُ. اَبْیَضُ اَسْوَدُ. وغیرہ۔

(5) واؤاور یا اسم تفضیل میں نہ ہوں جیسے: اَقْوَلُ اور اَبْیَعُ

(6) واؤاور یا فعل تعجب میں نہ ہوں جیسے مَا اَقْوَلَهٗ اور مَا اَبْیَعَهٗ.

(7) واؤاور یا کلمہ ملحق میں نہ ہوں جیسے: شَرْیَفَ اور جَهْوَرَ .

قاعدہ نمبر 9:

اگر واؤاور یا ماضی مجہول کے عین کلمہ میں واقع ہوں تو ان میں دو طرح کی تعلیل کرنا جائز ہے۔

نمبر1: واؤاور یا کے ماقبل کو ساکن کر کے واؤاور یا کی حرکت ماقبل کو دی جائے اس صورت میں واو ساکن غیر مدغم ماقبل کسرہ ہونے کی وجہ سے یا سے بدل جائے گی۔

جیسے: قُوِلَ سے قِیْلَ اور بُیِعَ سے بِیْعَ.

نوٹ: ابدال کی صورت میں قِیْلَ اور بِیْعَ میں اشمام کرنا بھی جائز ہے۔ یعنی فا کلمہ کے کسرہ کو ضمہ کی بُو دے کر پڑھنا۔

نمبر2: ماقبل حرف کی حرکت کو باقی رکھتے ہوئے واؤاور یا کی حرکت گرا دی جائے اس صورت میں یا ساکن غیر مدغم ضمہ کے بعد واؤ ہو جائے گی۔

جیسے قُوِلَ سے قُوْلَ اور بُیِعَ سے بُوْعَ.

ماضی مجہول میں تعلیل کے لیے شرط یہ ہے کہ ماضی معروف میں تعلیل ہو چکی ہو۔ جیسے: قَالَ اور بَاعَ میں تعلیل کی وجہ سے قِیْلَ اور بِیْعَ میں تعلیل کی گئی۔ عَوِرَ اور صَیِدَ میں تعلیل نہیں ہوئی اس لیے عُوِرَ اور صُیِدَ میں تعلیل نہیں کی جاتی۔

جز نمبر2: جب واؤاور یا صیغہ جمع مؤنث غائب سے آخر تک گر جائیں تو واوی مفتوح العین میں فا کلمہ کو ضمہ، اور واوی مکسور العین اور اجوف یائی میں مطلقاً فا کلمہ کو کسرہ دیں گے۔ اس صورت میں صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک معروف و مجہول کے صیغے ایک جیسے ہو جائیں گے۔ معروف و مجہول کے صیغوں میں ان کے اصل کے اعتبار سے فرق کیا جائے گا۔ مثلاً معروف قُلْنَ کا اصل قَوَلْنَ ہے اور مجہول قُلْنَ کا اصل قُوِلْنَ ہے اسی طرح زِدْنَ معروف کا اصل زَیَدْنَ ہے اور مجہول زِدْنَ کا اصل زُیِدْنَ ہے۔

فائدہ: باب استفعال سے اجوف واوی کی ماضی مجہول میں نقل حرکت اس قانون کے مطابق نہیں کی جاتی بلکہ قاعدہ نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی جاتی ہے۔ جیسے: اُسْتُقْوِمَ سے اُسْتُقِوْمَ. سے اُسْتُقِیْمَ.

اس وجہ سے قِیْلَ میں کی گئیں تعلیلات اُسْتُقِیْمَ میں جاری نہیں ہوں گی۔

قاعدہ نمبر 10:

(الف) اگر فعل کے لام کلمہ میں ضمہ اور کسرہ کے بعد واؤ اور یا واقع ہوں تو یَفْعَلُ، تَفْعَلُ، اَفْعَلُ، نَفْعَلُ میں ساکن ہو جاتی ہیں۔

جیسے: یَدْعُوُ سے یَدْعُوْ اور یَرْمِیُ سے یَرْمِیْ ۔ تَدْعُوُ سے تَدْعُوْ. تَرْمِیُ سے تَرْمِیْ. اَدْعُوُ سے اَدْعُوْ.

أَرْمِيُ سے اَرْمِیْ. نَدْعُوُ سے نَدْعُوْ. نَرْمِیُ سے نَرْمِیْ

اور اگر واؤ اور یا فعل کے لام کلمہ میں فتحہ کے بعد واقع ہوں تو مذکورہ بالا صیغوں میں قاعدہ نمبر ۷ کے مطابق الف سے بدل جائیں گی۔

جیسے: یَرْضَوُ سے یَرْضَیُ اور یَرْضَیُ سے یَرْضٰی . یَخْشَیُ سے یَخْشٰی. تَرْضَوُ سے تَرْضَیُ. سے تَرْضٰی. تَخْشَیُ سے تَخْشٰی. اَرْضَوُ سے اَرْضَیُ سے اَرْضٰی . اَخْشَیُ سے اَخْشٰی. نَرْضَوُ سے نَرْضَیُ سے نَرْضٰی . نَخْشَیُ سے نَخْشٰی .

(ب) اگر ضمہ کے بعد واؤ ہو اور اس کے بعد ایک اور واؤ ہو اسی طرح کسرہ کے بعد یا ہو اور اس کے بعد ایک اور یا ہو تو اس واؤ اور یا کی حرکت گرا دیتے ہیں۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ اور ایک یا گرا دیتے ہیں۔

جیسے: یَدْعُوُوْنَ سے یَدْعُوْوْنَ سے یَدْعُوْنَ . اور تَرْمِیِیْنَ سے تَرْمِیْیْنَ سے تَرْمِیْنَ.

(ج) اگر ضمہ کے بعد واؤ ہو اور اس کے بعد یا ہو اسی طرح کسرہ کے بعد یا ہو اور اس کے بعد واؤ ہو تو اس واؤ اور یا کے ماقبل کو ساکن کر کے ان کی حرکت ماقبل کو دیں گے۔ اس صورت میں واؤ ساکن ماقبل کسرہ کی وجہ سے یا سے اور یا ساکن ماقبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے بدل جائے گی پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ اور ایک یا گرا دیں گے۔

جیسے: تَدْعُوِیْنَ سے تَدْعِوْیْنَ سے تَدْعِیْیْنَ سے تَدْعِیْنَ.

اور یَرْمِیُوْنَ سے یَرْمُیْوْنَ سے یَرْمُوْوْنَ سے یَرْمُوْنَ.

قاعدہ نمبر 11: اگر واؤ طرف میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اسے یا سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

جیسے: دُعِوَ سے دُعِیَ ، دُعِوًا سے دُعِیًا. دَاعِوَانِ سے دَاعِیَانِ اور دَاعِوَۃٌ سے دَاعِیَۃٌ.

قاعدہ نمبر 12: اگر یا طرف میں ضمہ کے بعد واقع ہو تو اسے واؤ سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

جیسے: نَهُیَ سے نَهُوَ . وغیرہ

قاعدہ نمبر 13:

اگر واؤ مصدر کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اس کو یا سے تبدیل کر دیتے ہیں اس شرط کے ساتھ کہ اس مصدر کے فعل ماضی میں تعلیل ہو چکی ہو۔

جیسے: قِوَامًا سے قِیَامًا. کیونکہ قَامَ ماضی میں واؤ الف سے بدل چکی ہے۔ لیکن قِوَامًا بابِ مُفَاعَلَۃ کے مصدر میں تعلیل نہیں ہوگی کیونکہ قَاوَمَ فعل ماضی میں تعلیل نہیں ہوئی۔

اور اگر واؤ جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو تو اس واؤ کو بھی یا سے تبدیل کر دیتے ہیں اس شرط کے ساتھ کہ وہ

واؤ واحد میں ساکن ہو یا اس کے واحد میں تعلیل ہو چکی ہو۔

جیسے: حِوَاضٌ سے حِيَاضٌ جو حَوْضٌ کی جمع ہے۔ اسی طرح جِوَادٌ سے جِيَادٌ یہ جَيِّدٌ کی جمع ہے۔

نوٹ: جَيِّدٌ اصل میں جَيْوِدٌ تھا واؤ کو یا کیا پھر یا کا یا میں ادغام کر دیا تو جَيِّدٌ بن گیا۔

قاعدہ نمبر 14

اگر واؤ اور یا کسی سے تبدیل نہ ہوئی ہوں کلمہ غیر ملحق میں اس طرح جمع ہو جائیں کہ ان میں پہلا حرف ساکن ہو تو اس واؤ کو یا سے تبدیل کر کے یا کا یا میں ادغام کرتے ہیں اگر ماقبل ضمہ ہو تو اسے کسرہ سے بدل دیتے ہیں۔

جیسے: سَيْوِدٌ سے سَيِّدٌ، مَرْمُوْيٌ سے مَرْمُيْيٌ سے مَرْمُيٌّ سے مَرْمِيٌّ۔ اور مُضُوْيٌ سے مُضُيْيٌ سے مُضُيٌّ سے مُضِيٌّ۔

نوٹ نمبر 1: مُضِيٌّ میں عین کلمہ کا لحاظ کرتے ہوئے فا کلمہ کو بھی کسرہ دینا جائز ہے۔

جیسے: مُضِيٌّ سے مِضِيٌّ

نوٹ نمبر 2: طلبائے کرام مُضِيٌّ کی میم کو مضموم دیکھ کر فوراً اسم فاعل کا صیغہ بتا دیتے ہیں حالانکہ یہ مَضٰی يَمْضِيْ کا مصدر ہے۔

نوٹ نمبر 3: اَوٰی يَأْوِيْ کے امر اِيْوِ میں واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام نہیں کریں گے اس لیے کہ اس میں یا ہمزہ سے بدل کر آئی ہے۔

وضاحت: اِيْوِ اصل میں اِءْوِ تھا مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ کو یا کیا تو اِيْوِ ہو گیا اور ضَيْوَنَ میں واؤ کو یا کر کے یا کا یا میں ادغام اس لیے نہیں کریں گے کہ یہ کلمہ ملحق ہے۔

قاعدہ نمبر 15:

اگر فُعُوْلٌ کا وزن ہو اور آخر میں دو واؤ جمع ہو جائیں تو دونوں واؤ کو یا سے تبدیل کر کے پہلی یا کا دوسری میں ادغام کر دیتے ہیں ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیتے ہیں۔ اس کسرہ کی مناسبت سے فا کلمہ کو بھی کسرہ دینا جائز ہے۔

جیسے: دُلُوْوٌ سے دُلُيْيٌ سے دُلُيٌّ سے دُلِيٌّ اور دِلِيٌّ

نوٹ: دُلُوْوٌ، دَلْوٌ کی جمع ہے۔

قاعدہ نمبر 16:

اگر واؤ اسم کے لام کلمہ میں ضمہ کے بعد واقع ہو تو اس ضمہ کو کسرہ اور واؤ کو یا سے تبدیل کرتے ہیں۔ پھر یا کو ساکن کر کے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے: اَدْلٍ۔

اصل میں اَدْلُوٌ تھا اس قانون کے مطابق اَدْلِيٌ بن گیا یا کا ضمہ گرا دیا تو اَدْلِيْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر

حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو اَذْلِ بن گیا۔ اسی طرح تَعَلٍّ اور تَعَالٍ اصل میں تَعَلُّوٌ اور تَعَالُوٌ تھے اس قانون کے مطابق تَعَلِّیٌ اور تَعَالِیٌ بن گئے یا کا ضمہ گرا دیا تو تَعَلِّیْنُ اور تَعَالِیْنُ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرگئی تو تَعَلٍّ اور تَعَالٍ بن گئے۔

اسی طرح اگر یا اسم کے لام کلمہ میں ضمہ کے بعد واقع ہو تو اس یا کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کرتے ہیں پھر یا کو ساکن کر کے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرا دیتے ہیں۔

جیسے: اَظْبٍ. اصل میں اَظْبُیٌ تھا اس قانون کے مطابق اَظْبِیٌ بن گیا یا کا ضمہ گرا دیا تو اَظْبِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرا دی تو اَظْبٍ. بن گیا۔

قاعدہ نمبر 17:

اگر واؤ اور یا الف اسم فاعل کے بعد واقع ہوں تو اس واؤ اور یا کو ہمزہ سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔ اس شرط کے ساتھ کہ وہ واؤ اور یا ماضی معروف کے صیغہ واحد مذکر غائب میں الف سے بدل چکی ہوں۔

جیسے: قَاوِلٌ سے قَائِلٌ اس کی ماضی معروف قَالَ ہے۔ اور بَایِعٌ سے بَائِعٌ اس کی ماضی معروف بَاعَ ہے۔

اور اگر وہ واؤ اور یا ماضی میں سلامت ہوں تو اسم فاعل میں بھی سلامت رہیں گے یعنی ان کو ہمزہ سے تبدیل نہیں کیا جائے گا۔ جیسے: عَاوِرٌ اس کی ماضی عَوِرَ ہے۔ اور صَایِدٌ اس کی ماضی صَیِدَ ہے۔

قاعدہ نمبر 18: اگر واؤ اور یا طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوں تو ان کو ہمزہ سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔

جیسے: دِعَاوٌ سے دِعَاءٌ اور رِوَایٌ سے رِوَاءٌ

اَسْمَاءٌ ' اَحْیَاءٌ ' کِسَاءٌ ' رِدَاءٌ اصل میں اَسْمَاوٌ ' اَحْیَایٌ ' کِسَاوٌ اور رِدَایٌ تھے۔ تمام صیغوں میں اسی قانون کے مطابق واؤ اور یا کو ہمزہ سے تبدیل کیا گیا۔ اگرچہ اَسْمَاوٌ اور کِسَاوٌ میں پہلے واؤ کو معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق یا سے تبدیل کیا گیا ہے پھر اسی قانون کے مطابق یا کو ہمزہ سے تبدیل کیا گیا ہے۔

قاعدہ نمبر 19: اگر حرف علت الف مفاعل کے بعد واقع ہو تو دو حال سے خالی نہیں اصلی ہوگا یا زائد اگر اصلی ہو تو اسے ہمزہ سے تبدیل کرنے کے لیے شرط یہ ہے کہ الف مَفَاعِل سے پہلے بھی حرف علت ہو۔

جیسے: قَوَاوِلُ میں واؤ اصلی الف مفاعل کے بعد واقع ہوئی اور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہے اسے ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو قَوَائِلُ ہو گیا۔ اور بَوَایِعُ میں یا اصلی الف مفاعل کے بعد واقع ہوئی اور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہے۔ اسے ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو بَوَائِعُ ہو گیا۔

حرف علت اصلی الف مفاعل کے بعد واقع ہو لیکن الف مفاعل سے پہلے حرف علت نہ ہو تو واؤ اور یا کو ہمزہ سے تبدیل

نہیں کریں گے۔ جیسے: مَقَاوِلُ اور مَبَایِعُ جو کہ جمع ہیں مَقَالٌ اور مَبِیْعٌ کی۔

نوٹ: مَقَاوِلُ اور مَبَایِعُ اسم آلہ صغری اور اسم آلہ وسطی کی جمع بھی بن سکتی ہیں۔

اگر حرف علت زائد الف مفاعل کے بعد واقع ہو تو اسے مطلقاً ہمزہ سے تبدیل کرنا واجب ہے۔ (مطلقاً کا مطلب یہ ہے کہ الف مفاعل سے پہلے حرف علت ہو یا نہ ہو)

مثال اس حرف علت زائد کی جو الف مفاعل کے بعد واقع ہو اور الف مفاعل سے پہلے بھی حرف علت ہو۔

جیسے: طَوَاوِلُ سے طَوَائِلُ ' طَوَاوِقُ سے. طَوَائِقُ حَوَاوِلُ سے حَوَائِلُ . جو کہ جمع ہیں۔ طَوِیْلَةٌ ' طَوُوْقَةٌ اور حَوَالَةٌ کی۔

مثال اس حرف علت زائد کی جو الف مفاعل کے بعد واقع ہو اور الف مفاعل سے پہلے حرف علت نہ ہو۔

جیسے: شَرَایِفُ سے شَرَائِفُ. عَجَاوِزُ سے عَجَائِزُ. رَسَاالُ سے رَسَائِلُ . جو کہ جمع ہیں شَرِیْفَةٌ . عَجُوْزَةٌ . اور رِسَالَةٌ کی۔ لیکن مَصَائِبُ جو مُصِیْبَةٌ . کی جمع ہے۔ اس میں اصلی یا کو ہمزہ سے تبدیل کرنے کے لیے شرط نہیں پائی گئی اس کے باوجود اس یا کو ہمزہ سے تبدیل کیا جانا خلاف قانون یعنی شاذ ہے۔

قاعدہ نمبر 20:

اگر واؤ اصل میں تیسری جگہ ہو جب چوتھی جگہ یا اس سے آگے چلی جائے لیکن ضمہ یا واؤ ساکن کے بعد نہ ہو تو اسے یا سے تبدیل کر دینا واجب ہے۔

جیسے: یُدْعَوَانِ سے یُدْعَیَانِ ' اَعْلَوْتُ سے اَعْلَیْتُ اور اِسْتَعْلَوْتُ سے اِسْتَعْلَیْتُ.

نوٹ: بعض صرفیوں کے نزدیک مِدْعَاءٌ اسم آلہ کی جمع مَدَاعِیُوْ میں واؤ کو اسی قانون کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر کے یا کا یا میں ادغام کیا گیا ہے۔

جیسے: مَدَاعِیُوْ سے مَدَاعِیُیٌ سے مَدَاعِیٌّ

نوٹ: مَدَاعِیٌّ میں سَیِّدٌ والا قانون اس لیے جاری کرنے میں تامل کیا جاتا ہے کہ مَدَاعِیُوْ میں یاء الف سے بدل کر آئی ہے۔

نوٹ نمبر 2: یَدْعُوْ میں واؤ کو یا سے اس لیے تبدیل نہیں کیا گیا کہ اس میں واؤ ضمہ کے بعد واقع ہے اور مَدْعُوْوٌ میں (جو قانون کے مطابق مَدْعُوٌّ پڑھا جاتا ہے) واؤ کو یا سے اس لیے تبدیل نہیں کیا گیا کہ اس میں واؤ سے پہلے واؤ ساکن ہے۔

قاعدہ نمبر 21: الف زائدہ اگر تثنیہ اور جمع مؤنث سالم کے الف سے پہلے آ جائے تو اس کو یا سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

جیسے: حُبْلٰی سے حُبْلَیَانِ اور حُبْلَیَاتٌ . اور ضُرْبٰی سے ضُرْبَیَانِ. ضُرْبَیَاتٌ.

قاعدہ نمبر 22:

جو یا فُعْلٌ جمع کے عین کلمہ میں واقع ہو یا فُعْلٰی مؤنث صفتی کے عین کلمہ میں واقع ہو اس یا کو برقرار رکھ کر ما قبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کریں گے۔

جیسے: بُیْضٌ جو کہ اَبْیَضُ کی جمع ہے اس کو بِیْضٌ پڑھیں گے اور حُیْکٰی مؤنث صفتی کو حِیْکٰی پڑھیں گے۔ اگر یا فُعْلٰی اسمی کے عین کلمہ میں واقع ہو تو قاعدہ نمبر 3 کے مطابق یا ساکن غیر مدغم کو ضمہ کے بعد واؤ سے تبدیل کریں گے۔ جیسے طُوْبٰی جو اَطْیَبُ کی مؤنث ہے اصل میں طُیْبٰی تھا اسی طرح کُوْسٰی جو کہ اَکْیَسُ کی مؤنث ہے اصل میں کُیْسٰی تھا۔

نوٹ: اسم تفضیل میں فُعْلٰی اسمی کی طرح یا کو ما قبل ضمہ ہونے کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کریں گے۔

جیسے: بُیْعٰی سے بُوْعٰی اور زُیْدٰی سے زُوْدٰی.

نوٹ: فُعْلٰی اسمی کی تعریف: وہ لفظ جو مبہم ذات پر دلالت کرے جس میں کسی صفت کی رعایت نہ کی گئی ہو۔ جیسے: طُوْبٰی.
فعلی صفتی کی تعریف: وہ لفظ جو غیر مبہم ذات پر دلالت کرے جس میں کسی صفت کی رعایت کی گئی ہو۔ جیسے غُزْوٰی.

قاعدہ نمبر 23:

واؤ فَعْلُوْلَۃٌ مصدر کے عین کلمہ میں واقع ہو تو اس کو یا سے تبدیل کر دیتے ہیں۔ جیسے: کَوْنُوْنَۃٌ سے کَیْنُوْنَۃٌ.

فائدہ: بعض صرفیوں نے اس قاعدہ میں بہت طویل گفتگو کی ہے کہ کَیْنُوْنَۃٌ کا اصل کَیْوَنُوْنَۃٌ تھا پھر سَیِّدٌ والے قاعدے کے مطابق واؤ کو یا کیا پھر یا کو حذف کر دیا لیکن مصنف علم الصیغہ غازیٔ جنگ آزادی علامہ مفتی محمد عنایت احمد کاکوروی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں صحیح یہ ہے کہ کَیْنُوْنَۃٌ کا اصل کَوْنُوْنَۃٌ ہے۔

قاعدہ نمبر 24:

اَفَاعِلُ اور مَفَاعِلُ کا وزن ہو اور اس کے لام کلمہ میں یا واقع ہو اگر اس پر الف لام داخل ہو یا وہ مضاف ہو تو حالت رفعی وجری میں یا ساکن ہو جاتی ہے۔

جیسے: هٰذِهِ الْجَوَارِیْ . وَجَوَارِیْکُمْ . مَرَرْتُ بِالْجَوَارِیْ وَجَوَارِیْکُمْ.

اگر اس پر الف لام داخل نہ ہو اور نہ ہی وہ مضاف ہو تو حالت رفعی اور جری میں یا کو آخر سے حذف کر دیتے ہیں۔ یا غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین ما قبل سے ملحق ہو جائے گی۔

جیسے: هٰذِهِ جَوَارٍ. مَرَرْتُ بِجَوَارٍ.

حالت نصبی میں یا مطلقاً مفتوح ہوگی۔ (مطلقاً کا مطلب یہ ہے کہ معرف باللام ہو یا نہ ہو اسی طرح مضاف ہو یا نہ ہو) جیسے: رَاَیْتُ الْجَوَارِیَ ' رَاَیْتُ جَوَارِیَ. رَاَیْتُ جَوَارِیَکُمْ

قاعدہ نمبر 25: اگر فُعْلٰی (بالضم) کے لام کلمہ میں واؤ واقع ہو تو اس کی تین صورتیں ہیں۔

(1) وہ کلمہ اسم جامد ہوگا۔

(2) فُعْلٰی صفتی ہوگا۔

(3) وہ صیغہ اسم تفضیل ہوگا۔

اگر وہ کلمہ اسم جامد یا صیغہ اسم تفضیل ہو تو واؤ کو یا سے تبدیل کریں گے۔

اسم جامد کی مثال: جیسے: دُنْوٰی سے دُنْیَا

اسم تفضیل کی مثال: جیسے: دُعْوٰی سے دُعْیٰ

اگر فُعْلٰی صفتی ہو تو واؤ برقرار رہے گی۔ جیسے: غُزْوٰی

اگر فَعْلٰی (بالفتح) کے لام کلمہ میں یا واقع ہو تو اسکی دو صورتیں ہوں گی۔

(1) فَعْلٰی اسمی ہوگا۔

(2) فَعْلٰی صفتی ہوگا۔

اگر فَعْلٰی اسمی ہو تو یا واؤ سے بدل جائے گی۔ جیسے: تَقْیٰی سے تَقْوٰی۔

اگر فَعْلٰی صفتی ہو تو یا برقرار رہے گی۔ جیسے: صَدْیَا۔

قاعدہ نمبر 26: ہر جمع ناقص کی جو فَعَلَۃٌ کے وزن پر ہو۔ اس کے فا کلمہ کو ضمہ دینا واجب ہے۔ جیسے: دُعَاۃٌ اور رُمَاۃٌ۔

اصل میں دَعَوَۃٌ اور رَمَیَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ اور یا کو الف سے تبدیل کیا تو دَعَاۃٌ اور رَمَاۃٌ بن گئے۔ پھر اس قانون کے مطابق فا کلمہ کو ضمہ دیا تو دُعَاۃٌ اور رُمَاۃٌ بن گئے۔

نوٹ: فَعَلَۃٌ جمع کی وضاحت قانون نمبر 7 کی شرط نمبر 9 کے تحت گزر چکی ہے۔

نوٹ: صَلٰوۃٌ زَکٰوۃٌ اور قَنٰوۃٌ جیسے مفردات کے ساتھ مشابہت سے بچنے کے لیے دُعَاۃٌ اور رُمَاۃٌ وغیرہ کے فا کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں۔

قاعدہ نمبر 27:

اگر تین یا ایک کلمہ میں اس طرح جمع ہوں کہ پہلی یا کا ادغام دوسری یا میں ہو اور تیسری یا لام کلمہ میں واقع ہو تو تیسری یا کو نسیاً منسیاً حذف کر دیں گے۔ اس شرط کے ساتھ کہ وہ کلمہ فعل یا شبہ فعل نہ ہو۔

نوٹ: نسیاً منسیاً کا مطلب یہ ہے کہ یاء کو اس طرح حذف کریں گے جیسے وہ کلمہ میں تھی ہی نہیں۔ جیسے رُخَیٌّ اور رُخَیَّۃٌ۔

رُخَیٌّ اور رُخَیَّۃٌ کی وضاحت:

رُخَيٌّ اور رُخَيَّةٌ کی وضاحت:

ان کا اصل رُخَيْوٌ اور رُخَيْوَةٌ تھا پہلی یا کا دوسری یا میں ادغام کر دیا تو رُخَيّوٌ اور رُخَيّوَةٌ ہو گئے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا کیا تو رُخَيِّيٌ اور رُخَيِّيَةٌ ہو گئے۔ پھر اس قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کر دیا تو رُخَيٌّ اور رُخَيَّةٌ بن گئے۔

نوٹ: لیکن یُحَيِّيْ اور مُحَيِّيْ میں مذکورہ قانون اس لیے جاری نہیں ہوگا کہ پہلا فعل ہے اور دوسرا شبہ فعل ہے۔

قاعدہ نمبر 28: اگر دو مشدد یائیں اسم متمکن کے آخر میں جمع ہو جائیں تو دوسری یائے مشدد کو نسیاً مَنْسِیًّا حذف کر دیں گے۔ اس شرط کے ساتھ کہ دوسری یا نسبت، مصدریت اور مبالغہ کے لیے نہ ہو۔

دوسری یا کو حذف کرنے کی مثال: طَوٰی یَطْوِیْ سے اسم آلہ کبری کی تصغیر کے صیغے مُطَيٌّ اور مُطَيَّةٌ آتے ہیں۔

ان کا اصل مُطَيْوِيْيٌ اور مُطَيْوِيْيَةٌ تھا معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یا کیا پھر یا کا یا میں ادغام کر دیا تو مُطَيِّيْيٌ اور مُطَيِّيْيَةٌ بن گئے۔ پھر بعد یائے ساکنہ کا یا متحرکہ میں ادغام کر دیا تو مُطَيِّيٌّ اور مُطَيِّيَّةٌ ہو گئے۔ پھر اس قانون نمبر 28 کے مطابق دو مشدد یائیں اسم متمکن کے آخر میں جمع ہو گئیں دوسری یائے مشدد کو نسیاً مَنْسِیًّا حذف کر دیا تو مُطَيٌّ اور مُطَيَّةٌ بن گئے۔

نوٹ: طَوٰی یَطْوِیْ اور اَوٰی یَأْوِیْ وغیرہ کے اسم مفعول کی تصغیر کے صیغوں میں بھی یہی قانون جاری ہوتا ہے۔

قانون نمبر 29 اجتماع ساکنین کی دو قسمیں ہیں (یعنی جب دو ساکن حروف جمع ہو جائیں)

(1) اجتماع ساکنین علی حدہ (2) اجتماع ساکنین علی غیر حدہ

اجتماع ساکنین علی حدہ کی تعریف

اجتماع ساکنین علی حدہ دو ساکنوں کا ایسا اجتماع کہ جس میں پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر ہو اور دوسرا ساکن مدغم ہو اور دونوں ساکن ایک کلمہ میں ہوں۔

حکم: اجتماع ساکنین علی حدہ کو حالت وقف اور وصل دونوں میں پڑھنا جائز ہے۔

حالت وقف کی مثال: اِحْمَارٌ. اُحْمُوْرٌ. سِيْرٌ.

حالت وصل کی مثال: اِحْمَارٌ زَيْدٌ. اُحْمُوْرٌ زَيْدٌ.

یائے تصغیر کی مثال: حُوَيْصَّةٌ، اصل میں حُوَيْصِصَةٌ تھا ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے دونوں متحرک ہیں مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے میں ادغام کر دیا تو حُوَيْصَّةٌ بن گیا۔

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی تعریف

اجتماع ساکنین علی حدہ کی شرائط میں سے ایک ایک شرط دو دو شرطیں یا تینوں شرائط نہ پائی جائیں تو وہ اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہوگا۔

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی سات صورتیں بنتی ہیں

(1) دوسرا ساکن مدغم ہو کلمہ بھی ایک ہو لیکن پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر نہ ہو جیسے یَخِصِّمُ اصل میں یَخْتَصِمُ تھا ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے صاد کی حرکت گرا کر دوسرے صاد میں ادغام کر دیا تو یَخْصِّمُ ہوگا۔ اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا اس لیے کلمہ ایک ہے۔ اور دوسرا ساکن بھی مدغم ہے لیکن پہلا ساکن مدہ اور یائے تصغیر میں سے کوئی نہیں۔ اَلسَّاکِنُ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ کے مطابق پہلے ساکن کو کسرہ کی حرکت دی تو یَخِصِّمُ بن گیا۔

(2) پہلا ساکن مدہ ہو کلمہ بھی ایک ہو لیکن دوسرا ساکن مدغم نہ ہو جیسے قُلْنَ اصل میں قَوَلْنَ تھا واؤ متحرک ماقبل مفتوح کو الف سے تبدیل کر دیا تو قَالْنَ ہو گیا۔ دوسرا ساکن مدغم نہ ہونے کی وجہ سے الف اور لام کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ الف گرا کر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فا کلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْنَ بن گیا۔

(3) پہلا ساکن مدہ ہو دوسرا مدغم بھی ہو لیکن کلمہ ایک نہ ہو جیسے اِضْرِبُنَّ اصل میں اِضْرِبُوْا تھا جب آخر میں نون تاکید ثقیلہ لائے تو اِضْرِبُوْنَّ بن گیا۔ ایک کلمہ نہ ہونے کی وجہ سے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا واؤ اور نون مشدد کے درمیان واؤ گرا دی تو اِضْرِبُنَّ بن گیا۔

(4) پہلی دو شرطیں نہ پائی جائیں یعنی پہلا ساکن مدہ نہ ہو اور دوسرا ساکن مدغم نہ ہو اگرچہ کلمہ ایک ہو جیسے لفظ زَیْدْ حالت وقف میں اس میں پہلا ساکن یائے مدہ اور دوسرا ساکن مدغم نہیں اگرچہ کلمہ ایک ہے۔

(5) آخری دو شرطیں نہ ہوں یعنی دوسرا ساکن مدغم نہ ہو اور کلمہ بھی ایک نہ ہو اگرچہ پہلا ساکن مدہ ہو۔ جیسے اِضْرِبُوا الْقَوْمَ اصل میں اِضْرِبُوْا اَلْقَوْمَ تھا ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو اِضْرِبُوْا الْقَوْمَ بن گیا۔ آخر دو شرطیں نہ ہونے کی وجہ سے واؤ اور لام کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا اس لیے واؤ گرا دی تو اِضْرِبُوا الْقَوْمَ بن گیا۔

(6) پہلی اور آخری شرط نہ پائی جائے یعنی پہلا ساکن مدہ نہ ہو اور کلمہ بھی ایک نہ ہو اگرچہ ثانی مدغم ہو۔

جیسے: لِتُدْعَوُنَّ اصل میں لِتُدْعَوْا تھا آخر میں نون تاکید ثقیلہ لائے تو لِتُدْعَوْنَّ بن گیا پہلا ساکن مدہ اور کلمہ ایک نہ ہونے کی وجہ سے واؤ اور نون مشدد کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ اگرچہ دوسرا ساکن مدغم ہے معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیا تو لِتُدْعَوُنَّ بن گیا۔

(7) اجتماع ساکنین علی حدہ کی تینوں شرطیں نہ پائی جائیں یعنی پہلا ساکن مدہ یا یائے تصغیر نہ ہو دوسرا ساکن مدغم نہ ہو اور کلمہ بھی ایک نہ ہو۔

جیسے قُلِ الْحَقُّ اصل میں قُلْ اَلْحَقُّ تھا ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو قُلْ الْحَقُّ بن گیا اجتماع ساکنین علی حدہ کی تینوں شرطیں نہیں پائی گئیں اس لیے دونوں لاموں کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا تو قانون کے مطابق پہلے لام کو کسرہ دے دیا تو قُلِ الْحَقُّ بن گیا۔

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کا حکم: اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کو حالت وقف میں پڑھا جائے گا۔ جیسے زَیْدْ.

اگر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ حالت وصل میں ہو تو دیکھیں گے کہ پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ ہے تو بالاتفاق مدہ اور نون خفیفہ کو حذف کر دیں گے۔

مدہ کی مثال: جیسے اِضْرِبُوْا الْقَوْمَ. سے اِضْرِبُوا الْقَوْمَ.

نون خفیفہ کی مثال: جیسے لَا تُهِيْنَ الْفَقِيْرَ.

اصل میں لَا تُهِيْنَنْ اَلْفَقِيْرَ تھا ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو لَا تُهِيْنَنْ الْفَقِيْرَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا نون خفیفہ اور لام کے درمیان پہلا ساکن نون خفیفہ ہے اس کو گرا دیا تو لَا تُهِيْنَ الْفَقِيْرَ بن گیا۔

نوٹ: نیچے دیئے گئے تین صیغے جب اجوف سے ہوں تو ان کے بارے میں اختلاف ہے کہ پہلا ساکن حذف کیا جائے گا یا دوسرا

(1) باب افعال کا مصدر ۔ جیسے: اِقَامَۃٌ .

(2) باب استفعال کا مصدر۔ جیسے: اِسْتِقَامَۃٌ .

(3) اسم مفعول کا صیغہ ۔ جیسے مَقُوْلٌ .

وضاحت: اِقَامَۃٌ اصل میں اِقْوَامًا اور اِسْتِقَامَۃٌ اصل میں اِسْتِقْوَامًا تھا دونوں میں واؤ متحرک ماقبل حرف ساکن ہے واؤ کا فتحہ نقل کر کے ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِقَاامًا اور اِسْتِقَاامًا بن گئے۔ دو الفوں کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ ساکن کو گرانے کے بارے میں صرفیوں کا اختلاف ہے بعض صرفی پہلے الف کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسرا الف علامت ہے اور علامت کو حذف نہیں کیا جاتا تا پھر حذف کیے جانے والے الف کے بدلے آخر میں تا ماقبل کے فتحہ کے ساتھ زیادہ کرتے ہیں تو اِقَامَۃٌ اور اِسْتِقَامَۃٌ بن جاتے ہیں۔

بعض صرفی دوسرے الف کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسرا الف زائد ہے اور زائد حرف حذف ہونے کے زیادہ حقدار ہے۔ پھر حذف ہونے والے الف کے بدلے آخر میں تا ماقبل کے فتحہ کے ساتھ زیادہ کرتے ہیں تو اِقَامَۃٌ اور اِسْتِقَامَۃٌ بن جاتے ہیں۔

اسم مفعول کی مثال: جیسے: مَقُوْلٌ اصل میں مَقْوُوْلٌ تھاواؤ کا ضمہ نقل کر کے ماقبل کو دیا۔ پھر دونوں واؤ کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا۔ بعض صرفی پہلی واؤ کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسری واؤ علامت ہے اور علامت کو حذف نہیں کیا جاتا تو مَقُوْلٌ بروزن مَفُوْلٌ بن گیا۔

اور بعض صرفی دوسری واؤ کو حذف کرتے ہوئے دلیل دیتے ہیں کہ دوسری واؤ زائدہ ہے اور زائد حرف حذف ہونے کے زیادہ لائق ہوتا ہے تو ان کے نزدیک مَقُوْلٌ بروزن مَفُعْلٌ بن گیا۔

اگر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ میں پہلا ساکن مدہ یا نون خفیفہ نہ ہو اس ساکن کو حرکت دیں گے جو کلمہ کے آخر میں ہو جیسے قُلْ اَلْحَقُّ میں ہمزہ وصلی درمیان کلام میں گر گیا تو قُلْ الْحَقُّ بن گیا پھر پہلے لام کو کسرہ دیا تو قُلِ الْحَقُّ بن گیا۔

اگر ساکن کلمہ کے آخر میں نہ ہو تو پہلے ساکن کو کسرہ دیں گے جیسے یَخِصِّمُ اصل میں یَخْتَصِمُ تھا صحیح کے قانون نمبر 13 کے مطابق یَخْصَصِمُ ہو گیا۔ پھر پہلے صاد کی حرکت گرا کر پہلے صاد کا دوسرے صاد میں ادغام کر دیا تو یَخْصِّمُ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا خا اور پہلے صاد کے درمیان پہلا ساکن مدہ اور نون خفیفہ نہیں اسی طرح پہلا ساکن کلمہ کے آخر بھی نہیں تو قانون کے مطابق پہلے ساکن کو کسرہ دیا تو یَخِصِّمُ بن گیا۔

قاعدہ نمبر 30: ہر وہ جگہ جہاں اجتماع ساکنین علی غیر حدہ میں پہلا ساکن غیر مدہ واوِ جمع ہو تو اکثر اسے ضمہ کی حرکت دیتے ہیں۔

جیسے تَدْعُوْنَ سے لَتَدْعُوُنَّ.

اور اگر پہلا ساکن غیر مدہ یائے وحدت ہو تو اس کو کسرہ کی حرکت دینا واجب ہے۔

جیسے تَدْعَیْنَ سے لَتَدْعَیِنَّ.

قانون نمبر 31 اگر مصدر سے کوئی حرف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائے (ان دو ساکنوں میں کوئی ایک ساکن تنوین نہ ہو) تو اس حذف شدہ ساکن کے بدلے آخر میں تا لانا ضروری ہے۔ جیسے اِقْوَامًا سے اِقَامَةً. اور اِسْتِقْوَامًا سے اِسْتِقَامَةً.

صرف کبیر ثلاثی مجرد مہموز الفاء از باب نَصَرَ یَنْصُرُ
جیسے اَلْاَخْذُ (پکڑنا یا لینا)
بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول

فعل ماضی مطلق مثبت معروف ومجہول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

نوٹ:۔صیغہ واحد متکلم کے علاوہ فعل مضارع معروف کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: یَأْخُذُ . یَأْخُذَانِ. یَأْخُذُوْنَ إلی آخرہ لیکن ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے جوازاً تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے:یَاخُذُ. یَاخُذَانِ ' یَاخُذُوْنَ. تَاخُذُ. تَاخُذَانِ. یَاخُذْنَ. تَاخُذُ. تَاخُذَانِ. تَاخُذُوْنَ. تَاخُذِیْنَ. تَاخُذَانِ. تَاخُذْنَ. نَاخُذُ.

اٰخُذُ:۔صیغہ واحد متکلم فعل مضارع مثبت معروف۔
اصل میں اَءْ خُذُ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو ماقبل ہمزہ کی حرکت کے موافق حرف علت الف سے وجوباً تبدیل کر دیا تو اٰخُذُ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

نوٹ:صیغہ واحد متکلم کے علاوہ باقی تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے:یُؤْخَذُ. یُؤْخَذَانِ. یُؤْخَذُوْنَ إلی آخرہ۔لیکن ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق جوازاً واؤ سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے یُوْخَذُ. یُوْخَذَانِ ' یُوْخَذُوْنَ. تُوْخَذُ. تُوْخَذَانِ. یُوْخَذْنَ. تُوْخَذُ. تُوْخَذَانِ. تُوْخَذُوْنَ. تُوْخَذِیْنَ. تُوْخَذَانِ. تُوْخَذْنَ. نُوْخَذُ.

اُوْخَذُ :۔صیغہ واحد متکلم فعل مضارع مثبت مجہول۔
اصل میں اُءْ خَذُ تھا۔مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ کو ماقبل حرف کی حرکت کے موافق حرف علت واؤ سے تبدیل کیا تو اُوْخَذُ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں حرف جازم لَـمْ لگا دیا جس نے پانچ صیغوں (صیغہ واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر کو جزم دی اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:لَمْ یَأْخُذْ' إلی آخرہ.اور مجہول میں لَمْ یُؤْخَذْ إلی آخرہ

بحث فعل نفی تاکید بلَن ناصبہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیا۔جس نے مضارع کے پانچ صیغوں (صیغہ واحد مذکرومؤنث غائب،واحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم) کے آخر کو نصب اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرادیا۔دو صیغے یعنی جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں لَنْ یَّاْخُذَ اِلیٰ آخرہ اور مجہول میں لَنْ یُؤْخَذَ اِلیٰ آخرہ۔

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے شروع میں لام تاکید مفتوحہ اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیا۔نون تاکید ثقیلہ فعل مضارع کے تمام صیغوں میں جبکہ نون تاکید خفیفہ فعل مضارع کے صرف آٹھ صیغوں میں آتا ہے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَاْخُذَنَّ الیٰ آخرہ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُؤْخَذَنَّ اِلیٰ آخرہ اسی طرح نون تاکید خفیفہ معروف میں لَیَاْخُذَنْ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُؤْخَذَنْ الیٰ آخرہ.

بحث فعل امر حاضر معروف

خُذْ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَاْخُذُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اُءْخُذْ بن گیا۔پھر مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کردیا اُوْخُذْ بن گیا لیکن خلاف قیاس اس کو خُذْ پڑھتے ہیں۔

نوٹ نمبر 1:۔ خُذْ کی طرح امر حاضر معروف کے باقی پانچ صیغوں میں بھی دونوں ہمزوں کو خلاف قانون حذف کیا جائے گا اسی طرح کُلْ اور مُرْ میں بھی دونوں ہمزوں کو خلاف قانون حذف کیا جاتا ہے خُذَا ، خُذُوْا، خُذِیْ، خُذَا، خُذْنَ۔

نوٹ نمبر 2: یاد رہے کہ کُلْ اور خُذْ میں دونوں ہمزوں کو حذف کرنا واجب ہے لیکن فعل امر مُرْ کے دو حال ہیں۔پہلا حال یہ ہے کہ اگر لفظ مُرْ کلام کے شروع میں آئے تو دونوں ہمزوں کو حذف کرنا ضروری ہے جیسا ہمارے آقا و مولا ﷺ نے ارشاد فرمایا "مُرُوْا اَوْلَادَکُمْ بِالصَّلٰوۃِ وَھُمْ اَبْنَاءُ سَبْعٍ وَاضْرِبُوْھُمْ عَلَیْھَا وَھُمْ اَبْنَاءُ عَشْرِ سِنِیْنَ وَ فَرِّقُوْا بَیْنَھُمْ فِی الْمَضَاجِعِ"

(مشکوٰۃ شریف کتاب الصلاۃ ۵۸ مطبوعہ قدیمی کتب خانہ کراچی)

دوسرا حال یہ ہے کہ اگر لفظ مُرْ درمیان کلام میں واقع ہو تو ہمزہ وصلی گر جائے گا لیکن اصلی ہمزہ برقرار رہے گا۔جیسے اللہ تعالیٰ کا فرمانِ عالی شان ہے

﴿وَاْمُرْ اَھْلَکَ بِالصَّلٰوۃِ﴾ (سورہ طٰہٰ آیت:۱۳۲)

بحث فعل امر حاضر مجہول و غائب و متکلم معروف و مجہول

فعل مضارع کے شروع میں لام امر مکسور لگا کر جن صیغوں کے آخر میں حرکت آتی ہے انہیں ساکن کر دیا اور جن صیغوں کے آخر میں نون اعرابی آتا ہے اسے گرادیا۔ دو صیغے جمع مؤنث غائب و حاضر مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہیں گے۔ جیسے: معروف میں لِيَأْخُذْ. إلى آخره اور مجہول میں لِيُؤْخَذْ إلى آخره

بحث فعل امر حاضر و غائب و متکلم معروف و مجہول بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ

نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ جس طرح فعل مضارع معروف و مجہول کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر حاضر و غائب و متکلم معروف و مجہول کے آخر میں آئیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں خُذَنَّ، خُذَنْ اور نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول میں لِتُؤْخَذَنَّ، لِتُؤْخَذَنْ.

بحث فعل نہی حاضر و غائب و متکلم معروف و مجہول

فعل مضارع معروف و مجہول کے شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس سے معروف و مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن اور سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ دو صیغے یعنی جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں لَا يَأْخُذْ إلى آخره. اور مجہول میں لَا يُؤْخَذْ إلى آخره.

بحث فعل نہی حاضر و غائب و متکلم معروف و مجہول بانون تاکید ثقیلہ و خفیفہ

نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل نہی کے آخر میں بھی آئیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں لَا يَأْخُذَنَّ. لَا يَأْخُذَنْ. اور نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول میں لَا يُؤْخَذَنَّ. لَا يُؤْخَذَنْ.

نوٹ: فعل مضارع معروف و مجہول کے علاوہ افعال کی باقی بحثوں میں صیغہ واحد متکلم کے علاوہ معروف میں ہمزہ کو الف اور مجہول میں واؤ سے بدل کر پڑھنا جائز ہے۔

بحث اسم ظرف

اسم ظرف کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَأْخَذٌ، مَأْخَذَانِ، مَآخِذُ، مُئَيْخِذٌ۔ لیکن صیغہ واحد و تثنیہ میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: مَاخَذٌ. مَاخَذَانِ.

بحث اسم آلہ

اسم آلہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مِئْخَذٌ. مِئْخَذَةٌ. مِئْخَاذٌ. وغیرہ۔ لیکن صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ صغریٰ وسطیٰ اور کبریٰ میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو یاء سے تبدیل کر کے پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: مِيْخَذٌ. مِيْخَذَانِ.

مِیْخَذَةٌ ۔ مِیْخَذَتَانِ۔ اور مِیْخَاذُ۔ مِیْخَاذَانِ ۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اٰخَذُ۔ اٰخَذَانِ۔ اٰخَذُوْنَ۔ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَءْ خَذُ۔ اَءْ خَذَانِ۔ اَءْ خَذُوْنَ تھے۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو الف سے تبدیل کردیا تو اٰخَذُ۔ اٰخَذَانِ۔ اٰخَذُوْنَ۔ بن گئے۔

اَوَاخِذُ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَءَ اخِذُ تھا۔ مہموز کے قانون نمبر 5 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو وجوباً واؤ سے تبدیل کردیا تو اَوَاخِذُ ہوگیا۔

اُوَیْخِذٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُ اَیْخِذٌ تھا۔ مہموز کے قانون نمبر 5 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو وجوباً واؤ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْخِذٌ بن گیا۔

نوٹ:۔ اسم تفضیل مونث کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: اُخْذٰی ۔ اُخْذَیَانِ ۔ اُخْذَیَاتٌ ۔ اُخَذٌ ۔ اُخَیْذٰی ۔

بحث فعل تعجب

مَا اٰخَذَهٗ :۔ صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَءْ خَذَهٗ تھا۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو وجوباً الف سے تبدیل کردیا تو مَا اٰخَذَهٗ بن گیا۔

اٰخِذْ بِهٖ:۔ صیغہ واحد مذکر فعل تعجب:۔

اصل میں اَءْ خِذْ بِهٖ تھا۔ دوسرے ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق وجوباً الف سے تبدیل کردیا تو اٰخِذْ بِهٖ بن گیا۔

نوٹ: باقی دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: اُخُذْ اور اُخُذَتْ ۔

بحث اسم فاعل

نوٹ:۔ اسم فاعل کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: اٰخِذٌ۔ اٰخِذَانِ۔ اٰخِذُوْنَ۔ الی آخرہ

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے بھی اپنی اصل پر ہیں۔ لیکن صیغہ واحد مذکر سے لے کر صیغہ جمع مؤنث سالم تک مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: مَأْخُوْذٌ۔ مَأْخُوْذَانِ۔ مَأْخُوْذُوْنَ۔ مَأْخُوْذَةٌ۔ مَأْخُوْذَتَانِ۔ مَأْخُوْذَاتٌ سے مَاخُوْذٌ۔ مَاخُوْذَانِ۔ مَاخُوْذُوْنَ۔ مَاخُوْذَةٌ۔ مَاخُوْذَتَانِ۔ مَاخُوْذَاتٌ۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد مہموز العین از باب فَتَحَ یَفْتَحُ. اَلسُّؤَالُ (پوچھنا)

سَأَلَ:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ باقی صیغوں کو بھی بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا جائز ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

سُئِلَ ۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مثبت مجہول۔

سُئِلَ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ اسی طرح باقی صیغوں کو بھی بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا جائز ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف ومجہول

فعل مضارع معروف یَسْئَلُ سے نَسْئَلُ تک یعنی صیغہ واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک اسی طرح فعل مضارع مثبت مجہول یُسْئَلُ سے نُسْئَلُ تک مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرانا جائز ہے۔ جیسے یَسْئَلُ. یَسْئَلَانِ. یَسْئَلُوْنَ. تَسْئَلُ. تَسْئَلَانِ. یَسْئَلْنَ. تَسْئَلُ. تَسْئَلَانِ. تَسْئَلُوْنَ. تَسْئَلِیْنَ. تَسْئَلَانِ. تَسْئَلْنَ. اَسْئَلُ. نَسْئَلُ سے یَسَلُ. یَسَلَانِ. یَسَلُوْنَ. تَسَلُ. تَسَلَانِ. یَسَلْنَ. تَسَلُ. تَسَلَانِ. تَسَلُوْنَ. تَسَلِیْنَ. تَسَلَانِ. تَسَلْنَ. اَسَلُ. نَسَلُ اسی طرح یُسْئَلُ. یُسْئَلَانِ. یُسْئَلُوْنَ. تُسْئَلُ. تُسْئَلَانِ. یُسْئَلْنَ. تُسْئَلُ. تُسْئَلَانِ. تُسْئَلُوْنَ. تُسْئَلِیْنَ. تُسْئَلَانِ. تُسْئَلْنَ. اُسْئَلُ. نُسْئَلُ سے یُسَلُ. یُسَلَانِ. یُسَلُوْنَ. تُسَلُ. تُسَلَانِ. یُسَلْنَ. تُسَلُ. تُسَلَانِ. تُسَلُوْنَ. تُسَلِیْنَ. تُسَلَانِ. تُسَلْنَ. اُسَلُ. نُسَلُ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْئَلْ. لَمْ تَسْئَلْ. لَمْ اَسْئَلْ. لَمْ نَسْئَلْ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْئَلْ. لَمْ تُسْئَلْ. لَمْ اُسْئَلْ. لَمْ نُسْئَلْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْئَلاَ. لَمْ يَسْئَلُوْا. لَمْ تَسْئَلاَ. لَمْ تَسْئَلُوْا. لَمْ تَسْئَلِيْ. لَمْ تَسْئَلاَ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْئَلاَ. لَمْ يُسْئَلُوْا. لَمْ تُسْئَلاَ. لَمْ تُسْئَلُوْا. لَمْ تُسْئَلِيْ. لَمْ تُسْئَلاَ.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْئَلْنَ. لَمْ تَسْئَلْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُسْئَلْنَ. لَمْ تُسْئَلْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْئَلَ. لَنْ تَسْئَلَ. لَنْ اَسْئَلَ. لَنْ نَّسْئَلَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْئَلَ. لَنْ تُسْئَلَ. لَنْ اُسْئَلَ. لَنْ نُّسْئَلَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْئَلاَ. لَنْ يَّسْئَلُوْا. لَنْ تَسْئَلاَ. لَنْ تَسْئَلُوْا. لَنْ تَسْئَلِيْ. لَنْ تَسْئَلاَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْئَلاَ. لَنْ يُّسْئَلُوْا. لَنْ تُسْئَلاَ. لَنْ تُسْئَلُوْا. لَنْ تُسْئَلِيْ. لَنْ تُسْئَلاَ.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْئَلْنَ. لَنْ تَسْئَلْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّسْئَلْنَ. لَنْ تُسْئَلْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ لام تاکید فعل مضارع کے شروع میں اور نون تاکید کو آخر میں لگادیتے ہیں۔ نون تاکید کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) نون تاکید ثقیلہ (۲) نون تاکید خفیفہ۔

معروف ومجہول کے پانچ صیغوں میں نون تاکید سے پہلے فتحہ ہوگا یعنی واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم اور دو صیغوں (جمع مذکر غائب وحاضر) میں نون تاکید سے پہلے ضمہ ہوگا۔ ایک صیغہ (واحد مؤنث حاضر) میں نون تاکید سے پہلے کسرہ ہوگا۔ چھ صیغوں (چار تثنیہ کے اور دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا

نوٹ نمبر ۱: نون تاکید ثقیلہ کی حرکت کا قاعدہ: جن صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف آتا ہے ان صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ خود مکسور ہوگا ورنہ مفتوح ہوگا۔

نوٹ نمبر ۲: نون تاکید خفیفہ فعل مضارع کے صرف ان صیغوں میں آتا ہے جن میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف نہیں آتا اور وہ

آٹھ صیغے ہیں۔یعنی واحد مذکر غائب، جمع مذکر غائب، واحد مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر، واحد مونث حاضر اور واحد وجمع متکلم۔

نوٹ نمبر۳: ان صیغوں میں جو حرکتیں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے آتی ہیں وہی حرکتیں نون تاکید خفیفہ سے پہلے آتی ہیں۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَسْئَلَنَّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسْئَلَنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَیَسْئَلَنْ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُسْئَلَنْ .

بحث فعل امر حاضر معروف

سَلْ :۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْئَلْ بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادیا تو اِسَلْ بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلْ بن گیا۔

سَلاَ : صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلاَنِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْئَلاَ بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی تو اِسَلاَ بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلاَ بن گیا۔

سَلُوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْئَلُوْا بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دی تو اِسَلُوْا بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلُوْا بن گیا۔

سَلِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْئَلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْئَلِیْ بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادیا تو اِسَلِیْ بن گیا۔ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے اسے بھی گرادیا تو سَلِیْ بن گیا۔

سَلْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْـئَـلْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْئَلْنَ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادیا تو سَلْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

نوٹ: سَأَلَ . يَسْأَلُ سے فعل امر کے صیغے جب ابتدائے کلام میں واقع ہوں تو ان میں مہموز کا قانون نمبر 8 جاری ہوگا۔ یعنی ان کو سَلْ، سَلاَ الی آخرہ پڑھا جائے گا۔ جیسے قرآن مجید میں سَلْ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ ۔ اور حدیث مبارکہ صحیح بخاری جلد ۱ ص ۱۹ میں سَلُوْنِیْ عَمَّا شِئْتُمْ (تم پوچھو مجھ سے جو چاہو) کے الفاظ موجود ہیں۔ اور اگر فعل امر کا صیغہ درمیان کلام میں واقع ہو تو مہموز کا قانون نمبر 8 جاری نہیں ہوگا۔ جیسے قرآن مجید میں وَاسْئَلِ الْقَرْيَةَ اور فَاسْئَلُوْا اَهْلَ الذِّكْرِ کے الفاظ موجود ہیں۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گرجائے گی اور چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر حاضر واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔ اور صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لِتُسْـئَـلْ. لِتُسْئَلاَ. لِتُسْئَلُوْا لِتُسْئَلِیْ. لِتُسْئَلاَ. لِتُسْئَلْنَ.

نوٹ: مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ان صیغوں کو۔ لِتُسَلْ لِتُسَلاَ. لِتُسَلُوْا. لِتُسَلِیْ. لِتُسَلاَ. لِتُسَلْنَ. پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب اور واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرکت گرجائے گی۔ معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْئَلْ . لِيَسْئَلاَ. لِيَسْئَلُوْا. لِتَسْئَلْ. لِتَسْئَلاَ. لِيَسْئَلْنَ. لِأَسْئَلْ. لِنَسْئَلْ.

اور مجہول میں: لِيُسْئَلْ . لِيُسْئَلاَ. لِيُسْئَلُوْا. لِتُسْئَلْ. لِتُسْئَلاَ. لِيُسْئَلْنَ. لِأُسْئَلْ. لِنُسْئَلْ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر کے آخر میں آتے ہیں۔

نوٹ: فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول کے تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر

اسے گرادینا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لِيَسَلْ . لِيَسَلاَ. لِيَسَلُوْا. لِتَسَلْ. لِتَسَلاَ. لِيَسَلْنَ. لِأَسَلْ. لِنَسَلْ.

اور مجہول میں: لِيُسَلْ . لِيُسَلاَ. لِيُسَلُوْا. لِتُسَلْ . لِتُسَلاَ. لِيُسَلْنَ. لِأُسَلْ. لِنُسَلْ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ اور چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر حاضر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسْئَلْ . لاَ تَسْئَلاَ. لاَ تَسْئَلُوْا. لاَ تَسْئَلِيْ. لاَ تَسْئَلاَ. لاَ تَسْئَلْنَ.

اور مجہول میں: لاَ تُسْئَلْ . لاَ تُسْئَلاَ. لاَ تُسْئَلُوْا. لاَ تُسْئَلِيْ. لاَ تُسْئَلاَ. لاَ تُسْئَلْنَ.

نوٹ: فعل نہی حاضر معروف و مجہول کے تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل دے کر ہمزہ کو گرادینا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسَلْ . لاَ تَسَلاَ. لاَ تَسَلُوْا. لاَ تَسَلِيْ. لاَ تَسَلاَ. لاَ تَسَلْنَ.

اور مجہول میں: لاَ تُسَلْ . لاَ تُسَلاَ. لاَ تُسَلُوْا. لاَ تُسَلِيْ. لاَ تُسَلاَ. لاَ تُسَلْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ اور تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسْئَلْ . لاَ يَسْئَلاَ. لاَ يَسْئَلُوْا. لاَ تَسْئَلْ. لاَ تَسْئَلاَ. لاَ يَسْئَلْنَ. لاَ أَسْئَلْ. لاَ نَسْئَلْ.

اور مجہول میں: لاَ يُسْئَلْ . لاَ يُسْئَلاَ. لاَ يُسْئَلُوْا. لاَ تُسْئَلْ. لاَ تُسْئَلاَ. لاَ يُسْئَلْنَ. لاَ أُسْئَلْ. لاَ نُسْئَلْ.

نوٹ: فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول کے تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل دے کر ہمزہ کو گرادینا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ يَسَلْ . لاَ يَسَلاَ. لاَ يَسَلُوْا. لاَ تَسَلْ. لاَ تَسَلاَ. لاَ يَسَلْنَ. لاَ أَسَلْ. لاَ نَسَلْ.

اور مجہول میں: لاَ يُسَلْ . لاَ يُسَلاَ. لاَ يُسَلُوْا. لاَ تُسَلْ لاَ تُسَلاَ. لاَ يُسَلْنَ. لاَ أُسَلْ. لاَ نُسَلْ.

بحث اسم ظرف

مَسْئَلٌ :۔صیغہ واحد اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرانا جائز ہے جیسے: مَسَلٌ اسی قاعدہ نمبر 8 کے مطابق تثنیہ کے صیغہ مَسْئَلاَنِ کو مَسَلاَنِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِلُ: صیغہ جمع اسم ظرف۔ اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِلٌ:۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم آلہ

مِسْئَلٌ ' مِسْئَلاَنِ : صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ صغریٰ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مِسَلٌ اور مِسَلاَنِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِلُ : صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِلٌ صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغری اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مِسْئَلَةٌ. مِسْئَلَتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطی دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مِسَلَةٌ اور مِسَلَتَانِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِلُ : صیغہ جمع اسم آلہ وسطی اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِلَةٌ : صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطی اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مِسْئَالٌ. مِسْئَالاَنِ : صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

دونوں صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مِسَالٌ . مِسَالاَنِ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَسَائِيْلُ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِيْلٌ اور مُسَيْئِيْلَةٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبری اپنی اصل پر ہے۔

ان صیغوں کو مہموز کا قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّيْلٌ اور مُسَيِّيْلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَسْئَلُ اَسْئَلَانِ. اَسْئَلُوْنَ: تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق اَسَلُ. اَسَلَانِ. اَسَلُوْنَ پڑھنا بھی جائز ہے۔

اَسَائِلُ :صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اُسَیْئِلٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق اُسَیِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

سُئْلٰی ، سُئْلَیَانِ ، سُئْلَیَاتٌ:۔صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کیمطابق ہمزہ کو واو سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے سُوْلٰی سُوْلَیَانِ سُوْلَیَاتٌ۔

سُئَلٌ :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل ۔اس صیغہ میں مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق ہمزہ کو واو سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے سُوَلٌ .

سُئَیْلٰی: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل تعجب

مَا اَسْئَلَهٗ. وَاَسْئِلْ بِهٖ :دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

دونوں صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق مَا اَسَلَهٗ. وَاَسِلْ بِهٖ . پڑھنا بھی جائز ہے۔

سَئُلَ اور سَئُلَتْ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم فاعل

سَائِلٌ ، سَائِلَانِ ، سَائِلُوْنَ:۔صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں

سَئَلَةٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُئَّالٌ. سُئَّلٌ. :صیغہائے جمع مذکر مکسر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

سُــئْـلٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واو سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے

جیسے۔سُؤلٌ۔

سُئَلاءُ :صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔اپنی اصل پر ہے۔ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ سے بدل کر سُوَلاءُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُئْلانٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔ہمزہ ساکنہ کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ سے بدل کر سُوْلانٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سِئَالٌ ۔صیغہ جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُئُوْلٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہے۔اس کو بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سُوَيْئِلٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اپنی اصل پر ہے۔اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق سُوَيِّلٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

سَائِلَةٌ۔ سَائِلَتَانِ ۔ سَائِلاتٌ ۔سَوَائِلُ۔ سُئَّلٌ۔ تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

سُوَيْئِلَةٌ : صیغہ واحد مؤنث مصغر اپنی اصل پر ہے۔

اس کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق سُوَيِّلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم مفعول

مَسْئُوْلٌ ۔مَسْئُوْلانِ۔ مَسْئُوْلُوْنَ۔ مَسْئُوْلَةٌ۔ مَسْئُوْلَتَانِ۔ مَسْئُوْلاتٌ ۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دے کر ہمزہ گرادینا بھی جائز ہے جیسے مَسُوْلٌ مَسُوْلانِ۔ مَسُوْلُوْنَ۔ مَسُوْلَةٌ۔ مَسُوْلَتَانِ۔ مَسُوْلاتٌ۔

مَسَائِيْلُ :۔صیغہ جمع مذکر ومؤنث مکسر اپنی اصل پر ہے۔

مُسَيْئِيْلٌ اور مُسَيْئِيْلَةٌ: صیغہ واحد مذکر ومؤنث مصغر اسم مفعول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُسَيِّيْلٌ اور مُسَيِّيْلَةٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد مہموز اللام از باب فَتَحَ یَفْتَحُ جیسے اَلْقِرَاءَۃُ (پڑھنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

قَرَءَ. قَرَءَا :۔صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَءُوْا : صیغہ جمع مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔اس میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَءَتْ . قَرَءَتَا. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ ان کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَءْنَ . صیغہ جمع مؤنث غائب سے لے کر قَرَءْنَا جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے:قَرَانَ. قَرَاتَ. قَرَاتُمَا. قَرَاتُمْ. قَرَاتِ. قَرَاتُمَا. قَرَاتُنَّ. قَرَاتُ. قَرَانَا.

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

قُرِئَ. قُرِءَا، قُرِءَتْ . قُرِءَتَا :۔صیغہائے واحد و تثنیہ مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے:قُرِیَ . قُرِیَا. قُرِیَتْ . قُرِیَتَا.

قُرِءُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اپنی اصل پر ہے۔اس میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرِءْنَ . صیغہ جمع مونث غائب سے قُرِءْنَا صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو یاء سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: قُرِیْنَ قُرِیْتَ. قُرِیْتُمَا. قُرِیْتُمْ . قُرِیْتِ. قُرِیْتُمَا. قُرِیْتُنَّ. قُرِیْتُ. قُرِیْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف و مجہول

یَقْرَءُ. تَقْرَءُ. اَقْرَءُ. نَقْرَءُ. یُقْرَءُ. تُقْرَءُ. اُقْرَءُ. نُقْرَءُ. صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، صیغہ واحد مذکر حاضر، صیغہ واحد

وجمع متکلم معروف ومجہول تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

يَقْرَءَ انِ. تَقْرَءَ انِ. يُقْرَءَ انِ. تُقْرَءَ انِ. صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

يَقْرَءُ وْنَ. تَقْرَءُ وْنَ. يُقْرَءُ وْنَ. تُقْرَءُ وْنَ. صیغہائے جمع مذکر غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

تَقْرَئِيْنَ. تُقْرَئِيْنَ. صیغہ واحد مؤنث حاضر معروف ومجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

يَقْرَئْنَ . تَقْرَئْنَ. يُقْرَئْنَ. تُقْرَئْنَ. صیغہائے جمع مؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے يَقْرَانَ. تَقْرَانَ. يُقْرَانَ. تُقْرَانَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازمہ لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَقْرَأْ . لَمْ تَقْرَأْ . لَمْ اَقْرَأْ . لَمْ نَقْرَأْ .

اور مجہول میں: لَمْ يُقْرَأْ. لَمْ تُقْرَأْ. لَمْ أُقْرَأْ. لَمْ نُقْرَأْ.

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَقْرَا . لَمْ تَقْرَا . لَمْ اَقْرَا . لَمْ نَقْرَا .

اور مجہول میں: لَمْ يُقْرَا. لَمْ تُقْرَا. لَمْ أُقْرَا. لَمْ نُقْرَا

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَقْرَءَ ا. لَمْ يَقْرَئُوْا. لَمْ تَقْرَءَ ا. لَمْ تَقْرَءُ وْا. لَمْ تَقْرَئِيْ. لَمْ تَقْرَءَ ا.

اور مجہول میں: لَمْ یُقْرَءَ ا. لَمْ یُقْرَئُوْا. لَمْ تُقْرَءَ ا. لَمْ تُقْرَءُ وْا. لَمْ تُقْرَئِیْ. لَمْ تُقْرَءَ ا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَقْرَأْنَ. لَمْ تَقْرَأْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُقْرَأْنَ. لَمْ تُقْرَأْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَن ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّقْرَأَ. لَنْ تَقْرَأَ. لَنْ اَقْرَأَ. لَنْ نَّقْرَأَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّقْرَأَ. لَنْ تُقْرَأَ. لَنْ اُقْرَأَ. لَنْ نُّقْرَأَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّقْرَءَ ا. لَنْ یَّقْرَئُوْا. لَنْ تَقْرَءَ ا. لَنْ تَقْرَءُ وْا. لَنْ تَقْرَئِیْ. لَنْ تَقْرَءَ ا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّقْرَءَ ا. لَنْ یُّقْرَئُوْا. لَنْ تُقْرَءَ ا. لَنْ تُقْرَئُوْا. لَنْ تُقْرَئِیْ. لَنْ تُقْرَءَ ا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّقْرَأْنَ. لَنْ تَقْرَأْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّقْرَأْنَ. لَنْ تُقْرَأْنَ.

ان صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے لَنْ یَقْرَانَ. لَنْ تَقْرَانَ. لَنْ یُّقْرَانَ. لَنْ تُقْرَانَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَقْرَئَنَّ. لَتَقْرَئَنَّ. لَاَقْرَئَنَّ. لَنَقْرَئَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَقْرَئَنْ. لَتَقْرَئَنْ. لَاَقْرَئَنْ. لَنَقْرَئَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُقْرَئَنَّ. لَتُقْرَئَنَّ. لَاُقْرَئَنَّ. لَنُقْرَئَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُقْرَئَنْ. لَتُقْرَئَنْ. لَاُقْرَئَنْ. لَنُقْرَئَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے

حذف ہونے کر پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَقْرَئِنَّ. لَتَقْرَئِنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَقْرَئُنْ. لَتَقْرَئُنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُقْرَئُنَّ. لَتُقْرَئُنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُقْرَئُنْ. لَتُقْرَئُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَقْرَئِنَّ. لَتَقْرَئِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُقْرَئِنَّ. لَتُقْرَئِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں۔ لَیَقْرَءَانِّ. لَتَقْرَءَانِّ. لَیَقْرَئْنَانِّ. لَتَقْرَءَانِّ. لَتَقْرَءْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُقْرَءَانِّ. لَتُقْرَءَانِّ. لَیُقْرَئْنَانِّ. لَتُقْرَءَانِّ. لَتُقْرَءْنَانِّ.

نوٹ نمبر 1: ان صیغوں میں مہموز کے وہی قوانین جاری ہوں گے جو فعل مضارع معروف ومجہول میں جاری ہوئے ہیں۔

نوٹ نمبر 2: فعل مضارع معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں میں ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز تھا۔ اس بحث کے ان صیغوں میں ہمزہ کو صرف بین بین قریب کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

فعل امر حاضر معروف

اِقْرَاْ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقْرَاُ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اِقْرَاْ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اِقْرَا .

اِقْرَءَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقْرَءَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِقْرَءَا بن گیا۔ اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

اِقْرَءُوْا: ۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَقْـرَؤُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِقْـرَؤُوْا بن گیا۔ اس صیغہ کومہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

اِقْرَئِيْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَقْـرَئِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِقْـرَئِيْ بن گیا۔ اس صیغہ کومہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

اِقْرَأْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَقْـرَأْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِقْـرَأْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔اس صیغہ میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کوالف سے بدل کر اِقْرَانَ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے لِتُـقْرَأْ. لِتُقْرَءَ ا. لِتُقْرَؤُوْا لِتُقْرَئِيْ. لِتُقْرَءَ ا. لِتُقْرَأْنَ.

صیغہ واحد مذکر حاضر میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کوالف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے: لِتُـقْرَا. تثنیہ کے صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کوصرف بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا جائز ہے۔جمع مذکر' واحد مؤنث حاضر کے صیغوں میں ہمزہ کومہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب اور واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَقْرَأْ . لِيَقْرَءَا . لِيَقْرَئُوْا . لِتَقْرَأْ . لِتَقْرَءَا . لِيَقْرَأْنَ . لِأَقْرَأْ . لِنَقْرَأْ .

اور مجہول میں: لِيُقْرَأْ . لِيُقْرَءَا . لِيُقْرَئُوْا . لِتُقْرَأْ . لِتُقْرَءَا . لِيُقْرَأْنَ . لِأُقْرَأْ . لِنُقْرَأْ .

معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لِيَقْرَا . لِتَقْرَا . لِأَقْرَا . لِنَقْرَا . اور مجہول میں: لِيُقْرَا . لِتُقْرَا . لِأُقْرَا . لِنُقْرَا .

معروف ومجہول کے تثنیہ کے صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ اور جمع مذکر غائب کے صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ صیغہ جمع مؤنث غائب میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے معروف ومجہول میں: لِيَقْرَانَ . لِيُقْرَانَ .

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ اور چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَقْرَأْ . لَا تَقْرَءَا . لَا تَقْرَئُوْا . لَا تَقْرَئِيْ . لَا تَقْرَءَا . لَا تَقْرَأْنَ .

اور مجہول میں: لَا تُقْرَأْ . لَا تُقْرَءَا . لَا تُقْرَئُوْا . لَا تُقْرَئِيْ . لَا تُقْرَءَا . لَا تُقْرَأْنَ .

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے معروف ومجہول میں: لَا تَقْرَا . لَا تُقْرَا .

معروف ومجہول کے تثنیہ کے صیغوں میں ہمزہ کو بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر حاضر میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث حاضر میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے معروف ومجہول میں: لَا تَقْرَانَ . لَا تُقْرَانَ .

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ اور تین صیغوں (تثنیہ

وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَقْرَأْ . لاَ یَقْرَءَا . لاَ یَقْرَئُوْا . لاَ تَقْرَأْ . لاَ تَقْرَءَا . لاَ یَقْرَأْنَ . لاَ أَقْرَأْ . لاَ نَقْرَأْ .

اور مجہول میں: لاَ یُقْرَأْ . لاَ یُقْرَءَا . لاَ یُقْرَئُوْا . لاَ تُقْرَءْ . لاَ تُقْرَءَا . لاَ یُقْرَأْنَ . لاَ أُقْرَأْ . لاَ نُقْرَأْ .

معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ یَقْرَا . لاَ تَقْرَا . لاَ أَقْرَا . لاَ نَقْرَا . اور مجہول میں: لاَ یُقْرَا . لاَ تُقْرَا . لاَ أُقْرَا . لاَ نُقْرَا .

معروف ومجہول کے تثنیہ کے صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ اور جمع مذکر غائب کے صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق ہمزہ کو بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔ صیغہ جمع مؤنث غائب میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے معروف ومجہول میں: لاَ یَقْرَانَ . لاَ یُقْرَانَ .

بحث اسم ظرف

مَقْرَءٌ . صیغہ واحد اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَقْرَئَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَقَارِئُ: صیغہ جمع اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مُقَیْرِئٌ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِقْرَءٌ . مِقْرَءَانِ . مَقَارِئُ . وَ مُقَیْرِئٌ . صیغہ واحد وتثنیہ وجمع وواحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مِقْرَءَ انِ کے علاوہ باقی صیغوں میں ہمزہ کومہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔لیکن مِقْرَئَانِ میں ہمزہ کو صرف بین بین قریب کے ساتھ ہی پڑھا جائے گا۔

بحث اسم آلہ وسطٰی

مِقْرَئَةٌ . مِقْرَءَ تَانِ. صیغہ واحد وتثنیہ اسم آلہ وسطٰی دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَقَارِئُ اور مُقَيْرِئَةٌ صیغہ جمع' واحد مصغر اسم آلہ وسطٰی۔دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کومہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم آلہ کبری

مِقْرَاءٌ . مِقْرَاءَ انِ . مَقَارِيْئُ . مُقَيْرِيْئٌ اور مُقَيْرِيْئَةٌ . اسم آلہ کبری کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔تصغیر کے صیغوں میں ہمزہ کومہموز کے قانون نمبر 6 مطابق یاء کرنا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے: مُقَيْرِيٌّ. مُقَيْرِيَّةٌ.

بحث اسم تفضیل مذکر۔

أَقْرَءُ. أَقْرَءَ انِ. أَقْرَءُ وْنَ. أَقَارِئُ. وَ أُقَيْرِئٌ. تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تثنیہ کے صیغہ اَقْرَءَ انِ کے علاوہ باقی صیغوں میں ہمزہ کومہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔أَقْرَءَ انِ میں ہمزہ کو صرف بین بین قریب کے ساتھ ہی پڑھا جائے گا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

قُرْاٰی. قُرْءَ يَانِ. قُرْءَ يَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل مؤنث تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کومہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق قُرِیٰ. قُرَيَانِ. قُرَيَاتٌ. پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرَءٌ. صیغہ جمع مؤنث مکسر اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب وبعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرَيْئٰی: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کومہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق قُرَيّٰی پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم فاعل

قَارِئٌ. قَارِءَ انِ. قَارِءُ وْنَ. صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر سالم بحث اسم فاعل تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب و بعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَرَئَةٌ. صیغہ جمع مذکر مکسر بحث اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

قُرَّءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب و بعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرْءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق قُرٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرَنَاءُ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرْءَ انٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 8 کے مطابق قُرَانٌ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قِرَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

قُرُوْءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔ اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق واؤ سے تبدیل کرنا پھر پہلی واؤ کا دوسری واؤ میں ادغام کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: قُرُوٌّ۔

قُوَيْرِئٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب و بعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قَارِئَةٌ. قَارِئَتَانِ. قَارِءَ اتٌ. قَوَارِئُ. تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب و بعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

قُرَّءٌ. قُوَيْرِئَةٌ. صیغہ جمع مؤنث مکسر اور صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 9 کے مطابق بین بین قریب و بعید دونوں کے ساتھ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث اسم مفعول

مَقْرُوْءٌ. مَقْرُوْءَ انِ. مَقْرُوْئُوْنَ. مَقْرُوْئَةٌ. مَقْرُوْئَتَانِ. مَقْرُوْءَ اتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم اسم مفعول تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں میں ہمزہ کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق واوَ سے بدل کر پہلی واوَ کا دوسری واوَ میں ادغام کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے: مَقْرُوٌّ. مَقْرُوَّانِ. مَقْرُوُّوْنَ. مَقْرُوَّةٌ. مَقْرُوَّتَانِ. مَقْرُوَّاتٌ. پڑھنا بھی جائز ہے۔

مَقَارِئُ: صیغہ جمع مذکر ومؤنث مکسر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

اس صیغہ کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مَقَارِيٌّ پڑھنا بھی جائز ہے۔

مُقَيْرِئٌ. اور مُقَيْرِئَةٌ. صیغہائے واحد مذکر ومؤنث مصغر اپنی اصل پر ہیں۔

ان صیغوں کو مہموز کے قانون نمبر 6 کے مطابق مُقَيْرِيٌّ. اور مُقَيْرِيَّةٌ . پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل تعجب

مَا أَقْرَءَ هُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔اپنی اصل پر ہے۔

أَقْرِءْ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔اپنی اصل پر ہے۔

مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ کو یا سے تبدیل کر کے پڑھنا جائز ہے۔جیسے أَقْرِئ بِهٖ.

قَرُءَ اور قَرُءَ تْ: دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مہموز کے قانون نمبر 3 کے مطابق دونوں صیغوں میں ہمزہ کو واوَ مفتوحہ سے بدل کر پڑھنا جائز ہے۔

جیسے:قَرُوَ اور قَرُوَتْ.

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مہموز الفاء از باب اِفْتِعَالٌ جیسے (اَلْاِیْتِمَارُ) (فرمانبرداری کرنا)

اَلْاِیْتِمَارُ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مہموز الفاء از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اَلْاِئْتِمَارُ تھا۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَلْاِیْتِمَارُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِیْتَمَرَ. اِیْتَمَرَا. اِیْتَمَرُوْا. اِیْتَمَرَتْ. اِیْتَمَرَتَا. اِیْتَمَرْنَ. اِیْتَمَرْتَ. اِیْتَمَرْتُمَا. اِیْتَمَرْتُمْ. اِیْتَمَرْتِ. اِیْتَمَرْتُمَا. اِیْتَمَرْتُنَّ. اِیْتَمَرْتُ. اِیْتَمَرْنَا صیغہ واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اِئْتَمَرَ. اِئْتَمَرَا. اِئْتَمَرُوْا. اِئْتَمَرَتْ. اِئْتَمَرَتَا. اِئْتَمَرْنَ. اِئْتَمَرْتَ. اِئْتَمَرْتُمَا. اِئْتَمَرْتُمْ. اِئْتَمَرْتِ. اِئْتَمَرْتُمَا. اِئْتَمَرْتُنَّ. اِئْتَمَرْتُ. اِئْتَمَرْنَا تھے۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُوْتُمِرَ. اُوْتُمِرَا. اُوْتُمِرُوْا. اُوْتُمِرَتْ. اُوْتُمِرَتَا. اُوْتُمِرْنَ. اُوْتُمِرْتَ. اُوْتُمِرْتُمَا. اُوْتُمِرْتُمْ. اُوْتُمِرْتِ. اُوْتُمِرْتُمَا. اُوْتُمِرْتُنَّ. اُوْتُمِرْتُ. اُوْتُمِرْنَا صیغہ واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اُؤْتُمِرَ. اُؤْتُمِرَا. اُؤْتُمِرُوْا. اُؤْتُمِرَتْ. اُؤْتُمِرَتَا. اُؤْتُمِرْنَ. اُؤْتُمِرْتَ. اُؤْتُمِرْتُمَا. اُؤْتُمِرْتُمْ. اُؤْتُمِرْتِ. اُؤْتُمِرْتُمَا. اُؤْتُمِرْتُنَّ. اُؤْتُمِرْتُ. اُؤْتُمِرْنَا تھے۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف ومجہول

فعل مضارع معروف ومجہول کے تمام صیغے سوائے صیغہ واحد متکلم کے اپنی اصل پر ہیں۔ باقی صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق معروف میں ہمزہ ساکنہ کو الف اور مجہول میں واؤ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: یَأْتَمِرُ. یَأْتَمِرَانِ. یَأْتَمِرُوْنَ. تَأْتَمِرُ. تَأْتَمِرَانِ. یَأْتَمِرْنَ. تَأْتَمِرُ. تَأْتَمِرَانِ. تَأْتَمِرُوْنَ. تَأْتَمِرِیْنَ. تَأْتَمِرَانِ. تَأْتَمِرْنَ. نَأْتَمِرُ کو یَاتَمِرُ. یَاتَمِرَانِ. یَاتَمِرُوْنَ. تَاتَمِرُ. تَاتَمِرَانِ. یَاتَمِرْنَ. تَاتَمِرُ. تَاتَمِرَانِ. تَاتَمِرُوْنَ. تَاتَمِرِیْنَ. تَاتَمِرَانِ. تَاتَمِرْنَ. نَاتَمِرُ. پڑھنا جائز ہے۔

اور مجہول میں یُؤْتَمَرُ. یُؤْتَمَرَانِ. یُؤْتَمَرُوْنَ. تُؤْتَمَرُ. تُؤْتَمَرَانِ. یُؤْتَمَرْنَ. تُؤْتَمَرُ. تُؤْتَمَرَانِ. تُؤْتَمَرُوْنَ. تُؤْتَمَرِیْنَ. تُؤْتَمَرَانِ. تُؤْتَمَرْنَ. نُؤْتَمَرُ کو یُوْتَمَرُ. یُوْتَمَرَانِ. یُوْتَمَرُوْنَ. تُوْتَمَرُ. تُوْتَمَرَانِ. یُوْتَمَرْنَ. تُوْتَمَرُ.

تُؤتَمَرَانِ. تُؤتَمَرُوْنَ. تُؤتَمَرِيْنَ. تُؤتَمَرَانِ. تُؤتَمَرْنَ. نُؤتَمَرُ. پڑھنا بھی جائز ہے۔

صیغہ واحد متکلم معروف میں اَئْتَمِرُ اور مجہول میں اُءْ تَمَرُ تھا۔ ہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو معروف میں الف اور مجہول میں واؤ سے وجوباً تبدیل کر دیا تو آتَمِرُ اور اُوْتَمَرُ بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَأْتَمِرْ. لَمْ تَأْتَمِرْ. لَمْ اٰتَمِرْ. لَمْ نَأْتَمِرْ.

اور مجہول میں: لَمْ يُؤْتَمَرْ. لَمْ تُؤْتَمَرْ. لَمْ اُوْتَمَرْ. لَمْ نُؤْتَمَرْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَأْتَمِرَا. لَمْ يَأْتَمِرُوْا. لَمْ يَأْتَمِرَا. لَمْ تَأْتَمِرَا. لَمْ تَأْتَمِرُوْا. لَمْ تَأْتَمِرِيْ. لَمْ تَأْتَمِرَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُؤْتَمَرَا. لَمْ يُؤْتَمَرُوْا. لَمْ تُؤْتَمَرَا. لَمْ تُؤْتَمَرَا. لَمْ تُؤْتَمَرُوْا. لَمْ تُؤْتَمَرِيْ. لَمْ تُؤْتَمَرَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَأْتَمِرْنَ. لَمْ تَأْتَمِرْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُؤْتَمَرْنَ. لَمْ تُؤْتَمَرْنَ.

نوٹ: اس بحث میں ہمزہ میں وہ تبدیلیاں ہوں گی۔ جو تبدیلیاں فعل مضارع معروف ومجہول میں ہو چکی ہیں۔

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّأْتَمِرَ. لَنْ تَأْتَمِرَ. لَنْ اٰتَمِرَ. لَنْ نَّأْتَمِرَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّؤْتَمَرَ. لَنْ تُؤْتَمَرَ. لَنْ اُوْتَمَرَ. لَنْ نُّؤْتَمَرَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّأْتَمِرَا. لَنْ يَّأْتَمِرُوْا. لَنْ تَأْتَمِرَا. لَنْ تَأْتَمِرَا. لَنْ تَأْتَمِرُوْا. لَنْ تَأْتَمِرِيْ. لَنْ تَأْتَمِرَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّؤْتَمَرَا. لَنْ يُّؤْتَمَرُوْا. لَنْ تُؤْتَمَرَا. لَنْ تُؤْتَمَرَا. لَنْ تُؤْتَمَرُوْا. لَنْ تُؤْتَمَرِيْ. لَنْ تُؤْتَمَرَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّأْتَمِرْنَ. لَنْ تَأْتَمِرْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّؤْتَمَرْنَ. لَنْ تُؤْتَمَرْنَ.

نوٹ: اس بحث میں ہمزہ میں وہ تبدیلیاں ہوں گی۔ جو تبدیلیاں فعل مضارع معروف ومجہول میں ہو چکی ہیں۔

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَأْتَمِرَنَّ. لَتَأْتَمِرَنَّ. لَاٰتَمِرَنَّ. لَنَأْتَمِرَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَأْتَمِرَنْ. لَتَأْتَمِرَنْ. لَاٰتَمِرَنْ. لَنَأْتَمِرَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُؤْتَمَرَنَّ. لَتُؤْتَمَرَنَّ. لَاُوْتَمَرَنَّ. لَنُؤْتَمَرَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُؤْتَمَرَنْ. لَتُؤْتَمَرَنْ. لَاُوْتَمَرَنْ. لَنُؤْتَمَرَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَأْتَمِرُنَّ. لَتَأْتَمِرُنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَأْتَمِرُنْ. لَتَأْتَمِرُنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُؤْتَمَرُنَّ. لَتُؤْتَمَرُنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُؤْتَمَرُنْ. لَتُؤْتَمَرُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَأْتَمِرِنَّ. لَتَأْتَمِرِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُؤْتَمَرِنَّ. لَتُؤْتَمَرِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں۔ لَيَأْتَمِرَانِّ. لَتَأْتَمِرَانِّ. لَيَأْتَمِرْنَانِّ. لَتَأْتَمِرَانِّ. لَتَأْتَمِرْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُؤْتَمَرَانِّ. لَتُؤْتَمَرَانِّ. لَيُؤْتَمَرْنَانِّ. لَتُؤْتَمَرَانِّ. لَتُؤْتَمَرْنَانِّ.

نوٹ نمبر 1: ان صیغوں میں مہموز کے وہی قوانین جاری ہوں گے جو فعل مضارع معروف ومجہول میں جاری ہوئے ہیں۔

نوٹ نمبر 2: فعل مضارع معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں میں ہمزہ کو بین بین قریب اور بین بین بعید کے ساتھ پڑھنا بھی جائز تھا۔ اس بحث کے ان صیغوں میں ہمزہ کو صرف بین بین قریب کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

بحث فعل امر حاضر معروف

اِيْتَمِرْ :۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـأْتَمِرُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اِئْتَـمِـرْ بن گیا۔ پھر مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِيْتَمِرْ بن گیا۔

اِيْتَمِرَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـأْتَـمِرَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِئْتَـمِرَا بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِيْتَمِرَا بن گیا۔

اِيْتَمِرُوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـأْتَمِرُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِئْتَـمِرُوْا بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِيْتَمِرُوْا بن گیا۔

اِيْتَمِرِيْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـأْتَمِرِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِئْتَـمِـرِيْ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِيْتَمِرِيْ بن گیا۔

اِيْتَمِرْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَأْتَمِرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِئْتَـمِرْنَ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 2 کے مطابق دوسرے ہمزہ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِيْتَمِرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول وفعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

فعل امر حاضر مجہول وفعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول کے تمام صیغوں کو ہمزہ کی تبدیلی کے لحاظ سے فعل مضارع معروف ومجہول کے غائب ومتکلم اور فعل مضارع حاضر مجہول کے صیغوں پر قیاس کیا جائے۔

جیسے فعل امر حاضر مجہول میں۔ لِتُؤْتَمَرْ. لِتُؤْتَمَرَا. لِتُؤْتَمَرُوْا. لِتُؤْتَمَرِیْ. لِتُؤْتَمَرَا. لِتُؤْتَمَرْنَ.

جیسے فعل امر غائب ومتکلم معروف میں: لِيَأْتَمِرْ. لِيَأْتَمِرَا. لِيَأْتَمِرُوْا. لِتَأْتَمِرْ. لِتَأْتَمِرَا. لِيَأْتَمِرْنَ. لِاٰتَمِرْ. لِنَأْتَمِرْ.

اور فعل امر غائب ومتکلم مجہول میں: لِيُؤْتَمَرْ. لِيُؤْتَمَرَا. لِيُؤْتَمَرُوْا. لِتُؤْتَمَرْ. لِتُؤْتَمَرَا. لِيُؤْتَمَرْنَ. لِاُوْتَمَرْ. لِنُؤْتَمَرْ.

بحث فعل نہی حاضر وغائب ومتکلم معروف ومجہول

☜ فعل نہی کے تمام صیغوں کو ہمزہ کی تبدیلی کے لحاظ سے فعل مضارع معروف ومجہول کے صیغوں پر قیاس کیا جائے۔ جیسے فعل نہی حاضر معروف میں: لَا تَـأْتَـمِرْ. لَا تَأْتَمِرَا. لَا تَأْتَمِرُوْا. لَا تَأْتَمِرِیْ. لَا تَأْتَمِرَا. لَا تَأْتَمِرْنَ. اور نہی حاضر مجہول میں: لَا تُؤْتَمَرْ. لَا تُؤْتَمَرَا. لَا تُؤْتَمَرُوْا. لَا تُؤْتَمَرِیْ. لَا تُؤْتَمَرَا. لَا تُؤْتَمَرْنَ.

جیسے فعل نہی غائب ومتکلم معروف میں: لَا يَـأْتَـمِرْ. لَا يَأْتَمِرَا. لَا يَأْتَمِرُوْا. لَا تَأْتَمِرْ. لَا تَأْتَمِرَا. لَا يَأْتَمِرْنَ. لَا اٰتَمِرْ. لَا نَأْتَمِرْ اور فعل نہی غائب ومتکلم مجہول میں: لَا يُؤْتَمَرْ. لَا يُؤْتَمَرَا. لَا يُؤْتَمَرُوْا. لَا تُؤْتَمَرْ. لَا تُؤْتَمَرَا. لَا يُؤْتَمَرْنَ. لَا اُوْتَمَرْ. لَا نُؤْتَمَرْ.

بحث اسم ظرف

مُؤْتَمَرٌ. مُؤْتَمَرَانِ. مُؤْتَمَرَاتٌ.

اسم ظرف کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واؤ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے: مُوْتَمَرٌ. مُوْتَمَرَانِ. مُوْتَمَرَاتٌ۔

بحث اسم فاعل

مُؤْتَمِرٌ. مُؤْتَمِرَانِ. مُؤْتَمِرُوْنَ. مُؤْتَمِرَةٌ. مُؤْتَمِرَتَانِ. مُؤْتَمِرَاتٌ.

اسم فاعل کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واؤ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے: مُوْتَمِرٌ. مُوْتَمِرَانِ. مُوْتَمِرُوْنَ. مُوْتَمِرَةٌ. مُوْتَمِرَتَانِ. مُوْتَمِرَاتٌ

بحث اسم مفعول

مُؤْتَمَرٌ. مُؤْتَمَرَانِ. مُؤْتَمَرُوْنَ. مُؤْتَمَرَةٌ. مُؤْتَمَرَتَانِ. مُؤْتَمَرَاتٌ.

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واؤ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے: مُوْتَمَرٌ. مُوْتَمَرَانِ. مُوْتَمَرُوْنَ. مُوْتَمَرَةٌ. مُوْتَمَرَتَانِ. مُوْتَمَرَاتٌ.

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مہموز الفاء از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلاِسْتِئْذَانُ (اجازت طلب کرنا)

اَلْاِسْتِئْذَانُ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مہموز الفاء از باب اِسْتِفْعَالٌ۔

اپنی اصل پر ہے۔اس کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق اَلْاِسْتِیْذَانُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَأْذَنَ. اِسْتَأْذَنَا. اِسْتَأْذَنُوْا. اِسْتَأْذَنَتْ. اِسْتَأْذَنَتَا: ۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر٬ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے:اِسْتَاذَنَ. اِسْتَاذَنَا. اِسْتَاذَنُوْا. اِسْتَاذَنَتْ. اِسْتَاذَنَتَا.

اِسْتَأْذَنَّ. صیغہ جمع مؤنث غائب۔

اصل میں اِسْتَأْذَنْنَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کردیا تو اِسْتَأْذَنَّ. بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے:اِسْتَاذَنَّ.

اِسْتَأْذَنْتَ. اِسْتَأْذَنْتُمَا. اِسْتَأْذَنْتُمْ. اِسْتَأْذَنْتِ. اِسْتَأْذَنْتُمَا. اِسْتَأْذَنْتُنَّ. اِسْتَأْذَنْتُ صیغہائے واحد٬ تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر٬ واحد متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں ۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے:اِسْتَاذَنْتَ. اِسْتَاذَنْتُمَا. اِسْتَاذَنْتُمْ. اِسْتَاذَنْتِ. اِسْتَاذَنْتُمَا. اِسْتَاذَنْتُنَّ. اِسْتَاذَنْتُ.

اِسْتَأْذَنَّا: صیغہ جمع متکلم۔

اصل میں اِسْتَأْذَنْنَا تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کردیا تو اِسْتَأْذَنَّا. بن گیا۔مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے:اِسْتَاذَنَّا

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُؤْذِنَ. اُسْتُؤْذِنَا. اُسْتُؤْذِنُوْا. اُسْتُؤْذِنَتْ. اُسْتُؤْذِنَتَا: ۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر٬ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واؤ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔جیسے:

اُسْتُوْذِنَ. اُسْتُوْذِنَا. اُسْتُوْذِنُوْا. اُسْتُوْذِنَتْ. اُسْتُوْذِنَتَا.

اُسْتُؤْذِنَّ. صیغہ جمع مؤنث غائب۔

اصل میں اُسْتُؤْذِنْنَ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اُسْتُؤْذِنَّ. بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واوَ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اُسْتُوْذِنَّ.

اُسْتُؤْذِنْتَ. اُسْتُؤْذِنْتُمَا. اُسْتُؤْذِنْتُمْ. اُسْتُؤْذِنْتِ. اُسْتُؤْذِنْتُمَا. اُسْتُؤْذِنْتُنَّ. اُسْتُؤْذِنْتُ. صیغہائے واحد، تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واوَ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے: اُسْتُوْذِنْتَ. اُسْتُوْذِنْتُمَا. اُسْتُوْذِنْتُمْ. اُسْتُوْذِنْتِ. اُسْتُوْذِنْتُمَا. اُسْتُوْذِنْتُنَّ. اُسْتُوْذِنْتُ.

اُسْتُؤْذِنَّا: صیغہ جمع متکلم۔

اصل میں اُسْتُؤْذِنْنَا تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اُسْتُؤْذِنَّا. بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو واوَ سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اُسْتُوْذِنَّا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَسْتَأْذِنُ. يَسْتَأْذِنَانِ. يَسْتَأْذِنُوْنَ. تَسْتَأْذِنُ. تَسْتَأْذِنَانِ. تَسْتَأْذِنُ. تَسْتَأْذِنَانِ. تَسْتَأْذِنُوْنَ. تَسْتَأْذِنِيْنَ. تَسْتَأْذِنَانِ. اَسْتَأْذِنُ. نَسْتَأْذِنُ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مذکر غائب و حاضر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب و حاضر، واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: يَسْتَاذِنُ. يَسْتَاذِنَانِ. يَسْتَاذِنُوْنَ. تَسْتَاذِنُ. تَسْتَاذِنَانِ. تَسْتَاذِنَانِ. تَسْتَاذِنُ. تَسْتَاذِنُوْنَ. تَسْتَاذِنِيْنَ. تَسْتَاذِنَانِ. اَسْتَاذِنُ. نَسْتَاذِنُ.

يَسْتَأْذِنَّ. تَسْتَأْذِنَّ. صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يَسْتَأْذِنْنَ. تَسْتَأْذِنْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو يَسْتَأْذِنَّ. تَسْتَأْذِنَّ بن گئے۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: يَسْتَاذِنَّ. تَسْتَاذِنَّ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُسْتَأْذَنُ. يُسْتَأْذَنَانِ. يُسْتَأْذَنُوْنَ. تُسْتَأْذَنُ. تُسْتَأْذَنَانِ. تُسْتَأْذَنُ. تُسْتَأْذَنَانِ. تُسْتَأْذَنُوْنَ. تُسْتَأْذَنِيْنَ. تُسْتَأْذَنَانِ. اُسْتَأْذَنُ. نُسْتَأْذَنُ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مذکر غائب و حاضر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب و حاضر، واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: یُسْتَاذَنُ. یُسْتَاذَنَانِ. یُسْتَاذَنُوْنَ. تُسْتَاذَنُ. تُسْتَاذَنَانِ. تُسْتَاذَنُ. تُسْتَاذَنَانِ. تُسْتَاذَنُوْنَ. تُسْتَاذَنِيْنَ. تُسْتَاذَنَانِ. اُسْتَاذَنُ. نُسْتَاذَنُ یُسْتَاذَنَّ. تُسْتَاذَنَّ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَأْذَنْنَ. تُسْتَأْذَنْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو یُسْتَأْذَنَّ. تُسْتَأْذَنَّ بن گئے۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: یُسْتَاذَنَّ. تُسْتَاذَنَّ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَأْذِنْ. لَمْ تَسْتَأْذِنْ. لَمْ اَسْتَأْذِنْ. لَمْ نَسْتَأْذِنْ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَأْذَنْ. لَمْ تُسْتَأْذَنْ. لَمْ اُسْتَأْذَنْ. لَمْ نُسْتَأْذَنْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَأْذِنَا. لَمْ یَسْتَأْذِنُوْا. لَمْ تَسْتَأْذِنَا. لَمْ تَسْتَأْذِنُوْا. لَمْ تَسْتَأْذِنِیْ. لَمْ تَسْتَأْذِنَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَأْذَنَا. لَمْ یُسْتَأْذَنُوْا. لَمْ تُسْتَأْذَنَا. لَمْ تُسْتَأْذَنُوْا. لَمْ تُسْتَأْذَنِیْ لَمْ تُسْتَأْذَنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَأْذِنَّ. لَمْ تَسْتَأْذِنَّ. اور مجہول میں لَمْ یُسْتَأْذَنَّ. لَمْ تُسْتَأْذَنَّ.

اس بحث میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: معروف میں: لَمْ یَسْتَاذِنْ. لَمْ یَسْتَاذِنَا. لَمْ یَسْتَاذِنُوْا. لَمْ تَسْتَاذِنْ. لَمْ تَسْتَاذِنَا. لَمْ یَسْتَاذِنَّ. لَمْ تَسْتَاذِنْ. لَمْ تَسْتَاذِنَا. لَمْ تَسْتَاذِنُوْا. لَمْ تَسْتَاذِنِیْ. لَمْ تَسْتَاذِنَا. لَمْ تَسْتَاذِنَّ. لَمْ اَسْتَاذِنْ. لَمْ نَسْتَاذِنْ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَاذَنْ. لَمْ یُسْتَاذَنَا. لَمْ یُسْتَاذَنُوْا. لَمْ تُسْتَاذَنْ. لَمْ تُسْتَاذَنَا. لَمْ یُسْتَاذَنَّ. لَمْ تُسْتَاذَنْ. لَمْ تُسْتَاذَنَا. لَمْ تُسْتَاذَنُوْا. لَمْ تُسْتَاذَنِیْ. لَمْ تُسْتَاذَنَا. لَمْ تُسْتَاذَنَّ. لَمْ اُسْتَاذَنْ. لَمْ نُسْتَاذَنْ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَأْذِنَ. لَنْ تَسْتَأْذِنَ. لَنْ اَسْتَأْذِنَ. لَنْ نَّسْتَأْذِنَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَأْذَنَ. لَنْ تُسْتَأْذَنَ. لَنْ اُسْتَأْذَنَ. لَنْ نُّسْتَأْذَنَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَأْذِنَا. لَنْ یَّسْتَأْذِنُوْا. لَنْ تَسْتَأْذِنَا. لَنْ تَسْتَأْذِنُوْا. لَنْ تَسْتَأْذِنِیْ. لَنْ تَسْتَأْذِنَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَأْذَنَا. لَنْ یُّسْتَأْذَنُوْا. لَنْ تُسْتَأْذَنَا. لَنْ تُسْتَأْذَنُوْا. لَنْ تُسْتَأْذَنِیْ. لَنْ تُسْتَأْذَنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَأْذِنَّ. لَنْ تَسْتَأْذِنَّ اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَأْذَنَّ. لَنْ تُسْتَأْذَنَّ

اس بحث میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: معروف میں: لَنْ یَّسْتَاذِنَ. لَنْ یَّسْتَاذِنَا. لَنْ یَّسْتَاذِنُوْا. لَنْ تَسْتَاذِنَ. لَنْ تَسْتَاذِنَا. لَنْ یَّسْتَاذِنَّ. لَنْ تَسْتَاذِنَ. لَنْ تَسْتَاذِنَا. لَنْ تَسْتَاذِنُوْا. لَنْ تَسْتَاذِنِیْ. لَنْ تَسْتَاذِنَا. لَنْ تَسْتَاذِنَّ. لَنْ اَسْتَاذِنَ. لَنْ نَّسْتَاذِنَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَاذَنَ. لَنْ یُّسْتَاذَنَا. لَنْ یُّسْتَاذَنُوْا. لَنْ تُسْتَاذَنَ. لَنْ تُسْتَاذَنَا. لَنْ یُّسْتَاذَنَّ. لَنْ تُسْتَاذَنَ. لَنْ تُسْتَاذَنَا. لَنْ تُسْتَاذَنُوْا. لَنْ تُسْتَاذَنِیْ. لَنْ تُسْتَاذَنَا. لَنْ تُسْتَاذَنَّ. لَنْ اُسْتَاذَنَ. لَنْ نُّسْتَاذَنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَأْذِنَنَّ. لَتَسْتَأْذِنَنَّ. لَاَسْتَأْذِنَنَّ. لَنَسْتَأْذِنَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَسْتَأْذِنَنْ. لَتَسْتَأْذِنَنْ. لَاَسْتَأْذِنَنْ. لَنَسْتَأْذِنَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَأْذَنَنَّ. لَتُسْتَأْذَنَنَّ. لَاُسْتَأْذَنَنَّ. لَنُسْتَأْذَنَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَأْذَنَنْ. لَتُسْتَأْذَنَنْ. لَاُسْتَأْذَنَنْ. لَنُسْتَأْذَنَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَسْتَأْذِنُنَّ. لَتَسْتَأْذِنُنَّ. لَیَسْتَأْذِنُنْ. لَتَسْتَأْذِنُنْ.

اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَأْذَنُنَّ. لَتُسْتَأْذَنُنَّ. لَیُسْتَأْذَنُنْ. لَتُسْتَأْذَنُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَسْتَأْذِنِّ. لَتَسْتَأْذِنْ اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُسْتَأْذَنِّ. لَتُسْتَأْذَنْ .

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں۔لَيَسْتَأْذِنَانِّ. لَتَسْتَأْذِنَانِّ. لَيَسْتَأْذِنَّانِّ. لَتَسْتَأْذِنَانِّ. لَتَسْتَأْذِنَّانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَأْذَنَانِّ. لَتُسْتَأْذَنَانِّ. لَيُسْتَأْذَنَّانِّ. لَتُسْتَأْذَنَانِّ. لَتُسْتَأْذَنَّانِّ.

نوٹ: ان صیغوں میں مہموز کے وہی قوانین جاری ہوں گے جو فعل مضارع معروف ومجہول میں جاری ہوتے تھے۔

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَأْذِنْ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَأْذِنُ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کردیا تو اِسْتَأْذِنْ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اِسْتَاذِنْ.

اِسْتَأْذِنَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَأْذِنَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَأْذِنَا بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اِسْتَاذِنَا

اِسْتَأْذِنُوْا: ۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَأْذِنُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَأْذِنُوْا بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اِسْتَاذِنُوْا.

اِسْتَأْذِنِيْ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَأْذِنِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے ۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَأْذِنِيْ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اِسْتَاذِنِيْ.

اِسْتَأْذِنَّ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَأْذِنَّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَـــأْذِنَّ بن گیا۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: اِسْتَاذِنَّ. اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَـــأْذَنْ. لِتُسْتَـــأْذَنَـــا. لِتُسْتَأْذَنُوْا. لِتُسْتَأْذَنِيْ. لِتُسْتَأْذَنَا. لِتُسْتَأْذَنَّ.

تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: لِتُسْتَاذَنْ. لِتُسْتَاذَنَا. لِتُسْتَاذَنُوْا. لِتُسْتَاذَنِيْ. لِتُسْتَاذَنَا. لِتُسْتَاذَنَّ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب اور واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَأْذِنْ. لِيَسْتَأْذِنَا. لِيَسْتَأْذِنُوْا. لِتَسْتَأْذِنْ. لِتَسْتَأْذِنَا. لِيَسْتَأْذِنَّ. لِأَسْتَأْذِنْ. لِنَسْتَأْذِنْ.

اور مجہول میں: لِيُسْتَأْذَنْ. لِيُسْتَأْذَنَا. لِيُسْتَأْذَنُوْا. لِتُسْتَأْذَنْ. لِتُسْتَأْذَنَا. لِيُسْتَأْذَنَّ. لِأُسْتَأْذَنْ. لِنُسْتَأْذَنْ.

تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔:

جیسے معروف میں: لِيَسْتَاذِنْ. لِيَسْتَاذِنَا. لِيَسْتَاذِنُوْا. لِتَسْتَاذِنْ. لِتَسْتَاذِنَا. لِيَسْتَاذِنَّ. لِأَسْتَاذِنْ. لِنَسْتَاذِنْ.

اور مجہول میں: لِيُسْتَاذَنْ. لِيُسْتَاذَنَا. لِيُسْتَاذَنُوْا. لِتُسْتَاذَنْ. لِتُسْتَاذَنَا. لِيُسْتَاذَنَّ. لِأُسْتَاذَنْ. لِنُسْتَاذَنْ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر

سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَأْذِنْ. لَا تَسْتَأْذِنَا. لَا تَسْتَأْذِنُوْا. لَا تَسْتَأْذِنِیْ. لَا تَسْتَأْذِنَا. لَا تَسْتَأْذِنَّ.

اور مجہول میں: لَا تُسْتَأْذَنْ. لَا تُسْتَأْذَنَا. لَا تُسْتَأْذَنُوْا. لَا تُسْتَأْذَنِیْ. لَا تُسْتَأْذَنَا. لَا تُسْتَأْذَنَّ.

تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے معروف میں: لَا تَسْتَاذِنْ. لَا تَسْتَاذِنَا. لَا تَسْتَاذِنُوْا. لَا تَسْتَاذِنِیْ. لَا تَسْتَاذِنَا. لَا تَسْتَاذِنَّ اور مجہول میں لَا تُسْتَاذَنْ. لَا تُسْتَاذَنَا. لَا تُسْتَاذَنُوْا. لَا تُسْتَاذَنِیْ. لَا تُسْتَاذَنَا. لَا تُسْتَاذَنَّ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَسْتَأْذِنْ. لَا یَسْتَأْذِنَا. لَا یَسْتَأْذِنُوْا. لَا تَسْتَأْذِنْ. لَا تَسْتَأْذِنَا. لَا یَسْتَأْذِنَّ. لَا أَسْتَأْذِنْ. لَا نَسْتَأْذِنْ.

اور مجہول میں: لَا یُسْتَأْذَنْ. لَا یُسْتَأْذَنَا. لَا یُسْتَأْذَنُوْا. لَا تُسْتَأْذَنْ. لَا تُسْتَأْذَنَا. لَا یُسْتَأْذَنَّ. لَا أُسْتَأْذَنْ. لَا نُسْتَأْذَنْ.

تمام صیغوں میں مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے معروف میں: لَا یَسْتَاذِنْ. لَا یَسْتَاذِنَا. لَا یَسْتَاذِنُوْا. لَا تَسْتَاذِنْ. لَا تَسْتَاذِنَا. لَا یَسْتَاذِنَّ. لَا أَسْتَاذِنْ. لَا نَسْتَاذِنْ

اور مجہول میں: لَا یُسْتَاذَنْ. لَا یُسْتَاذَنَا. لَا یُسْتَاذَنُوْا. لَا تُسْتَاذَنْ. لَا تُسْتَاذَنَا. لَا یُسْتَاذَنَّ. لَا أُسْتَاذَنْ. لَا نُسْتَاذَنْ

بحث اسم ظرف

مُسْتَأْذَنٌ. مُسْتَأْذَنَانِ. مُسْتَأْذَنَاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع اسم ظرف۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے۔ جیسے: مُسْتَاذَنٌ. مُسْتَاذَنَانِ. مُسْتَاذَنَاتٌ .

بحث اسم فاعل

مُسْتَأْذِنٌ. مُسْتَأْذِنَانِ. مُسْتَأْذِنُوْنَ. مُسْتَأْذِنَةٌ. مُسْتَأْذِنَتَانِ. مُسْتَأْذِنَاتٌ.

اسم فاعل کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے: مُسْتَاذِنٌ. مُسْتَاذِنَانِ. مُسْتَاذِنُوْنَ. مُسْتَاذِنَةٌ. مُسْتَاذِنَتَانِ. مُسْتَاذِنَاتٌ.

بحث اسم مفعول

مُسْتَأْذَنٌ. مُسْتَأْذَنَانِ. مُسْتَأْذَنُونَ. مُسْتَأْذَنَةٌ. مُسْتَأْذَنَتَانِ. مُسْتَأْذَنَاتٌ.

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق ہمزہ ساکنہ کو الف سے بدل کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے:مُسْتَاذَنٌ. مُسْتَاذَنَانِ. مُسْتَاذَنُونَ. مُسْتَاذَنَةٌ. مُسْتَاذَنَتَانِ. مُسْتَاذَنَاتٌ.

☆☆☆☆☆

صرف کبیر رباعی مزید فیہ باہمزہ وصل مہموز اللام از باب اِفْعِلَّالٌ جیسے:اَلْاِطْمِئْنَانُ (مطمئن ہونا)

اَلْاِطْمِئْنَانُ : صیغہ اسم مصدر رباعی مزید فیہ باہمزہ وصل مہموز اللام از باب اِفْعِلَّالٌ

اپنی اصل پر ہے۔اس کو مہموز کے قانون نمبر 1 کے مطابق اَلْاِطْمِيْنَانُ پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِطْمَئَنَّ: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں اِطْمَئْنَنَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت نقل کر کے ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اِطْمَئَنَّ بن گیا۔

نوٹ:صیغہ جمع مؤنث غائب تک یہی قانون جاری ہوتا ہے۔

اِطْمَئَنَّا. اِطْمَئَنُّوا. اِطْمَئَنَّتْ. اِطْمَئَنَّتَا.

اِطْمَأْنَنَّ: صیغہ جمع مؤنث غائب

اصل میں اِطْمَئْنَنْنَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اِطْمَئْنَنَّ بن گیا۔

نوٹ:صیغہ واحد مذکر حاضر سے صیغہ واحد متکلم تک۔باقی صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے:اِطْمَئْنَنْتَ. اِطْمَئْنَنْتُمَا. اِطْمَئْنَنْتُمْ. اِطْمَئْنَنْتِ. اِطْمَئْنَنْتُمَا. اِطْمَئْنَنْتُنَّ. اِطْمَئْنَنْتُ.

اِطْمَئْنَنَّا: صیغہ جمع متکلم

اصل میں اِطْمَئْنَنْنَا تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق نون کا نون میں ادغام کر دیا تو اِطْمَئْنَنَّا بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُطْمُئِنَّ بِهٖ: ۔صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں اُطْمُئْنِنَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اُطْمُئِنَّ بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَطْمَئِنُّ. تَطْمَئِنُّ. اَطْمَئِنُّ. نَطْمَئِنُّ: صیغہ واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَطْمَئْنِنُ. تَطْمَئْنِنُ. اَطْمَئْنِنُ. نَطْمَئْنِنُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَطْمَئِنَّانِ. تَطْمَئِنَّانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَطْمَئْنِنَانِ. تَطْمَئْنِنَانِ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَطْمَئِنُّوْنَ. تَطْمَئِنُّوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَطْمَئْنِنُوْنَ. تَطْمَئْنِنُوْنَ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَطْمَئْنِنَّ. تَطْمَئْنِنَّ: صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَطْمَئْنِنْنَ. تَطْمَئْنِنْنَ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَطْمَئِنِّیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَطْمَئْنِنِیْنَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُطْمَئَنُّ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں یُطْمَئْنَنُ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَم جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو تین طریقوں سے پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لَمْ يَطْمَئِنَّ. لَمْ تَطْمَئِنَّ. لَمْ أَطْمَئِنَّ. لَمْ نَطْمَئِنَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لَمْ يَطْمَئِنِّ. لَمْ تَطْمَئِنِّ. لَمْ أَطْمَئِنِّ. لَمْ نَطْمَئِنِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لَمْ يَطْمَئْنِنْ. لَمْ تَطْمَئْنِنْ. لَمْ أَطْمَئْنِنْ. لَمْ نَطْمَئْنِنْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرادیتے ہیں۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَطْمَئِنَّا. لَمْ يَطْمَئِنُّوْا. لَمْ تَطْمَئِنَّا. لَمْ تَطْمَئِنُّوْا. لَمْ تَطْمَئِنِّيْ. لَمْ تَطْمَئِنَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ يَطْمَئِنَّ، لَمْ تَطْمَئِنَّ.

بحث فعل نفی جحد بلَم جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو تین طریقوں سے پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لَمْ يُطْمَئَنَّ بِهٖ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لَمْ يُطْمَئَنِّ بِهٖ.

اس صیغہ کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لَمْ يُطْمَئْنَنْ بِهٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ' بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول میں وہی قوانین جاری ہوں گے جو فعل مضارع معروف ومجہول میں جاری ہوتے ہیں۔

جیسے: لَنْ يَطْمَئِنَّ. لَنْ يُطْمَئَنَّ بِهٖ. لَيَطْمَئِنَّنَّ. لَيَطْمَئِنَّنْ. لَيُطْمَئَنَّنَّ بِهٖ. لَيُطْمَئَنَّنْ بِهٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِطْمَئِنَّ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْمَئِنُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدہ الا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کردیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے اِطْمَئِنَّ. اِطْمَئِنِّ. اِطْمَئْنِنْ.

اِطْمَئِنَّا:۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْمَئِنَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْمَئِنَّا بن گیا۔

اِطْمَئِنُّوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْمَئِنُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْمَئِنُّوْا بن گیا۔

اِطْمَئِنِّیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْمَئِنِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْمَئِنِّیْ بن گیا۔

اِطْمَئْنِنَّ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْمَئْنِنَّ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِطْمَئْنِنَّ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لِتُطْمَئَنَّ بِکَ. لِتُطْمَئَنِّ بِکَ. لِتُطْمَئْنَنْ بِکَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب اور واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر پڑھا جائے جیسے: لِیَطْمَئِنَّ. لِتَطْمَئِنَّ. لِاَطْمَئِنَّ. لِنَطْمَئِنَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر پڑھا جائے جیسے: لِیَطْمَئِنِّ. لِتَطْمَئِنِّ. لِاَطْمَئِنِّ. لِنَطْمَئِنِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لِیَطْمَئْنِنْ. لِتَطْمَئْنِنْ. لِاَطْمَئْنِنْ. لِنَطْمَئْنِنْ.

معروف کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لِيَطْمَئِنَّا. لِيَطْمَئِنُّوْا. لِتَطْمَئِنَّا. لِيَطْمَئِنَّ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کوفتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لِيُطْمَئَنَّ بِهٖ. لِيُطْمَئِنِّ بِهٖ. لِيُطْمَئْنَنْ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کوفعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کوفتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لاَ تَطْمَئِنَّ. لاَ تَطْمَئِنِّ . لاَ تَطْمَئْنِنْ .

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر حاضر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے لاَ تَطْمَئِنَّا. لاَ تَطْمَئِنُّوْا. لاَ تَطْمَئِنِّيْ. لاَ تَطْمَئِنَّا. لاَ تَطْمَئْنِنَّ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کوفتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لاَ تُطْمَئَنَّ بِكَ. لاَ تُطْمَئَنِّ بِكَ. لاَ تُطْمَئْنَنْ بِكَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرکت گر جائے گی۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کوفتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کوفتحہ دے کر پڑھا جائے جیسے: لاَ يَطْمَئِنَّ. لاَ تَطْمَئِنَّ. لاَ اَطْمَئِنَّ. لاَ نَطْمَئِنَّ .

آخری حرف کوکسرہ دے کر پڑھا جائے جیسے: لَا یَطْمَئِنِّ. لَا تَطْمَئِنِّ. لَا أَطْمَئِنِّ. لَا نَطْمَئِنِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لَا یَطْمَئْنِنْ. لَا تَطْمَئْنِنْ. لَا أَطْمَئْنِنْ. لَا نَطْمَئْنِنْ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لَا یَطْمَئِنَّا. لَا یَطْمَئِنُّوا. لَا تَطْمَئِنَّا. لَا یَطْمَئْنِنَّ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے: لَا یُطْمَئَنَّ بِهٖ. لَا یُطْمَئَنِّ بِهٖ. لَا یُطْمَئْنَنْ بِهٖ.

بحث اسم ظرف

مُطْمَئَنٌّ. مُطْمَئَنَّانِ. مُطْمَئَنَّاتٌ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُطْمَئْنَنٌ. مُطْمَئْنَنَانِ. مُطْمَئْنَنَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُطْمَئِنٌّ. مُطْمَئِنَّانِ. مُطْمَئِنُّوْنَ. مُطْمَئِنَّةٌ. مُطْمَئِنَّتَانِ. مُطْمَئِنَّاتٌ: صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُطْمَئْنِنٌ. مُطْمَئْنِنَانِ. مُطْمَئْنِنُوْنَ. مُطْمَئْنِنَةٌ. مُطْمَئْنِنَتَانِ. مُطْمَئْنِنَاتٌ: تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُطْمَئَنٌّ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُطْمَئْنَنٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے نون کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو مُطْمَئَنٌّ بِهٖ بن گیا۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ جیسے اَلْمَدُّ (کھینچنا)

اَلْمَدُّ صیغہ اسم مصدر۔ اصل میں مَدْدٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَدٌّ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

مَدَّ. مَدَّا ، مَدُّوْا ، مَدَّتْ ، مَدَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں مَدَدَ ، مَدَدَا ، مَدَدُوْا، مَدَدَتْ ، مَدَدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں وجوباً ادغام کر دیا تو مَدَّ ، مَدَّا ، مَدُّوْا ، مَدَّتْ ، مَدَّتَا بن گئے۔

مَدَدْنَ: صیغہ جمع مونث غائب اپنی اصل پر ہے۔

مَدَدْتَّ: صیغہ واحد مذکر مخاطب سے واحد متکلم مَدَدْتُّ تک۔

مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق ایک مخرج کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلا ساکن اور دوسرا متحرک ہے۔ پھر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَدَدتَّ. مَدَدْتُّمَا. مَدَدْتُّمْ. مَدَدْتِّ. مَدَدْتُّمَا. مَدَدْتُّنَّ. مَدَدْتُّ بن گئے۔

مَدَدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

مُدَّ، مُدَّا ، مُدُّوْا ، مُدَّتْ، مُدَّتَا :۔ صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں مُدِدَ ، مُدِدَا ، مُدِدُوْا ، مُدِدَتْ ، مُدِدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے۔ پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مُدَّ، مُدَّا ، مُدُّوْا ، مُدَّتْ، مُدَّتَا بن گئے۔

مُدِدْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث غائب اپنی اصل پر ہے۔

مُدِدْتَّ: صیغہ واحد مذکر حاضر سے صیغہ واحد متکلم مُدِدْتُّ تک۔

اصل میں مُدِدْتَ. مُدِدْتُمَا. مُدِدْتُمْ. مُدِدْتِ. مُدِدْتُمَا. مُدِدْتُنَّ. مُدِدْتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق ایک مخرج کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے جن میں سے پہلا حرف ساکن اور دوسرا متحرک ہے۔ پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مُدِدْتَّ . مُدِدْتُّمَا. مُدِدْتُّمْ. مُدِدْتِّ. مُدِدْتُّمَا. مُدِدْتُّنَّ. مُدِدْتُّ بن گئے۔

مُدِدْنَا: صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَمُدُّ. یَمُدَّانِ. یَمُدُّوْنَ. تَمُدُّ. تَمُدَّانِ. تَمُدُّ. تَمُدَّانِ. تَمُدُّوْنَ. تَمُدِّیْنَ. تَمُدَّانِ. اَمُدُّ. نَمُدُّ.

اصل میں یَمْدُدُ ، یَمْدُدَانِ' یَمْدُدُوْنَ' تَمْدُدُ' تَمْدُدَانِ . تَمْدُدُ ،تَمْدُدَانِ تَمْدُدُوْنَ' تَمْدُدِیْنَ' تَمْدُدَانِ' اَمْدُدُ ، نَمْدُدُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: یَمْدُدْنَ. تَمْدُدْنَ .

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُمَدُّ. یُمَدَّانِ. یُمَدُّوْنَ. تُمَدُّ. تُمَدَّانِ. تُمَدُّ. تُمَدَّانِ. تُمَدُّوْنَ. تُمَدِّیْنَ. تُمَدَّانِ. اُمَدُّ. نُمَدُّ.

اصل میں یُمْدَدُ ، یُمْدَدَانِ' یُمْدَدُوْنَ' تُمْدَدُ' تُمْدَدَانِ . تُمْدَدُ ،تُمْدَدَانِ تُمْدَدُوْنَ' تُمْدَدِیْنَ' تُمْدَدَانِ' اُمْدَدُ نُمْدَدُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: یُمْدَدْنَ. تُمْدَدْنَ .

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ' کسرہ' ضمہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَمُدَّ. لَمْ تَمُدَّ. لَمْ اَمُدَّ. لَمْ نَمُدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَمُدِّ. لَمْ تَمُدِّ. لَمْ اَمُدِّ. لَمْ نَمُدِّ.

آخری حرف کو ضمہ دے کر پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ یَمُدُّ. لَمْ تَمُدُّ. لَمْ اَمُدُّ. لَمْ نَمُدُّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ یَمْدُدْ. لَمْ تَمْدُدْ. لَمْ اَمْدُدْ. لَمْ نَمْدُدْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُمَدَّ. لَمْ تُمَدَّ. لَمْ اُمَدَّ. لَمْ نُمَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُمَدِّ. لَمْ تُمَدِّ. لَمْ اُمَدِّ. لَمْ نُمَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ یُمْدَدْ. لَمْ تُمْدَدْ. لَمْ اُمْدَدْ. لَمْ نُمْدَدْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَمُدَّا. لَمْ یَمُدُّوْا. لَمْ تَمُدَّا. لَمْ تَمُدُّوْا. لَمْ تَمُدِّیْ. لَمْ تَمُدَّا.

اور مجہول میں: لَمْ یُمَدَّا. لَمْ یُمَدُّوْا. لَمْ تُمَدَّا. لَمْ تُمَدُّوْا. لَمْ تُمَدِّیْ. لَمْ تُمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَمْدُدْنَ. لَمْ تَمْدُدْنَ. اور مجہول میں لَمْ. یُمْدَدْنَ. لَمْ تُمْدَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَمُدَّ. لَنْ تَمُدَّ. لَنْ اَمُدَّ. لَنْ نَمُدَّ.

اور مجہول میں: لَنْ یُمَدَّ. لَنْ تُمَدَّ. لَنْ اُمَدَّ. لَنْ نُمَدَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَمُدَّا. لَنْ یَمُدُّوْا. لَنْ تَمُدَّا. لَنْ تَمُدُّوْا. لَنْ تَمُدِّیْ. لَنْ تَمُدَّا.

اور مجہول میں: لَنْ یُمَدَّا. لَنْ یُمَدُّوْا. لَنْ تُمَدَّا. لَنْ تُمَدُّوْا. لَنْ تُمَدِّیْ. لَنْ تُمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَمْدُدْنَ. لَنْ تَمْدُدْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُمْدَدْنَ. لَنْ تُمْدَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَمُدَّنَّ. لَتَمُدَّنَّ. لَاَمُدَّنَّ. لَنَمُدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَمُدَّنْ. لَتَمُدَّنْ. لَاَمُدَّنْ. لَنَمُدَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُمَدَّنَّ. لَتُمَدَّنَّ. لَاُمَدَّنَّ. لَنُمَدَّنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں :لَیُمَدَّنْ. لَتُمَدَّنْ. لَاُمَدَّنْ. لَنُمَدَّنْ .

معروف و مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تا کہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں :لَیَمُدُّنَّ. لَتَمُدُّنَّ. لَیَمُدُّنْ. لَتَمُدُّنْ.

اورنون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول میں :لَیُمَدُّنَّ. لَتُمَدُّنَّ. لَیُمَدُّنْ. لَتُمَدُّنْ.

معروف و مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں :لَتَمُدِّنَّ. لَتَمُدِّنْ. اورنون تاکید ثقیلہ و خفیفہ مجہول میں : لَتُمَدِّنَّ. لَتُمَدِّنْ.

معروف و مجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب و حاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَمُدَّانِّ. لَتَمُدَّانِّ. لَیَمْدُدْنَانِّ. لَتَمُدَّانِّ. لَتَمْدُدْنَانِّ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں :لَیُمَدَّانِّ. لَتُمَدَّانِّ. لَیُمْدَدْنَانِّ. لَتُمَدَّانِّ. لَتُمْدَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

مُدَّ، مُدِّ ، مُدُّ ، اُمْدُدْ :۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کر دیا تو دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو ضمہ، فتحہ، کسرہ دے کر پڑھا جا سکتا ہے۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے جیسے مُدَّ، مُدِّ مُدُّ ، اُمْدُدْ ۔

مُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو مُدَّا بن گیا۔

مُدُّوا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو مُدُّوا بن گیا۔

مُدِّیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو مُدِّیْ بن گیا۔

اُمْدُدْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی تو مْدُدْنَ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لائے تو اُمْدُدْنَ بن گیا۔ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

لِتُمَدَّ . لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کردیا۔ لام امر کی وجہ سے دوسرا دال بھی ساکن ہوگیا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُمَدَّ . لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ.

لِتُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُمَدَّا بن گیا۔

لِتُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُمَدُّوْا بن گیا۔

لِتُمَدِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُمَدِّیْ بن گیا۔

لِتُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے تو لِتُمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

لِيَمُدَّ. لِيَمُدِّ. لِيَمُدُّ. لِيَمْدُدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِيَمُدَّ . لِيَمُدِّ. لِيَمُدُّ. لِيَمْدُدْ.

لِيَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِيَمُدَّا بن گیا۔

لِيَمُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِيَمُدُّوْا بن گیا۔

لِتَمُدَّ. لِتَمُدِّ. لِتَمُدُّ. لِتَمْدُدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِتَمُدَّ . لِتَمُدِّ. لِتَمُدُّ. لِتَمْدُدْ.

لِتَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتَمُدَّا بن گیا۔

لِيَمْدُدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل امر غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگایا تو لِيَمْدُدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

لِاَمُدَّ. لِاَمُدِّ. لِاَمُدُّ. لِاَمْدُدْ. لِنَمُدَّ. لِنَمُدِّ. لِنَمُدُّ. لِنَمْدُدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل امر متکلم معروف۔

ان کو فعل مضارع متکلم معروف اَمُدُّ. نَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون

نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

لِيُمَدَّ. لِيُمَدِّ. لِيُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِيُمَدَّ . لِيُمَدِّ. لِيُمْدَدْ.

لِيُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِيُمَدَّا بن گیا۔

لِيُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِيُمَدُّوْا بن گیا۔

لِتُمَدَّ. لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لِتُمَدَّ . لِتُمَدِّ. لِتُمْدَدْ.

لِتُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُمَدَّا بن گیا۔

لِيُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل امر غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگایا تو لِيُمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

أُمَدَّ. لِأُمَدِّ. لِأُمْدَدْ. لِنُمَدَّ. لِنُمَدِّ. لِنُمْدَدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل امر متکلم مجہول۔

ان کو فعل مضارع متکلم مجہول اُمَدُّ. نُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر

کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

لَا تَمُدَّ . لَا تَمُدِّ. لَا تَمُدُّ. لَا تَمْدُدْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے: لَا تَمُدَّ . لَا تَمُدِّ. لَا تَمُدُّ. لَا تَمْدُدْ.

لَا تَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لَا تَمُدَّا بن گیا۔

لَا تَمُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لَا تَمُدُّوْا بن گیا۔

لَا تَمُدِّيْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمُدِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لَا تَمُدِّيْ بن گیا۔

لَا تَمْدُدْنَ: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل نہی حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لَا تَمْدُدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل نہی حاضر مجہول

لَا تُمَدَّ . لَا تُمَدِّ. لَا تُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے: لَا تُمَدَّ . لَا تُمَدِّ. لَا تُمْدَدْ.

لاَ تُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ تُمَدَّا بن گیا۔

لاَ تُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ تُمَدُّوْا بن گیا۔

لاَ تُمَدِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمَدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ تُمَدِّیْ بن گیا۔

لاَ تُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل نہی حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لاَ تُمْدَدْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

لاَ یَمُدَّ. لاَ یَمُدِّ. لاَ یَمُدُّ. لاَ یَمْدُدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کردیا۔آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ' کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔جیسے: لاَ یَمُدَّ. لاَ یَمُدِّ. لاَ یَمُدُّ. لاَ یَمْدُدْ.

لاَ یَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ یَمُدَّا بن گیا۔

لاَ یَمُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمُدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لاَ یَمُدُّوْا بن گیا۔

لَا تَمُدَّ. لَا تَمُدِّ. لَا تَمُدُّ. لَا تَمْدُدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لَا تَمُدَّ. لَا تَمُدِّ. لَا تَمُدُّ. لَا تَمْدُدْ.

لَا تَمُدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف تَمُدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لَا تَمُدَّا بن گیا۔

لَا یَمْدُدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نہی غائب معروف۔

اس کو فعل مضارع غائب معروف یَمْدُدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لَا یَمْدُدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

لَا اَمُدَّ. لَا اَمُدِّ. لَا اَمُدُّ. لَا اَمْدُدْ. لَا نَمُدَّ. لَا نَمُدِّ. لَا نَمُدُّ. لَا نَمْدُدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل نہی متکلم معروف۔

ان کو فعل مضارع متکلم معروف اَمُدُّ. نَمُدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ اور ضمہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

بحث فعل نہی غائب و متکلم مجہول

لَا یُمَدَّ. لَا یُمَدِّ. لَا یُمْدَدْ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لَا یُمَدَّ. لَا یُمَدِّ. لَا یُمْدَدْ.

لَا یُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لَا یُمَدَّا بن گیا۔

لَا یُمَدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو

لاَ یَمدُّوا بن گیا۔

لاَ تُمَدَّ. لاَ تُمَدِّ. لاَ تُمْدَدْ. صیغہ واحد مؤنث غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُـمَـدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے: لاَ تُمَدَّ. لاَ تُمَدِّ. لاَ تُمْدَدْ.

لاَ تُمَدَّا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول تُـمَـدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لاَ تُمَدَّا بن گیا۔

لاَ یُمْدَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب فعل نہی غائب مجہول۔

اس کو فعل مضارع غائب مجہول یُمْدَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے تو لاَ یُـمْدَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

لاَ اُمَدَّ. لاَ اُمَدِّ. لاَ اُمْدَدْ . لاَ نُمَدَّ. لاَ نُمَدِّ. لاَ نُمْدَدْ صیغہ واحد و جمع متکلم فعل نہی مجہول۔

ان کو فعل مضارع متکلم مجہول اُمَدُّ. نُمَدُّ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ آخر کے دونوں دال ساکن ہوگئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ اور کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے واضح ہے۔

بحث اسم ظرف

مَمَدٌّ ، مَمَدَّانِ:۔ صیغہ واحد و تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَمْدَدٌ ، مَمْدَدَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں اس طرح جمع ہوگئے کہ پہلے حرف کا ماقبل ساکن ہے۔ پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَمَدٌّ ، مَمَدَّانِ بن گئے۔

مَمَادُّ ، مُمَیْدٌّ:۔ صیغہ جمع و واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مَـمَـادِدُ اور مُـمَیْدِدٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَمَادُّ اور مُمَیْدٌّ بن گئے۔

بحث اسم آلہ

مِمَدٌّ، مِمَدَّانِ، مِمَدَّةٌ، مِمَدَّتَانِ : صیغہائے واحد وتثنیہ اسم آلہ صغریٰ ووسطیٰ۔

اصل میں مِمْدَدٌ، مِمْدَدَانِ، مِمْدَدَةٌ، مِمْدَدَتَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مِمَدٌّ، مِمَدَّانِ، مِمَدَّةٌ، مِمَدَّتَانِ بن گئے۔

مَمَادُّ، مُمَيْدٌّ، مَمَادُّ، مُمَيْدَّةٌ:۔ صیغہائے جمع وواحد مصغر اسم آلہ صغریٰ ووسطیٰ۔

اصل میں مَمَادِدُ. مُمَيْدِدٌ. مَمَادِدُ. مُمَيْدِدَةٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ایک جنس کے دو حروف ایک کلمہ میں جمع ہوئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: اسم آلہ کبریٰ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مِمْدَادٌ. مِمْدَادَانِ. مَمَادِيْدُ. مُمَيْدِيْدٌ. مُمَيْدِيْدَةٌ

بحث اسم تفضیل مذکر

اَمَدُّ، اَمَدَّانِ، اَمَدُّوْنَ :۔ صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَمْدَدُ، اَمْدَدَانِ. اَمْدَدُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو اَمَدُّ، اَمَدَّانِ، اَمَدُّوْنَ بن گئے۔

اَمَادُّ، اُمَيْدٌّ:۔ صیغہ جمع مذکر مکسر، واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اَمَادِدُ اور اُمَيْدِدٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے۔ پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو اَمَادُّ. اور اُمَيْدٌّ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

مُدّٰی، مُدَّيَانِ، مُدَّيَاتٌ:۔ صیغہائے واحد، تثنیہ، جمع مونث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں مُدْدٰی، مُدْدَيَانِ، مُدْدَيَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدّٰی، مُدَّيَانِ، مُدَّيَاتٌ بن گئے۔

مُدَدٌ، مُدَيْدٰی:۔ صیغہ جمع مونث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا اَمَدَّهٗ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَمْدَدَهٗ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

أَمْدِدْ بِهٖ. مَدُدَ. مَدُدَتْ تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مَادٌّ ، مَادَّانِ ، مَادُّوْنَ :۔صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مَادِدٌ ، مَادِدَانِ ،مَادِدُوْنَ. تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دو متجانسین حروف میں سے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مَادٌّ ، مَادَّانِ ، مَادُّوْنَ بن گئے۔

مَدَّةٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مَدَدَةٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَدَّةٌ بن گیا۔

مُدَّادٌ، مُدَّدٌ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مُدٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مُدُدٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدٌّ بن گیا۔

مُدَّاءُ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مُـــدَدَاءُ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّاءُ بن گیا۔

مُدَّانٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں مُــدْدَانٌ تھا مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مُــدَّانٌ بن گیا۔

مِدَادٌ ، مُدُوْدٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مَادَّةٌ ، مَادَّتَانِ ، مَادَّاتٌ : صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مونث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مَادِدَةٌ مَادِدَتَانِ .مَادِدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَادَّةٌ مَادَّتَانِ ، مَادَّاتٌ بن گئے۔

مَوَادُّ .مُوَيْدٌّ. مُوَيْدَّةٌ :صیغہ ہائے جمع مؤنث مکسر و واحد مذکر و مونث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں مَــوَادِدُ، مُـوَيْــدِدٌ، مُـوَيْدِدَةٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے دال کی حرکت گرا کر پہلے دال کا دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مَوَادُّ مُوَيْدٌّ اور مُوَيْدَّةٌ بن گئے۔

مُدَّدٌ : صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَمْدُوْدٌ . مَمْدُوْدَانِ. مَمْدُوْدُوْنَ. مَمْدُوْدَةٌ. مَمْدُوْدَتَانِ. مَمْدُوْدَاتٌ. مَمَادِيْدُ. مُمَيْدِيْدٌ. مُمَيْدِيْدَةٌ.

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ يَضْرِبُ جیسے اَلْفِرَارُ (بھاگنا)

فِرَارٌ: صیغہ اسم مصدر۔ ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ. يَضْرِبُ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

فَرَّ. فَرَّا. فَرُّوْا. فَرَّتْ. فَرَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں فَرَرَ ، فَرَرَا ، فَرَرُوْا، فَرَرَتْ ، فَرَرَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: فَرَرْنَ. فَرَرْتَ. فَرَرْتُمَا. فَرَرْتُمْ. فَرَرْتِ. فَرَرْتُمَا. فَرَرْتُنَّ. فَرَرْتُ . فَرَرْنَا.

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

فُرَّ. فُرَّا. فُرُّوْا. فُرَّتْ. فُرَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں فُرِرَ ، فُرِرَا ، فُرِرُوْا، فُرِرَتْ ، فُرِرَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق ایک جنس کے دو متحرک حروف ایک کلمہ میں جمع ہو گئے پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: فُرِرْنَ. فُرِرْتَ. فُرِرْتُمَا. فُرِرْتُمْ. فُرِرْتِ. فُرِرْتُمَا. فُرِرْتُنَّ. فُرِرْتُ . فُرِرْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَفِرُّ. يَفِرَّانِ. يَفِرُّوْنَ. تَفِرُّ. تَفِرَّانِ. تَفِرُّ. تَفِرَّانِ. تَفِرُّوْنَ. تَفِرِّيْنَ. تَفِرَّانِ. اَفِرُّ. نَفِرُّ .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں يَفْرِرُ ، يَفْرِرَانِ، يَفْرِرُوْنَ، تَفْرِرُ، تَفْرِرَانِ. تَفْرِرُ ،

تَفْرِرَانِ تَفْرِرُوْنَ' تَفْرِرِیْنَ' تَفْرِرَانِ' اَفْرِرُ، نَفْرِرُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کی حرکت ماقبل کو دے کرپہلی را کا دوسری را میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ:صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے یَفْرِرْنَ. تَفْرِرْنَ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُفَرُّ. یُفَرَّانِ. یُفَرُّوْنَ. تُفَرُّ. تُفَرَّانِ. تُفَرُّ. تُفَرَّانِ. تُفَرُّوْنَ. تُفَرِّیْنَ. تُفَرَّانِ. اُفَرُّ. نُفَرُّ.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں یُفْرَرُ، یُفْرَرَانِ' یُفْرَرُوْنَ' تُفْرَرُ' تُفْرَرَانِ. تُفْرَرُ، تُفْرَرَانِ. تُفْرَرُوْنَ' تُفْرَرِیْنَ' تُفْرَرَانِ' اُفْرَرُ، نُفْرَرُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی راء کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلی راء کا دوسری راء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ:صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے یُفْرَرْنَ. تُفْرَرْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ' کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ یَفِرَّ. لَمْ تَفِرَّ. لَمْ اَفِرَّ. لَمْ نَفِرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں:لَمْ یَفِرِّ. لَمْ تَفِرِّ. لَمْ اَفِرِّ. لَمْ نَفِرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں:لَمْ یَفْرِرْ. لَمْ تَفْرِرْ. لَمْ اَفْرِرْ. لَمْ نَفْرِرْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ یُفَرَّ. لَمْ تُفَرَّ. لَمْ اُفَرَّ. لَمْ نُفَرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں:لَمْ یُفَرِّ. لَمْ تُفَرِّ. لَمْ اُفَرِّ. لَمْ نُفَرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ یُفْرَرْ. لَمْ تُفْرَرْ. لَمْ اُفْرَرْ. لَمْ نُفْرَرْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ یَفِرَّا. لَمْ یَفِرُّوْا. لَمْ تَفِرَّا. لَمْ تَفِرُّوْا. لَمْ تَفِرِّیْ. لَمْ تَفِرَّا.

اور مجہول میں: لَمْ یُفَرَّا. لَمْ یُفَرُّوْا. لَمْ تُفَرَّا. لَمْ تُفَرُّوْا. لَمْ تُفَرِّیْ. لَمْ تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:لَمْ یَفْرِرْنَ.

لَمْ تَفِرْنَ. اورمجہول میں لَمْ يُفَرَرْنَ. لَمْ تُفْرَرْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکرومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحدوجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَفِرَّ. لَنْ تَفِرَّ. لَنْ أَفِرَّ. لَنْ نَفِرَّ.

اورمجہول میں: لَنْ يُفَرَّ. لَنْ تُفَرَّ. لَنْ أُفَرَّ. لَنْ نُفَرَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَفِرَّا. لَنْ يَفِرُّوْا. لَنْ تَفِرَّا. لَنْ تَفِرُّوْا. لَنْ تَفِرِّيْ. لَنْ تَفِرَّا.

اورمجہول میں: لَنْ يُفَرَّا. لَنْ يُفَرُّوْا. لَنْ تُفَرَّا. لَنْ تُفَرُّوْا. لَنْ تُفَرِّيْ. لَنْ تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں: لَنْ يَفْرِرْنَ. لَنْ تَفْرِرْنَ. اورمجہول میں لَنْ يُفْرَرْنَ. لَنْ تُفْرَرْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکرومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحدوجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَفِرَّنَّ. لَتَفِرَّنَّ. لَأَفِرَّنَّ. لَنَفِرَّنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَفِرَّنْ. لَتَفِرَّنْ. لَأَفِرَّنْ. لَنَفِرَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُفَرَّنَّ. لَتُفَرَّنَّ. لَأُفَرَّنَّ. لَنُفَرَّنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُفَرَّنْ. لَتُفَرَّنْ. لَأُفَرَّنْ. لَنُفَرَّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گراکر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَفِرُّنَّ. لَتَفِرُّنَّ. لَيَفِرُّنْ. لَتَفِرُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَيُفَرُّنَّ. لَتُفَرُّنَّ. لَيُفَرُّنْ. لَتُفَرُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَفِرِّنَّ. لَتَفِرِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُفَرِّنَّ. لَتُفَرِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے ثقیلہ معروف میں: لَيَفِرَّانِّ. لَتَفِرَّانِّ. لَيَفْرِرْنَانِّ. لَتَفِرَّانِّ. لَتَفْرِرْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُفَرَّانِّ. لَتُفَرَّانِّ. لَيُفْرَرْنَانِّ. لَتُفَرَّانِّ. لَتُفْرَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

فِرَّ. فِرِّ. اِفْرِرْ:۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کر دیا تو دونوں راء ساکن ہو گئیں۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھا جا سکتا ہے۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے جیسے فِرَّ. فِرِّ. اِفْرِرْ.

فِرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو فِرَّا بن گیا۔

فِرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو فِرُّوْا بن گیا۔

فِرِّیْ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفِرِّيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو فِرِّیْ بن گیا۔

اِفْرِرْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَفْرِرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی تو فْرِرْنَ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِفْرِرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ

رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

لِتُفَرَّ. لِتُفَرِّ. لِتُفْرَرْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ لام امر کی وجہ سے دوسری راء بھی ساکن ہو گئی۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسری راء کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُفَرَّ. لِتُفَرِّ. لِتُفْرَرْ.

لِتُفَرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفَرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُفَرَّا بن گیا۔

لِتُفَرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفَرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُفَرُّوْا بن گیا۔

لِتُفَرِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُفَرِّیْ بن گیا۔

لِتُفْرَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُفْرَرْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے تو لِتُفْرَرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

ان کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ، کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَفِرَّ. لِیَفِرِّ. لِیَفْرِرْ. لِتَفِرَّ. لِتَفِرِّ. لِتَفْرِرْ. لِأَفِرَّ. لِأَفِرِّ. لِأَفْرِرْ. لِنَفِرَّ. لِنَفِرِّ. لِنَفْرِرْ.

اور مجہول میں: لِیُفَرَّ. لِیُفَرِّ. لِیُفْرَرْ. لِتُفَرَّ. لِتُفَرِّ. لِتُفْرَرْ. لِأُفَرَّ. لِأُفَرِّ. لِأُفْرَرْ. لِنُفَرَّ. لِنُفَرِّ. لِنُفْرَرْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَفِرَّا. لِیَفِرُّوْا. لِتَفِرَّا. اور مجہول میں: لِیُفَرَّا. لِیُفَرُّوْا. لِتُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَفْرِرْنَ.

اور مجہول میں: لِیُفْرَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لاَ تَفِرَّ. لاَ تَفِرِّ. لاَ تَفْرِرْ. اور مجہول میں: لاَ تُفَرَّ. لاَ تُفَرِّ. لاَ تُفْرَرْ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد' تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَفِرَّا. لاَ تَفِرُّوْا. لاَ تَفِرِّیْ. لاَ تَفِرَّا. اور مجہول میں: لاَ تُفَرَّا. لاَ تُفَرُّوْا. لاَ تُفَرِّیْ. لاَ تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَفْرِرْنَ اور مجہول میں لاَ تُفْرَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال پر فتحہ' کسرہ پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ یَفِرَّ. لاَ یَفِرِّ. لاَ یَفْرِرْ. لاَ تَفِرَّ. لاَ تَفِرِّ. لاَ تَفْرِرْ. لاَ أَفِرَّ. لاَ أَفِرِّ. لاَ أَفْرِرْ. لاَ نَفِرَّ. لاَ نَفِرِّ. لاَ نَفْرِرْ. اور مجہول میں: لاَ یُفَرَّ. لاَ یُفَرِّ. لاَ یُفْرَرْ. لاَ تُفَرَّ. لاَ تُفَرِّ. لاَ تُفْرَرْ. لاَ أُفَرَّ. لاَ أُفَرِّ. لاَ أُفْرَرْ. لاَ نُفَرَّ. لاَ نُفَرِّ. لاَ نُفْرَرْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَفِرَّا. لَا یَفِرُّوْا. لَا تَفِرَّا. اور مجہول میں: لَا یُفَرَّا. لَا یُفَرُّوْا. لَا تُفَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا یَفْرِرْنَ.

اور مجہول میں: لَا یُفْرَرْنَ.

بحث اسم ظرف

مَفِرٌّ. مَفِرَّانِ: ۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَفْرِرٌ. مَفْرِرَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَفَارُّ. مُفَیْرٌّ: ۔صیغہ جمع و واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مَفَارِرُ. مُفَیْرِرٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم آلہ

مِفَرٌّ. مِفَرَّانِ. مِفَرَّةٌ. مِفَرَّتَانِ: صیغہائے واحد و تثنیہ اسم آلہ صغریٰ و وسطیٰ۔

اصل میں مِفْرَرٌ. مِفْرَرَانِ. مِفْرَرَةٌ. مِفْرَرَتَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَفَارُّ. مُفَیْرٌّ. مَفَارُّ. مُفَیْرَّةٌ: ۔صیغہائے جمع و واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ و وسطیٰ۔

اصل میں مَفَارِرُ. مُفَیْرِرٌ. مَفَارِرُ. مُفَیْرِرَةٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کو ساکن کر کے دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اسم آلہ کبریٰ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مِفْرَارٌ. مِفْرَارَانِ. مَفَارِیْرُ. مُفَیْرِیْرٌ. مُفَیْرِیْرَةٌ.

بحث اسم تفضیل مذکر

اَفَرُّ ، اَفَرَّانِ ، اَفَرُّوْنَ: ۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَفْرَرُ ، اَفْرَرَانِ . اَفْرَرُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اَفَارُّ ، اُفَیْرٌّ: ۔صیغہ جمع مذکر مکسر، واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اَفَارِرُ اور اُفَیْرِرٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کو ساکن کر کے دوسرے حرف میں

ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

فُرّٰی ، فُرَّیَانِ ، فُرَّیَاتٌ :۔صیغہائے واحد، تثنیہ، جمع مونث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں فُرْرٰی ، فُرْرَیَانِ ، فُرْرَیَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

فُرَرٌ، فُرَیْرٰی:۔صیغہ جمع مونث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا اَفَرَّہٗ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَفْرَرَہٗ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

اَفْرِرْبِہٖ. فَرُرَ. فَرُرَتْ. تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

فَارٌّ ، فَارَّانِ ، فَارُّوْنَ :۔صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں فَارِرٌ ، فَارِرَانِ ،فَارِرُوْنَ. تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دو متجانسین حروف میں سے پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

فَرَّۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فَرَرَۃٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو فَرَّۃٌ بن گیا۔

فُرَّارٌ، فُرَّرٌ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

فُرٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فُرْرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو فُرٌّ بن گیا۔

فُرَّاءُ :۔جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فُرَرَاءُ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا

تو فُرَّاءُ بن گیا۔

فُرَّانٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں فُـرْرَانٌ تھا مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو فُـرَّانٌ بن گیا۔

فِرَارٌ ، فُرُوْرٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

فَارَّةٌ ، فَارَّتَانِ ، فَارَّاتٌ : صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مونث سالم اسم فاعل۔

اصل میں فَـارِرَـةٌ' فَارِرَتَانِ . فَارِرَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو فَارَّةٌ فَارَّتَانِ ، فَارَّاتٌ بن گئے۔

فَوَارُّ .فُوَيْرٌ. فُوَيْرَّةٌ :صیغہ ہائے جمع مؤنث مکسر وواحد مذکر ومونث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں فَـوَارِرُ' فُوَيْرِرٌ' فُوَيْرِرَةٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

فُرَّرٌ : صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَـفْـرُوْرٌ . مَـفْـرُوْرَانِ. مَـفْـرُوْرُوْنَ. مَفْرُورَةٌ. مَفْرُوْرَتَانِ. مَفْرُوْرَاتٌ. مَفَارِيْرُ. مُفَيْرِيْرٌ. مُفَيْرِيْرَةٌ.

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب سَمِعَ يَسْمَعُ
جیسے اَلْبِرُّ (نیکی کرنا)

بِرٌّ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب سَمِعَ يَسْمَعُ

اصل میں بِرْرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو بِرٌّ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

بَرَّ. بَرَّا. بَرُّوْا. بَرَّتْ. بَرَّتَا: صیغہ واحد' تثنیہ' جمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں بَـرِرَ ، بَـرِرَا ، بَـرِرُوْا، بَرِرَتْ ، بَرِرَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: بَرِرْنَ. بَرِرْتَ. بَرِرْتُمَا. بَرِرْتُمْ. بَرِرْتِ. بَرِرْتُمَا. بَرِرْتُنَّ. بَرِرْتُ . بَرِرْنَا.

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

بُرَّ. بُرَّا. بُرُّوْا. بُرَّتْ. بُرَّتَا: صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں بُـرِرَ ، بُـرِرَا ، بُـرِرُوْا، بُرِرَتْ ، بُرِرَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت گرا کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: بُرِرْنَ. بُرِرْتَ. بُرِرْتُمَا. بُرِرْتُمْ. بُرِرْتِ. بُرِرْتُمَا. بُرِرْتُنَّ. بُرِرْتُ . بُرِرْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَبَرُّ. يَبَرَّانِ. يَبَرُّوْنَ. تَبَرُّ. تَبَرَّانِ. تَبَرُّ. تَبَرَّانِ. تَبَرُّوْنَ. تَبَرِّيْنَ. تَبَرَّانِ. اَبَرُّ. نَبَرُّ .

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں يَبْـرَرُ ، يَبْـرَرَانِ، يَبْـرَرُوْنَ، تَبْـرَرُ، تَبْـرَرَانِ . تَبْـرَرُ ، تَبْـرَرَانِ. تَبْـرَرُوْنَ، تَبْـرَرِيْنَ، تَبْرَرَانِ، اَبْرَرُ ، نَبْرَرُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: يَبْرَرْنَ. تَبْرَرْنَ .

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُبَرُّ. يُبَرَّانِ. يُبَرُّوْنَ. تُبَرُّ. تُبَرَّانِ. تُبَرُّ. تُبَرَّانِ. تُبَرُّوْنَ. تُبَرِّيْنَ. تُبَرَّانِ. اُبَرُّ. نُبَرُّ .

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے علاوہ باقی صیغے اصل میں يُبْـرَرُ ، يُبْـرَرَانِ، يُبْـرَرُوْنَ، تُبْـرَرُ، تُبْـرَرَانِ . تُبْـرَرُ ، تُبْرَرَانِ تُبْـرَرُوْنَ، تُبْـرَرِيْنَ، تُبْرَرَانِ، اُبْرَرُ ، نُبْرَرُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: يُبْرَرْنَ. تُبْرَرْنَ .

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے

قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ، کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَبَرَّ. لَمْ تَبَرَّ. لَمْ أَبَرَّ. لَمْ نَبَرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَبَرِّ. لَمْ تَبَرِّ. لَمْ أَبَرِّ. لَمْ نَبَرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ يَبْرَرْ. لَمْ تَبْرَرْ. لَمْ أَبْرَرْ. لَمْ نَبْرَرْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُبَرَّ. لَمْ تُبَرَّ. لَمْ أُبَرَّ. لَمْ نُبَرَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُبَرِّ. لَمْ تُبَرِّ. لَمْ أُبَرِّ. لَمْ نُبَرِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ يُبْرَرْ. لَمْ تُبْرَرْ. لَمْ أُبْرَرْ. لَمْ نُبْرَرْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَبَرَّا. لَمْ يَبَرُّوْا. لَمْ تَبَرَّا. لَمْ تَبَرُّوْا. لَمْ تَبَرِّيْ. لَمْ تَبَرَّا.

اور مجہول میں: لَمْ يُبَرَّا. لَمْ يُبَرُّوْا. لَمْ تُبَرَّا. لَمْ تُبَرُّوْا. لَمْ تُبَرِّيْ. لَمْ تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَبْرَرْنَ. لَمْ تَبْرَرْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُبْرَرْنَ. لَمْ تُبْرَرْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّبَرَّ. لَنْ تَبَرَّ. لَنْ أَبَرَّ. لَنْ نَّبَرَّ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّبَرَّ. لَنْ تُبَرَّ. لَنْ أُبَرَّ. لَنْ نُّبَرَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّبَرَّا. لَنْ يَّبَرُّوْا. لَنْ تَبَرَّا. لَنْ تَبَرُّوْا. لَنْ تَبَرِّيْ. لَنْ تَبَرَّا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّبَرَّا. لَنْ يُّبَرُّوْا. لَنْ تُبَرَّا. لَنْ تُبَرُّوْا. لَنْ تُبَرِّيْ. لَنْ تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّبْرَرْنَ. لَنْ تَبْرَرْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّبْرَرْنَ. لَنْ تُبْرَرْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَبَرَّنَّ. لَتَبَرَّنَّ. لَأَبَرَّنَّ. لَنَبَرَّنَّ .

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَبَرَّنْ. لَتَبَرَّنْ. لَأَبَرَّنْ. لَنَبَرَّنْ .

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُبَرَّنَّ. لَتُبَرَّنَّ. لَأُبَرَّنَّ. لَنُبَرَّنَّ .

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُبَرَّنْ. لَتُبَرَّنْ. لَأُبَرَّنْ. لَنُبَرَّنْ .

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَبَرُّنَّ. لَتَبَرُّنَّ. لَيَبَرُّنْ. لَتَبَرُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَيُبَرُّنَّ. لَتُبَرُّنَّ. لَيُبَرُّنْ. لَتُبَرُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَبَرِّنَّ. لَتَبَرِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُبَرِّنَّ. لَتُبَرِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَبَرَّانِّ. لَتَبَرَّانِّ. لَيَبْرَرْنَانِّ. لَتَبَرَّانِّ. لَتَبْرَرْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُبَرَّانِّ. لَتُبَرَّانِّ. لَيُبْرَرْنَانِّ. لَتُبَرَّانِّ. لَتُبْرَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

بَرَّ، بَرِّ، اِبْرَرْ:۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدہ الاحرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کردیا تو دونوں را ساکن ہوگئیں۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق آخری حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھا جاسکتا ہے۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے جیسے بَرَّ. بَرِّ. اِبْرَرْ .

بَرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بَرَّا بن گیا۔

بَرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف ۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بَرُّوْا بن گیا۔

بَرِّیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبَرِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بَرِّیْ بن گیا۔

اِبْرَرْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبْرَرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی تو بْـرَرْنَ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِبْـرَرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

لِتُبَرَّ. لِتُبَرِّ. لِتُبْرَرْ. صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کردیا۔ لام امر کی وجہ سے دوسرا حرف بھی ساکن ہوگیا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُبَرَّ. لِتُبَرِّ. لِتُبْرَرْ.

لِتُبَرَّا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبَـرَّانِ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُبَرَّا بن گیا۔

لِتُبَرُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبَـرُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِتُبَرُّوْا بن گیا۔

لِتُبَرِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبَـرِّیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو لِتُبَرِّیْ بن گیا۔

لِتُبْرِرْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر مجہول۔

اس کو فعل مضارع حاضر مجہول تُبْرِرْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے تو لِتُبْرِرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

ان بحثوں کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَبَرَّ. لِیَبَرِّ. لِیَبْرَرْ. لِتَبَرَّ. لِتَبَرِّ. لِتَبْرَرْ. لِاَبَرَّ. لِاَبَرِّ. لِاَبْرَرْ. لِنَبَرَّ. لِنَبَرِّ. لِنَبْرَرْ.

اور مجہول میں: لِیُبَرَّ. لِیُبَرِّ. لِیُبْرَرْ. لِتُبَرَّ. لِتُبَرِّ. لِتُبْرَرْ. لِاُبَرَّ. لِاُبَرِّ. لِاُبْرَرْ. لِنُبَرَّ. لِنُبَرِّ. لِنُبْرَرْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَبَرَّا. لِیَبَرُّوْا. لِتَبَرَّا. اور مجہول میں: لِیُبَرَّا. لِیُبَرُّوْا. لِتُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَبْـــرَرْنَ. اور مجہول میں: لِیُبْرَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ معروف و مجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لَا تَبَرَّ. لَا تَبَرِّ. لَا تَبْرَرْ. اور مجہول میں: لَا تُبَرَّ. لَا تُبَرِّ. لَا تُبْرَرْ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَبَرَّا. لَا تَبَرُّوْا. لَا تَبَرِّیْ. لَا تَبَرَّا. اور مجہول میں: لَا تُبَرَّا. لَا تُبَرُّوْا. لَا تُبَرِّیْ. لَا تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ تَبْرُرْنَ اور مجہول میں لاَ تُبْرَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لاَ یَبَرَّ. لاَ یَبَرِّ. لاَ یَبْرُرْ. لاَ تَبَرَّ. لاَ تَبَرِّ. لاَ تَبْرُرْ. لاَ اَبَرَّ. لاَ اَبَرِّ. لاَ اَبْرُرْ. لاَ نَبَرَّ. لاَ نَبَرِّ. لاَ نَبْرُرْ.

اور مجہول میں: لاَ یُبَرَّ. لاَ یُبَرِّ. لاَ یُبْرَرْ. لاَ تُبَرَّ. لاَ تُبَرِّ. لاَ تُبْرَرْ. لاَ اُبَرَّ. لاَ اُبَرِّ. لاَ اُبْرَرْ. لاَ نُبَرَّ. لاَ نُبَرِّ. لاَ نُبْرَرْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَبَرَّا. لاَ یَبَرُّوْا. لاَ تَبَرَّا. اور مجہول میں: لاَ یُبَرَّا. لاَ یُبَرُّوْا. لاَ تُبَرَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لاَ یَبْرُرْنَ. اور مجہول میں: لاَ یُبْرَرْنَ.

بحث اسم ظرف

مَبَرٌّ: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَبْرَرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَرٌّ بن گیا۔

مَبَرَّانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَبْــرَرَانِ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَرَّانِ بن گیا۔

مَبَارُّ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کو ساکن کر کے دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَارُّ بن گیا۔

مُبَیْرِرٌ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُبَیْرِرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مُبَیْرٌّ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِبَرٌّ :۔ صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِبْرَرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مِبَرٌّ بن گیا۔

مِبَرَّانِ : صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِبْــرَرَانِ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مِبَرَّانِ بن گیا۔

مَبَارٌّ : صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَارُّ بن گیا۔

مُبَیْرٌّ : صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُبَیْرِرٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مُبَیْرٌّ بن گیا۔

مِبَرَّةٌ. مِبَرَّتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِبْرَرَةٌ. مِبْرَرَتَانِ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مِبَرَّةٌ. مِبَرَّتَانِ بن گئے۔

مَبَارُّ : صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مَبَارُّ بن گیا۔

مُبَیْرَّةٌ : صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُبَیْــرِرَةٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کر دیا تو مُبَیْــرَّةٌ بن گیا۔

نوٹ: اسم آلہ کبریٰ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مِبْرَارٌ. مِبْرَارَانِ. مَبَارِیْرُ. مُبَیْرِیْرٌ. اور مُبَیْرِیْرَةٌ ..

بحث اسم تفضیل مذکر

أَبَرُّ. أَبَرَّانِ. أَبَرُّوْنَ:۔ صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں أَبْرَرُ. أَبْرَرَانِ. أَبْرَرُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلی را کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری را میں ادغام کردیا تو أَبَرُّ. أَبَرَّانِ. أَبَرُّوْنَ بن گئے۔

أَبَارُّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں أَبَارِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو أَبَارُّ بن گیا۔

أُبَيِّرُ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں أُبَيْرِرُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو أُبَيِّرُ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

بُرّٰی. بُرَّيَانِ. بُرَّيَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں بُرْرٰی. بُرْرَيَانِ. بُرْرَيَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی را کا دوسری را میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بُرَرٌ. بُرَيْرٰی: صیغہ جمع مؤنث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا أَبَرَّهٗ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا أَبْرَرَهٗ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے حرف کی حرکت ماقبل کو دے کر دوسرے حرف میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

أَبْرِرْبِهٖ. بَرُرَ. بَرُرَتْ تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

بَارٌّ. بَارَّانِ. بَارُّوْنَ:۔ صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں بَارِرٌ. بَارِرَانِ. بَارِرُوْنَ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بَرَّةٌ. صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بَـرَرَةٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو بَـرَّةٌ بن گیا۔

بُرَّارٌ . بُرَّرٌ : صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہیں۔

بُرٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُرُرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی را کا دوسری را میں ادغام کردیا تو بُرٌّ بن گیا۔

بُرَّاءُ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُـرَرَاءُ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلی را کا فتحہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو بُـرَّاءُ بن گیا۔

بُرَّانٌ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُرْرَانٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی را کا دوسری را میں ادغام کردیا تو بُرَّانٌ بن گیا۔

بِرَارٌ. بُرُوْرٌ. صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بُرَيْرٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں بُرَيْرِرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو بُرَيْرٌّ بن گیا۔

بَارَّةٌ. بَارَّتَانِ. بَارَّاتٌ. صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں بَـارِرَةٌ. بَارِرَتَانِ. بَارِرَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بَوَارٌّ : صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بَـوَارِرٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو بَـوَارٌّ بن گیا۔

بُرَّرٌ. صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بُرَيْرَةٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں بُرَيْرِرَةٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق پہلی را کا کسرہ گرا کر دوسری را میں ادغام کردیا تو بُرَيْرَّةٌ

بن گیا۔

بحث اسم مفعول

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَبْـرُوْرٌ . مَبْـرُوْرَانِ. مَبْـرُوْرُوْنَ. مَبْـرُوْرَةٌ. مَبْـرُوْرَتَـانِ. مَبْرُوْرَاتٌ. مَبَارِيْرُ. مُبَيْرِيْرٌ. مُبَيْرِيْرَةٌ.

☆☆☆☆

ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مضاعف ثلاثی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلْاِمْتِدَادُ (لمبا ہونا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِمْتَدَّ. اِمْتَدَّا . اِمْتَدُّوْا. اِمْتَدَّتْ. اِمْتَدَّتَا: صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِمْتَـدَدَ . اِمْتَدَدَا. اِمْتَدَدُوْا. اِمْتَدَدَتْ. اِمْتَدَدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِمْتَدَدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اِمْتَـدَدْتَّ. اِمْتَـدَدْتُّمَا. اِمْتَدَدْتُّمْ. اِمْتَدَدْتِّ. اِمْتَدَدْتُّمَا. اِمْتَدَدْتُّنَّ. اِمْتَدَدْتُّ. (صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم)

اصل میں اِمْتَـدَدْتَ. اِمْتَـدَدْتُمَا. اِمْتَدَدْتُمْ. اِمْتَدَدْتِ. اِمْتَدَدْتُمَا. اِمْتَدَدْتُنَّ. اِمْتَدَدْتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِمْتَدَدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُمْتُدَّ. اُمْتُدَّا . اُمْتُدُّوْا. اُمْتُدَّتْ. اُمْتُدَّتَا: صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُمْتُـدِدَ . اُمْتُدِدَا. اُمْتُدِدُوْا. اُمْتُدِدَتْ. اُمْتُدِدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُمْتُدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اُمْتُـدِدْتَّ. اُمْتُـدِدْتُّمَا. اُمْتُدِدْتُّمْ. اُمْتُدِدْتِّ. اُمْتُدِدْتُّمَا. اُمْتُدِدْتُّنَّ. اُمْتُدِدْتُّ. (صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم)

اصل میں اُمْتُـدِدْتَ. اُمْتُـدِدْتُـمَا. اُمْتُدِدْتُمْ. اُمْتُدِدْتِ. اُمْتُدِدْتُمَا. اُمْتُدِدْتُنَّ. اُمْتُدِدْتُ تھے۔ مضاعف کے

قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تا میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔
اُمْتُدِدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے صیغوں کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں يَمْتَدِدُ. يَمْتَدِدَانِ. يَمْتَدِدُوْنَ. تَمْتَدِدُ. تَمْتَدِدَانِ. تَمْتَدِدُ. تَمْتَدِدَانِ. تَمْتَدِدُوْنَ. تَمْتَدِدِيْنَ. تَمْتَدِدَانِ . اَمْتَدِدُ. نَمْتَدِدُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو يَمْتَدُّ. يَمْتَدَّانِ. يَمْتَدُّوْنَ. تَمْتَدُّ. تَمْتَدَّانِ. تَمْتَدُّ. تَمْتَدَّانِ. تَمْتَدُّوْنَ. تَمْتَدِّيْنَ. تَمْتَدَّانِ . اَمْتَدُّ. نَمْتَدُّ. بن گئے۔
صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: يَمْتَدِدْنَ. تَمْتَدِدْنَ .

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے صیغوں کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں يُمْتَدَدُ. يُمْتَدَدَانِ. يُمْتَدَدُوْنَ. تُمْتَدَدُ. تُمْتَدَدَانِ. تُمْتَدَدُ. تُمْتَدَدَانِ. تُمْتَدَدُوْنَ. تُمْتَدَدِيْنَ. تُمْتَدَدَانِ . اُمْتَدَدُ. نُمْتَدَدُ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو يُمْتَدُّ. يُمْتَدَّانِ. يُمْتَدُّوْنَ. تُمْتَدُّ. تُمْتَدَّانِ. تُمْتَدُّ. تُمْتَدَّانِ. تُمْتَدُّوْنَ. تُمْتَدِّيْنَ. تُمْتَدَّانِ . اُمْتَدُّ. نُمْتَدُّ بن گئے۔
صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: يُمْتَدَدْنَ. تُمْتَدَدْنَ .

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ، کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔
آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَمْتَدَّ. لَمْ تَمْتَدَّ . لَمْ اَمْتَدَّ. لَمْ نَمْتَدَّ.
آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَمْتَدِّ. لَمْ تَمْتَدِّ . لَمْ اَمْتَدِّ. لَمْ نَمْتَدِّ.
ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ يَمْتَدِدْ. لَمْ تَمْتَدِدْ . لَمْ اَمْتَدِدْ. لَمْ نَمْتَدِدْ.
آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُمْتَدَّ. لَمْ تُمْتَدَّ . لَمْ اُمْتَدَّ. لَمْ نُمْتَدَّ.
آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُمْتَدِّ. لَمْ تُمْتَدِّ . لَمْ اُمْتَدِّ. لَمْ نُمْتَدِّ.
ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ يُمْتَدَدْ. لَمْ تُمْتَدَدْ . لَمْ اُمْتَدَدْ. لَمْ نُمْتَدَدْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَمْتَدَّا. لَمْ یَمْتَدُّوْا. لَمْ تَمْتَدَّا. لَمْ تَمْتَدُّوْا. لَمْ تَمْتَدِّیْ. لَمْ تَمْتَدَّا.

اور مجہول میں: لَمْ یُمْتَدَّا. لَمْ یُمْتَدُّوْا. لَمْ تُمْتَدَّا. لَمْ تُمْتَدُّوْا. لَمْ تُمْتَدِّیْ. لَمْ تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ. یَمْتَدِدْنَ. لَمْ تَمْتَدِدْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُمْتَدَدْنَ. لَمْ تُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّمْتَدَّ. لَنْ تَمْتَدَّ. لَنْ اَمْتَدَّ. لَنْ نَّمْتَدَّ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّمْتَدَّ. لَنْ تُمْتَدَّ. لَنْ اُمْتَدَّ. لَنْ نُّمْتَدَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّمْتَدَّا. لَنْ یَّمْتَدُّوْا. لَنْ تَمْتَدَّا. لَنْ تَمْتَدُّوْا. لَنْ تَمْتَدِّیْ. لَنْ تَمْتَدَّا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّمْتَدَّا. لَنْ یُّمْتَدُّوْا. لَنْ تُمْتَدَّا. لَنْ تُمْتَدُّوْا. لَنْ تُمْتَدِّیْ. لَنْ تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّمْتَدِدْنَ. لَنْ تَمْتَدِدْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّمْتَدَدْنَ. لَنْ تُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَمْتَدَّنَّ. لَتَمْتَدَّنَّ. لَاَمْتَدَّنَّ. لَنَمْتَدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَمْتَدَّنْ. لَتَمْتَدَّنْ. لَاَمْتَدَّنْ. لَنَمْتَدَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُمْتَدَّنَّ. لَتُمْتَدَّنَّ. لَاُمْتَدَّنَّ. لَنُمْتَدَّنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں :لَیُمْتَدَّنْ. لَتُمْتَدَّنْ. لَاُمْتَدَّنْ. لَنُمْتَدَّنْ .

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کرنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تا کہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں :لَیَمْتَدُّنَّ. لَتَمْتَدُّنَّ. لَیَمْتَدُّنْ. لَتَمْتَدُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں :لَیُمْتَدُّنَّ. لَتُمْتَدُّنَّ. لَیُمْتَدُّنْ. لَتُمْتَدُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کرنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں :لَتَمْتَدِّنَّ. لَتَمْتَدِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُمْتَدِّنَّ. لَتُمْتَدِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَمْتَدَّانِّ. لَتَمْتَدَّانِّ. لَیَمْتَدِدْنَانِّ. لَتَمْتَدَّانِّ. لَتَمْتَدِدْنَانِّ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں :لَیُمْتَدَّانِّ. لَتُمْتَدَّانِّ. لَیُمْتَدَدْنَانِّ. لَتُمْتَدَّانِّ. لَتُمْتَدَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِمْتَدَّ ، اِمْتَدِّ ، اِمْتَدِدْ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو گئے۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے دال کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے۔اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے جیسے: اِمْتَدَّ ، اِمْتَدِّ ، اِمْتَدِدْ۔

اِمْتَدَّا : صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِمْتَدَّا بن گیا۔

اِمْتَدُّوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَمْتَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِمْتَدُّوْا بن گیا۔

اِمْتَدِّیْ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـمْـتَـدِّیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِمْتَدِّیْ بن گیا۔

اِمْتَدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـمْـتَدِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِمْتَدِدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُـمْـتَـدَّ. لِتُـمْـتَـدِّ. لِتُمْتَدَدْ.

چار صیغوں (تثنیہ، جمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لِتُـمْـتَدَّا. لِتُمْتَدُّوْا. لِتُمْتَدِّیْ. لِتُمْتَدَّا صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لِتُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَـمْـتَـدَّ. لِتَـمْـتَـدَّ. لِأَمْـتَـدَّ. لِـنَـمْـتَـدَّ. لِیَمْتَدِّ. لِتَمْتَدِّ. لِأَمْتَدِّ. لِنَمْتَدِّ. لِیَمْتَدِدْ. لِتَمْتَدِدْ. لِأَمْتَدِدْ. لِنَمْتَدِدْ. اور مجہول میں: لِیُـمْـتَـدَّ. لِتُمْتَدَّ. لِأُمْتَدَّ. لِنُمْتَدَّ. لِیُمْتَدِّ. لِتُمْتَدِّ. لِأُمْتَدِّ. لِنُمْتَدِّ. لِیُمْتَدَدْ. لِتُمْتَدَدْ. لِأُمْتَدَدْ. لِنُمْتَدَدْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَمْتَدَّا. لِیَمْتَدُّوْا. لِتَمْتَدَّا. اور مجہول میں: لِیُمْتَدَّا. لِیُمْتَدُّوْا. لِتُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَمْتَدِدْنَ. اورمجہول میں: لِيُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دوساکن جمع ہوجائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کوفتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کوبغیرادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لَا تَمْتَدَّ. لَا تَمْتَدِّ. لَا تَمْتَدِدْ. اورمجہول میں: لَا تُمْتَدَّ. لَا تُمْتَدِّ. لَا تُمْتَدَدْ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَمْتَدَّا. لَا تَمْتَدُّوْا. لَا تَمْتَدِّىْ. لَا تَمْتَدَّا. اورمجہول میں: لَا تُمْتَدَّا. لَا تُمْتَدُّوْا. لَا تُمْتَدِّىْ. لَا تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَمْتَدِدْنَ اورمجہول میں لَا تُمْتَدَدْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہوجائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کوفتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کوبغیرادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لَا يَمْتَدَّ. لَا تَمْتَدَّ. لَا أَمْتَدَّ. لَا نَمْتَدَّ. لَا يَمْتَدِّ. لَا تَمْتَدِّ. لَا أَمْتَدِّ. لَا نَمْتَدِّ. لَا يَمْتَدِدْ. لَا تَمْتَدِدْ. لَا أَمْتَدِدْ. لَا نَمْتَدِدْ. اورمجہول میں: لَا يُمْتَدَّ. لَا تُمْتَدَّ. لَا أُمْتَدَّ. لَا نُمْتَدَّ. لَا يُمْتَدِّ. لَا تُمْتَدِّ. لَا أُمْتَدِّ. لَا نُمْتَدِّ. لَا يُمْتَدَدْ. لَا تُمْتَدَدْ. لَا أُمْتَدَدْ. لَا نُمْتَدَدْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَمْتَدَّا. لَا يَمْتَدُّوْا. لَا تَمْتَدَّا. اورمجہول میں: لَا يُمْتَدَّا. لَا يُمْتَدُّوْا. لَا تُمْتَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا يَمْتَدِدْنَ. اورمجہول میں: لَا يُمْتَدَدْنَ.

بحث اسم ظرف

مُمْتَدٌّ. مُمْتَدَّانِ. مُمْتَدَّاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُمْتَدَدٌ. مُمْتَدَدَانِ. مُمْتَدَدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُمْتَدٌّ. مُمْتَدَّانِ. مُمْتَدُّوْنَ. مُمْتَدَّةٌ. مُمْتَدَّتَانِ. مُمْتَدَّاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُمْتَدِدٌ. مُمْتَدِدَانِ. مُمْتَدِدُوْنَ. مُمْتَدِدَةٌ. مُمْتَدِدَتَانِ. مُمْتَدِدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُمْتَدٌّ. مُمْتَدَّانِ. مُمْتَدُّوْنَ. مُمْتَدَّةٌ. مُمْتَدَّتَانِ. مُمْتَدَّاتٌ:صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُمْتَدَدٌ. مُمْتَدَدَانِ. مُمْتَدَدُوْنَ. مُمْتَدَدَةٌ. مُمْتَدَدَتَانِ. مُمْتَدَدَاتٌ تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مضاعف ثلاثی از باب اِسْتِفْعَالٌ

جیسے اَلْاِسْتِمْدَادُ (مدد چاہنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَمَدَّ. اِسْتَمَدَّا . اِسْتَمَدُّوْا. اِسْتَمَدَّتْ. اِسْتَمَدَّتَا:۔صیغہائے واحد' تثنیہ وجمع مذکر غائب' واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَمْدَدَ . اِسْتَمْدَدَا. اِسْتَمْدَدُوْا. اِسْتَمْدَدَتْ. اِسْتَمْدَدَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِسْتَمْدَدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اِسْتَمْدَدْتَ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُمْ. اِسْتَمْدَدْتِ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُنَّ. اِسْتَمْدَدْتُ. صیغہائے واحد' تثنیہ جمع مذکر ومؤنث حاضر' واحد متکلم۔

اصل میں اِسْتَمْدَدْتَ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُمْ. اِسْتَمْدَدْتِ. اِسْتَمْدَدْتُمَا. اِسْتَمْدَدْتُنَّ.

اِسۡتَمۡدَدۡتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تا میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِسۡتَمۡدَدۡنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسۡتُـمِـدَّ. اُسۡتُـمِدَّا . اُسۡتُمِدُّوۡا. اُسۡتُمِدَّتۡ. اُسۡتُمِدَّتَا :۔ صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُسۡتُـمۡـدِدَ . اُسۡتُمۡدِدَا. اُسۡتُمۡدِدُوۡا. اُسۡتُمۡدِدَتۡ. اُسۡتُمۡدِدَتَا تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُسۡتُمۡدِدۡنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اُسۡتُمۡدِدۡتَّ. اُسۡتُمۡدِدۡتُّمَا. اُسۡتُمۡدِدۡتُّمۡ. اُسۡتُمۡدِدۡتِّ. اُسۡتُمۡدِدۡتُّمَا. اُسۡتُمۡدِدۡتُّنَّ. اُسۡتُمۡدِدۡتُّ. صیغہائے واحد، تثنیہ جمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم

اصل میں اُسۡتُـمۡدِدۡتَ. اُسۡتُمۡدِدۡتُمَا. اُسۡتُمۡدِدۡتُمۡ. اُسۡتُمۡدِدۡتِ. اُسۡتُمۡدِدۡتُمَا. اُسۡتُمۡدِدۡتُنَّ. اُسۡتُمۡدِدۡتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُسۡتُمۡدِدۡنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یَسۡتَـمۡـدِدُ. یَسۡتَـمۡـدِدَانِ. یَسۡتَـمۡـدِدُوۡنَ. تَسۡتَـمۡـدِدُ. تَسۡتَـمۡـدِدَانِ. تَسۡتَمۡـدِدُ. تَسۡتَـمۡـدِدَانِ. تَسۡتَـمۡـدِدُوۡنَ. تَسۡتَمۡدِدِیۡنَ. تَسۡتَـمۡـدِدَانِ . اَسۡتَمۡدِدُ. نَسۡتَمۡدِدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو یَسۡتَـمِدُّ. یَسۡتَمِدَّانِ. یَسۡتَمِدُّوۡنَ. تَسۡتَمِدُّ. تَسۡتَمِدَّانِ. تَسۡتَمِدُّ. تَسۡتَمِدَّانِ. تَسۡتَمِدُّوۡنَ. تَسۡتَمِدِّیۡنَ. تَسۡتَمِدَّانِ . اَسۡتَمِدُّ. نَسۡتَمِدُّ بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے یَسۡتَمۡدِدۡنَ. تَسۡتَمۡدِدۡنَ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یُسۡتَـمۡـدَدُ. یُسۡتَـمۡـدَدَانِ. یُسۡتَـمۡـدَدُوۡنَ. تُسۡتَـمۡـدَدُ. تُسۡتَـمۡـدَدَانِ. تُسۡتَـمۡـدَدُ. تُسۡتَـمۡـدَدَانِ. تُسۡتَـمۡـدَدُوۡنَ. تُسۡتَـمۡـدَدِیۡنَ. تُسۡتَـمۡـدَدَانِ . اُسۡتَمۡدَدُ. نُسۡتَمۡدَدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کردیا تو

يُسْتَمَدُّ. يُسْتَمَدَّانِ. يُسْتَمَدُّوْنَ. تُسْتَمَدُّ. تُسْتَمَدَّانِ. تُسْتَمَدُّ. تُسْتَمَدَّانِ. تُسْتَمَدُّوْنَ. تُسْتَمَدِّيْنَ. تُسْتَمَدَّانِ. اُسْتَمَدُّ. نُسْتَمَدُّ بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: يُسْتَمْدَدْنَ. تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کے آخر کو فتحہ، کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمِدَّ. لَمْ تَسْتَمِدَّ. لَمْ اَسْتَمِدَّ. لَمْ نَسْتَمِدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمِدِّ. لَمْ تَسْتَمِدِّ. لَمْ اَسْتَمِدِّ. لَمْ نَسْتَمِدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمْدِدْ. لَمْ تَسْتَمْدِدْ. لَمْ اَسْتَمْدِدْ. لَمْ نَسْتَمْدِدْ.

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُسْتَمَدَّ. لَمْ تُسْتَمَدَّ. لَمْ اُسْتَمَدَّ. لَمْ نُسْتَمَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے مجہول میں: لَمْ يُسْتَمَدِّ. لَمْ تُسْتَمَدِّ. لَمْ اُسْتَمَدِّ. لَمْ نُسْتَمَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے مجہول میں: لَمْ يُسْتَمْدَدْ. لَمْ تُسْتَمْدَدْ. لَمْ اُسْتَمْدَدْ. لَمْ نُسْتَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے، ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمِدَّا. لَمْ يَسْتَمِدُّوْا. لَمْ تَسْتَمِدَّا. لَمْ تَسْتَمِدُّوْا. لَمْ تَسْتَمِدِّيْ. لَمْ تَسْتَمِدَّا.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَمَدَّا. لَمْ يُسْتَمَدُّوْا. لَمْ تُسْتَمَدَّا. لَمْ تُسْتَمَدُّوْا. لَمْ تُسْتَمَدِّيْ. لَمْ تُسْتَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَمْدِدْنَ. لَمْ تَسْتَمْدِدْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُسْتَمْدَدْنَ. لَمْ تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آ جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَمِدَّ. لَنْ تَسْتَمِدَّ. لَنْ اَسْتَمِدَّ. لَنْ نَّسْتَمِدَّ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَمَدَّ. لَنْ تُسْتَمَدَّ. لَنْ اُسْتَمَدَّ. لَنْ نُّسْتَمَدَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَمِدَّا. لَنْ يَّسْتَمِدُّوْا. لَنْ تَسْتَمِدَّا. لَنْ تَسْتَمِدُّوْا. لَنْ تَسْتَمِدِّیْ. لَنْ تَسْتَمِدَّا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَمَدَّا. لَنْ يُّسْتَمَدُّوْا. لَنْ تُسْتَمَدَّا. لَنْ تُسْتَمَدُّوْا. لَنْ تُسْتَمَدِّیْ. لَنْ تُسْتَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَمْدِدْنَ. لَنْ تَسْتَمْدِدْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَمْدَدْنَ. لَنْ تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَمِدَّنَّ. لَتَسْتَمِدَّنَّ. لَأَسْتَمِدَّنَّ. لَنَسْتَمِدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَمِدَّنْ. لَتَسْتَمِدَّنْ. لَأَسْتَمِدَّنْ. لَنَسْتَمِدَّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدَّنَّ. لَتُسْتَمَدَّنَّ. لَأُسْتَمَدَّنَّ. لَنُسْتَمَدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدَّنْ. لَتُسْتَمَدَّنْ. لَأُسْتَمَدَّنْ. لَنُسْتَمَدَّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَسْتَمِدُّنَّ. لَتَسْتَمِدُّنَّ. لَيَسْتَمِدُّنْ. لَتَسْتَمِدُّنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدُّنَّ. لَتُسْتَمَدُّنَّ. لَيُسْتَمَدُّنْ. لَتُسْتَمَدُّنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یا گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یا کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَسْتَمِدِّنَّ. لَتَسْتَمِدِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُسْتَمَدِّنَّ. لَتُسْتَمَدِّنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَمِدَّانِّ. لَتَسْتَمِدَّانِّ. لَيَسْتَمْدِدْنَانِّ. لَتَسْتَمِدَّانِّ. لَتَسْتَمْدِدْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَمَدَّانِّ. لَتُسْتَمَدَّانِّ. لَيُسْتَمْدَدْنَانِّ. لَتُسْتَمَدَّانِّ. لَتُسْتَمْدَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَمِدَّ ، اِسْتَمِدِّ ، اِسْتَمْدِدْ :۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر دونوں دال ساکن ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو تین طریقوں سے پڑھا جا سکتا ہے۔ یعنی آخری حرف کو فتحہ' کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ اوپر مثالوں سے واضح ہے۔

اِسْتَمِدَّا : صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَمِدَّا بن گیا۔

اِسْتَمِدُّوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَمِدُّوْا بن گیا۔

اِسْتَمِدِّیْ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمِدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَمِدِّیْ بن گیا۔

اِسْتَمْدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَمْدِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْتَمْدِدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو فتحہ' کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: لِتُسْتَمَدَّ. لِتُسْتَمَدِّ. لِتُسْتَمْدَدْ.
چار صیغوں (تثنیہ' جمع مذکر' واحد' تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لِتُسْتَمَدَّا. لِتُسْتَمَدُّوْا.

لِتُستَمَدِّیْ. لِتُستَمَدَّا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لِتُستَمْدَدْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہوجائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَستَمِدَّ. لِتَستَمِدَّ. لِأَستَمِدَّ. لِنَستَمِدَّ.

لِیَستَمِدِّ. لِتَستَمِدِّ. لِأَستَمِدِّ. لِنَستَمِدِّ.

لِیَستَمْدِدْ. لِتَستَمْدِدْ. لِأَستَمْدِدْ. لِنَستَمْدِدْ.

اور مجہول میں: لِیُستَمَدَّ. لِتُستَمَدَّ. لِأُستَمَدَّ. لِنُستَمَدَّ.

لِیُستَمَدِّ. لِتُستَمَدِّ. لِأُستَمَدِّ. لِنُستَمَدِّ.

لِیُستَمْدَدْ. لِتُستَمْدَدْ. لِأُستَمْدَدْ. لِنُستَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَستَمِدَّا. لِیَستَمِدُّوْا. لِتَستَمِدَّا. اور مجہول میں: لِیُستَمَدَّا. لِیُستَمَدُّوْا. لِتُستَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَستَمْدِدْنَ. اور مجہول میں: لِیُستَمْدَدْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہوجائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جاسکتا ہے۔ جیسے معروف میں: لَا تَستَمِدَّ. لَا تَستَمِدِّ. لَا تَستَمْدِدْ. اور مجہول میں: لَا تُستَمَدَّ. لَا تُستَمَدِّ. لَا تُستَمْدَدْ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَستَمِدَّا. لَا تَستَمِدُّوْا. لَا تَستَمِدِّیْ. لَا تَستَمِدَّا. اور مجہول میں: لَا تُستَمَدَّا. لَا تُستَمَدُّوْا. لَا تُستَمَدِّیْ. لَا تُستَمَدَّا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَستَمْدِدْنَ

اور مجہول میں لَا تُسْتَمْدَدْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کے آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَمِدَّ. لَا تَسْتَمِدَّ. لَا أَسْتَمِدَّ. لَا نَسْتَمِدَّ.

لَا يَسْتَمِدِّ. لَا تَسْتَمِدِّ. لَا أَسْتَمِدِّ. لَا نَسْتَمِدِّ.

لَا يَسْتَمْدِدْ. لَا تَسْتَمْدِدْ. لَا أَسْتَمْدِدْ. لَا نَسْتَمْدِدْ.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَمَدَّ. لَا تُسْتَمَدَّ. لَا أُسْتَمَدَّ. لَا نُسْتَمَدَّ.

لَا يُسْتَمَدِّ. لَا تُسْتَمَدِّ. لَا أُسْتَمَدِّ. لَا نُسْتَمَدِّ.

لَا يُسْتَمْدَدْ. لَا تُسْتَمْدَدْ. لَا أُسْتَمْدَدْ. لَا نُسْتَمْدَدْ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَمِدَّا. لَا يَسْتَمِدُّوْا. لَا تَسْتَمِدَّا. اور مجہول میں: لَا يُسْتَمَدَّا. لَا يُسْتَمَدُّوْا. لَا تُسْتَمَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا يَسْتَمْدِدْنَ. اور مجہول میں: لَا يُسْتَمْدَدْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَمَدٌّ. مُسْتَمَدَّانِ. مُسْتَمَدَّاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَمْدَدٌ. مُسْتَمْدَدَانِ. مُسْتَمْدَدَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَمِدٌّ. مُسْتَمِدَّانِ. مُسْتَمِدُّوْنَ. مُسْتَمِدَّةٌ. مُسْتَمِدَّتَانِ. مُسْتَمِدَّاتٌ: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث اسم فاعل۔ اصل میں مُسْتَمْدِدٌ. مُسْتَمْدِدَانِ. مُسْتَمْدِدُوْنَ. مُسْتَمْدِدَةٌ. مُسْتَمْدِدَتَانِ. مُسْتَمْدِدَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ ماقبل کو دے کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَمَدٌّ. مُسْتَمَدَّانِ. مُسْتَمَدُّوْنَ. مُسْتَمَدَّةٌ. مُسْتَمَدَّتَانِ. مُسْتَمَدَّاتٌ :صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔ اصل میں مُسْتَمْدَدٌ. مُسْتَمْدَدَانِ. مُسْتَمْدَدُوْنَ. مُسْتَمْدَدَةٌ. مُسْتَمْدَدَتَانِ. مُسْتَمْدَدَاتٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 3 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ ماقبل کو دے کر دوسری دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مضاعف ثلاثی از باب اِنْفِعَالٌ جیسے اَلْاِنْسِدَادُ (بند ہونا)

صرف کبیر فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْسَدَّ. اِنْسَدَّا : اِنْسَدُّوْا. اِنْسَدَّتْ. اِنْسَدَّتَا :۔صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِنْسَدَدَ . اِنْسَدَدَا. اِنْسَدَدُوْا. اِنْسَدَدَتْ. اِنْسَدَدَتَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِنْسَدَدْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق معروف اپنی اصل پر ہے۔

اِنْسَدَدْتَ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُمْ. اِنْسَدَدْتِ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُنَّ. اِنْسَدَدْتُ. صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم۔

اصل میں اِنْسَدَدْتَ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُمْ. اِنْسَدَدْتِ. اِنْسَدَدْتُمَا. اِنْسَدَدْتُنَّ. اِنْسَدَدْتُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِنْسَدَدْنَا : صیغہ جمع متکلم اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْسُدَّ بِهٖ . صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُنْسُدِدَ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو اُنْسُدَّ بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے علاوہ باقی بارہ صیغے اصل میں یَنْسَدِدُ. یَنْسَدِدَانِ. یَنْسَدِدُوْنَ. تَنْسَدِدُ. تَنْسَدِدَانِ. تَنْسَدِدُ. تَنْسَدِدَانِ. تَنْسَدِدُوْنَ. تَنْسَدِدِیْنَ. تَنْسَدِدَانِ . اَنْسَدِدُ. نَنْسَدِدُ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا کسرہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو یَنْسَدُّ. یَنْسَدَّانِ. یَنْسَدُّوْنَ. تَنْسَدُّ. تَنْسَدَّانِ. تَنْسَدُّ. تَنْسَدَّانِ. تَنْسَدُّوْنَ. تَنْسَدِّیْنَ. تَنْسَدَّانِ . اَنْسَدُّ. نَنْسَدُّ. بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: یَنْسَدِدْنَ . تَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنْسَدُّ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُنْسَدَدُ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 2 کے مطابق پہلے دال کا فتحہ گرا کر دوسرے دال میں ادغام کر دیا تو یُنْسَدُّ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو فتحہ، کسرہ دے کر اور انہیں بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لَمْ یَنْسَدَّ. لَمْ تَنْسَدَّ . لَمْ اَنْسَدَّ. لَمْ نَنْسَدَّ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لَمْ یَنْسَدِّ. لَمْ تَنْسَدِّ . لَمْ اَنْسَدِّ. لَمْ نَنْسَدِّ.

ان صیغوں کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لَمْ یَنْسَدِدْ. لَمْ تَنْسَدِدْ . لَمْ اَنْسَدِدْ. لَمْ نَنْسَدِدْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَمْ یَنْسَدَّا. لَمْ یَنْسَدُّوْا. لَمْ تَنْسَدَّا. لَمْ تَنْسَدُّوْا. لَمْ تَنْسَدِّیْ. لَمْ تَنْسَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَنْسَدِدْنَ. لَمْ تَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول یُنْسَدُّ بِہٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا۔ جس نے آخر کو جزم دی تو دو ساکن جمع ہو گئے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کے آخر کو فتحہ، کسرہ دے کر اور بغیر ادغام کے بھی پڑھا

جا سکتا ہے۔

جیسے: لَمْ یُنْسَدَّ بِہٖ. لَمْ یُنْسَدِّ بِہٖ . لَمْ یُنْسَدَدْ بِہٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے: لَنْ یَّنْسَدَّ. لَنْ تَنْسَدَّ. لَنْ اَنْسَدَّ. لَنْ نَّنْسَدَّ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَنْ یَّنْسَدَّا. لَنْ یَّنْسَدُّوْا. لَنْ تَنْسَدَّا. لَنْ تَنْسَدُّوْا. لَنْ تَنْسَدِّیْ. لَنْ تَنْسَدَّا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ یَّنْسَدِدْنَ. لَنْ تَنْسَدِدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول یُنْسَدُّ بِہٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیا۔ جس نے آخر کو نصب دیا۔ جیسے: لَنْ یُّنْسَدَّ بِہٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے فعل مضارع کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیَنْسَدَّنَّ. لَتَنْسَدَّنَّ. لَاَنْسَدَّنَّ. لَنَنْسَدَّنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ میں: لَیَنْسَدَّنْ. لَتَنْسَدَّنْ. لَاَنْسَدَّنْ. لَنَنْسَدَّنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَیَنْسَدُّنَّ. لَتَنْسَدُّنَّ. لَیَنْسَدُّنْ. لَتَنْسَدُّنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَتَنْسَدِّنَّ. لَتَنْسَدِّنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسےنون تاکیدثقیلہ میں: لَیُنْسَدَّانِّ. لَتُنْسَدَّانِّ. لَیُنْسَدِدْنَانِّ. لَتُنْسَدَّانِّ. لَتُنْسَدِدْنَانِّ۔

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کوفعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام تاکیداورآخرمیں نون تاکیدلگادیا۔

جیسے:لَیُنْسَدَّنَّ بِہٖ. لَیُنْسَدَّنْ بِہٖ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنْسَدَّ. اِنْسَدِّ. اِنْسَدِدْ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدُّ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو دونوں دال ساکن ہو گئے ۔مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق اس صیغہ کوتین طرح سے پڑھا جاسکتا ہے۔

(۱) دوسرے دال کوفتحہ دے کر جیسے: اِنْسَدَّ.

(۲) دوسرے دال کوکسرہ دے کر جیسے:اِنْسَدِّ.

(۳) بغیرادغام کے جیسے:اِنْسَدِدْ.

اِنْسَدَّا : صیغہ تثنیہ مذکرومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدَّانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تواِنْسَدَّا بن گیا۔

اِنْسَدُّوْا : صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تواِنْسَدُّوْا بن گیا۔

اِنْسَدِّیْ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تواِنْسَدِّیْ بن گیا۔

اِنْسَدِدْنَ : صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَنْسَدِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تواِنْسَدِدْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی

عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعلِ امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول تُنسَدُّ بِکَ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا۔ اس صیغہ کا آخر ساکن ہو گیا۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے حرف کو فتحہ، کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لِتُنسَدَّ بِکَ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لِتُنسَدِّ بِکَ.

اس صیغہ کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لِتُنسَدَدْ بِکَ.

بحث فعلِ امر غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم آنے کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر پڑھ سکتے ہیں۔ نیز قانون نمبر 4 کے مطابق ان صیغوں کو بغیر ادغام کے بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

جیسے معروف میں: لِیَنْسَدَّ. لِتَنْسَدَّ. لِأَنْسَدَّ. لِنَنْسَدَّ.

لِیَنْسَدِّ. لِتَنْسَدِّ. لِأَنْسَدِّ. لِنَنْسَدِّ.

لِیَنْسَدِدْ. لِتَنْسَدِدْ. لِأَنْسَدِدْ. لِنَنْسَدِدْ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِیَنْسَدَّا. لِیَنْسَدُّوْا. لِتَنْسَدَّا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لِیَنْسَدِدْنَ.

بحث فعلِ امر غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول غائب ومتکلم سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ آخر میں جزم کی وجہ سے دو ساکن جمع ہو جائیں گے۔ مضاعف کے قانون نمبر 4 کے مطابق دوسرے ساکن کو فتحہ، کسرہ دے کر اور اسے بغیر ادغام کے پڑھا جا سکتا ہے۔

آخری حرف کو فتحہ دے کر جیسے: لِیُنسَدَّ بِهٖ.

آخری حرف کو کسرہ دے کر جیسے: لِیُنسَدِّ بِهٖ.

اس صیغہ کو بغیر ادغام کے پڑھا جائے جیسے: لِیُنْسَدَدْ بِہٖ۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

اصل میں وُوَیْضِعٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَیْضِعٌ بن گیا۔

اَوَاضِعُ. اُوَیْضِعَةٌ۔صیغہ جمع مؤنث مکسر،واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَاضِعُ. وُوَیْضِعَةٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اَوَاضِعُ. اور اُوَیْضِعَةٌ بن گئے۔

نوٹ:۔ اسم فاعل مذکر کے صیغہ وُضَّاعٌ سے لے کر وُضُوْعٌ تک تمام صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 5 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے:اُضَّاعٌ اُضَّعٌ. اُضَعٌ . اُضَعَاءُ. اُضُعَانٌ. اِضَاعٌ. اُضُوْعٌ.

بحث اسم مفعول

مَوْضُوْعٌ. مَوْضُوْعَانِ. مَوْضُوْعُوْنَ. مَوْضُوْعَةٌ . مَوْضُوْعَتَانِ. مَوْضُوْعَاتٌ. مَوَاضِیْعُ. مُوَیْضِیْعٌ. مُوَیْضِیْعَةٌ

اسم مفعول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

☆☆☆☆

نوٹ:تیسیر ابواب الصرف میں اَلْوَرَمُ (حَسِبَ یَحْسِبُ) دیا گیا ہے اس کی تمام گردانوں میں وَعَدَ یَعِدُ کی گردانوں کی طرح تعلیلات کی جائیں گی۔اسی طرح باب کَرُمَ یَکْرُمُ سے اَلْوَسْمُ مصدر دیا گیا ہے اس کے افعال میں سوائے فعل ماضی مجہول کے اور کوئی تعلیل نہیں ہوتی۔فعل ماضی مجہول وُسِمَ بِهٖ کو معتل کے قانون نمبر 5 کے مطابق اُسِمَ بِهٖ پڑھنا بھی جائز ہے۔

اسم ظرف کے صیغہ واحد و تثنیہ اصل میں مَوْسُمٌ ' مَوْسُمَانِ تھے۔صحیح کے قانون نمبر 24 کے مطابق عین کلمہ کو کسرہ دیا تو مَوْسِمٌ. مَوْسِمَانِ بن گئے۔باقی دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے:مَوَاسِمُ. مُوَیْسِمٌ.

اسم آلہ کے صیغوں میں وَعَدَ یَعِدُ کے اسم آلہ کے صیغوں کے مطابق تعلیلات کی جائیں۔جیسے:مِوْسَمٌ. مِوْسَمَةٌ. مِوْسَامٌ سے مِیْسَمٌ. مِیْسَمَةٌ. مِیْسَامٌ.

اسم تفضیل مذکر کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے:اَوْسَمُ. اَوْسَمَانِ. اَوْسَمُوْنَ. اَوَاسِمُ. اُوَیْسِمٌ.

اسی طرح اسم تفضیل مؤنث کے تمام صیغے بھی اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: وُسْمٰی. وُسْمَیَانِ. وُسْمَیَاتٌ. وُسَمٌ. وُسَیْمٰی.

اسم تفضیل مؤنث کے صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 5 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر کے پڑھنا بھی جائز ہے۔

جیسے: اُسْمٰی. اُسْمَیَانِ. اُسْمَیَاتٌ . اُسَمٌ. اُسَیْمٰی.

فعل تعجب کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: مَا اَوْسَمَهٗ. وَاَوْسِمْ بِهٖ. وَوَسُمَ. یا وَسُمَتْ.

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مثال واوی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے (اَلْاِ تِّقَادُ) (آگ روشن کرنا)

اَلْاِتِّقَادُ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مثال واوی از باب اِفْتِعَالٌ۔ اصل میں اَلْاِوْتِقَادُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اَلْاِتِّقَادُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِتَّقَدَ۔ اِتَّقَدَا۔ اِتَّقَدُوْا۔ اِتَّقَدَتْ۔ اِتَّقَدَتَا۔ اِتَّقَدْنَ: صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث غائب۔

اصل میں اِوْتَقَدَ۔ اِوْتَقَدَا۔ اِوْتَقَدُوْا۔ اِوْتَقَدَتْ۔ اِوْتَقَدَتَا۔ اِوْتَقَدْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِتَّقَدْتَ۔ اِتَّقَدْتُمَا۔ اِتَّقَدْتُمْ۔ اِتَّقَدْتِ۔ اِتَّقَدْتُمَا۔ اِتَّقَدْتُنَّ۔ اِتَّقَدْتُّ۔ صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم۔

اصل میں اِوْتَقَدْتَ۔ اِوْتَقَدْتُمَا۔ اِوْتَقَدْتُمْ۔ اِوْتَقَدْتِ۔ اِوْتَقَدْتُمَا۔ اِوْتَقَدْتُنَّ۔ اِوْتَقَدْتُّ۔ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتَّقَدْتَ۔ اِتَّقَدْتُمَا۔ اِتَّقَدْتُمْ۔ اِتَّقَدْتِ۔ اِتَّقَدْتُمَا۔ اِتَّقَدْتُنَّ۔ اِتَّقَدْتُّ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِتَّقَدْنَا: صیغہ جمع متکلم۔

اصل میں اِوْتَقَدْنَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ صیغہ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُتُّقِدَ۔ اُتُّقِدَا۔ اُتُّقِدُوْا۔ اُتُّقِدَتْ۔ اُتُّقِدَتَا۔ اُتُّقِدْنَ: صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث غائب۔

اصل میں اُوْتُقِدَ۔ اُوْتُقِدَا۔ اُوْتُقِدُوْا۔ اُوْتُقِدَتْ۔ اُوْتُقِدَتَا۔ اُوْتُقِدْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُتُّقِدْتَ۔ اُتُّقِدْتُمَا۔ اُتُّقِدْتُمْ۔ اُتُّقِدْتِ۔ اُتُّقِدْتُمَا۔ اُتُّقِدْتُنَّ۔ اُتُّقِدْتُّ۔ صیغہائے واحد تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم۔

اصل میں اُوْتُقِدْتَ۔ اُوْتُقِدْتُمَا۔ اُوْتُقِدْتُمْ۔ اُوْتُقِدْتِ۔ اُوْتُقِدْتُمَا۔ اُوْتُقِدْتُنَّ۔ اُوْتُقِدْتُّ۔ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اُتُّقِدْتَ۔ اُتُّقِدْتُمَا۔ اُتُّقِدْتُمْ۔ اُتُّقِدْتِ۔ اُتُّقِدْتُمَا۔ اُتُّقِدْتُنَّ۔ اُتُّقِدْتُّ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ صیغے بن گئے۔

اِتَّقِدْنَا : صیغہ جمع متکلم۔

اصل میں اُوْتُقِدْنَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَّقِدُ. يَتَّقِدَانِ. يَتَّقِدُوْنَ. تَتَّقِدُ. تَتَّقِدَانِ. يَتَّقِدْنَ. تَتَّقِدُ. تَتَّقِدَانِ. تَتَّقِدُوْنَ. تَتَّقِدِيْنَ. تَتَّقِدَانِ. تَتَّقِدْنَ. اَتَّقِدُ. نَتَّقِدُ. فعل مضارع مثبت معروف کے تمام صیغے اصل میں يَوْتَقِدُ. يَوْتَقِدَانِ. يَوْتَقِدُوْنَ. تَوْتَقِدُ. تَوْتَقِدَانِ. يَوْتَقِدْنَ. تَوْتَقِدُ. تَوْتَقِدَانِ. تَوْتَقِدُوْنَ. تَوْتَقِدِيْنَ. تَوْتَقِدَانِ. تَوْتَقِدْنَ. اَوْتَقِدُ. نَوْتَقِدُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُتَّقَدُ. يُتَّقَدَانِ. يُتَّقَدُوْنَ. تُتَّقَدُ. تُتَّقَدَانِ. يُتَّقَدْنَ. تُتَّقَدُ. تُتَّقَدَانِ. تُتَّقَدُوْنَ. تُتَّقَدِيْنَ. تُتَّقَدَانِ. تُتَّقَدْنَ. اُتَّقَدُ. نُتَّقَدُ. فعل مضارع مثبت مجہول کے تمام صیغے اصل میں يُوْتَقَدُ. يُوْتَقَدَانِ. يُوْتَقَدُوْنَ. تُوْتَقَدُ. تُوْتَقَدَانِ. يُوْتَقَدْنَ. تُوْتَقَدُ. تُوْتَقَدَانِ. تُوْتَقَدُوْنَ. تُوْتَقَدِيْنَ. تُوْتَقَدَانِ. تُوْتَقَدْنَ. اُوْتَقَدُ. نُوْتَقَدُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جزم آ ئے گی۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَتَّقِدْ. لَمْ تَتَّقِدْ. لَمْ اَتَّقِدْ. لَمْ نَتَّقِدْ.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَّقَدْ. لَمْ تُتَّقَدْ. لَمْ اُتَّقَدْ. لَمْ نُتَّقَدْ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَتَّقِدَا. لَمْ يَتَّقِدُوْا. لَمْ تَتَّقِدَا. لَمْ تَتَّقِدُوْا. لَمْ تَتَّقِدِيْ. لَمْ تَتَّقِدَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَّقَدَا. لَمْ يُتَّقَدُوْا. لَمْ تُتَّقَدَا. لَمْ تُتَّقَدُوْا. لَمْ تُتَّقَدِيْ. لَمْ تُتَّقَدَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَتَّقِدْنَ. لَمْ تَتَّقِدْنَ اور مجہول میں: لَمْ يُتَّقَدْنَ. لَمْ تُتَّقَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی

وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِدَ. لَنْ تَتَّقِدَ. لَنْ اَتَّقِدَ. لَنْ نَّتَّقِدَ .

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَدَ. لَنْ تُتَّقَدَ. لَنْ اُتَّقَدَ. لَنْ نُّتَّقَدَ .

سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِدَا. لَنْ يَّتَّقِدُوْا. لَنْ تَتَّقِدَا. لَنْ تَتَّقِدُوْا. لَنْ تَتَّقِدِیْ . لَنْ تَتَّقِدَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَدَا. لَنْ يُّتَّقَدُوْا. لَنْ تُتَّقَدَا. لَنْ تُتَّقَدُوْا. لَنْ تُتَّقَدِیْ . لَنْ تُتَّقَدَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کے وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِدْنَ. لَنْ تَتَّقِدْنَ اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَدْنَ. لَنْ تُتَّقَدْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَّقِدَنَّ. لَتَتَّقِدَنَّ. لَاَتَّقِدَنَّ. لَنَتَّقِدَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَّقِدَنْ. لَتَتَّقِدَنْ. لَاَتَّقِدَنْ. لَنَتَّقِدَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَّقَدَنَّ. لَتُتَّقَدَنَّ. لَاُتَّقَدَنَّ. لَنُتَّقَدَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَّقَدَنْ. لَتُتَّقَدَنْ. لَاُتَّقَدَنْ. لَنُتَّقَدَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پردلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَيَتَّقِدُنَّ. لَتَتَّقِدُنَّ. لَيَتَّقِدُنْ. لَتَتَّقِدُنْ . اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَيُتَّقَدُنَّ. لَتُتَّقَدُنَّ. لَيُتَّقَدُنْ. لَتُتَّقَدُنْ .

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَتَّقِدِنَّ. لَتَتَّقِدِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُتَّقَدِنَّ. لَتُتَّقَدِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب حاضر) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَّقِدَانِّ. لَتَتَّقِدَانِّ. لَيَتَّقِدْنَانِّ. لَتَتَّقِدَانِّ. لَتَتَّقِدْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَّقَدَانِّ.

لَتَتَّقَدَانِّ. لَيُتَّقَدْنَانِّ. لَتَتَّقَدَانِّ. لَتَتَّقَدْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِتَّقِدْ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِدُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اِتَّقِدْ بن گیا۔

اِتَّقِدَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِدَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِدَا بن گیا۔

اِتَّقِدُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِدُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِدُوْا بن گیا۔

اِتَّقِدِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِدِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِدِیْ بن گیا۔

اِتَّقِدْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِتَّقِدْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا۔جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو گیا۔جیسے: لِتُتَّقَدْ. چار صیغوں (تثنیہ جمع مذکر واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ جیسے: لِتُتَّقَدَا. لِتُتَّقَدُوْا. لِتُتَّقَدِیْ. لِتُتَّقَدَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے: لِتُتَّقَدْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَتَّقِدْ. لِتَتَّقِدْ. لِأَتَّقِدْ. لِنَتَّقِدْ اور مجہول میں: لِيُتَّقَدْ. لِتُتَّقَدْ. لِأُتَّقَدْ. لِنُتَّقَدْ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَّقِدَا. لِيَتَّقِدُوْا. لِتَتَّقِدَا.

اور مجہول میں: لِيُتَّقَدَا. لِيُتَّقَدُوْا. لِتُتَّقَدَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَتَّقِدْنَ. اور مجہول میں لِيُتَّقَدْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِدْ اور مجہول میں لَا تُتَّقَدْ.

چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِدَا. لَا تَتَّقِدُوْا. لَا تَتَّقِدِيْ. لَا تَتَّقِدَا.

اور مجہول میں: لَا تُتَّقَدَا. لَا تُتَّقَدُوْا. لَا تُتَّقَدِيْ. لَا تُتَّقَدَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِدْنَ. اور مجہول میں لَا تُتَّقَدْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِدْ. لَا تَتَّقِدْ. لَا أَتَّقِدْ. لَا نَتَّقِدْ. اور مجہول میں: لَا يُتَّقَدْ. لَا تُتَّقَدْ. لَا أُتَّقَدْ. لَا نُتَّقَدْ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِدَا. لَا يَتَّقِدُوْا. لَا تَتَّقِدَا.

اور مجہول میں: لَا يُتَّقَدَا. لَا يُتَّقَدُوْا. لَا تُتَّقَدَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِدْنَ.
اور مجہول میں لَا يُتَّقَدْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَّقَدٌ. مُتَّقَدَانِ. مُتَّقَدَاتٌ: صیغہ واحد، تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُوْتَقَدٌ. مُوْتَقَدَانِ. مُوْتَقَدَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُتَّقِدٌ. مُتَّقِدَانِ. مُتَّقِدُوْنَ. مُتَّقِدَةٌ. مُتَّقِدَتَانِ. مُتَّقِدَاتٌ. صیغہائے واحد و تثنیہ وجمع مذکر و مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُوْتَقِدٌ. مُوْتَقِدَانِ. مُوْتَقِدُوْنَ. مُوْتَقِدَةٌ. مُوْتَقِدَتَانِ. مُوْتَقِدَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُتَّقَدٌ. مُتَّقَدَانِ. مُتَّقَدُوْنَ. مُتَّقَدَةٌ. مُتَّقَدَتَانِ. مُتَّقَدَاتٌ. صیغہائے واحد و تثنیہ وجمع مذکر و مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَدٌ. مُوْتَقَدَانِ. مُوْتَقَدُوْنَ. مُوْتَقَدَةٌ. مُوْتَقَدَتَانِ. مُوْتَقَدَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مثال واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِيْجَابُ (کسی چیز کا مستحق ہونا)

اِسْتِيْجَاباً: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مثال واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ.

اصل میں اِسْتِوْجَابًا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واو ساکن مظہر کو ماقبل کسرہ ہونے کی وجہ سے یاء سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِيْجَابًا بن گیا۔

نوٹ:۔ باقی تمام افعال، اسمائے مشتقات کے صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ اس باب کی مکمل گردان تیسیر ابواب الصرف میں دیکھی جائے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل مثال واوی از باب اِفْعَالٌ جیسے اَلْاِیْعَادُ (ڈرانا)

اِیْعَادٌ :۔صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل مثال واوی از باب اِفْعَالٌ . اصل میں اِوْعَادٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واو ساکن مظہر کو ماقبل کسرہ کی وجہ سے یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْعَادٌ بن گیا۔

نوٹ :۔ باقی افعال واسمائے مُشْتَقَّات کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔اس باب کی مکمل گردان تیسیر ابواب الصرف میں دیکھی جائے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد مثال یائی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ جیسے اَلْمَیْسِرُ (جوا کھیلنا)

نوٹ:۔ ماضی معروف ومجہول کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔صرف مضارع مجہول میں معتل کا قانون نمبر 3 جاری ہوتا ہے۔

جیسے: یُوْسَرُ. یُوْسَرَانِ. یُوْسَرُوْنَ. تُوْسَرُ. تُوْسَرَانِ. یُوْسَرْنَ. تُوْسَرُ. تُوْسَرَانِ. تُوْسَرُوْنَ. تُوْسَرِیْنَ. تُوْسَرَانِ. تُوْسَرْنَ. اُوْسَرُ. نُوْسَرُ.

اصل میں یُیْسَرُ. یُیْسَرَانِ. یُیْسَرُوْنَ. تُیْسَرُ. تُیْسَرَانِ. یُیْسَرْنَ. تُیْسَرُ. تُیْسَرَانِ. تُیْسَرُوْنَ. تُیْسَرِیْنَ. تُیْسَرَانِ. تُیْسَرْنَ. اُیْسَرُ. نُیْسَرُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء ساکن غیر مدغم کو ضمہ کے بعد واو سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: نفی جحد بلم جازمہ مجہول نفی تاکید بلن ناصبہ مجہول، لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول، فعل امر حاضر مجہول، فعل امر غائب ومتکلم مجہول، فعل نہی حاضر مجہول، فعل نہی غائب ومتکلم مجہول میں یہی قانون نمبر 3 جاری ہوتا ہے۔

نوٹ: اس باب کی مکمل گردان تیسیر ابواب الصرف میں دیکھی جائے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد مثال یائی از باب حَسِبَ یَحْسِبُ جیسے اَلْیُتْمُ (یتیم ہونا)

نوٹ: فعل مضارع مجہول کے علاوہ باقی افعال واسمائے مُشْتَقَّات میں کوئی قانون جاری نہیں ہوتا۔فعل مضارع مجہول میں معتل کا قانون نمبر 3 جاری ہوتا ہے۔جیسے یُوْتَمُ بِہٖ. اصل میں یُیْتَمُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء ساکن غیر مدغم کو ضمہ کے بعد واو سے تبدیل کر دیا تو یُوْتَمُ بِہٖ بن گیا۔

نوٹ: اس باب کی مکمل گردان تیسیر ابواب الصرف میں دیکھی جائے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مثال یائی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلْاِتِّسَارُ (آسان ہونا)

اِتِّسَارٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل مثال یائی از باب اِفْتِعَالٌ۔ اصل میں اِیْتِسَارٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اِتِّسَارٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِتَّسَرَ. اِتَّسَرَا. اِتَّسَرُوْا. اِتَّسَرَتْ. اِتَّسَرَتَا. اِتَّسَرْنَ. اِتَّسَرْتَ. اِتَّسَرْتُمَا. اِتَّسَرْتُمْ. اِتَّسَرْتِ. اِتَّسَرْتُمَا. اِتَّسَرْتُنَّ. اِتَّسَرْتُ. اِتَّسَرْنَا. فعل ماضی معروف کے تمام صیغے اصل میں اِیْتَسَرَ. اِیْتَسَرَا. اِیْتَسَرُوْا. اِیْتَسَرَتْ. اِیْتَسَرَتَا. اِیْتَسَرْنَ. اِیْتَسَرْتَ. اِیْتَسَرْتُمَا. اِیْتَسَرْتُمْ. اِیْتَسَرْتِ. اِیْتَسَرْتُمَا. اِیْتَسَرْتُنَّ. اِیْتَسَرْتُ. اِیْتَسَرْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُتُّسِرَ بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُیْتُسِرَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَتَّسِرُ. یَتَّسِرَانِ. یَتَّسِرُوْنَ. تَتَّسِرُ. تَتَّسِرَانِ. یَتَّسِرْنَ. تَتَّسِرُ. تَتَّسِرَانِ. تَتَّسِرُوْنَ. تَتَّسِرِیْنَ. تَتَّسِرَانِ. تَتَّسِرْنَ. اَتَّسِرُ. نَتَّسِرُ. فعل مضارع مثبت معروف کے تمام صیغے اصل میں یَیْتَسِرُ. یَیْتَسِرَانِ. یَیْتَسِرُوْنَ. تَیْتَسِرُ. تَیْتَسِرَانِ. یَیْتَسِرْنَ. تَیْتَسِرُ. تَیْتَسِرَانِ. تَیْتَسِرُوْنَ. تَیْتَسِرِیْنَ. تَیْتَسِرَانِ. تَیْتَسِرْنَ. اَیْتَسِرُ. نَیْتَسِرُ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتَّسَرُ بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مثبت مجہول۔

اصل میں یُیْتَسَرُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

نوٹ: باقی بحثوں کی گردانوں میں فعل مضارع معروف و مجہول کی گردانوں میں کی گئی تعلیلات کے علاوہ اور کوئی تعلیل نہیں ہوتی۔

بحث فعل امر حاضر معروف

اِتَّسِرْ:۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّسِرُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اِتَّسِرْ بن گیا۔

اِتَّسِرَا:۔ صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّسِرَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّسِرَا بن گیا۔

اِتَّسِرُوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّسِرُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّسِرُوْا بن گیا۔

اِتَّسِرِیْ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّسِرِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّسِرِیْ بن گیا۔

اِتَّسِرْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّسِرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِتَّسِرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث اسم ظرف

مُتَّسَرٌ. مُتَّسَرَانِ. مُتَّسَرَاتٌ: صیغہ واحد، تثنیہ و جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُیْتَسَرٌ. مُیْتَسَرَانِ. مُیْتَسَرَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُتَّسِرٌ. مُتَّسِرَانِ. مُتَّسِرُوْنَ. مُتَّسِرَةٌ. مُتَّسِرَتَانِ. مُتَّسِرَاتٌ . صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُیْتَسِرٌ. مُیْتَسِرَانِ. مُیْتَسِرُوْنَ. مُیْتَسِرَةٌ. مُیْتَسِرَتَانِ. مُیْتَسِرَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے

مطابق یاء کوتاء کر کے تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُتَّسَرٌ بِهٖ. صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُیْتَسَرٌ بِهٖ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق یاء کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گئے۔

مثال یائی سے باب افتعال کی مکمل گردان تیسیر ابواب الصرف کے صفحہ نمبر 371 سے یاد کی جائے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی با ہمزہ وصل مثال یائی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِيْقَاظُ (جاگنا)

نوٹ:۔صرف صغیر وکبیر کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں سوائے ماضی مجہول صیغوں کے۔

اُسْتُوْقِظَ. اُسْتُوْقِظَا. اُسْتُوْقِظُوْا. اُسْتُوْقِظَتْ. اُسْتُوْقِظَتَا. اُسْتُوْقِظْنَ. اُسْتُوْقِظْتَ. اُسْتُوْقِظْتُمَا. اُسْتُوْقِظْتُمْ. اُسْتُوْقِظْتِ. اُسْتُوْقِظْتُمَا. اُسْتُوْقِظْتُنَّ. اُسْتُوْقِظْتُ. اُسْتُوْقِظْنَا:۔صیغہ واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔اصل میں اُسْتُيْقِظَ. اُسْتُيْقِظَا. اُسْتُيْقِظُوْا. اُسْتُيْقِظَتْ. اُسْتُيْقِظَتَا. اُسْتُيْقِظْنَ. اُسْتُيْقِظْتَ. اُسْتُيْقِظْتُمَا. اُسْتُيْقِظْتُمْ. اُسْتُيْقِظْتِ. اُسْتُيْقِظْتُمَا. اُسْتُيْقِظْتُنَّ. اُسْتُيْقِظْتُ. اُسْتُيْقِظْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل مثال یائی از باب اِفْعَالٌ جیسے (اَلْاِيْقَانُ) (یقین کرنا)

نوٹ:۔فعل ماضی معروف، صیغہ اسم مصدر، اور امر حاضر معروف کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔جیسے: اَيْقَنَ. اِيْقَانٌ. اَيْقِنْ.

نوٹ: ماضی معروف کے صیغہ جمع مؤنث غائب اور جمع متکلم میں مضاعف کا قانون نمبر 1 جاری ہوتا ہے۔جیسے صیغہ جمع مؤنث غائب، جمع متکلم اصل میں اَيْقَنْنَ. اَيْقَنْنَا تھے۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اَيْقَنَّ. اَيْقَنَّا بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُوْقِنَ:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مثبت مجہول ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل مثال یائی از باب افعال

اصل میں اُیْقِنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاءساکن مظہر کو ماقبل ضمّہ کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُوْقِنَ بن گیا۔

ماضی مجہول کے صیغے اصل میں اُیْقِنَ. اُیْقِنَا. اُیْقِنُوْا. اُیْقِنَتْ. اُیْقِنَتَا. اُیْقِنَّ. اُیْقِنْتَ. اُیْقِنْتُمَا. اُیْقِنْتُمْ. اُیْقِنْتِ. اُیْقِنْتُمَا. اُیْقِنْتُنَّ. اُیْقِنْتُ. اُیْقِنَّا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاءساکن غیر مدغم کو ماقبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُوْقِنَ. اُوْقِنَا. اُوْقِنُوْا. اُوْقِنَتْ. اُوْقِنَتَا. اُوْقِنَّ. اُوْقِنْتَ. اُوْقِنْتُمَا. اُوْقِنْتُمْ. اُوْقِنْتِ. اُوْقِنْتُمَا. اُوْقِنْتُنَّ. اُوْقِنْتُ. اُوْقِنَّا بن گئے۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وصیغہ جمع متکلم میں مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو اُوْقِنَّ. اُوْقِنَّا. بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یُوْقِنُ. یُوْقِنَانِ. یُوْقِنُوْنَ. تُوْقِنُ. تُوْقِنَانِ. یُوْقِنَّ. تُوْقِنُ. تُوْقِنَانِ. تُوْقِنُوْنَ. تُوْقِنِیْنَ. تُوْقِنَانِ. تُوْقِنَّ. اُوْقِنُ. نُوْقِنُ. (واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک)

اصل میں یُیْقِنُ. یُیْقِنَانِ. یُیْقِنُوْنَ. تُیْقِنُ. تُیْقِنَانِ. یُیْقِنَّ. تُیْقِنُ. تُیْقِنَانِ. تُیْقِنُوْنَ. تُیْقِنِیْنَ. تُیْقِنَانِ تُیْقِنَّ. اُیْقِنُ. نُیْقِنُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاءساکن غیر مدغم کو ماقبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوْقَنُ. یُوْقَنَانِ. یُوْقَنُوْنَ. تُوْقَنُ. تُوْقَنَانِ. یُوْقَنَّ. تُوْقَنُ. تُوْقَنَانِ. تُوْقَنُوْنَ. تُوْقَنِیْنَ. تُوْقَنَانِ. تُوْقَنَّ. اُوْقَنُ. نُوْقَنُ. (واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک)

اصل میں یُیْقَنُ. یُیْقَنَانِ. یُیْقَنُوْنَ. تُیْقَنُ. تُیْقَنَانِ. یُیْقَنَّ. تُیْقَنُ. تُیْقَنَانِ. تُیْقَنُوْنَ. تُیْقَنِیْنَ. تُیْقَنَانِ تُیْقَنَّ. اُیْقَنُ. نُیْقَنُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاءساکن غیر مدغم کو ماقبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: فعل مضارع معروف ومجہول کے دوصیغوں (جمع مؤنث غائب وحاضر) میں مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کریں گے جیسے: یُوْقِنَّ. تُوْقِنَّ. یُوْقَنَّ. تُوْقَنَّ جو اصل میں یُوْقِنْنَ. تُوْقِنْنَ. یُوْقَنْنَ. تُوْقَنْنَ تھے۔

نوٹ: بحث فعل نفی جحد بلم جازمہ، فعل نفی تاکید بلن ناصبہ، فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول، فعل امر حاضر مجہول، فعل امر غائب ومتکلم، فعل نہی حاضر وغائب ومتکلم معروف ومجہول میں وہی قانون جاری ہوگا جو فعل مضارع معروف

ومجہول میں جاری ہوتا ہے۔

بحث فعل امر حاضر معروف

أَيْقِنْ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْقِنُ (اصل میں تُأَيْقِنُ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر کو ساکن کر دیا تو أَيْقِنْ بن گیا۔

أَيْقِنَا:۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْقِنَانِ (اصل میں تُأَيْقِنَانِ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو أَيْقِنَا بن گیا۔

أَيْقِنُوْا:۔ صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْقِنُوْنَ (اصل میں تُأَيْقِنُوْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو أَيْقِنُوْا بن گیا۔

أَيْقِنِيْ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْقِنِيْنَ (اصل میں تُأَيْقِنِيْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو أَيْقِنِيْ بن گیا۔

أَيْقِنَّ:۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْقِنَّ (اصل میں تُأَيْقِنْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے تو أَيْقِنْنَ بن گیا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلے نون کا دوسرے نون میں ادغام کر دیا تو أَيْقِنَّ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث اسم ظرف

مُوْقَنٌ. مُوْقَنَانِ. مُوْقَنَاتٌ صیغہ واحد، تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُيْقَنٌ. مُيْقَنَانِ. مُيْقَنَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء ساکن غیر مدغم کو ما قبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُوْقِنٌ. مُوْقِنَانِ. مُوْقِنُوْنَ. مُوْقِنَةٌ. مُوْقِنَتَانِ. مُوْقِنَاتٌ.

اصل میں مُیْقِنٌ. مُیْقِنَانِ. مُیْقِنُوْنَ. مُیْقِنَةٌ. مُیْقِنَتَانِ. مُیْقِنَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء ساکن غیر مدغم کو ما قبل ضمہ کی وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُوْقَنٌ. مُوْقَنَانِ. مُوْقَنُوْنَ. مُوْقَنَةٌ. مُوْقَنَتَانِ. مُوْقَنَاتٌ.

اصل میں مُیْقَنٌ. مُیْقَنَانِ. مُیْقَنُوْنَ. مُیْقَنَةٌ. مُیْقَنَتَانِ. مُیْقَنَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء ساکن غیر مدغم کو ما قبل ضمہ وجہ سے واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل مثال یائی از باب مُفَاعَلَةٌ جیسے اَلْمُیَاسَرَةُ (باہم جوا کھیلنا)

مثال یائی سے باب مفاعلہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں سوائے ماضی مطلق مجہول کے صیغوں کے جیسے: یُوْسِرَ. یُوْسِرَا. یُوْسِرُوْا. یُوْسِرَتْ. یُوْسِرَتَا. یُوْسِرْنَ. یُوْسِرْتَ. یُوْسِرْتُمَا. یُوْسِرْتُمْ. یُوْسِرْتِ. یُوْسِرْتُمَا. یُوْسِرْتُنَّ. یُوْسِرْتُ. یُوْسِرْنَا. (واحد مذکر غائب سے صیغہ جمع متکلم تک)

اصل میں یُاسِرَ. یُاسِرَا. یُاسِرُوْا. یُاسِرَتْ. یُاسِرَتَا. یُاسِرْنَ. یُاسِرْتَ. یُاسِرْتُمَا. یُاسِرْتُمْ. یُاسِرْتِ. یُاسِرْتُمَا. یُاسِرْتُنَّ. یُاسِرْتُ. یُاسِرْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ با صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نَصَر یَنْصُرُ جیسے اَلْقَوْلُ (کہنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

قَالَ:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب نَصَرَ یَنْصُرُ۔

اصل میں قَوَلَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو قَالَ بن گیا۔

قَالاَ . قَالُوْ . قَالَتْ . قَالَتَا:۔صیغہائے تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں قَوَلاَ . قَوَلُوْا . قَوَلَتْ . قَوَلَتَا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو قَالاَ . قَالُوْا . قَالَتْ قَالَتَا بن گئے۔

قُلْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں قَوَلْنَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو قَالْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 29 کے مطابق اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو قَلْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْنَ بن گیا۔

قُلْتَ . قُلْتُمَا . قُلْتُمْ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مذکر حاضر فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں قَوَلْتَ . قَوَلْتُمَا . قَوَلْتُمْ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو قَالْتَ، قَالْتُمَا، قَالْتُمْ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر گیا تو قَلْتَ، قَلْتُمَا، قَلْتُمْ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاکلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْتَ، قُلْتُمَا، قُلْتُمْ بن گئے۔

قُلْتِ، قُلْتُمَا، قُلْتُنَّ صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مونث حاضر۔

اصل میں قَوَلْتِ. قَوَلْتُمَا. قَوَلْتُنَّ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو قَالْتِ، قَالْتُمَا، قَالْتُنَّ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو قَلْتِ، قَلْتُمَا، قَلْتُنَّ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا تو قُلْتِ، قُلْتُمَا، قُلْتُنَّ بن گئے۔

قُلْتُ قُلْنَا صیغہ واحد وجمع متکلم۔

اصل میں قَوَلْتُ قَوَلْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو قَالْتُ، قَالْنَا بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر گیا تو قَلْتُ، قَلْنَا بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دے دیا تو قُلْتُ، قُلْنَا بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

قِيْلَ :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں قُوِلَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واوَ کے ماقبل کو ساکن کر کے واوَ کی حرکت ماقبل کو دی تو قِوْلَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واوَ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو قِيْلَ بن گیا۔

قِيْلاَ . قِيْلُوْا. قِيْلَتْ ، قِيْلَتَا: صیغہائے تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں قُـوِلاَ. قُوِلُوْا . قُوِلَتْ . قُوِلَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واوَ کے ماقبل کو ساکن کر کے واوَ کا کسرہ اسے دیا تو قِوْلاَ. قِوْلُوْا. قِـوْلَتْ قِوْلَتَا بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واوَ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو قِيْلاَ. قِيْلُوْا. قِيْلَتْ' قِيْلَتَا بن گئے۔

قُلْنَ. قُلْتَ . قُلْتُمَا. قُلْتُمْ: صیغہ جمع مونث غائب' واحد وتثنیہ وجمع مذکر حاضر۔

اصل میں قُوِلْنَ . قُوِلْتَ. قُوِلْتُمَا. قُوِلْتُمْ تھے۔معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واوَ کے ماقبل کو ساکن کر کے واوَ کا کسرہ اسے دیا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واوَ ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد یاء ہوگئی تو قِيْلْنَ. قِيْلْتَ. قِيْلْتُمَا. قِيْلْتُمْ. بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو قِلْنَ. قِلْتَ . قِلْتُمَا' قِلْتُمْ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْنَ. قُلْتَ. قُلْتُمَا. قُلْتُمْ بن گئے۔

قُلْتِ . قُلْتُمَا. قُلْتُنَّ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مونث حاضر۔

اصل میں قُـوِلْـتِ. قُـوِلْتُمَا. قُوِلْتُنَّ تھے۔معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واوَ کے ماقبل کو ساکن کر کے واوَ کا کسرہ اسے دیا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واوَ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو قِيْـلْتِ. قِيْلْتُمَا. قِيْلْتُنَّ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو قِلْتِ . قِلْتُمَا. قِلْتُنَّ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْتِ. قُلْتُمَا. قُلْتُنَّ بن گئے۔

قُلْتُ. قُلْنَا: صیغہ واحد وجمع متکلم۔

اصل میں قُـوِلْـتُ . قُـوِلْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واوَ کے ماقبل کو ساکن کر کے واوَ کا کسرہ اسے دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واوَ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو قِيْـلْتُ. قِيْلْنَا بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو قِلْتُ . قِلْنَا بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو قُلْتُ. قُلْنَا بن گئے۔

نوٹ نمبر 1:۔ صیغہ جمع مونث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تعلیل کے بعد ماضی معروف ومجہول کے صیغے صورتاً ایک جیسے ہوجائیں گے۔معروف ومجہول کے صیغوں میں اصل کے لحاظ سے فرق کیا جائے گا۔جیسے: قُلْنَ صیغہ جمع مؤنث فعل ماضی مطلق

مثبت معروف اصل میں قَوَلْنَ تھا۔ جبکہ قُلْنَ صیغہ جمع مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول اصل میں قُوِلْنَ تھا۔

نوٹ نمبر 2: ماضی مجہول کے صیغوں میں واؤ کی حرکت ماقبل کو دینے کی بجائے اسے گرادینا بھی جائز ہے۔ جیسے قُـوْل. قُـوْلاَ. قُـوْلُـوْا. قُـوْلَـتْ. قُوْلَتَا. باقی صیغوں میں واؤ ساکن ہو کر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائے گی۔ جیسے: قُـلْنَ. قُلْتَ. قُلْتُمَا. قُلْتُمْ قُلْتِ. قُلْتُمَا. قُلْتُنَّ. قُلْتُ. قُلْنَا.

نوٹ نمبر 3: نقل حرکت کی صورت میں قاف کے کسرہ کو ضمہ کی بُو دے کر پڑھا جائے گا۔ جس کو اصطلاحِ صرف میں اشمام کہا جاتا ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَقُوْلُ :۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَقْوُلُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واو کی حرکت ماقبل کو دی تو یَقُوْلُ بن گیا۔

تَقُوْلُ . اَقُوْلُ . نَقُوْلُ: صیغہائے واحد مونث غائب و واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں تَـقْـوُلُ. اَقْوُلُ. نَقْوُلُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا ضمہ ماقبل کو دیا تو تَـقُوْلُ . اَقُوْلُ . نَقُوْلُ بن گئے۔

یَقُوْلاَنِ . تَقُوْلاَنِ :صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَقْوُلاَنِ. تَقْوُلاَنِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی تو یَقُوْلاَنِ اور تَقُوْلاَنِ بن گئے۔

یَقُوْلُوْنَ . تَقُوْلُوْنَ:۔ صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَـقْـوُلُوْنَ . تَـقْـوُلُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی تو یَـقُـوْلُوْنَ اور تَقُوْلُوْنَ بن گئے۔

یَقُلْنَ . تَقُلْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَـقْوُلْنَ . تَـقْوُلْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو یَقُلْنَ اور تَقُلْنَ بن گئے۔

تَقُوْلِیْنَ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں تَقْوُلِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی تو تَقُوْلِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُقَالُ . تُقَالُ . اُقَالُ . نُقَالُ :۔ صیغہ ہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و صیغہ واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَقْوَلُ . تُقْوَلُ . اُقْوَلُ . نُقْوَلُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُقَالُ ، تُقَالُ ، اُقَالُ. نُقَالُ بن گئے۔

یُقَالاَنِ . تُقَالاَنِ:۔ صیغہ ہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُقْوَلاَنِ اور تُقْوَلاَنِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُقَالاَنِ .تُقَالاَنِ بن گئے۔

یُقَالُوْنَ . تُقَالُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُقْوَلُوْنَ . تُقْوَلُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُقَالُوْنَ اور تُقَالُوْنَ بن گئے۔

یُقَلْنَ . تُقَلْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُقْوَلْنَ اور تُقْوَلْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُقَلْنَ اور تُقَلْنَ بن گئے۔

تُقَالِیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں تُقْوَلِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو تُقَالِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے واؤ اور مجہول سے الف گر گیا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَقُلْ. لَمْ تَقُلْ. لَمْ اَقُلْ. لَمْ نَقُلْ.

اور مجہول میں: لَمْ یُقَلْ. لَمْ تُقَلْ. لَمْ اُقَلْ. لَمْ نُقَلْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَقُوْلاَ. لَمْ یَقُوْلُوْا. لَمْ تَقُوْلاَ. لَمْ تَقُوْلُوْا. لَمْ تَقُوْلِیْ. لَمْ تَقُوْلاَ.

اور مجہول میں: لَمْ یُقَالاَ. لَمْ یُقَالُوْا. لَمْ تُقَالاَ. لَمْ تُقَالُوْا. لَمْ تُقَالِیْ. لَمْ تُقَالاَ.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں: لَمْ یَقُلْنَ. لَمْ تَقُلْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُقَلْنَ. لَمْ تُقَلْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّقُوْلَ. لَنْ تَقُوْلَ. لَنْ اَقُوْلَ. لَنْ نَّقُوْلَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّقَالَ. لَنْ تُقَالَ. لَنْ اُقَالَ. لَنْ نُّقَالَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّقُوْلَا. لَنْ یَّقُوْلُوْا. لَنْ تَقُوْلَا. لَنْ تَقُوْلُوْا. لَنْ تَقُوْلِیْ. لَنْ تَقُوْلَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّقَالَا. لَنْ یُّقَالُوْا. لَنْ تُقَالَا. لَنْ تُقَالُوْا. لَنْ تُقَالِیْ. لَنْ تُقَالَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں: لَنْ یَّقُلْنَ. لَنْ تَقُلْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّقَلْنَ. لَنْ تُقَلْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَقُوْلَنَّ. لَتَقُوْلَنَّ. لَاَقُوْلَنَّ. لَنَقُوْلَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَقُوْلَنْ. لَتَقُوْلَنْ. لَاَقُوْلَنْ. لَنَقُوْلَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُقَالَنَّ. لَتُقَالَنَّ. لَاُقَالَنَّ. لَنُقَالَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُقَالَنْ. لَتُقَالَنْ. لَاُقَالَنْ. لَنُقَالَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تا کہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَقُوْلُنَّ. لَتَقُوْلُنَّ. لَیَقُوْلُنْ. لَتَقُوْلُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُقَالُنَّ. لَتُقَالُنَّ. لَیُقَالُنْ. لَتُقَالُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر

دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَقُوْلِنَّ. لَتَقُوْلِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُقَالِنَّ. لَتُقَالِنْ.

*معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب حاضر) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَقُوْلانِّ. لَتَقُوْلانِّ. لَيَقُلْنَانِّ. لَتَقُوْلانِّ. لَتَقُلْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُقَالانِّ. لَتُقَالانِّ. لَيُقَلْنَانِّ. لَتُقَالانِّ. لَتُقَلْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

نوٹ: فعل امر حاضر معروف کو فعل مضارع حاضر معروف سے بنانے کے دو طریقے ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا طریقہ: قُلْ کو فعل مضارع حاضر معروف تَقُوْلُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں۔ آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو قُلْ بن گیا۔

دوسرا طریقہ:

قُلْ کو فعل مضارع حاضر معروف تَقُوْلُ اصل سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی قُوْلُ بن گیا۔ علامت مضارع کے بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مضموم لگا کر آخر کو ساکن کر دیا تو اُقْــوُلْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا ضمہ قاف کو دیا تو اُقُــــوْلْ بن گیا۔ ہمزہ وصلی کا مابعد متحرک ہونے کی وجہ سے گرادیا تو قُوْلْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو قُلْ بن گیا۔

قُوْلاَ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقُوْلاَنِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو قُوْلاَ بن گیا۔

قُوْلُوْا: ۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقُوْلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو قُوْلُوْا بن گیا۔

قُوْلِيْ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَقُوْلِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو قُوْلِيْ بن گیا۔

قُلْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَـقُلْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں تو قُلْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوگیا۔پھر اجتماع ساکین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر گیا۔جیسے: تُـقَـالُ سے لِتُـقَلْ. چار صیغوں (تثنیہ،جمع مذکر،واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔جیسے: لِتُـقَـالاَ. لِتُقَالُوْا. لِتُقَالِیْ. لِتُقَالاَ. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے: لِتُقَلْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب،واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔پھر معروف سے واؤ اور مجہول سے الف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائیں گے۔جیسے معروف میں:لِیَـقُـلْ. لِتَـقُـلْ. لِاَقُلْ. لِنَقُلْ اور مجہول میں لِیُقَلْ. لِتُقَلْ. لِاُقَلْ. لِنُقَلْ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَقُوْلاَ. لِیَقُوْلُوْا. لِتَقُوْلاَ.

اور مجہول میں:لِیُقَالاَ. لِیُقَالُوْا. لِتُقَالاَ.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں:لِیَقُلْنَ. اور مجہول میں لِیُقَلْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے صیغہ واحد حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔پھر معروف سے واؤ اور مجہول سے الف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائیں گے۔جیسے معروف میں:لاَ تَقُلْ. اور مجہول میں لاَ تُقَلْ.

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لاَ تَقُوْلاَ. لاَ تَقُوْلُوْا. لاَ تَقُوْلِیْ. لاَ تَقُوْلاَ.

اورمجہول میں: لَا تُقَالَا. لَا تُقَالُوْا. لَا تُقَالِیْ. لَا تُقَالَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَـقُـلْـنَ. اور مجہول میں لَا تُقَلْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر معروف سے واؤ اور مجہول سے الف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائیں گے جیسے معروف میں: لَا یَـقُـلْ. لَا تَـقُلْ. لَا اَقُلْ. لَا نَقُلْ اور مجہول میں: لَا یُقَلْ. لَا تُقَلْ. لَا اُقَلْ. لَا نُقَلْ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَقُوْلَا. لَا یَقُوْلُوْا. لَا تَقُوْلَا.

اور مجہول میں: لَا یُقَالَا. لَا یُقَالُوْا. لَا تُقَالَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا یَـقُـلْـنَ. اور مجہول میں لَا یُقَلْنَ.

بحث اسم ظرف

مَقَالٌ:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَقْوَلٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واو کی حرکت ماقبل کو دے کر واو کو الف سے تبدیل کر دیا تو مَقَالٌ بن گیا۔

مَقَالَانِ:۔صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَـقْـوَلَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واوَ کی حرکت ماقبل کو دے کر واوَ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مَقَالَانِ بن گیا۔

مَقَاوِلُ:۔صیغہ جمع اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مُقَیِّلٌ:۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُقَیْوِلٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واوَ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُقَیِّلٌ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

تصغیر کے صیغوں کے علاوہ اسم آلہ کے باقی تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے: مِقْوَلٌ. مِقْوَلاَنِ. مَقَاوِلُ. مِقْوَلَةٌ. مِقْوَلَتَانِ. مَقَاوِلُ. مِقْوَالٌ. مِقْوَالاَنِ. مَقَاوِيْلُ .

تصغیر کے صیغوں کی تعلیلات درج ذیل ہیں۔

مُقَيِّلٌ: واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُقَيْوِلٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُقَيِّلٌ بن گیا۔

مُقَيِّلَةٌ: واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُقَيْوِلَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُقَيِّلَةٌ بن گیا۔

مُقَيِّيْلٌ، مُقَيِّيْلَةٌ: واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُقَيْوِيْلٌ اور مُقَيْوِيْلَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُقَيِّيْلٌ، مُقَيِّيْلَةٌ بن گئے۔

مَقَاوِيْلُ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

مَقَاوِيْلُ کو مِقْوَالٌ اسم آلہ کبریٰ سے اس طرح بنایا کہ پہلے دو حروف کو فتحہ دیا تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ لائے تو مَقَاوَالُ بن گیا۔ پھر واؤ کو کسرہ دیا تو مَقَاوِالُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَقَاوِيْلُ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل

واحد مذکر مصغر کے علاوہ اسم تفضیل مذکر و مؤنث کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے اسم تفضیل مذکر میں: اَقْوَلُ. اَقْوَلاَنِ. اَقْوَلُوْنَ. اَقَاوِلُ.

اور اسم تفضیل مؤنث میں: قُوْلٰى. قُوْلَيَانِ. قُوْلَيَاتٌ. قُوَلٌ. قُوَيْلٰى

اُقَيِّلٌ: واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُقَيْوِلٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو اُقَيِّلٌ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

فعل تعجب کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَا اَقْوَلَهٗ وَاَقْوِلْ بِهٖ . وَقَوُلَ. اور قَوُلَتْ.

بحث اسم فاعل

قَائِلٌ. قَائِلَانِ . قَائِلُوْنَ :۔صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں قَاوِلٌ . قَاوِلَانِ . قَاوِلُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 17 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو قَائِلٌ . قَائِلَانِ . قَائِلُوْنَ بن گئے۔

قَالَةٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں قَوَلَةٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو قَالَةٌ بن گیا۔

قُوَّالٌ. قُوَّلٌ. قُوْلٌ. قُوَلاءُ . قُوْلانٌ ،صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہیں۔

قِيَالٌ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں قِوَالٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 13 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو قِيَالٌ بن گیا۔

قُوُوْلٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اپنی اصل پر ہے۔

قُوَيِّلٌ ، صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں قُوَيْوِلٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو قُوَيِّلٌ بن گیا۔

قَائِلَةٌ . قَائِلَتَانِ . قَائِلاتٌ:صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مونث سالم۔

اصل میں قَاوِلَةٌ . قَاوِلَتَانِ . قَاوِلاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 17 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو قَائِلَةٌ . قَائِلَتَانِ . قَائِلاتٌ بن گئے۔

قَوَائِلُ :صیغہ جمع مونث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں قَوَاوِلُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 19 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو قَوَائِلُ بن گیا۔

قُوَّلٌ: صیغہ جمع مونث مکسر اپنی اصل پر ہے۔

قُوَيِّلَةٌ :صیغہ واحد مونث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں قُوَيْوِلَةٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو قُوَيِّلَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَقُوْلٌ . مَقُوْلانِ. مَقُوْلُوْنَ. مَقُوْلَةٌ. مَقُوْلَتَانِ. مَقُوْلاتٌ.:۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مَقْوُوْلٌ . مَقْوُوْلانِ. مَقْوُوْلُوْنَ. مَقْوُوْلَةٌ. مَقْوُوْلَتَانِ. مَقْوُوْلاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے

مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَقَاوِيْلُ : صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر۔

اصل میں مَقَاوِوْلُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَقَاوِيْلُ بن گیا۔

مُقَيَّلٌ، مُقَيِّلَةٌ: صیغہ واحد مذکر و مونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُقَيْوِيْلٌ مُقَيْوِيْلَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُقَيِّيْلٌ. مُقَيِّيْلَةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب سَمِعَ يَسْمَعُ جیسے اَلْخَوْفُ (ڈرنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

خَافَ:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مجرد اجوف واوی از باب سَمِعَ. يَسْمَعُ

اصل میں خَوِفَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرک ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل گئی تو خَافَ بن گیا۔

خَافَا. خَافُوْا. خَافَتْ. خَافَتَا. صیغہائے تثنیہ وجمع مذکر واحد و تثنیہ مؤنث غائب اصل میں خَوِفَا. خَوِفُوْا. خَوِفَتْ. خَوِفَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

خِفْنَ. خِفْتَ. خِفْتُمَا. خِفْتُمْ. خِفْتِ. خِفْتُمَا. خِفْتُنَّ. خِفْتُ. خِفْنَا. صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد تثنیہ وجمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں خَوِفْنَ. خَوِفْتَ. خَوِفْتُمَا. خَوِفْتُمْ. خَوِفْتِ. خَوِفْتُمَا. خَوِفْتُنَّ. خَوِفْتُ. خَوِفْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو خَافْنَ. خَافْتَ. خَافْتُمَا. خَافْتُمْ. خَافْتِ. خَافْتُمَا. خَافْتُنَّ. خَافْتُ. خَافْنَا بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو خَفْنَ. خَفْتَ. خَفْتُمَا. خَفْتُمْ. خَفْتِ. خَفْتُمَا. خَفْتُنَّ. خَفْتُ. خَفْنَا بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاء کلمہ کو کسرہ دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

خِيْفَ خِيْفَا. خِيْفُوْا. خِيْفَتْ. خِيْفَتَا. صیغہائے واحد و تثنیہ وجمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں خُوِفَ. خُوِفَا. خُوِفُوْا. خُوِفَتْ. خُوِفَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واؤ کے ماقبل کو ساکن کر کے واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا تو خِوْفَ. خِوْفَا. خِوْفُوْا. خِوْفَتْ. خِوْفَتَا بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر [illegible] کے مطابق واؤ

ساکن غیر مدغم کو یاء سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

خِفْنَ. خِفْتَ. خِفْتُمَا. خِفْتُمْ. خِفْتِ. خِفْتُمَا. خِفْتُنَّ. خِفْتُ. خِفْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں خَوِفْنَ. خَوِفْتَ. خَوِفْتُمَا. خَوِفْتُمْ. خَوِفْتِ. خَوِفْتُمَا. خَوِفْتُنَّ. خَوِفْتُ. خَوِفْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واؤ کے ماقبل کو ساکن کر کے واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا تو خِوْفْنَ. خِوْفْتَ. خِوْفْتُمَا. خِوْفْتُمْ. خِوْفْتِ. خِوْفْتُمَا. خِوْفْتُنَّ. خِوْفْتُ. خِوْفْنَا بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کردیا تو خِیْفْنَ. خِیْفْتَ. خِیْفْتُمَا. خِیْفْتُمْ. خِیْفْتِ. خِیْفْتُمَا. خِیْفْتُنَّ. خِیْفْتُ. خِیْفْنَا بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: اگر صیغہ جمع مؤنث غائب سے لے کر صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغوں میں واؤ کی حرکت ماقبل کو نہ دیں بلکہ واؤ کو ساکن کر کے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرادیں تو اس صورت میں معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واؤ مکسور العین میں فاء کلمہ کو کسرہ دیں گے۔

جیسے: خَوُفْنَ. خَوُفْتَ. خَوُفْتُمَا. خَوُفْتُمْ. خَوُفْتِ. خَوُفْتُمَا. خَوُفْتُنَّ. خَوُفْتُ. خَوُفْنَا سے خُفْنَ. خُفْتَ. خُفْتُمَا. خُفْتُمْ. خُفْتِ. خُفْتُمَا. خُفْتُنَّ. خُفْتُ. خُفْنَا سے خِفْنَ. خِفْتَ. خِفْتُمَا. خِفْتُمْ. خِفْتِ. خِفْتُمَا. خِفْتُنَّ. خِفْتُ. خِفْنَا.

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَخَافُ. تَخَافُ. أَخَافُ. نَخَافُ: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَخْوَفُ. تَخْوَفُ. أَخْوَفُ. نَخْوَفُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَخَافَانِ. تَخَافَانِ. صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَخْوَفَانِ. تَخْوَفَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَخَافُوْنَ. تَخَافُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَخْوَفُوْنَ. تَخْوَفُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَخَافِیْنَ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں تَخْوَفِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

یَخَفْنَ ، تَخَفْنَ :۔ صیغہ جمع مونث غائب و حاضر فعل مضارع معروف۔

اصل میں یَخْوَفْنَ ، تَخْوَفْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُخَافُ. تُخَافُ. أُخَافُ. نُخَافُ:۔ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یُخْوَفُ. تُخْوَفُ. أُخْوَفُ. نُخْوَفُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُخَافَانِ. تُخَافَانِ. صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یُخْوَفَانِ. تُخْوَفَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُخَافُوْنَ. تُخَافُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یُخْوَفُوْنَ. تُخْوَفُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُخَافِیْنَ : صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں تُخْوَفِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

یُخَفْنَ . تُخَفْنَ :۔ صیغہ جمع مونث غائب و حاضر فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُخْوَفْنَ ، تُخْوَفْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر اسی قانون کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیا۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرکت گرادی۔ پھران صیغوں سے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَخَفْ. لَمْ تَخَفْ. لَمْ اَخَفْ. لَمْ نَخَفْ.

اورمجہول میں: لَمْ يُخَفْ. لَمْ تُخَفْ. لَمْ أُخَفْ. لَمْ نُخَفْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَخَافَا. لَمْ يَخَافُوْا. لَمْ تَخَافَا. لَمْ تَخَافُوْا. لَمْ تَخَافِيْ. لَمْ تَخَافَا.

اورمجہول میں: لَمْ يُخَافَا. لَمْ يُخَافُوْا. لَمْ تُخَافَا. لَمْ تُخَافُوْا. لَمْ تُخَافِيْ. لَمْ تُخَافَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں: لَمْ يَخَفْنَ. لَمْ تَخَفْنَ. اورمجہول میں لَمْ يُخَفْنَ. لَمْ تُخَفْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّخَافَ. لَنْ تَخَافَ. لَنْ اَخَافَ. لَنْ نَّخَافَ.

اورمجہول میں: لَنْ يُّخَافَ. لَنْ تُخَافَ. لَنْ أُخَافَ . لَنْ نُّخَافَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّخَافَا. لَنْ يَّخَافُوْا. لَنْ تَخَافَا. لَنْ تَخَافُوْا. لَنْ تَخَافِيْ. لَنْ تَخَافَا.

اورمجہول میں: لَنْ يُّخَافَا. لَنْ يُّخَافُوْا. لَنْ تُخَافَا. لَنْ تُخَافُوْا. لَنْ تُخَافِيْ. لَنْ تُخَافَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں: لَنْ يَّخَفْنَ. لَنْ تَخَفْنَ. اورمجہول میں لَنْ يُّخَفْنَ. لَنْ تُخَفْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَخَافَنَّ. لَتَخَافَنَّ. لَأَخَافَنَّ. لَنَخَافَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَخَافَنْ. لَتَخَافَنْ. لَأَخَافَنْ. لَنَخَافَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُخَافَنَّ. لَتُخَافَنَّ. لَأُخَافَنَّ. لَنُخَافَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُخَافَنْ. لَتُخَافَنْ. لَأُخَافَنْ. لَنُخَافَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَخَافُنَّ. لَتَخَافُنَّ. لَيَخَافُنْ. لَتَخَافُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَيُخَافُنَّ. لَتُخَافُنَّ. لَيُخَافُنْ. لَتُخَافُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَخَافِنَّ. لَتَخَافِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُخَافِنَّ. لَتُخَافِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَخَافَانِّ. لَتَخَافَانِّ. لَيَخَفْنَانِّ. لَتَخَافَانِّ. لَتَخَفْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُخَافَانِّ. لَتُخَافَانِّ. لَيُخَفْنَانِّ. لَتُخَافَانِّ. لَتُخَفْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

خَفْ: صیغہ واحد مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَخَافُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر کو ساکن کردیا تو خَافْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو خَفْ بن گیا۔

خَافَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَخَافَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو خَافَا بن گیا۔

خَافُوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَخَافُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو خَافُوْا بن گیا۔

خَافِيْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَخَافِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو خَافِيْ بن گیا۔

خَفْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَخَفْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں تو خَفْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے: تُخَافُ سے لِتُخَفْ. چار صیغوں (تثنیہ جمع مذکر واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لِتُخَافَا. لِتُخَافُوْا. لِتُخَافِيْ. لِتُخَافَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُخَفْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَخَفْ. لِتَخَفْ. لِأَخَفْ. لِنَخَفْ اور مجہول میں: لِيُخَفْ. لِتُخَفْ. لِأُخَفْ. لِنُخَفْ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَخَافَا. لِيَخَافُوْا. لِتَخَافَا.

اور مجہول میں: لِيُخَافَا. لِيُخَافُوْا. لِتُخَافَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَخَفْنَ. اور مجہول میں لِيُخَفْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر معروف ومجہول سے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَخَفْ اور مجہول لَا تُخَفْ.

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَخَافَا. لَا تَخَافُوْا. لَا تَخَافِيْ. لَا تَخَافَا.

اور مجہول میں: لَا تُخَافَا. لَا تُخَافُوْا. لَا تُخَافِيْ. لَا تُخَافَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَخَفْنَ.
اور مجہول میں لَا تُخَفْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر معروف ومجہول سے اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا يَخَفْ. لَا تَخَفْ. لَا أَخَفْ. لَا نَخَفْ اور مجہول میں: لَا يُخَفْ. لَا تُخَفْ. لَا أُخَفْ. لَا نُخَفْ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَخَافَا. لَا يَخَافُوْا. لَا تَخَافَا.

اور مجہول میں: لَا يُخَافَا. لَا يُخَافُوْا. لَا تُخَافَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَا يَخَفْنَ.
اور مجہول میں لَا يُخَفْنَ.

بحث اسم ظرف

مَخَافٌ: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَخْوَفٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مَخَافٌ بن گیا۔

مَخَافَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔ اصل میں مَخْوَفَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو الف

سے تبدیل کر دیا تو مَخافَانِ ہو گیا۔

مَخَاوِف : صیغہ جمع اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مُخَیِّفٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُخَیْوِفٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُخَیِّفٌ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

جیسے:مِخْوَف. مِخْوَفَانِ. مَخَاوِفُ. مِخْوَفَةٌ. مِخْوَفَتَانِ. مَخَاوِفُ. مِخْوَاف. مِخْوَافَانِ. مَخَاوِيْفُ .

نوٹ:۔سوائے تصغیر کے صیغوں کے اسم آلہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مُخَیِّفٌ: واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُخَیْوِفٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُخَیِّفٌ بن گیا۔

مُخَیِّفَةٌ: واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُخَیْوِفَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُخَیِّفَةٌ بن گیا۔

مُخَیِّیْفٌ، مُخَیِّیْفَةٌ: واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُخَیْوِیْفٌ اور مُخَیْوِیْفَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو مُخَیِّیْفٌ، مُخَیِّیْفَةٌ بن گئے۔

مَخَاوِیْفُ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

مَخَاوِیْفُ کو مِخْوَاف اسم آلہ کبریٰ سے اس طرح بنایا کہ پہلے دو حروف کو فتحہ دیا۔ تیسری جگہ الف علامت جمع اقصیٰ لائے تو مَخَاوَاف بن گیا۔ پھر واو کو کسرہ دیا تو مَخَاوِاف بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَخَاوِیْفُ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل

واحد مذکر مصغر کے علاوہ اسم تفضیل مذکر و مؤنث کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

جیسے اسم تفضیل مذکر میں: اَخْوَف. اَخْوَفَانِ. اَخْوَفُوْنَ. اَخَاوِفُ.

اور اسم تفضیل مؤنث میں: خُوْفٰی. خُوْفَیَانِ . خُوْفَیَاتٌ .خُوَف . خُوَیْفٰی.

اُخَیِّفُ: واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُخَیْوِفُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو اُخَیِّفُ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

فعل تعجب کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔ جیسے: مَا اَخْوَفَهٗ وَاَخْوِفْ بِهٖ . وَخَوُفَ. اور خَوُفَتْ۔

بحث اسم فاعل

خَائِفٌ . خَائِفَانِ. خَائِفُوْنَ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں خَاوِفٌ. خَاوِفَانِ. خَاوِفُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 17 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

خَافَةٌ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں خَوَفَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو خَافَةٌ بن گیا۔

خُوَّافٌ. خُوَّفٌ. خُوْفٌ. خُوَلَاءُ. خُوْفَانٌ. صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

خِيَافٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں خِوَافٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 13 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو خِيَافٌ بن گیا۔

خُوُوْفٌ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

خُوَيِّفٌ : صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں خُوَيْوِفٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو خُوَيِّفٌ بن گیا۔

خَائِفَةٌ. خَائِفَتَانِ. خَائِفَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں خَاوِفَةٌ. خَاوِفَتَانِ. خَاوِفَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 17 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

خَوَائِفُ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں خَوَاوِفُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 19 کے مطابق دوسری واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو خَوَائِفُ بن گیا۔

خُوَّفٌ : صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

خُوَيِّفَةٌ : صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں خُوَيْوِفَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر یاء کا یاء میں ادغام کیا تو خُوَيِّفَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَخُوْفٌ. مَخُوْفَانِ. مَخُوْفُوْنَ. مَخُوْفَةٌ. مَخُوْفَتَانِ. مَخُوْفَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مَخْوُوْفٌ. مَّخْوُوْفَانِ. مَخْوُوْفُوْنَ. مَخْوُوْفَةٌ. مَّخْوُوْفَتَانِ. مَخْوُوْفَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا ضمہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَخَاوِیْفُ: صیغہ جمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مَخَاوِوْفُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَخَاوِیْفُ بن گیا۔

مُخَیِّیْفٌ. مُخَیِّیْفَةٌ. صیغہ واحد مذکر ومؤنث مصغر اسم مفعوا۔

اصل میں مُخَیْوِیْفٌ اور مُخَیْوِیْفَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل اجوف واوی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلْاِ حْتِیَاجُ (محتاج ہونا)

اِحْتِیَاجٌ: صیغہ اسم مصدر۔ اصل میں اِحْتِوَاجٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 13 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِحْتِیَاجٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِحْتَاجَ. اِحْتَاجَا. اِحْتَاجُوْا. اِحْتَاجَتْ. اِحْتَاجَتَا: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِحْتَوَجَ. اِحْتَوَجَا. اِحْتَوَجُوْا. اِحْتَوَجَتْ. اِحْتَوَجَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِحْتَجْنَ. اِحْتَجْتَ. اِحْتَجْتُمَا. اِحْتَجْتُمْ. اِحْتَجْتِ. اِحْتَجْتُمَا. اِحْتَجْتُنَّ. اِحْتَجْتُ. اِحْتَجْنَا. صیغہائے جمع مونث غائب وواحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں اِحْتَوَجْنَ. اِحْتَوَجْتَ. اِحْتَوَجْتُمَا. اِحْتَوَجْتُمْ. اِحْتَوَجْتِ. اِحْتَوَجْتُمَا. اِحْتَوَجْتُنَّ. اِحْتَوَجْتُ. اِحْتَوَجْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِحْتَاجْنَ. اِحْتَاجْتَ. اِحْتَاجْتُمَا. اِحْتَاجْتُمْ. اِحْتَاجْتِ. اِحْتَاجْتُمَا. اِحْتَاجْتُنَّ. اِحْتَاجْتُ. اِحْتَاجْنَا بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُحْتِیْجَ بِہٖ:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُحْتُــــــوِجَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واؤ کے ماقبل کو ساکن کر کے واؤ کی حرکت اسے دی تو اُحْتِوْجَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم یاء سے بدل گئی تو اُحْتِیْجَ بِہٖ بن گیا۔

نوٹ:۔ فعل کے لازم ہونے کی وجہ سے مجہول کے صرف ایک صیغہ پر اکتفا کیا گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَحْتَاجُ. یَحْتَاجَانِ. یَحْتَاجُوْنَ. تَحْتَاجُ. تَحْتَاجَانِ. تَحْتَاجُوْنَ. تَحْتَاجِیْنَ. تَحْتَاجَانِ. اَحْتَاجُ. نَحْتَاجُ :۔ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَحْتَوِجُ. یَحْتَوِجَانِ. یَحْتَوِجُوْنَ. تَحْتَوِجُ. تَحْتَوِجَانِ. تَحْتَوِجُوْنَ. تَحْتَوِجِیْنَ. تَحْتَوِجَانِ. اَحْتَوِجُ. نَحْتَوِجُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَحْتَجْنَ ، تَحْتَجْنَ :۔ صیغہ جمع مونث غائب وحاضر۔

اصل میں یَحْتَوِجْنَ اور تَحْتَوِجْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یَحْتَجْنَ اور تَحْتَجْنَ بن گئے۔

بحث فعل مضارع مجہول

یُحْتَاجُ بِہٖ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُحْتَوَجُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُحْتَاجُ بِہٖ بن گیا۔

نوٹ: فعل لازم ہونے کی وجہ سے مجہول کے صرف ایک صیغہ پر اکتفاء کیا گیا ہے

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف

لَمْ یَحْتَجْ. لَمْ تَحْتَجْ. لَمْ اَحْتَجْ. لَمْ نَحْتَجْ. صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔ ان کو فعل مضارع یَحْتَاجُ. تَحْتَاجُ. اَحْتَاجُ. نَحْتَاجُ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لم لگا دیا۔ جس کی وجہ سے مضارع کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔ (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) جیسے

لَمْ یَحْتَاجَا. لَمْ یَحْتَاجُوْا. لَمْ تَحْتَاجَا. لَمْ تَحْتَاجُوْا. لَمْ تَحْتَاجِیْ. لَمْ تَحْتَاجَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لَمْ یَحْتَجْنَ. لَمْ تَحْتَجْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

لَمْ یُحْتَجْ بِہٖ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی جحد بلم جازمہ مجہول۔

اس بحث کو فعل مضارع مجہول یُحْتَاجُ سے اس طرح بنایا کہ حرف جازم لَمْ اس کے شروع میں لگا دیا۔ جس کی وجہ سے اس کا آخر ساکن ہوگیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لَمْ یُحْتَجْ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

جیسے: لَنْ یَّحْتَاجَ. لَنْ تَحْتَاجَ. لَنْ اَحْتَاجَ. لَنْ نَّحْتَاجَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب وحاضر، ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیں گے۔ جیسے: لَنْ یَّحْتَاجَا. لَنْ یَّحْتَاجُوْا. لَنْ تَحْتَاجَا. لَنْ تَحْتَاجُوْا. لَنْ تَحْتَاجِیْ. لَنْ تَحْتَاجَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ یَّحْتَجْنَ. لَنْ تَحْتَجْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

لَنْ یُّحْتَاجَ بِہٖ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل نفی تاکید بلن ناصبہ مجہول۔

اس بحث کو فعل مضارع مجہول یُحْتَاجُ بِہٖ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیا۔ جس نے آخر میں لفظی نصب دیا۔ جیسے لَنْ یُّحْتَاجَ بِہٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیَحْتَاجَنَّ. لَتَحْتَاجَنَّ. لَاَحْتَاجَنَّ. لَنَحْتَاجَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ میں: لَیَحْتَاجَنْ. لَتَحْتَاجَنْ. لَاَحْتَاجَنْ. لَنَحْتَاجَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَیَحْتَاجُنَّ. لَتَحْتَاجُنَّ. لَیَحْتَاجُنْ. لَتَحْتَاجُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَتَحْتَاجِنَّ. لَتَحْتَاجِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيَحْتَاجَانِّ. لَتَحْتَاجَانِّ. لَيَحْتَجْنَانِّ. لَتَحْتَاجَانِّ. لَتَحْتَجْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔

صیغہ واحد مذکر غائب میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے لَيُحْتَاجَنَّ بِهٖ. لَيُحْتَاجَنْ بِهٖ

بحث فعل امر حاضر معروف

اِحْتَجْ:۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَحْتَاجُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِحْتَجْ بن گیا۔

اِحْتَاجَا:۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَحْتَاجَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِحْتَاجَا بن گیا۔

اِحْتَاجُوْا:۔ صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَحْتَاجُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا۔ تو اِحْتَاجُوْا بن گیا۔

اِحْتَاجِيْ:۔ صیغہ واحد مونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَحْتَاجِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِحْتَاجِيْ بن گیا۔

اِحْتَجْنَ:۔ صیغہ جمع مونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَحْتَجْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہا تو اِحْتَجْنَ بن گیا

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول تُحْتَاجُ سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لِتُحْتَجْ بِکَ بن گیا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لِیَحْتَجْ. لِتَحْتَجْ. لِاَحْتَجْ. لِنَحْتَجْ. بن گئے۔ تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔ جیسے: لِیَحْتَاجَا. لِتَحْتَاجَا. لِیَحْتَاجُوْا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لِیَحْتَجْنَ .

فعل امر غائب مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیا۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر غائب کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لِیُحْتَجْ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی جازمہ لائے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لَا تَحْتَجْ بن گیا۔ چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرا دیا۔ جیسے لَا تَحْتَاجَا' لَا تَحْتَاجُوْا. لَا تَحْتَاجِیْ. لَا تَحْتَاجَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے لَا تَحْتَجْنَ .

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی جازمہ لائے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لَا تُحْتَجْ بِکَ. بن گیا۔

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لَا یَحْتَجْ. لَا تَحْتَجْ. لَا اَحْتَجْ. لَا نَحْتَجْ. بن گئے۔ تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون

اعرابی گرادیا۔ جیسے: لاَ یَحْتَاجَا. لاَ تَحْتَاجَا. لاَ یَحْتَاجُوْا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لاَ یَحْتَجْنَ .

فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر غائب کا آخر ساکن ہوگیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو لاَ یُحْتَجْ بِہٖ بن گیا۔

بحث اسم ظرف

مُحْتَاجٌ. مُحْتَاجَانِ. مُحْتَاجَاتٌ: ۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُحْتَوَجٌ. مُحْتَوَجَانِ. مُحْتَوَجَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُحْتَاجٌ. مُحْتَاجَانِ . مُحْتَاجُوْنَ. مُحْتَاجَةٌ. مُحْتَاجَتَانِ مُحْتَاجَاتٌ: ۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُحْتَوِجٌ. مُحْتَوِجَانِ. مُحْتَوِجُوْنَ. مُحْتَوِجَةٌ. مُحْتَوِجَتَانِ. مُحْتَوِجَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے.

بحث اسم مفعول

مُحْتَاجٌ م بِہٖ. صیغہ واحد اسم مفعول۔

اصل میں مُحْتَوَجٌ . تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل اجوف واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِغَاثَۃُ (مدد چاہنا)

اِسْتِغَاثَۃٌ : صیغہ اسم مصدر۔

صاحب علم الصیغہ علیہ الرحمۃ کی تحقیق کے مطابق اس کا اصل اِسْتِغْوَثَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِغَاثَۃٌ بن گیا۔

باقی صرفیوں کے نزدیک اصل میں اِسْتِغْوَاث تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہو گیا دو الفوں کے درمیان۔ بعض صرفی پہلے الف اور بعض دوسرے الف کو حذف کرتے ہیں تو یہ اِسْتِغَاث بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 31 کے مطابق الف کے بدلے میں آخر میں تاء لائے تو اِسْتِغَاثَۃٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَغَاثَ. اِسْتَغَاثَا. اِسْتَغَاثُوْا. اِسْتَغَاثَتْ. اِسْتَغَاثَتَا. :۔ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر غائب، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِسْتَغْوَثَ. اِسْتَغْوَثَا. اِسْتَغْوَثُوْا. اِسْتَغْوَثَتْ. اِسْتَغْوَثَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِسْتَغَثْنَ. اِسْتَغَثْتَ. اِسْتَغَثْتُمَا. اِسْتَغَثْتُمْ. اِسْتَغَثْتِ. اِسْتَغَثْتُمَا. اِسْتَغَثْتُنَّ. اِسْتَغَثْتُ. اِسْتَغَثْنَا :۔ صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اِسْتَغْوَثْنَ. اِسْتَغْوَثْتَ. اِسْتَغْوَثْتُمَا. اِسْتَغْوَثْتُمْ. اِسْتَغْوَثْتِ. اِسْتَغْوَثْتُمَا. اِسْتَغْوَثْتُنَّ. اِسْتَغْوَثْتُ. اِسْتَغْوَثْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُغِيْثَ. اُسْتُغِيْثَا. اُسْتُغِيْثُوْا. اُسْتُغِيْثَتْ. اُسْتُغِيْثَتَا. :۔ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُسْتُغْوِثَ. اُسْتُغْوِثَا. اُسْتُغْوِثُوْا. اُسْتُغْوِثَتْ. اُسْتُغْوِثَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُسْتُغِثْنَ. اُسْتُغِثْتَ. اُسْتُغِثْتُمَا. اُسْتُغِثْتُمْ. اُسْتُغِثْتِ. اُسْتُغِثْتُمَا. اُسْتُغِثْتُنَّ. اُسْتُغِثْتُ. اُسْتُغِثْنَا :۔ صیغہ جمع مؤنث

غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اُسْتُغْوِثْنَ. اُسْتُغْوِثْتَ. اُسْتُغْوِثْتُمَا. اُسْتُغْوِثْتُمْ. اُسْتُغْوِثْتِ. اُسْتُغْوِثْتُمَا. اُسْتُغْوِثْتُنَّ. اُسْتُغْوِثْتُ. اُسْتُغْوِثْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَغِیْثُ. یَسْتَغِیْثَانِ. یَسْتَغِیْثُوْنَ. تَسْتَغِیْثُ. تَسْتَغِیْثَانِ. تَسْتَغِیْثُ. تَسْتَغِیْثَانِ. تَسْتَغِیْثُوْنَ. تَسْتَغِیْثِیْنَ. تَسْتَغِیْثَانِ. اَسْتَغِیْثُ. نَسْتَغِیْثُ :۔ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَغْوِثُ. یَسْتَغْوِثَانِ. یَسْتَغْوِثُوْنَ. تَسْتَغْوِثُ. تَسْتَغْوِثَانِ. تَسْتَغْوِثُ. تَسْتَغْوِثَانِ. تَسْتَغْوِثُوْنَ. تَسْتَغْوِثِیْنَ. تَسْتَغْوِثَانِ. اَسْتَغْوِثُ. نَسْتَغْوِثُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَغِثْنَ ، تَسْتَغِثْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَسْتَغْوِثْنَ اور تَسْتَغْوِثْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو یَسْتَغِثْنَ اور تَسْتَغِثْنَ بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَغَاثُ. یُسْتَغَاثَانِ. یُسْتَغَاثُوْنَ. تُسْتَغَاثُ. تُسْتَغَاثَانِ. تُسْتَغَاثُ. تُسْتَغَاثَانِ. تُسْتَغَاثُوْنَ. تُسْتَغَاثِیْنَ. تُسْتَغَاثَانِ. اُسْتَغَاثُ. نُسْتَغَاثُ :۔ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَغْوَثُ. یُسْتَغْوَثَانِ. یُسْتَغْوَثُوْنَ. تُسْتَغْوَثُ. تُسْتَغْوَثَانِ. تُسْتَغْوَثُ. تُسْتَغْوَثَانِ. تُسْتَغْوَثُوْنَ. تُسْتَغْوَثِیْنَ. تُسْتَغْوَثَانِ. اُسْتَغْوَثُ. نُسْتَغْوَثُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسْتَغَثْنَ ، تُسْتَغَثْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یُسْتَغْوَثُنَ اور تُسْتَغْوَثُنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُسْتَغَثْنَ اور تُسْتَغَثْنَ بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر معروف کے صیغوں سے یاء اور مجہول کے صیغوں سے الف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرادیا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَغِثْ. لَمْ تَسْتَغِثْ. لَمْ اَسْتَغِثْ. لَمْ نَسْتَغِثْ اور مجہول میں لَمْ یُسْتَغَثْ. لَمْ تُسْتَغَثْ. لَمْ اُسْتَغَثْ. لَمْ نُسْتَغَثْ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ' دو جمع مذکر غائب وحاضر' واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَغِیْثَا. لَمْ یَسْتَغِیْثُوْا. لَمْ تَسْتَغِیْثَا. لَمْ تَسْتَغِیْثُوْا. لَمْ تَسْتَغِیْثِیْ. لَمْ تَسْتَغِیْثَا. اور مجہول میں لَمْ یُسْتَغَاثَا. لَمْ یُسْتَغَاثُوْا. لَمْ تُسْتَغَاثَا. لَمْ تُسْتَغَاثُوْا. لَمْ تُسْتَغَاثِیْ. لَمْ تُسْتَغَاثَا. صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لَمْ یَسْتَغِثْنَ. لَمْ تَسْتَغِثْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُسْتَغَثْنَ. لَمْ تُسْتَغَثْنَ.

بحث فعل مضارع نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَغِیْثَ. لَنْ تَسْتَغِیْثَ. لَمْ اَسْتَغِیْثَ. لَنْ نَّسْتَغِیْثَ اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَغَاثَ. لَنْ تُسْتَغَاثَ. لَنْ اُسْتَغَاثَ. لَنْ نُّسْتَغَاثَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ' دو جمع مذکر غائب وحاضر' واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَغِیْثَا. لَنْ یَّسْتَغِیْثُوْا. لَنْ تَسْتَغِیْثَا. لَنْ تَسْتَغِیْثُوْا. لَنْ تَسْتَغِیْثِیْ. لَنْ تَسْتَغِیْثَا. اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَغَاثَا. لَنْ یُّسْتَغَاثُوْا. لَنْ تُسْتَغَاثَا. لَنْ تُسْتَغَاثُوْا. لَنْ تُسْتَغَاثِیْ. لَنْ تُسْتَغَاثَا. صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لَنْ یَّسْتَغِثْنَ. لَنْ تَسْتَغِثْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَغَثْنَ. لَنْ تُسْتَغَثْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں

گے۔معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) میں نون ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَغِيثَنَّ. لَتَسْتَغِيثَنَّ. لَأَسْتَغِيثَنَّ. لَنَسْتَغِيثَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَغِيثَنْ. لَتَسْتَغِيثَنْ. لَأَسْتَغِيثَنْ. لَنَسْتَغِيثَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَغَاثَنَّ. لَتُسْتَغَاثَنَّ. لَأُسْتَغَاثَنَّ. لَنُسْتَغَاثَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَغَاثَنْ. لَتُسْتَغَاثَنْ. لَأُسْتَغَاثَنْ. لَنُسْتَغَاثَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيَسْتَغِيثُنَّ. لَتَسْتَغِيثُنَّ. لَيَسْتَغِيثُنْ. لَتَسْتَغِيثُنْ. اورنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَيُسْتَغَاثُنَّ. لَتُسْتَغَاثُنَّ. لَيُسْتَغَاثُنْ. لَتُسْتَغَاثُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَسْتَغِيثِنَّ. لَتَسْتَغِيثِنْ اورنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُسْتَغَاثِنَّ. لَتُسْتَغَاثِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَغِيثَانِّ. لَتَسْتَغِيثَانِّ. لَيَسْتَغِثْنَانِّ. لَتَسْتَغِيثَانِّ. لَتَسْتَغِثْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَغَاثَانِّ. لَتُسْتَغَاثَانِّ. لَيُسْتَغَثْنَانِّ. لَتُسْتَغَاثَانِّ. لَتُسْتَغَثْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَغِثْ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَغِيثُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو اِسْتَغِثْ بن گیا۔

اِسْتَغِيثَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَغِيثَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَغِيثَا بن گیا۔

اِسْتَغِیْثُوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَغِیْثُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَغِیْثُوْا بن گیا۔

اِسْتَغِیْثِی:۔صیغہ واحد مونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَغِیْثِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَغِیْثِیْ بن گیا۔

اِسْتَغِثْنَ:۔صیغہ جمع مونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَغِثْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَغِثْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا جیسے تُسْتَغَاثُ سے لِتُسْتَغَثْ بن جائے گا۔ چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا لِتُسْتَغَاثَا. لِتُسْتَغَاثُوْا. لِتُسْتَغَاثِیْ. لِتُسْتَغَاثَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لِتُسْتَغَثْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ معروف سے یاء اور مجہول سے الف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لِیَسْتَغِثْ، لِتَسْتَغِثْ، لِأَسْتَغِثْ، لِنَسْتَغِثْ اور مجہول میں لِیُسْتَغَثْ، لِتُسْتَغَثْ، لِأُسْتَغَثْ، لِنُسْتَغَثْ۔ تین صیغوں (تثنیہ مذکر ومؤنث، جمع مذکر غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لِیَسْتَغِیْثَا. لِیَسْتَغِیْثُوْا. لِتَسْتَغِیْثَا. اور مجہول میں لِیُسْتَغَاثَا. لِیُسْتَغَاثُوْا. لِتُسْتَغَاثَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لِیَسْتَغِثْنَ. اور مجہول میں لِیُسْتَغَثْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گرادیں گے۔ جیسے معروف میں لَا تَسْتَغِثْ، اور مجہول میں لَا تُسْتَغَثْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَا تَسْتَغِيْثَا. لَا تَسْتَغِيْثُوْا. لَا تَسْتَغِيْثِيْ. لَا تَسْتَغِيْثَا اور مجہول میں لَا تُسْتَغَاثَا. لَا تُسْتَغَاثُوْا. لَا تُسْتَغَاثِيْ. لَا تُسْتَغَاثَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَا تَسْتَغِثْنَ. اور مجہول میں لَا تُسْتَغَثْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گرادیں گے۔ جیسے معروف میں لَا يَسْتَغِثْ. لَا تَسْتَغِثْ. لَا أَسْتَغِثْ. لَا نَسْتَغِثْ. اور مجہول میں لَا يُسْتَغَثْ. لَا تُسْتَغَثْ. لَا أُسْتَغَثْ. لَا نُسْتَغَثْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَا يَسْتَغِيْثَا. لَا يَسْتَغِيْثُوْا. لَا تَسْتَغِيْثَا. اور مجہول میں لَا يُسْتَغَاثَا. لَا يُسْتَغَاثُوْا. لَا تُسْتَغَاثَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَا يَسْتَغِثْنَ. اور مجہول میں لَا يُسْتَغَثْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَغَاثٌ. مُسْتَغَاثَانِ. مُسْتَغَاثَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَغْوَثٌ. مُسْتَغْوَثَانِ. مُسْتَغْوَثَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَغِيْثٌ. مُسْتَغِيْثَانِ. مُسْتَغِيْثُوْنَ. مُسْتَغِيْثَةٌ. مُسْتَغِيْثَتَانِ. مُسْتَغِيْثَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَغْوِثٌ. مُسْتَغْوِثَانِ. مُسْتَغْوِثُوْنَ. مُسْتَغْوِثَةٌ. مُسْتَغْوِثَتَانِ. مُسْتَغْوِثَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَغَاثٌ. مُسْتَغَاثَانِ. مُسْتَغَاثُوْنَ. مُسْتَغَاثَةٌ. مُسْتَغَاثَتَانِ. مُسْتَغَاثَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَغْوَثٌ. مُسْتَغْوَثَانِ. مُسْتَغْوَثُوْنَ. مُسْتَغْوَثَةٌ. مُسْتَغْوَثَتَانِ. مُسْتَغْوَثَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل اجوف واوی از باب اِنْفِعَالٌ جیسے اَلْاِنْقِیَادُ (فرمانبردار ہونا)

اِنْقِیَادٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل اجوف واوی از باب اِنْفِعَالٌ۔ اصل میں اِنْقِوَادٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 13 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِنْقِیَادٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْقَادَ. اِنْقَادَا. اِنْقَادُوْا. اِنْقَادَتْ. اِنْقَادَتَا: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِنْقَوَدَ. اِنْقَوَدَا. اِنْقَوَدُوْا. اِنْقَوَدَتْ. اِنْقَوَدَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِنْقَدْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب۔

اصل میں اِنْقَوَدْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْقَدْنَ بن گیا۔

اِنْقَدْتَ. اِنْقَدْتُمَا. اِنْقَدْتُمْ. اِنْقَدْتِ. اِنْقَدْتُمَا. اِنْقَدْتُنَّ. اِنْقَدْتُ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد متکلم۔

اصل میں اِنْقَوَدْتَ. اِنْقَوَدْتُمَا. اِنْقَوَدْتُمْ. اِنْقَوَدْتِ. اِنْقَوَدْتُمَا. اِنْقَوَدْتُنَّ. اِنْقَوَدْتُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْقَدْتَ. اِنْقَدْتُمَا. اِنْقَدْتُمْ. اِنْقَدْتِ. اِنْقَدْتُمَا. اِنْقَدْتُنَّ. اِنْقَدْتُ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق دال کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِنْقَدْنَا: صیغہ جمع متکلم اصل میں اِنْقَوَدْنَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْقَدْنَا بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْقِیْدَ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مثبت مجہول اجوف واوی از باب انفعال۔

اصل میں اُنْقُوِدَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق واؤ کے ماقبل کو ساکن کر کے واؤ کا کسرہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اُنْقِیْدَ بِہٖ بن گیا۔

قانون نمبر 9 کے مطابق اس کو اُنْقُوْدَ بِہٖ پڑھنا بھی جائز ہے۔ وہ اس طرح کہ اُنْقُوِدَ میں واؤ کی حرکت ماقبل کو دینے کی بجائے اسے گرادیں۔ تو اُنْقُوْدَ بِہٖ بن جائے گا۔

نوٹ: باب کے لازم ہونے کی وجہ سے تمام بحثوں میں مجہول کے صرف ایک صیغہ کی تعلیل پر اکتفاء کیا جائے گا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَنْقَادُ . یَنْقَادَانِ. یَنْقَادُوْنَ. تَنْقَادُ .تَنْقَادَانِ. تَنْقَادُ. تَنْقَادَانِ. تَنْقَادُوْنَ. تَنْقَادِیْنَ. تَنْقَادَانِ. اَنْقَادُ. نَنْقَادُ.

صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں یَنْقَوِدُ . یَنْقَوِدَانِ. یَنْقَوِدُوْنَ. تَنْقَوِدُ . تَنْقَوِدَانِ. تَنْقَوِدُ. تَنْقَوِدَانِ. تَنْقَوِدُوْنَ. تَنْقَوِدِیْنَ. تَنْقَوِدَانِ. اَنْقَوِدُ. نَنْقَوِدُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَنْقَدْنَ. تَنْقَدْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَنْقَوِدْنَ. تَنْقَوِدْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنْقَادُ بِہٖ : صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں یُنْقَوَدُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کیا تو یُنْقَادُ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو لَمْ یَنْقَدْ. لَمْ تَنْقَدْ. لَمْ اَنْقَدْ. لَمْ نَنْقَدْ بن گئے۔

سات صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب و حاضر، واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَمْ

يَنْقَادَا. لَمْ يَنْقَادُوْا. لَمْ تَنْقَادَا. لَمْ تَنْقَادُوْا. لَمْ تَنْقَادِيْ. لَمْ تَنْقَادَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لَمْ يَنْقَدْنَ . لَمْ تَنْقَدْنَ.

بحث فعل مضارع نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا جس نے آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لَمْ يُنْقَدْ بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل مضارع نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے: لَنْ يَّنْقَادَ. لَنْ تَنْقَادَ. لَنْ اَنْقَادَ. لَنْ نَّنْقَادَ .

سات صیغوں (چار تثنیہ، دو جمع مذکر غائب وحاضر، واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَنْ يَّنْقَادَا. لَنْ يَّنْقَادُوْا. لَنْ تَنْقَادَا. لَنْ تَنْقَادُوْا. لَنْ تَنْقَادِيْ . لَنْ تَنْقَادَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ لَنْ يَّنْقَدْنَ. لَنْ تَنْقَدْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیا جس کی وجہ سے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے لَنْ يُّنْقَادَ بِہٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔

پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيَنْقَادَنَّ. لَتَنْقَادَنَّ. لَاَنْقَادَنَّ. لَنَنْقَادَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ میں: لَيَنْقَادَنْ. لَتَنْقَادَنْ. لَاَنْقَادَنْ. لَنَنْقَادَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَيَنْقَادُنَّ. لَتَنْقَادُنَّ. لَيَنْقَادُنْ. لَتَنْقَادُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں: لَتَنْقَادِنَّ. لَتَنْقَادِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَيُنْقَادَانِّ. لَتُنْقَادَانِّ. لَيُنْقَدْنَانِّ. لَتُنْقَادَانِّ. لَتُنْقَدْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔

صیغہ واحد مذکر غائب میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے لَيُنْقَادَنَّ بِهٖ. لَيُنْقَادَنْ م بِهٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنْقَدْ:۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْقَادُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِنْقَدْ بن گیا۔

اِنْقَادَا:۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْقَادَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْقَادَا بن گیا۔

اِنْقَادُوْا:۔ صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْقَادُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْقَادُوْا بن گیا۔

اِنْقَادِیْ:۔ صیغہ واحد مونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْقَادِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْقَادِیْ بن گیا۔

اِنْقَدْنَ:۔ صیغہ جمع مونث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْقَدْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِنْقَدْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارعِ حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو لِتُنْقَدْ بِکَ بن گیا۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیں گے۔ جیسے لِیَنْقَدْ. لِتَنْقَدْ. لِاَنْقَدْ. لِنَنْقَدْ۔ تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے لِیَنْقَادَا. لِیَنْقَادُوْا. لِتَنْقَادَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِیَنْقَدْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیں گے تو لِیُنْقَدْ بِہٖ بن جائے گا۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیں گے جیسے لَا تَنْقَدْ۔ چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے لَا تَنْقَادَا. لَا تَنْقَادُوْا. لَا تَنْقَادِیْ. لَا تَنْقَادَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَنْقَدْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگائیں گے۔ جس کی وجہ سے اس کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیں گے تو لَا تُنْقَدْ بِکَ بن جائے گا۔

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیں گے۔ جیسے: لَا یَنْقَدْ. لَا تَنْقَدْ. لَا اَنْقَدْ. لَا نَنْقَدْ. تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب)

کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے لَا یَنْقَادَا. لَا یَنْقَادُوْا. لَا تَنْقَادَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا یَنْقَدْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لائے نہی لائے جس نے اس کے آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو لَا یُنْقَدْ بِهٖ بن گیا۔

بحث اسم ظرف

مُنْقَادٌ. مُنْقَادَانِ. مُنْقَادَاتٌ صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُنْقَوَدٌ. مُنْقَوَدَانِ. مُنْقَوَدَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُنْقَادٌ. مُنْقَادَانِ. مُنْقَادُوْنَ. مُنْقَادَةٌ. مُنْقَادَتَانِ. مُنْقَادَاتٌ. صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث اسم فاعل۔ اصل میں مُنْقَوِدٌ. مُنْقَوِدَانِ. مُنْقَوِدُوْنَ. مُنْقَوِدَةٌ. مُنْقَوِدَتَانِ. مُنْقَوِدَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُنْقَادٌ م بِهٖ. صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُنْقَوَدٌ. تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل اجوف واوی از باب اِفْعَالٌ جیسے اَلْاِقَامَۃُ (قائم کرنا)

اِقَـامَۃٌ : صیغہ اسم مصدر۔صاحب علم الصیغہ کی تحقیق کے مطابق اس کا اصل اِقْـوَمَۃٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِقَامَۃٌ بن گیا۔

باقی صرفیوں کے نزدیک اس کا اصل اِقْـوَامٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر دو الفوں کے درمیان اجتماع ساکنین علی غیر حدہ ہوگیا۔بعض صرفی پہلے الف اور بعض دوسرے الف کو حذف کرتے ہیں۔ایک الف کو گرا کر اس کے بدلے آخر میں تاء لائے تو اِقَامَۃٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَقَامَ. اَقَامَا. اَقَامُوْا. اَقَامَتْ. اَقَامَتَا:۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر غائب' واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اَقْـوَمَ. اَقْـوَمَـا. اَقْوَمُوْا. اَقْوَمَتْ. اَقْوَمَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اَقَـمْنَ. اَقَمْتَ. اَقَمْتُمَا. اَقَمْتُمْ. اَقَمْتِ. اَقَمْتُمَا. اَقَمْتُنَّ. اَقَمْتُ. اَقَمْنَا :۔صیغہائے جمع مونث غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اَقْـوَمْـنَ. اَقْـوَمْتَ. اَقْوَمْتُمَا. اَقْوَمْتُمْ. اَقْوَمْتِ. اَقْوَمْتُمَا. اَقْوَمْتُنَّ. اَقْوَمْتُ. اَقْوَمْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر واؤ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُقِیْمَ. اُقِیْمَا. اُقِیْمُوْا. اُقِیْمَتْ. اُقِیْمَتَا. :۔صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُقْوِمَ. اُقْـوِمَـا. اُقْـوِمُوْا. اُقْوِمَتْ. اُقْوِمَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُقِـمْنَ. اُقِمْتَ. اُقِمْتُمَا. اُقِمْتُمْ. اُقِمْتِ. اُقِمْتُمَا. اُقِمْتُنَّ. اُقِمْتُ. اُقِمْنَا :۔صیغہائے جمع مونث غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اُقْوِمْنَ. اُقْوِمْتَ. اُقْوِمْتُمَا. اُقْوِمْتُمْ. اُقْوِمْتِ. اُقْوِمْتُمَا. اُقْوِمْتُنَّ. اُقْوِمْتُ. اُقْوِمْنَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے

تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُقِيْمُ. يُقِيْمَانِ. يُقِيْمُوْنَ. تُقِيْمُ. تُقِيْمَانِ. يُقِمْنَ. تُقِيْمُ. تُقِيْمَانِ. تُقِيْمُوْنَ. تُقِيْمِيْنَ. تُقِيْمَانِ. اُقِيْمُ. نُقِيْمُ :۔ صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث غائب' واحد وتثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُقْوِمُ. يُقْوِمَانِ. يُقْوِمُوْنَ. تُقْوِمُ. تُقْوِمَانِ. تُقْوِمُ. تُقْوِمَانِ. تُقْوِمُوْنَ. تُقْوِمِيْنَ. تُقْوِمَانِ. اُقْوِمُ. نُقْوِمُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ ساکن غیر مدغم کو کسرہ کے بعد یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُقِمْنَ. تُقِمْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُقْوِمْنَ اور تُقْوِمْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یا گرادی تو يُقِمْنَ اور تُقِمْنَ بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُقَامُ. يُقَامَانِ. يُقَامُوْنَ. تُقَامُ. تُقَامَانِ. تُقَامُ. تُقَامَانِ. تُقَامُوْنَ. تُقَامِيْنَ. تُقَامَانِ. اُقَامُ. نُقَامُ :۔ صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث غائب' واحد وتثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر' واحد وجمع متکلم

اصل میں يُقْوَمُ. يُقْوَمَانِ. يُقْوَمُوْنَ. تُقْوَمُ. تُقْوَمَانِ. تُقْوَمُ. تُقْوَمَانِ. تُقْوَمُوْنَ. تُقْوَمِيْنَ. تُقْوَمَانِ. اُقْوَمُ. نُقْوَمُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُقَمْنَ . تُقَمْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُقْوَمْنَ اور تُقْوَمْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دے کر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُقَمْنَ اور تُقَمْنَ بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر معروف کے صیغوں سے یاء اور مجہول کے صیغوں سے الف اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گر گیا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُقِمْ. لَمْ تُقِمْ. لَمْ اُقِمْ. لَمْ نُقِمْ اور مجہول میں لَمْ يُقَمْ. لَمْ تُقَمْ. لَمْ اُقَمْ. لَمْ نُقَمْ۔

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يُقِيمَا. لَمْ يُقِيمُوْا. لَمْ تُقِيمَا. لَمْ تُقِيمُوْا. لَمْ تُقِيمِي. لَمْ تُقِيمَا اور مجہول میں لَمْ يُقَامَا. لَمْ يُقَامُوْا. لَمْ تُقَامَا. لَمْ تُقَامُوْا. لَمْ تُقَامِي. لَمْ تُقَامَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَمْ يُقِمْنَ. لَمْ تُقِمْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُقَمْنَ. لَمْ تُقَمْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يُقِيمَ. لَنْ تُقِيمَ. لَنْ أُقِيمَ. لَنْ نُقِيمَ. اور مجہول میں لَنْ يُقَامَ. لَنْ تُقَامَ. لَنْ أُقَامَ. لَنْ نُقَامَ معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر، ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يُقِيمَا. لَنْ يُقِيمُوْا. لَنْ تُقِيمَا. لَنْ تُقِيمُوْا. لَنْ تُقِيمِي. لَنْ تُقِيمَا. اور مجہول میں لَنْ يُقَامَا. لَنْ يُقَامُوْا. لَنْ تُقَامَا. لَنْ تُقَامُوْا. لَنْ تُقَامِي. لَنْ تُقَامَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ يُقِمْنَ. لَنْ تُقِمْنَ اور مجہول میں لَنْ يُقَمْنَ. لَنْ تُقَمْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید مفتوح اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگا دیں گے۔ پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُقِيمَنَّ. لَتُقِيمَنَّ. لَأُقِيمَنَّ. لَنُقِيمَنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَيُقِيمَنْ. لَتُقِيمَنْ. لَأُقِيمَنْ. لَنُقِيمَنْ. نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَيُقَامَنَّ. لَتُقَامَنَّ. لَأُقَامَنَّ. لَنُقَامَنَّ. لَيُقَامَنْ. لَتُقَامَنْ. لَأُقَامَنْ. لَنُقَامَنْ. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيُقِيمُنَّ لَتُقِيمُنَّ. لَيُقِيمُنْ. لَتُقِيمُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَيُقَامُنَّ. لَتُقَامُنَّ. لَيُقَامُنْ. لَتُقَامُنْ معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتُقِيمِنَّ. لَتُقِيمِنْ اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُقَامِنَّ. لَتُقَامِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُقِيمَانِّ. لَتُقِيمَانِّ. لَيُقِمْنَانِّ. لَتُقِيمَانِّ. لَتُقِمْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُقَامَانِّ. لَتُقَامَانِّ. لَيُقَمْنَانِّ. لَتُقَامَانِّ. لَتُقَمْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اَقِمْ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُقِیْمُ (جو اصل میں تُـأقْوِمُ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر کو ساکن کر دیا اَقْوِمْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ قاف کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَقِیْمْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اَقِمْ بن گیا۔

اَقِیْمَا:۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُقِیْمَانِ (جو اصل میں تُأقْوِمَانِ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَقْـوِمَـا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ قاف کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَقِیْمَا بن گیا۔

اَقِیْمُوْا:۔صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُـقِیْمُوْنَ (جو اصل میں تُـأقْوِمُوْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَقْـوِمُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَقِیْمُوْا بن گیا۔

اَقِیْمِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُـقِیْمِیْنَ (جو اصل میں تُـأقْوِمِیْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اَقْـوِمِیْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَقِیْمِیْ بن گیا۔

اَقِمْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُـقِـمْنَ (جو اصل میں تُـأقْـوِمْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی تو اَقْوِمْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَقِیْـمْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اَقِـمْـنَ بن گیا۔ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے جس کی وجہ سے

صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے: لِتُقَمْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لِتُقَامَا. لِتُقَامُوْا. لِتُقَامِيْ. لِتُقَامَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُقَمْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے صیغوں سے یاء اور مجہول کے صیغوں سے الف گرا دیں گے۔ جیسے: معروف میں لِيُقِمْ' لِتُقِمْ' لِأُقِمْ' لِنُقِمْ. اور مجہول میں لِيُقَمْ. لِتُقَمْ. لِأُقَمْ. لِنُقَمْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لِيُقِيْمَا. لِيُقِيْمُوْا لِتُقِيْمَا. اور مجہول میں لِيُقَامَا. لِيُقَامُوْا لِتُقَامَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِيُقِمْنَ. اور مجہول میں لِيُقَمْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے صیغوں سے یاء اور مجہول کے صیغوں سے الف گرا دیں گے۔ جیسے معروف میں لَا تُقِمْ اور مجہول میں لَا تُقَمْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَا تُقِيْمَا. لَا تُقِيْمُوْا. لَا تُقِيْمِيْ. لَا تُقِيْمَا. اور مجہول میں لَا تُقَامَا. لَا تُقَامُوْا. لَا تُقَامِيْ. لَا تُقَامَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَا تُقِمْنَ. اور مجہول میں لَا تُقَمْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر' واحد مؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے صیغوں سے یاء اور مجہول کے صیغوں سے الف گرا دیں گے۔ جیسے معروف میں لَا يُقِمْ. لَا تُقِمْ. لَا أُقِمْ. لَا نُقِمْ۔ اور مجہول میں لَا يُقَمْ. لَا تُقَمْ. لَا أُقَمْ. لَا نُقَمْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں لَا يُقِيْمَا. لَا يُقِيْمُوْا. لَا تُقِيْمَا۔ اور مجہول میں لَا يُقَامَا. لَا يُقَامُوْا. لَا تُقَامَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے

آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: معروف میں لَا یَقِمْنَ. اور مجہول میں لَا یُقَمْنَ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر اور نہی کے آخر میں بھی آئیں گے۔ جو حرکتیں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے فعل مضارع میں آتی ہیں وہی حرکتیں فعل امر اور نہی میں آئیں گی۔

بحث اسم ظرف

مُقَامٌ. مُقَامَانِ. مُقَامَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُقْوَمٌ. مُقْوَمَانِ. مُقْوَمَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُقِيْمٌ. مُقِيْمَانِ. مُقِيْمُوْنَ. مُقِيْمَةٌ. مُقِيْمَتَانِ. مُقِيْمَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُقْوِمٌ. مُقْوِمَانِ. مُقْوِمُوْنَ. مُقْوِمَةٌ. مُقْوِمَتَانِ. مُقْوِمَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُقَامٌ. مُقَامَانِ. مُقَامُوْنَ. مُقَامَةٌ. مُقَامَتَانِ. مُقَامَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُقْوَمٌ. مُقْوَمَانِ. مُقْوَمُوْنَ. مُقْوَمَةٌ. مُقْوَمَتَانِ. مُقْوَمَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق واؤ کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر واؤ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد اجوف یائی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ جیسے: اَلْبَیْعُ (بیچنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

بَاعَ. بَاعَا. بَاعُوْا. بَاعَتْ. بَاعَتَا. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث غائب

اصل میں بَیَعَ. بَیَعَا. بَیَعُوْا. بَیَعَتْ. بَیَعَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بِعْنَ. بِعْتَ. بِعْتُمَا. بِعْتُمْ. بِعْتِ. بِعْتُمَا. بِعْتُنَّ. بِعْتُ. بِعْنَا. صیغہ ہائے جمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم۔ اصل میں بَیَعْنَ. بَیَعْتَ. بَیَعْتُمَا. بَیَعْتُمْ. بَیَعْتِ. بَیَعْتُمَا. بَیَعْتُنَّ. بَیَعْتُ. بَیَعْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو بَعْنَ. بَعْتَ.

بَعْتُمَا. بَعْتُم. بَعْتِ. بَعْتُمَا. بَعْتُنَّ. بَعْتُ. بَعْنَا. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاء کلمہ کو کسرہ دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

بِيْعَ . بِيْعَا. بِيْعُوْا . بِيْعَتْ . بِيْعَتَا . صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔ اصل میں بُيِعَ . بُيِعَا . بُيِعُوْا . بُيِعَتْ. بُيِعَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا کسرہ اسے دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تعلیل کا دوسرا طریقہ

بُوْعَ . بُوْعَا. بُوْعُوْا . بُوْعَتْ . بُوْعَتَا . صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق یاء کا کسرہ گرادیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو بُوْعَ. بُوْعَا. بُوْعُوْا. بُوْعَتْ. بُوْعَتَا بن گئے۔

بِعْنَ. بِعْتَ. بِعْتُمَا . بِعْتُمْ . بِعْتِ. بِعْتُمَا. بِعْتُنَّ. بِعْتُ . بِعْنَا . صیغہائے جمع مؤنث غائب واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔ اصل میں بُيِعْنَ. بُيِعْتَ . بُيِعْتُمَا . بُيِعْتُمْ . بُيِعْتِ . بُيِعْتُمَا . بُيِعْتُنَّ . بُيِعْتُ . بُيِعْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق یاء کو ساکن کر کے یاء کا کسرہ اُسے دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تعلیل کا دوسرا طریقہ

بُيِعْنَ .بُيِعْتَ . بُيِعْتُمَا . بُيِعْتُمْ . بُيِعْتِ . بُيِعْتُمَا . بُيِعْتُنَّ . بُيِعْتُ . بُيِعْنَا میں یاء کی حرکت گرادی۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو بُعْنَ . بُعْتَ . بُعْتُمَا . بُعْتُمْ . بُعْتِ. بُعْتُمَا . بُعْتُنَّ . بُعْتُ . بُعْنَا بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق فاء کلمہ کو کسرہ دیا تو بِعْنَ .بِعْتَ . بِعْتُمَا . بِعْتُمْ . بِعْتِ . بِعْتُمَا . بِعْتُنَّ . بِعْتُ . بِعْنَا بن گئے۔

نوٹ: صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک فعل ماضی معروف و مجہول کے صیغے تعلیل کے بعد صورتاً ایک جیسے ہو گئے۔ ان میں فرق اصل کے اعتبار سے کیا جائے گا۔ جیسے بِعْنَ جمع مؤنث غائب معروف اصل میں بَيَعْنَ تھا۔ تعلیل کے بعد بِعْنَ بن گیا۔ بِعْنَ ماضی مجہول کا صیغہ اصل میں بُيِعْنَ تھا۔ تعلیل کے بعد یہ بھی بِعْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَبِيْعُ. يَبِيْعَانِ. يَبِيْعُوْنَ. تَبِيْعُ. تَبِيْعَانِ. يَبِعْنَ. تَبِيْعُ. تَبِيْعَانِ. تَبِيْعُوْنَ. تَبِيْعِيْنَ. تَبِيْعَانِ. تَبِعْنَ. اَبِيْعُ. نَبِيْعُ :صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر غائب و حاضر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب و حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَبْيِعُ. يَبْيِعَانِ. يَبْيِعُوْنَ. تَبْيِعُ. تَبْيِعَانِ. تَبْيِعُ. تَبْيِعَانِ. تَبْيِعُوْنَ. تَبْيِعِيْنَ. تَبْيِعَانِ. أَبْيِعُ. نَبْيِعُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَبِعْنَ. تَبِعْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَبْيِعْنَ . تَبْيِعْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکور بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُبَاعُ. يُبَاعَانِ. يُبَاعُوْنَ. تُبَاعُ. تُبَاعَانِ. تُبَاعُ. تُبَاعَانِ. تُبَاعُوْنَ. تُبَاعِيْنَ. تُبَاعَانِ. أُبَاعُ. نُبَاعُ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر غائب وحاضر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب وحاضر وواحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُبْيَعُ. يُبْيَعَانِ. يُبْيَعُوْنَ. تُبْيَعُ. تُبْيَعَانِ. تُبْيَعُ. تُبْيَعَانِ. تُبْيَعُوْنَ. تُبْيَعِيْنَ. تُبْيَعَانِ. أُبْيَعُ. نُبْيَعُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُبَعْنَ. تُبَعْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُبْيَعْنَ . تُبْيَعْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکور بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَبِعْ. لَمْ تَبِعْ. لَمْ تَبِعْ. لَمْ أَبِعْ. لَمْ نَبِعْ. اور مجہول میں: لَمْ يُبَعْ. لَمْ تُبَعْ. لَمْ أُبَعْ. لَمْ نُبَعْ . سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے، ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَمْ يَبِيْعَا. لَمْ يَبِيْعُوْا.. لَمْ تَبِيْعَا. لَمْ تَبِيْعُوْا. لَمْ تَبِيْعِيْ. لَمْ تَبِيْعَا. اور مجہول میں لَمْ يُبَاعَا. لَمْ يُبَاعُوْا. لَمْ تُبَاعَا. لَمْ تُبَاعُوْا. لَمْ تُبَاعِيْ. لَمْ تُبَاعَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَمْ يَبِعْنَ. لَمْ تَبِعْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُبَعْنَ. لَمْ تُبَعْنَ .

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب

آئے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّبِیْعَ. لَنْ تَبِیْعَ. لَنْ اَبِیْعَ. لَنْ نَّبِیْعَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّبَاعَ. لَنْ تُبَاعَ. لَنْ اُبَاعَ. لَنْ نُّبَاعَ. سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّبِیْعَا. لَنْ یَّبِیْعُوْا. لَنْ تَبِیْعَا. لَنْ تَبِیْعُوْا. لَنْ تَبِیْعِیْ. لَنْ تَبِیْعَا. اور مجہول میں لَنْ یُّبَاعَا. لَنْ یُّبَاعُوْا. لَنْ تُبَاعَا. لَنْ تُبَاعُوْا. لَنْ تُبَاعِیْ. لَنْ تُبَاعَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہیں گے۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّبِعْنَ. لَنْ تَبِعْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّبَعْنَ. لَنْ تُبَعْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید مفتوحہ اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔ پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید سے پہلے فتحہ ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَبِیْعَنَّ. لَتَبِیْعَنَّ. لَاَبِیْعَنَّ. لَنَبِیْعَنَّ. لَیَبِیْعَنْ. لَتَبِیْعَنْ. لَاَبِیْعَنْ. لَنَبِیْعَنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَیُبَاعَنَّ. لَتُبَاعَنَّ. لَاُبَاعَنَّ. لَنُبَاعَنَّ. لَیُبَاعَنْ. لَتُبَاعَنْ. لَاُبَاعَنْ. لَنُبَاعَنْ. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَبِیْعُنَّ. لَتَبِیْعُنَّ. لَیَبِیْعُنْ. لَتَبِیْعُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُبَاعُنَّ. لَتُبَاعُنَّ. لَیُبَاعُنْ. لَتُبَاعُنْ. صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَبِیْعِنَّ. لَتَبِیْعِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَتُبَاعِنَّ. لَتُبَاعِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَبِیْعَانِّ. لَتَبِیْعَانِّ. لَیَبِعْنَانِّ. لَتَبِیْعَانِّ. لَتَبِعْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُبَاعَانِّ. لَتُبَاعَانِّ. لَیُبَعْنَانِّ. لَتُبَاعَانِّ. لَتُبَعْنَانِّ۔

بحث فعل امر حاضر معروف

بِعْ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبِیْعُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں۔ آخر کو ساکن کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو بِعْ بن گیا۔

بِیْعَا: ۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبِیْعَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے

کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بِیْعَا بن گیا۔

بِیْعُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبِیْعُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بِیْعُوْا بن گیا۔

بِیْعِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبِیْعِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو بِیْعِیْ بن گیا۔

بِعْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَبِعْنَ سے اس طرح بنایا کہ شروع سے علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں تو بِعْنَ بن گیا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے: لِتُبَعْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لِتُبَاعَا. لِتُبَاعُوْا. لِتُبَاعِیْ. لِتُبَاعَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے لِتُبَعْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے امر کا آخر ساکن ہوجائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لِیَبِعْ. لِتَبِعْ. لِاَبِعْ. لِنَبِعْ. اور مجہول میں لِیُبَعْ. لِتُبَعْ. لِاُبَعْ. لِنُبَعْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لِیَبِیْعَا. لِیَبِیْعُوْا. لِتَبِیْعَا. اور مجہول میں لِیُبَاعَا. لِیُبَاعُوْا. لِتُبَاعَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لِیَبِعْنَ. اور مجہول میں لِیُبَعْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف سے یاء اور مجہول سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَا تَبِعْ. اور مجہول میں لَا تُبَعْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لَا تَبِيْعَا. لَا تَبِيْعُوْا. لَا تَبِيْعِيْ. لَا تَبِيْعَا. اور مجہول میں لَا تُبَاعَا. لَا تُبَاعُوْا. لَا تُبَاعِيْ. لَا تُبَاعَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَا تَبِعْنَ. اور مجہول میں لَا تُبَعْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے نہی کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَا يَبِعْ. لَا تَبِعْ. لَا أَبِعْ. لَا نَبِعْ. اور مجہول میں لَا يُبَعْ. لَا تُبَعْ. لَا أُبَعْ. لَا نُبَعْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں لَا يَبِيْعَا. لَا يَبِيْعُوْا. لَا تَبِيْعَا۔ اور مجہول میں لَا يُبَاعَا. لَا يُبَاعُوْا. لَا تُبَاعَا۔ صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَا يَبِعْنَ. اور مجہول میں لَا يُبَعْنَ.

نوٹ نمبر 1: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں بھی آئیں گے۔ جیسے: بِيْعَنَّ. بِيْعَنْ. لِيَبِيْعَنَّ. لِيَبِيْعَنْ. لِيُبَاعَنَّ. لِيُبَاعَنْ. لَا تَبِيْعَنَّ. لَا تَبِيْعَنْ . لَا تُبَاعَنَّ. لَا تُبَاعَنْ

نوٹ نمبر 2: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ کے داخل ہونے کے بعد حذف شدہ حرف لوٹ آئے گا۔ جیسا کہ مثالوں سے واضح ہے

بحث اسم ظرف

مَبِيْعٌ. مَبِيْعَانِ صیغہ واحد وتثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَبْيِعٌ. مَبْيِعَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو مَبِيْعٌ مَبِيْعَانِ بن گئے۔

مَبَايِعُ: صیغہ جمع اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مُبَيِّعٌ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُبَيْيِعٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مُبَيِّعٌ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِبْيَعٌ ۔ مِبْيَعَانِ ۔ مَبَايِعُ ۔ مِبْيَعَةٌ ۔ مِبْيَعَتَانِ ۔ مَبَايِعُ ۔ مِبْيَاعٌ ۔ مِبْيَاعَانِ مَبَايِيْعُ ۔ صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع اسم آلہ صغریٰ، وسطیٰ وکبریٰ تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

مَبَايِيْعُ : اصل میں مَبَايِاعُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَبَايِيْعُ بن گیا۔

مُبَيِّعٌ ۔ مُبَيِّعَةٌ ۔ مُبَيِّيْعٌ مُبَيِّيْعَةٌ : صیغہائے واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ، وسطیٰ، کبریٰ

اصل میں مُبَيْيِعٌ ۔ مُبَيْيِعَةٌ مُبَيْيِيْعٌ اور مُبَيْيِيْعَةٌ تھے۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَبْيَعُ ۔ اَبْيَعَانِ ۔ اَبْيَعُوْنَ ۔ اَبَايِعُ : صیغہائے واحد و تثنیہ اور جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔ تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُبَيِّعٌ : صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُبَيْيِعٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو اُبَيِّعٌ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

بُوْعٰى ۔ بُوْعَيَانِ ۔ بُوْعَيَاتٌ

اصل میں بُيْعٰى ۔ بُيْعَيَانِ ۔ بُيْعَيَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 22 کے مطابق یاء کو واو سے تبدیل کر دیا تو بُوْعٰى بُوْعَيَانِ ۔ بُوْعَيَاتٌ بن گئے۔

بُيَعٌ بُيَيْعٰى : صیغہ جمع مؤنث مکسر، واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل تعجب

مَا اَبْيَعَهٗ ۔ اَبْيِعْ بِهٖ ۔ بَيُعَ ۔ بَيُعَتْ ۔ تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

بَائِعٌ ۔ بَائِعَانِ ۔ بَائِعُوْنَ : صیغہ واحد، تثنیہ، جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں بَايِعٌ ، بَايِعَانِ ، بَايِعُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 17 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو بَائِعٌ ، بَائِعَانِ ، بَائِعُوْنَ بن گئے۔

بَاعَةٌ : صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بَيَعَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو بَاعَةٌ ہو گیا۔

بُيَّاعٌ. بُيَّعٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بُوْعٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُيْعٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو بُوْعٌ بن گیا۔

بُيَعَاءُ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔ اپنی اصل پر ہے۔

بُوْعَانٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بُيْعَانٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یائے کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو بُوْعَانٌ بن گیا۔

بِيَاعٌ. بُيُوْعٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔ دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بُوَيِّعٌ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں بُوَيْيِعٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو بُوَيِّعٌ بن گیا۔

بَائِعَةٌ. بَائِعَتَانِ. بَائِعَاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مونث سالم۔

اصل میں بَايِعَةٌ. بَايِعَتَانِ. بَايِعَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 17 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو بَائِعَةٌ. بَائِعَتَانِ. بَائِعَاتٌ بن گئے۔

بَوَائِعُ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں بَوَايِعُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 19 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو بَوَائِعُ بن گیا۔

بُيَّعٌ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔ اپنی اصل پر ہے۔

بُوَيِّعَةٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں بُوَيْيِعَةٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو بُوَيِّعَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَبِيْعٌ، مَبِيْعَانِ، مَبِيْعُوْنَ. مَبِيْعَةٌ، مَبِيْعَتَانِ، مَبِيْعَاتٌ: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مَبْيُوْعٌ. مَبْيُوْعَانِ. مَبْيُوْعُوْنَ. مَبْيُوْعَةٌ. مَبْيُوْعَتَانِ. مَبْيُوْعَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا ضمہ ماقبل کو دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مَبُوْعٌ. مَبُوْعَانِ. مَبُوْعُوْنَ. مَبُوْعَةٌ. مَبُوْعَتَانِ. مَبُوْعَاتٌ بن گئے۔ اجوف یائی کا اسم مفعول ہونے کی وجہ سے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو مَبِوْعٌ. مَبِوْعَانِ. مَبِوْعُوْنَ. مَبِوْعَةٌ. مَبِوْعَتَانِ. مَبِوْعَاتٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ:بعض علمائے صرف نے اس بات کی اس طرح وضاحت فرمائی کہ مَبُوْعٌ میں باء کے ضمہ کو کسرہ سے اس لیے تبدیل کیا گیا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے تو مَبِوْعٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَبِيعٌ بن گیا۔

مَبَايِيعُ: صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَبَايِوْعُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَبَايِيعُ بن گیا۔

مُبَيِّعٌ اور مُبَيِّعَةٌ: صیغہ واحد مذکر و مؤنث مصغر اسم مفعول

اصل میں مُبَيِّوْعٌ اور مُبَيِّوْعَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُبَيِّيعٌ . مُبَيِّيعَةٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مُبَيِّعٌ اور مُبَيِّعَةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی با ہمزہ اجوف یائی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے: اَلاِخْتِيَارُ (چننا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِخْتَارَ. اِخْتَارَا. اِخْتَارُوْا. اِخْتَارَتْ. اِخْتَارَتَا :صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔ اصل میں اِخْتَيَرَ. اِخْتَيَرَا. اِخْتَيَرُوْا. اِخْتَيَرَتْ. اِخْتَيَرَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِخْتَرْنَ. اِخْتَرْتَ. اِخْتَرْتُمَا. اِخْتَرْتُمْ. اِخْتَرْتِ. اِخْتَرْتُمَا. اِخْتَرْتُنَّ. اِخْتَرْتُ. اِخْتَرْنَا. صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔ اصل میں اِخْتَيَرْنَ. اِخْتَيَرْتَ. اِخْتَيَرْتُمَا. اِخْتَيَرْتُمْ. اِخْتَيَرْتِ. اِخْتَيَرْتُمَا. اِخْتَيَرْتُ. اِخْتَيَرْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُخْتِيْرَ. اُخْتِيْرَا. اُخْتِيْرُوْا. اُخْتِيْرَتْ. اُخْتِيْرَتَا. صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب

اصل میں اُخْتُيِرَ. اُخْتُيِرَا. اُخْتُيِرُوْا. اُخْتُيِرَتْ. اُخْتُيِرَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت ماقبل کو دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُخْتِرْنَ. اُخْتِرْتَ. اُخْتِرْتُمَا. اُخْتِرْتُمْ. اُخْتِرْتِ. اُخْتِرْتُمَا. اُخْتِرْتُنَّ. اُخْتِرْتُ. اُخْتِرْنَا صغیہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔ اصل میں اُخْتُيِرْنَ. اُخْتُيِرْتَ. اُخْتُيِرْتُمَا. اُخْتُيِرْتُمْ. اُخْتُيِرْتِ. اُخْتُيِرْتُمَا. اُخْتُيِرْتُنَّ. اُخْتُيِرْتُ.

اُخْتِیِرْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

نوٹ: اگر معتل کے قانون نمبر 9 کی دوسری جز کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دینے کے بجائے گرادیں۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر کے واؤ کو اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے گرادیں تو ان صیغوں کو اُخْتُـرْنَ. اُخْتُـرْتَ. اُخْتُرْتُمَا. اُخْتُرْتُمْ. اُخْتُرْتِ. اُخْتُرْتُمَا. اُخْتُرْتُنَّ. اُخْتُرْتُ. اُخْتُرْنَا. پڑھنا بھی جائز ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَـخْتَـارُ. يَـخْتَـارَانِ. يَـخْتَارُوْنَ. تَخْتَارُ. تَخْتَارَانِ. تَخْتَارُ. تَخْتَارُ. تَخْتَارَانِ. تَخْتَارُوْنَ. تَخْتَارِيْنَ. تَخْتَارَانِ. اَخْتَارُ. نَخْتَارُ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب، واحد وتثنیہ جمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر وواحد وجمع متکلم۔

اصل میں يَـخْتَيِـرُ. يَـخْتَيِـرَانِ. يَخْتَيِرُوْنَ. تَخْتَيِرُ. تَخْتَيِرَانِ. تَخْتَيِرُ. تَخْتَيِرُ. تَخْتَيِرَانِ. تَخْتَيِرُوْنَ. تَخْتَيِرِيْنَ. تَخْتَيِرَانِ. اَخْتَيِرُ. نَخْتَيِرُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَخْتَرْنَ. تَخْتَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَخْتَيِرْنَ. تَخْتَيِرْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُـخْتَـارُ. يُـخْتَـارَانِ. يُـخْتَارُوْنَ. تُخْتَارُ. تُخْتَارَانِ. تُخْتَارُ. تُخْتَارُ. تُخْتَارَانِ. تُخْتَارُوْنَ. تُخْتَارِيْنَ. تُخْتَارَانِ. اُخْتَارُ. نُخْتَارُ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث غائب، واحد وتثنیہ جمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر وواحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُـخْتَيَـرُ. يُـخْتَيَرَانِ. يُخْتَيَرُوْنَ. تُخْتَيَرُ. تُخْتَيَرَانِ. تُخْتَيَرُ. تُخْتَيَرُ. تُخْتَيَرَانِ. تُخْتَيَرُوْنَ. تُخْتَيَرِيْنَ. تُخْتَيَرَانِ. اُخْتَيَرُ. نُخْتَيَرُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُخْتَرْنَ. تُخْتَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُـخْتَـيَـرْنَ. تُخْتَيَرْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَـمْ لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر

اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم) سے الف گرادیا۔ جیسے معروف میں لَمْ یَخْتَرْ. لَمْ تَخْتَرْ. لَمْ اَخْتَرْ. لَمْ نَخْتَرْ. اور مجہول میں لَمْ یُخْتَرْ. لَمْ تُخْتَرْ. لَمْ اُخْتَرْ. لَمْ نُخْتَرْ. سات صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرادیا۔ جیسے معروف میں لَمْ یَخْتَارَا. لَمْ یَخْتَارُوْا. لَمْ تَخْتَارَا. لَمْ تَخْتَارُوْا. لَمْ تَخْتَارِیْ. لَمْ تَخْتَارَا. اور مجہول میں لَمْ یُخْتَارَا. لَمْ یُخْتَارُوْا. لَمْ تُخْتَارَا. لَمْ تُخْتَارُوْا. لَمْ تُخْتَارِیْ. لَمْ تُخْتَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَخْتَرْنَ. لَمْ تَخْتَرْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُخْتَرْنَ. لَمْ تُخْتَرْنَ.

بحث نفی تاکید بلَن ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّخْتَارَ. لَنْ تَخْتَارَ. لَنْ اَخْتَارَ. لَنْ نَّخْتَارَ. اور مجہول میں لَنْ یُّخْتَارَ. لَنْ تُخْتَارَ. لَنْ اُخْتَارَ. لَنْ نُّخْتَارَ. سات صیغوں (چار تثنیہ دوجمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا جیسے معروف میں لَنْ یَّخْتَارَا. لَنْ یَّخْتَارُوْا. لَنْ تَخْتَارَا. لَنْ تَخْتَارُوْا. لَنْ تَخْتَارِیْ. لَنْ تَخْتَارَا. اور مجہول میں لَنْ یُّخْتَارَا. لَنْ یُّخْتَارُوْا. لَنْ تُخْتَارَا. لَنْ تُخْتَارُوْا. لَنْ تُخْتَارِیْ. لَنْ تُخْتَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّخْتَرْنَ. لَنْ تَخْتَرْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّخْتَرْنَ. لَنْ تُخْتَرْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید مفتوح اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید سے پہلے فتحہ ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَخْتَارَنَّ. لَتَخْتَارَنَّ. لَاَخْتَارَنَّ. لَنَخْتَارَنَّ. لَیَخْتَارَنْ. لَتَخْتَارَنْ. لَاَخْتَارَنْ. لَنَخْتَارَنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَیُخْتَارَنَّ. لَتُخْتَارَنَّ. لَاُخْتَارَنَّ. لَنُخْتَارَنَّ. لَیُخْتَارَنْ. لَتُخْتَارَنْ. لَاُخْتَارَنْ. لَنُخْتَارَنْ. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَیَخْتَارُنَّ. لَتَخْتَارُنَّ. لَیَخْتَارُنْ. لَتَخْتَارُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُخْتَارُنَّ. لَتُخْتَارُنَّ. لَیُخْتَارُنْ. لَتُخْتَارُنْ. معروف ومجہول کے صیغہ واحد

مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے کر پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ میں لَتَـخْتَارِنَّ. لَتَخْتَارِنْ. اورنون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُـخْتَارِنَّ. لَتُخْتَارِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَـخْتَـارَانِّ. لَتَـخْتَـارَانِّ. لَیَـخْتَـرْنَـانِّ لَتَخْتَارَانِّ. لَتَخْتَرْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُـخْتَـارَانِّ. لَتُخْتَارَانِّ. لَیُخْتَرْنَانِّ لَتُخْتَارَانِّ. لَتُخْتَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِخْتَرْ: صیغہ واحد مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـخْتَـارُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِخْتَرْ بن گیا۔

اِخْتَارَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَخْتَارَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِخْتَارَا بن گیا۔

اِخْتَارُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـخْتَارُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِخْتَارُوْا بن گیا۔

اِخْتَارِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـخْتَارِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِخْتَارِیْ بن گیا۔

اِخْتَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـخْتَـرْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرا دی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِخْتَـرْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر گیا۔ جیسے لِتُخْتَرْ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر گیا۔ جیسے لِتُخْتَارَا . لِتُخْتَارُوْا. لِتُخْتَارِیْ. لِتُخْتَارَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے لِتُخْتَرْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لِیَخْتَرْ. لِتَخْتَرْ. لِاَخْتَرْ. لِنَخْتَرْ. اور مجہول میں لِیُخْتَرْ. لِتُخْتَرْ. لِاُخْتَرْ. لِنُخْتَرْ تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لِیَخْتَارَا. لِیَخْتَارُوْا. لِتَخْتَارَا. اور مجہول میں لِیُخْتَارَا. لِیُخْتَارُوْا. لِتُخْتَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لِیَخْتَرْنَ اور مجہول میں لِیُخْتَرْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَخْتَرْ. اور مجہول میں لَا تُخْتَرْ ۔چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لَا تَخْتَارَا . لَا تَخْتَارُوْا. لَا تَخْتَارِیْ. لَا تَخْتَارَا. اور مجہول میں لَا تُخْتَارَا . لَا تُخْتَارُوْا. لَا تُخْتَارِیْ. لَا تُخْتَارَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَا تَخْتَرْنَ. اور مجہول میں لَا تُخْتَرْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کا آخر ساکن ہو جائے گا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر جائے گا جیسے معروف میں لَا یَخْتَرْ. لَا تَخْتَرْ. لَا اَخْتَرْ. لَا نَخْتَرْ. اور مجہول میں لَا یُخْتَرْ. لَا تُخْتَرْ. لَا اُخْتَرْ. لَا نُخْتَرْ. تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں

لاَ یَخْتَارَا. لاَ یَخْتَارُوْا. لاَ تَخْتَارَا. اور مجہول میں لاَ یُخْتَارَا. لاَ یُخْتَارُوْا. لاَ تُخْتَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لاَ یَـــخْـتَـــرْنَ اور مجہول میں لاَ یُـــخْـتَـــرْنَ.

نوٹ: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ جس طرح فعل مضارع کے آخر میں آتے ہیں اسی طرح فعل امر اور فعل نہی کے آخر میں بھی آئیں گے۔ جیسے: اِخْتَـارَنَّ. لِتُخْتَارَنَّ. لِیَخْتَارَنَّ. لِیُخْتَارَنَّ. لاَ تَخْتَارَنَّ. لاَ تُخْتَارَنَّ لاَ یَخْتَارَنَّ. لاَ یُخْتَارَنَّ. اِخْتَارَنْ. لِتُخْتَارَنْ. لِیَخْتَارَنْ. لِیُخْتَارَنْ. لاَ تَخْتَارَنْ. لاَ تُخْتَارَنْ. لاَ یَخْتَارَنْ. لاَ یُخْتَارَنْ.

بحث اسم ظرف

مُخْتَارٌ. مُخْتَارَانِ. مُخْتَارَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُـخْتَیَـرٌ. مُـخْتَیَرَانِ. مُخْتَیَرَاتٌ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُـخْتَـارٌ. مُخْتَارَانِ. مُخْتَارُوْنَ. مُخْتَارَةٌ. مُخْتَارَتَانِ. مُخْتَارَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم فاعل۔ اصل میں مُـخْتَیِـرٌ. مُـخْتَیِـرَانِ. مُـخْتَیِرُوْنَ. مُخْتَیِرَةٌ. مُخْتَیِرَتَانِ. مُخْتَیِرَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُـخْتَـارٌ. مُخْتَارَانِ. مُخْتَارُوْنَ. مُخْتَارَةٌ. مُخْتَارَتَانِ. مُخْتَارَاتٌ. صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث اسم مفعول۔ اصل میں مُـخْتَیَرٌ. مُخْتَیَرَانِ. مُخْتَیَرُوْنَ. مُخْتَیَرَةٌ. مُخْتَیَرَتَانِ. مَخْتَیَرَاتٌ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل اجوف یائی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے: اَلْاِسْتِخَارَةُ (بھلائی طلب کرنا)

اِسْتِـخَارَةٌ: صیغہ اسم مصدر اجوف یائی از باب استفعال۔ ایک قول کے مطابق اس کا اصل اِسْتِـخْیَرَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِخَارَةٌ بن گیا۔

دوسرے قول کے مطابق اس کا اصل اِسْتِـخْیَـارًا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دے کر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک الف گرا دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 31 کے مطابق حذف

شدہ الف کے بدلے آخر میں تاء لائے تو اِسْتِخَارَۃٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَخَارَ. اِسْتَخَارَا. اِسْتَخَارُوْا. اِسْتَخَارَتْ. اِسْتَخَارَتَا : صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَخْیَرَ. اِسْتَخْیَرَا. اِسْتَخْیَرُوْا. اِسْتَخْیَرَتْ. اِسْتَخْیَرَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اِسْتَخَرْنَ. اِسْتَخَرْتَ. اِسْتَخَرْتُمَا. اِسْتَخَرْتُمْ. اِسْتَخَرْتِ. اِسْتَخَرْتُمَا. اِسْتَخَرْتُنَّ. اِسْتَخَرْتُ. اِسْتَخَرْنَا. صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اِسْتَخْیَرْنَ. اِسْتَخْیَرْتَ. اِسْتَخْیَرْتُمَا. اِسْتَخْیَرْتُمْ. اِسْتَخْیَرْتِ. اِسْتَخْیَرْتُمَا. اِسْتَخْیَرْتُنَّ. اِسْتَخْیَرْتُ. اِسْتَخْیَرْنَا. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُخِیْرَ. اُسْتُخِیْرَا. اُسْتُخِیْرُوْا. اُسْتُخِیْرَتْ. اُسْتُخِیْرَتَا. صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُسْتُخْیِرَ. اُسْتُخْیِرَا. اُسْتُخْیِرُوْا. اُسْتُخْیِرَتْ. اُسْتُخْیِرَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 9 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت ماقبل کو دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُسْتُخِرْنَ. اُسْتُخِرْتَ. اُسْتُخِرْتُمَا. اُسْتُخِرْتُمْ. اُسْتُخِرْتِ. اُسْتُخِرْتُمَا. اُسْتُخِرْتُنَّ. اُسْتُخِرْتُ. اُسْتُخِرْنَا. صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اُسْتُخْیِرْنَ. اُسْتُخْیِرْتَ. اُسْتُخْیِرْتُمَا. اُسْتُخْیِرْتُمْ. اُسْتُخْیِرْتِ. اُسْتُخْیِرْتُمَا. اُسْتُخْیِرْتُنَّ. اُسْتُخْیِرْتُ. اُسْتُخْیِرْنَا. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کی حرکت ماقبل کو دی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَخِیْرُ. یَسْتَخِیْرَانِ. یَسْتَخِیْرُوْنَ. تَسْتَخِیْرُ. تَسْتَخِیْرَانِ. تَسْتَخِیْرُ. تَسْتَخِیْرَانِ. تَسْتَخِیْرُوْنَ. تَسْتَخِیْرِیْنَ. تَسْتَخِیْرَانِ. اَسْتَخِیْرُ. نَسْتَخِیْرُ : صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث غائب و واحد و تثنیہ جمع مذکر و واحد و تثنیہ مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم۔ اصل میں یَسْتَخْیِرُ. یَسْتَخْیِرَانِ. یَسْتَخْیِرُوْنَ. تَسْتَخْیِرُ. تَسْتَخْیِرَانِ.

تَسْتَخْيِرُ. تَسْتَخْيِرَانِ. تَسْتَخْيِرُوْنَ. تَسْتَخْيِرِيْنَ. تَسْتَخْيِرَانِ. اَسْتَخْيِرُ. نَسْتَخْيِرُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَسْتَخِرْنَ. تَسْتَخِرْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَسْتَخْيِرْنَ. تَسْتَخْيِرْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا کسرہ ماقبل کو دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُسْتَخَارُ. يُسْتَخَارَانِ. يُسْتَخَارُوْنَ. تُسْتَخَارُ. تُسْتَخَارَانِ. تُسْتَخَارُ. تُسْتَخَارَانِ. تُسْتَخَارُوْنَ. تُسْتَخَارِيْنَ. تُسْتَخَارَانِ. اُسْتَخَارُ. نُسْتَخَارُ: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث غائب، واحد و تثنیہ جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم۔ اصل میں يُسْتَخْيَرُ. يُسْتَخْيَرَانِ. يُسْتَخْيَرُوْنَ. تُسْتَخْيَرُ. تُسْتَخْيَرَانِ. تُسْتَخْيَرُ. تُسْتَخْيَرَانِ. تُسْتَخْيَرُوْنَ. تُسْتَخْيَرِيْنَ. تُسْتَخْيَرَانِ. اُسْتَخْيَرُ. نُسْتَخْيَرُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل خاء کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُسْتَخَرْنَ. تُسْتَخَرْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُسْتَخْيَرْنَ. تُسْتَخْيَرْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 8 کے مطابق یاء کا فتحہ ماقبل کو دیا۔ پھر یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا کر آخر کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گرادیا۔ جیسے معروف میں لَمْ يَسْتَخِرْ. لَمْ تَسْتَخِرْ. لَمْ اَسْتَخِرْ. لَمْ نَسْتَخِرْ. اور مجہول میں لَمْ يُسْتَخَرْ. لَمْ تُسْتَخَرْ. لَمْ اُسْتَخَرْ. لَمْ نُسْتَخَرْ. سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا جیسے معروف میں لَمْ يَسْتَخِيْرَا. لَمْ يَسْتَخِيْرُوْا. لَمْ تَسْتَخِيْرَا. لَمْ تَسْتَخِيْرُوْا. لَمْ تَسْتَخِيْرِيْ. لَمْ تَسْتَخِيْرَا. اور مجہول میں لَمْ يُسْتَخَارَا. لَمْ يُسْتَخَارُوْا. لَمْ تُسْتَخَارَا. لَمْ تُسْتَخَارُوْا. لَمْ تُسْتَخَارِيْ. لَمْ تُسْتَخَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَمْ يَسْتَخِرْنَ. لَمْ تَسْتَخِرْنَ. اور مجہول میں لَمْ يُسْتَخَرْنَ. لَمْ تُسْتَخَرْنَ.

بحث نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّسْتَخِیْرَ . لَنْ تَسْتَخِیْرَ. لَنْ اَسْتَخِیْرَ. لَنْ نَّسْتَخِیْرَ. اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَخَارَ. لَنْ تُسْتَخَارَ. لَنْ اُسْتَخَارَ. لَنْ نُّسْتَخَارَ. سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر کے اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں لَنْ یَّسْتَخِیْرَا . لَنْ یَّسْتَخِیْرُوْا. لَنْ تَسْتَخِیْرَا. لَنْ تَسْتَخِیْرُوْا. لَنْ تَسْتَخِیْرِیْ. لَنْ تَسْتَخِیْرَا. اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَخَارَا . لَنْ یُّسْتَخَارُوْا. لَنْ تُسْتَخَارَا. لَنْ تُسْتَخَارُوْا . لَنْ تُسْتَخَارِیْ. لَنْ تُسْتَخَارَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں لَنْ یَّسْتَخِرْنَ. لَنْ تَسْتَخِرْنَ. اور مجہول میں لَنْ یُّسْتَخَرْنَ. لَنْ تُسْتَخَرْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید مفتوح اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) میں نون تاکید سے پہلے فتحہ ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَیَسْتَخِیْرَنَّ. لَتَسْتَخِیْرَنَّ. لَاَسْتَخِیْرَنَّ. لَنَسْتَخِیْرَنَّ. لَیَسْتَخِیْرَنْ. لَتَسْتَخِیْرَنْ. لَاَسْتَخِیْرَنْ. لَنَسْتَخِیْرَنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَخَارَنَّ. لَتُسْتَخَارَنَّ. لَاُسْتَخَارَنَّ. لَنُسْتَخَارَنَّ. لَیُسْتَخَارَنْ. لَتُسْتَخَارَنْ. لَاُسْتَخَارَنْ. لَنُسْتَخَارَنْ. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَیَسْتَخِیْرُنَّ. لَتَسْتَخِیْرُنَّ. لَیَسْتَخِیْرُنْ. لَتَسْتَخِیْرُنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَیُسْتَخَارُنَّ. لَتُسْتَخَارُنَّ. لَیُسْتَخَارُنْ. لَتُسْتَخَارُنْ. معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے کی پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَتَسْتَخِیْرِنَّ. لَتَسْتَخِیْرِنْ. اور نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُسْتَخَارِنَّ. لَتُسْتَخَارِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَیَسْتَخِیْرَانِّ. لَتَسْتَخِیْرَانِّ. لَیَسْتَخِرْنَانِّ لَتَسْتَخِیْرَانِّ. لَتَسْتَخِرْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسْتَخَارَانِّ. لَتُسْتَخَارَانِّ. لَیُسْتَخَرْنَانِّ. لَتُسْتَخَارَانِّ. لَتُسْتَخَرْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَخِرْ: صیغہ واحد مذکر حاضر۔

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَا یَرْضَ. لَا تَرْضَ. لَا أَرْضَ. لَا نَرْضَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لَا یَرْضَیَا. لَا یَرْضَوْا. لَا تَرْضَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے: لَا یَرْضَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرادیں گے۔ جیسے: یُرْضٰی بِہٖ. سے لَا یُرْضَ بِہٖ.

بحث اسم ظرف

مَرْضًی :۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَرْضَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَرْضَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مَرْضًی بن گیا۔

مَرْضَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مَرْضَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَرْضَیَانِ بن گیا۔

مَرَاضٍ :۔صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَرَاضِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 یا قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَرَاضِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کردیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاضٍ بن گیا۔

مُرَیْضٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُرَیْضِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُرَیْضِیٌ بن گیا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُرَیْضٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِرْضًی :۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِرْضَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مِرْضَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون

نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا۔ اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِرْضًی بن گیا۔

مِرْضَیَانِ:۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِرْضَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مِرْضَیَانِ بن گیا۔

مَرَاضٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَرَاضِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَرَاضِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاضٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِرْضَاۃٌ . مِرْضَاتَانِ:۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ:۔

اصل میں مِرْضَوَۃٌ. مِرْضَوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مِرْضَیَۃٌ. مِرْضَیَتَانِ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا تو مِرْ ضَاۃٌ . مِرْضَاتَانِ بن گئے۔

مَرَاضٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَرَاضِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مَرَاضِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کر دیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاضٍ بن گیا۔

مُرَیْضِیَۃٌ:۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مُرَیْضِوَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مُرَیْضِیَۃٌ بن گیا۔

مِرْضَاءٌ ، مِرْضَاانِ:۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِرْضَاوٌ . مِرْضَاوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مِرْضَایٌ . مِرْضَایَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو مِرْضَاءٌ ، مِرْضَاءَانِ بن گئے۔

مَرَاضِیُّ . مُرَیْضِیٌّ . مُرَیْضِیَّۃٌ:۔صیغہ جمع، واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَرَاضِاوُ. مُرَیْضِاوٌ. مُرَیْضِاوَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَرَاضِیْوُ مُرَیْضِیْوٌ . مُرَیْضِیْوَۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَرَاضِیُّ، مُرَیْضِیٌّ. مُرَیْضِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَرْضٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْضَوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو اَرْضَیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے بدلا تو اَرْضٰی بن گیا۔

اَرْضَیَانِ:۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْضَوَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو اَرْضَیَانِ بن گیا۔

اَرْضَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْضَــوُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو اَرْضَیُــوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَرْضَوْنَ بن گیا۔

اَرَاضٍ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرَاضِوُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو اَرَاضِــیُ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو حذف کردیا۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَرَاضٍ بن گیا۔

اُرَیْضٍ:۔صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُرَیْضِوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو اُرَیْضِیٌ بن گیا۔یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو اُرَیْضٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

رُضْیٰ ، رُضْیَیَانِ ، رُضْیَیَاتٌ:۔صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں رُضْــوٰی ، رُضْوَیَانِ ، رُضْوَیَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 25 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدلا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

رُضًی :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں رُضَــوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واوٗ کو الف سے تبدیل کیا تو رُضَــانٌ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رُضًی بن گیا۔

رُضَیًّ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں رُضَیْــوٰی تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واوٗ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو رُضَــیًّ

بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَااَرْضَاهُ: ۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَااَرْضَوَهُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مَا اَرْضَاهُ بن گیا۔

اَرْضِ بِہٖ: ۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَرْضِوْ بِہٖ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اَرْضِیْ بِہٖ بن گیا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ ماضی کے معنی میں ہے آخر سے یاء گرادی تو اَرْضِ بِہٖ بن گیا۔

رَضُوَ. رَضُوَتْ: ۔دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

رَاضٍ ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رَاضِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیرہ حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو رَاضٍ بن گیا۔

رَاضِیَانِ: ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رَاضِیَانِ بن گیا۔

رَاضُوْنَ: ۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِــوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رَاضِیُــوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو رَاضُیْــوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدلا تو رَاضُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو رَاضُوْنَ بن گیا۔

رُضَاةٌ: ۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَضَوَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق واؤ کو الف سے بدلا تو رَضَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو رُضَاةٌ بن گیا۔

رُضَّاءٌ: ۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضَّاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو رُضَّایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو رُضَّاءٌ بن گیا۔

رُضًّی :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو رُضَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رُضًّی بن گیا۔

رُضَوٌ ، رُضَوَاءُ ، رُضْوَانٌ :۔ صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رِضَاءٌ :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رِضَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رِضَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو رِضَاءٌ بن گیا۔

رُضِیٌّ یا رِضِیٌّ :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضُوْوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 15 کے مطابق دونوں واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو رُضُیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدلا تو رُضِیٌّ بن گیا اس صیغہ میں فاء کلمہ کو کسرہ دے کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے رِضِیٌّ

رُوَیْضٍ :۔ صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں رُوَیْضِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رُوَیْضِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو رُوَیْضٍ بن گیا۔

رَاضِیَةٌ . رَاضِیَتَانِ. رَاضِیَاتٌ :۔ صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں رَاضِوَةٌ ، رَاضِوَتَانِ ، رَاضِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

رَوَاضٍ :۔ صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَوَاضِوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو رَوَاضِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو گرادیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہو جانے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو رَوَاضٍ بن گیا۔

رُضًّی :۔ صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُضَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو رُضَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے

مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رُضًی بن گیا۔

رُوَیْضِیَۃٌ: ۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں رُوَیْضِوَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا تو رُوَیْضِیَۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَرْضِیٌّ م بِہٖ ۔ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مَرْضُوْوٌ تھا۔ باب کی موافقت کرتے ہوئے واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَرْضُوْیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَرْضُیٌّ بن گیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو مَرْضِیٌّ بن گیا۔ موافقت باب کا مطلب یہ ہے کہ اس باب میں تمام جگہ واؤ کو یاء سے بدلا گیا۔ اس لیے اس صیغہ میں بھی واؤ کو یاء سے بدلا گیا اس کو صرفیوں کی اصطلاح میں طَرْدًا لِلْبَاب کہتے ہیں۔

٪٪٪٪٪٪

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلْاِدِّعَاءُ (دعوی کرنا)

اِدِّعَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِدْتِعَاوٌ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدِّعَاوٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اِدِّعَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِدِّعَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِدَّعٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِدْتَعَوَ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوَ بن گیا پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا کیا تو اِدَّعَیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِدَّعٰی بن گیا۔

اِدَّعَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوَا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اِدَّعَوَا بن گیا پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیَا بن گیا۔

اِدَّعَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوُوْا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کردیا تو اِدَّعَوُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِدَّعَوْا بن گیا۔

اِدَّعَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوَتْ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کردیا تو اِدَّعَوَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِدَّعَتْ بن گیا۔

اِدَّعَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِدْتَعَوَتَا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کردیا تو اِدَّعَوَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اِدَّعَیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِدَّعَتَا بن گیا۔

اِدَّعَیْنَ. اِدَّعَیْتَ. اِدَّعَیْتُمَا. اِدَّعَیْتُمْ. اِدَّعَیْتِ. اِدَّعَیْتُمَا. اِدَّعَیْتُنَّ. اِدَّعَیْتُ. اِدَّعَیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب وواحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر وواحد وجمع متکلم۔

اصل میں اِدْتَعَوْنَ. اِدْتَعَوْتَ. اِدْتَعَوْتُمَا. اِدْتَعَوْتُمْ. اِدْتَعَوْتِ. اِدْتَعَوْتُمَا. اِدْتَعَوْتُنَّ. اِدْتَعَوْتُ. اِدْتَعَوْنَا تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کردیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُدُّعِیَ. اُدُّعِیَا: صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُدْتُعِوَ. اُدْتُعِوَا تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کردیا تو اُدُّعِوَ. اُدُّعِوَا بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا کیا تو اُدُّعِیَ. اُدُّعِیَا بن گئے۔

اُدُّعُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُدْتُعِوُوْا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کرکے دال کا دال میں ادغام کردیا تو اُدُّعِوُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اُدُّعِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی

جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُدُّعِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُدُّعُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اُدُّعُوْا بن گیا۔

اُدُّعِيَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں اُدْتُعِوَتْ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اُدُّعِوَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اُدُّعِيَتْ بن گیا۔

اُدُّعِيَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُدْتُعِوَتَا تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو اُدُّعِوَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو اُدُّعِيَتَا بن گیا۔

اُدُّعِيْنَ. اُدُّعِيْتَ. اُدُّعِيْتُمَا. اُدُّعِيْتُمْ. اُدُّعِيْتِ. اُدُّعِيْتُمَا. اُدُّعِيْتُنَّ. اُدُّعِيْتُ. اُدُّعِيْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اُدْتُعِوْنَ. اُدْتُعِوْتَ. اُدْتُعِوْتُمَا. اُدْتُعِوْتُمْ. اُدْتُعِوْتِ. اُدْتُعِوْتُمَا. اُدْتُعِوْتُنَّ. اُدْتُعِوْتُ. اُدْتُعِوْنَا تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَدَّعِيْ. تَدَّعِيْ. اَدَّعِيْ. نَدَّعِيْ: صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَدْتَعِوُ. تَدْتَعِوُ. اَدْتَعِوُ. نَدْتَعِوُ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو يَدَّعِوُ. تَدَّعِوُ. اَدَّعِوُ. نَدَّعِوُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَدَّعِيَانِ. تَدَّعِيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يَدْتَعِوَانِ. تَدْتَعِوَانِ. تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو يَدَّعِوَانِ. تَدَّعِوَانِ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَدَّعُوْنَ. تَدَّعُوْنَ. صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَدْتَعِوُوْنَ. تَدْتَعِوُوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں

ادغام کردیا تو یَدَّعِوُوْنَ. تَدَّعِوُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یَدَّعِیُوْنَ. تَدَّعِیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَدَّعُیْوْنَ. تَدَّعُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَدَّعُوْوْنَ. تَدَّعُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واؤ گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَدَّعِیْنَ. تَدَّعِیْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَدْتَعِوْنَ. تَدْتَعِوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یَدَّعِوْنَ. تَدَّعِوْنَ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَدَّعِیْنَ. صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَدْتَعِوِیْنَ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو تَدَّعِوِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تَدَّعِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق پہلی یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو مذکورہ بالا صیغہ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُدَّعٰی. تُدَّعٰی. اُدَّعٰی. نُدَّعٰی: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُدْتَعَوُ. تُدْتَعَوُ. اُدْتَعَوُ. نُدْتَعَوُ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یُدَّعَوُ. تُدَّعَوُ. اُدَّعَوُ. نُدَّعَوُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُدَّعَیُ. تُدَّعَیُ. اُدَّعَیُ. نُدَّعَیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُدَّعَیَانِ. تُدَّعَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْتَعَوَانِ. تُدْتَعَوَانِ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کر دیا تو یُدَّعَوَانِ. تُدَّعَوَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُدَّعَوْنَ. تُدَّعَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُدْتَعَوُوْنَ. تُدْتَعَوُوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں

ادغام کردیا تو یُـدَّعوُوْنَ. تُدَّعوُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُدَّعیُوْنَ. تُـدَّعَیُـوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُدَّعَیْنَ. تُدَّعَیْنَ. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُـدْتَـعَوْنَ. تُـدْتَـعَوْنَ تھے۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کردیا تو یُـدَّعَـوْنَ. تُدَّعَوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واو کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُدَّعَیْنَ. صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُـدْتَـعَوِیْنَ تھا۔ صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال کر کے دال کا دال میں ادغام کردیا تو تُـدَّعَـوِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تُـدَّعَیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُدَّعَیْنَ بن گیا۔

بحث نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

فعل مضارع میں کی جانے والی تعلیلات کے علاوہ اس بحث میں کوئی تعلیل نہیں ہوگی۔ صرف حرف جازم لَـمْ کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَدَّعِ. لَمْ تَدَّعِ. لَمْ اَدَّعِ. لَمْ نَدَّعِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُدَّعَ. لَمْ تُدَّعَ. لَمْ اُدَّعَ. لَمْ نُدَّعَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَدَّعِیَا. لَمْ یَدَّعُوْا. لَمْ تَدَّعِیَا. لَمْ تَدَّعُوْا. لَمْ تَدَّعِیْ. لَمْ تَدَّعِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُدَّعَیَا. لَمْ یُدَّعَوْا. لَمْ تُدَّعَیَا. لَمْ تُدَّعَوْا. لَمْ تُدَّعَیْ. لَمْ تُدَّعَیَا.

جیسے معروف میں لَمْ یَدَّعِیْنَ. لَمْ تَدَّعِیْنَ. اور مجہول میں لَمْ یُدَّعَیْنَ. لَمْ تُدَّعَیْنَ.

بحث نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

فعل مضارع میں کی جانے والی تعلیلات کے علاوہ اس بحث میں کوئی نئی تعلیل نہیں ہوگی صرف حرف ناصب لَنْ کی وجہ

سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم) میں لفظی نصب ہوگا۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں میں تقدیری نصب ہوگا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّدَّعِيَ. لَنْ تَدَّعِيَ. لَنْ اَدَّعِيَ. لَنْ نَّدَّعِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّدَّعٰى. لَنْ تُدَّعٰى. لَنْ اُدَّعٰى. لَنْ نُّدَّعٰى.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب و حاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔معروف و مجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّدَّعِيَا. لَنْ يَدَّعُوْا. لَنْ تَدَّعِيَا. لَنْ تَدَّعُوْا. لَنْ تَدَّعِيْ. لَنْ تَدَّعِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُدَّعَيَا. لَنْ يُدَّعَوْا. لَنْ تُدَّعَيَا. لَنْ تُدَّعَوْا. لَنْ تُدَّعَيْ. لَنْ تُدَّعَيَا.

جیسے معروف میں لَنْ يَّدَّعِيْنَ. لَنْ تَدَّعِيْنَ. اور مجہول میں لَنْ يُّدَّعَيْنَ. لَنْ تُدَّعَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف و مجہول

اس بحث میں معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مونث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم) میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے یاء کو فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَدَّعِيَنَّ. لَتَدَّعِيَنَّ. لَاَدَّعِيَنَّ. لَنَدَّعِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَدَّعِيَنْ. لَتَدَّعِيَنْ. لَاَدَّعِيَنْ. لَنَدَّعِيَنْ.

دو صیغوں (جمع مذکر غائب و حاضر) میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے ضمہ ہوگا ان صیغوں سے واؤ گرا کر ما قبل ضمہ کو برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَدَّعُنَّ. لَتَدَّعُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَدَّعُنْ. لَتَدَّعُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے کسرہ ہوگا۔اس صیغہ سے یاء گرا کر ما قبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف میں: لَتَدَّعِنَّ. لَتَدَّعِنْ.

چھ صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر)

جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَدَّعِيَانِّ. لَتَدَّعِيَانِّ. لَيَدَّعِيْنَانِّ. لَتَدَّعِيَانِّ. لَتَدَّعِيْنَانِّ.

مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مونث غائب و واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم) میں جو یاء مضارع مجہول میں الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُدَّعَيَنَّ. لَتُدَّعَيَنَّ. لَاُدَّعَيَنَّ. لَنُدَّعَيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں جیسے :لَیُدْعَیَنْ. لَتُدْعَیَنْ. لَأُدْعَیَنْ. لَنُدْعَیَنْ.

دوصیغوں (جمع مذکر غائب وحاضر) میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُدْعَوُنَّ. لَتُدْعَوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُدْعَوُنْ. لَتُدْعَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق یاء کو کسرہ دیا جائے گا جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ ومجہول میں لَتُدْعَیِنَّ لَتُدْعَیِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) میں بھی نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُدْعَیَانِّ. لَتُدْعَیَانِّ. لَیُدْعَیْنَانِّ. لَتُدْعَیَانِّ. لَتُدْعَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِدْعِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـدْعِـیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِدْعِ بن گیا۔

اِدْعِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـدْعِیَـانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعِیَا بن گیا۔

اِدْعُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـدْعُـوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعُوْا بن گیا۔

اِدْعِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـدْعِیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعِیْ بن گیا۔

اِدْعِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـدْعِیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِدْعِیْـنَ بن گیا۔ (اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا)

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے تُدْعٰی سے لِتُدْعَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُدْعَیَا. لِتُدْعَوْا. لِتُدْعَیْ. لِتُدْعَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے لِتُدْعَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَدْعِ. لِتَدْعِ. لِاَدْعِ. لِنَدْعِ.

اور مجہول میں: لِیُدْعَ. لِتُدْعَ. لِاُدْعَ. لِنُدْعَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیَدْعِیَا. لِیَدْعُوْا. لِتَدْعِیَا.

اور مجہول میں: لِیُدْعَیَا. لِیُدْعَوْا. لِتُدْعَیَا. معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں لِیَدْعِیْنَ. اور مجہول میں لِیُدْعَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ (واحد مذکر حاضر) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گرادیں گے جیسے معروف میں: لَا تَدْعِ. اور مجہول میں لَا تُدْعَ. معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وواحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَدْعِیَا. لَا تَدْعُوْا. لَا تَدْعِیْ. لَا تَدْعِیَا.

اور مجہول میں: لَا تُدْعَیَا. لَا تُدْعَوْا. لَا تُدْعَیْ. لَا تُدْعَیَا.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گرادیں گے۔

جیسے معروف میں: لَا یَدَّعِ. لَا تَدَّعِ. لَا اَدَّعِ. لَا نَدَّعِ.

اور مجہول میں: لَا یُدَّعَ. لَا تُدَّعَ. لَا اُدَّعَ. لَا نُدَّعَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا یَدَّعِیَا. لَا یَدَّعُوْا. لَا تَدَّعِیَا. اور مجہول میں: لَا یُدَّعَیَا. لَا یُدَّعَوْا. لَا تُدَّعَیَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا جیسے معروف میں: لَا یَدَّعِیْنَ. اور مجہول میں لَا یُدَّعَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُدَّعًی :۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُدْتَعَوٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعَوٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔پھر یاء کو معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُدَّعًی بن گیا۔

مُدَّعَیَانِ. مُدَّعَیَاتٌ :۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل میں مُدْتَعَوَانِ. مُدْتَعَوَاتٌ تھے۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعَوَانِ. مُدَّعَوَاتٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَیَان. مُدَّعَیَاتٌ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُدَّعٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُدْتَعِوٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعِوٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُدَّعٍ بن گیا۔

مُدَّعِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُـدْتَـعِـوَانِ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعِوَانِ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیَانِ بن گیا۔

مُدَّعُوْنَ :۔صیغہ جمع سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُـدْتَـعِـوُوْنَ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعِوُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق عین کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُدَّعُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُدَّعُوْنَ بن گیا۔

مُدَّعِیَةٌ . مُدَّعِیَتَانِ. مُدَّعِیَاتٌ :۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُـدْتَعِوَةٌ. مُدْتَعِوَتَانِ. مُدْتَعِوَاتٌ تھے۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُـدَّعِـوَةٌ. مُدَّعِوَتَانِ. مُدَّعَوَاتٌ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعِیَةٌ. مُدَّعِیَتَانِ. مُدَّعِیَاتٌ بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُدَّعًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـدْتَعَوٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُـدَّعَـوٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یا کو الف سے کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُدَّعًی بن گیا۔

مُدَّعَیَانِ. صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـدْتَـعَـوَانِ. تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعَوَانِ. بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَیَانِ. بن گیا۔

مُدَّعَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُـدْتَـعَوُوْنَ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کردیا تو مُدَّعَوُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق پہلی واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُدَّعَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو

مُدَّعَوْنَ بن گیا۔

ه

مُدَّعَاةٌ ۔ مُدَّعَاتَانِ ۔:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُدْتَعَوَةٌ ۔ مُدْتَعَوَتَانِ ۔ تھے۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّعَوَةٌ ۔ مُدَّعَوَتَانِ ۔ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُدَّعَيَةٌ ۔ مُدَّعَيَتَانِ ۔ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُدَّعَاةٌ ۔ مُدَّعَاتَانِ بن گئے۔

مُدَّعَيَاتٌ :۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُدْتَعَوَاتٌ تھا۔صحیح کے قانون نمبر 10 کے مطابق تائے افتعال کو دال سے بدل کر دال کا دال میں ادغام کر دیا تو مُدَّعَوَاتٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُدَّعَيَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِعْلَاءُ (بلندی چاہنا)

اِسْتِعْلَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِسْتِفْعَالٌ۔

اصل میں اِسْتِعْلَاوٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِعْلَایٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِعْلَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَعْلٰی : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب استفعال۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَیَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلٰی بن گیا۔

اِسْتَعْلَیَا : صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَا تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَیَا بن گیا۔

اِسْتَعْلَوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوُوا تھا۔معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَیُوا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَعْلَوْا بن گیا۔

اِسْتَعْلَتْ : صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو اِسْتَعْلَيَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِسْتَعْلَتْ بن گیا

اِسْتَعْلَتَا : صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَعْلَيَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِسْتَعْلَتَا بن گیا۔

اِسْتَعْلَيْنَ. اِسْتَعْلَيْتَ. اِسْتَعْلَيْتُمَا. اِسْتَعْلَيْتُمْ. اِسْتَعْلَيْتِ. اِسْتَعْلَيْتُمَا. اِسْتَعْلَيْتُنَّ. اِسْتَعْلَيْتُ. اِسْتَعْلَيْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِسْتَعْلَوْنَ. اِسْتَعْلَوْتَ. اِسْتَعْلَوْتُمَا. اِسْتَعْلَوْتُمْ. اِسْتَعْلَوْتِ. اِسْتَعْلَوْتُمَا. اِسْتَعْلَوْتُنَّ. اِسْتَعْلَوْتُ. اِسْتَعْلَوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُعْلِيَ .اُسْتُعْلِيَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُسْتُعْلِوَ. اُسْتُعْلِوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلِيَ. اُسْتُعْلِيَا بن گئے۔

اُسْتُعْلُوْا : صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُسْتُعْلِوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو اُسْتُعْلُوْا بن گیا۔

اُسْتُعْلِيَتْ. اُسْتُعْلِيَتَا . صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُسْتُعْلِوَتْ. اُسْتُعْلِوَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُعْلِيَتْ. اُسْتُعْلِيَتَا بن گئے۔

اُسْتُعْلِيْنَ. اُسْتُعْلِيْتَ. اُسْتُعْلِيْتُمَا. اُسْتُعْلِيْتُمْ. اُسْتُعْلِيْتِ. اُسْتُعْلِيْتُمَا. اُسْتُعْلِيْتُنَّ. اُسْتُعْلِيْتُ. اُسْتُعْلِيْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اُسْتُعْلِوْنَ. اُسْتُعْلِوْتَ. اُسْتُعْلِوْتُمَا. اُسْتُعْلِوْتُمْ. اُسْتُعْلِوْتِ. اُسْتُعْلِوْتُمَا. اُسْتُعْلِوْتُنَّ. اُسْتُعْلِوْتُ. اُسْتُعْلِوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَسْتَعْلِيُ. تَسْتَعْلِيُ. اَسْتَعْلِيُ. نَسْتَعْلِيُ :صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَعْلِوُ. تَسْتَعْلِوُ. اَسْتَعْلِوُ. نَسْتَعْلِوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَعْلِیَانِ. تَسْتَعْلِیَانِ :صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَعْلِوَانِ. تَسْتَعْلِوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَعْلِیْنَ. تَسْتَعْلِیْنَ. : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَعْلِوْنَ. تَسْتَعْلِوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَسْتَعْلُوْنَ. تَسْتَعْلُوْنَ. : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَعْلِوُوْنَ. تَسْتَعْلِوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَسْتَعْلُوْوْنَ. تَسْتَعْلُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَسْتَعْلِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَعْلِوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تَسْتَعْلِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرا دی تو تَسْتَعْلِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَعْلٰی. تُسْتَعْلٰی. اُسْتَعْلٰی. نُسْتَعْلٰی :صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر و واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَعْلَوُ. تُسْتَعْلَوُ. اُسْتَعْلَوُ. نُسْتَعْلَوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُسْتَعْلَیُ . تُسْتَعْلَیُ . اُسْتَعْلَیُ . نُسْتَعْلَیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو

مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسْتَعْلَیَانِ. تُسْتَعْلَیَانِ :صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَعْلَوَانِ. تُسْتَعْلَوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسْتَعْلَیْنَ. تُسْتَعْلَیْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَعْلَوْنَ. تُسْتَعْلَوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسْتَعْلَوْنَ. تُسْتَعْلَوْنَ. : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَعْلَوُوْنَ. تُسْتَعْلَوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُسْتَعْلَیُوْنَ. تُسْتَعْلَیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُسْتَعْلَیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَعْلَوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تُسْتَعْلَیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُسْتَعْلَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَعْلِ. لَمْ تَسْتَعْلِ. لَمْ اَسْتَعْلِ. لَمْ نَسْتَعْلِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَعْلَ. لَمْ تُسْتَعْلَ. لَمْ اُسْتَعْلَ. لَمْ نُسْتَعْلَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَعْلِیَا. لَمْ یَسْتَعْلُوْا. لَمْ تَسْتَعْلِیَا. لَمْ تَسْتَعْلُوْا. لَمْ تَسْتَعْلِیْ. لَمْ تَسْتَعْلِیَا.

اورمجہول میں:لَمْ يُسْتَعْلَيَا. لَمْ يُسْتَعْلَوْا. لَمْ تُسْتَعْلَيَا. لَمْ تُسْتَعْلَوْا. لَمْ تُسْتَعْلَيْ. لَمْ تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يَسْتَعْلِيْنَ. لَمْ تَسْتَعْلِيْنَ . اورمجہول میں:لَمْ يُسْتَعْلَيْنَ. لَمْ تُسْتَعْلَيْنَ .

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يَّسْتَعْلِيَ. لَنْ تَسْتَعْلِيَ. لَنْ اَسْتَعْلِيَ. لَنْ نَّسْتَعْلِيَ .

اورمجہول میں:لَنْ يُّسْتَعْلٰى. لَنْ تُسْتَعْلٰى. لَنْ اُسْتَعْلٰى. لَنْ نُّسْتَعْلٰى .

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لَنْ يَّسْتَعْلِيَا. لَنْ يَّسْتَعْلُوْا. لَنْ تَسْتَعْلِيَا. لَنْ تَسْتَعْلُوْا. لَنْ تَسْتَعْلِيْ. لَنْ تَسْتَعْلِيَا.

اورمجہول میں:لَنْ يُّسْتَعْلَيَا. لَنْ يُّسْتَعْلَوْا. لَنْ تُسْتَعْلَيَا. لَنْ تُسْتَعْلَوْا. لَنْ تُسْتَعْلَيْ. لَنْ تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يَّسْتَعْلِيْنَ. لَنْ تَسْتَعْلِيْنَ . اورمجہول میں:لَنْ يُّسْتَعْلَيْنَ. لَنْ تُسْتَعْلَيْنَ .

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔(واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم)

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَعْلِيَنَّ. لَتَسْتَعْلِيَنَّ. لَاَسْتَعْلِيَنَّ. لَنَسْتَعْلِيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَعْلِيَنْ. لَتَسْتَعْلِيَنْ. لَاَسْتَعْلِيَنْ. لَنَسْتَعْلِيَنْ.

فعل مضارع مجہول کے انہیں پانچ صیغوں میں جس یاء کو الف سے تبدیل کردیا گیا تھا۔نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔

جیسے:نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَعْلَيَنَّ. لَتُسْتَعْلَيَنَّ. لَاُسْتَعْلَيَنَّ. لَنُسْتَعْلَيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَعْلَیَنْ. لَتُسْتَعْلَیَنْ. لَاُ سْتَعْلَیَنْ. لَنُسْتَعْلَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیَسْتَعْلُنَّ . لَتَسْتَعْلُنَّ . اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَیَسْتَعْلُنْ. لَتَسْتَعْلُنْ.

مجہول کے ان دوصیغوں (جمع مذکر غائب حاضر) میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں:لَیُسْتَعْلَوُنَّ. لَتُسْتَعْلَوُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں:لَیُسْتَعْلَوُنْ. لَتُسْتَعْلَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَعْلِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَعْلِنْ. مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَتُسْتَعْلَیِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَعْلَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیَسْتَعْلِیَانِّ. لَتَسْتَعْلِیَانِّ. لَیَسْتَعْلِیْنَانِّ. لَتَسْتَعْلِیَانِّ. لَتَسْتَعْلِیْنَانِّ. اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسْتَعْلَیَانِّ. لَتُسْتَعْلَیَانِّ. لَیُسْتَعْلَیْنَانِّ. لَتُسْتَعْلَیَانِّ. لَتُسْتَعْلَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَعْلِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِسْتَعْلِ بن گیا۔

اِسْتَعْلِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَعْلِیَا بن گیا۔

اِسْتَعْلُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَعْلُوْا بن گیا۔

اِسْتَعْلِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے

عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَعْلِیْ بن گیا۔

اِسْتَعْلِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَعْلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِسْتَعْلِیْنَ بن گیا۔ (آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا)

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: لِتُسْتَعْلَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسْتَعْلَیَا. لِتُسْتَعْلَوْا. لِتُسْتَعْلَیْ. لِتُسْتَعْلَیَا

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَعْلَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَعْلِ. لِتَسْتَعْلِ. لِاَسْتَعْلِ. لِنَسْتَعْلِ.

اور مجہول میں: لِیُسْتَعْلَ. لِتُسْتَعْلَ. لِاُسْتَعْلَ. لِنُسْتَعْلَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَعْلِیَا. لِیَسْتَعْلُوْا. لِتَسْتَعْلِیَا.

اور مجہول میں: لِیُسْتَعْلَیَا. لِیُسْتَعْلَوْا. لِتُسْتَعْلَیَا.

معروف و مجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَعْلِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُسْتَعْلَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر

جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَعْلِ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَعْلَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَعْلِيَا. لَا تَسْتَعْلُوْا. لَا تَسْتَعْلِيْ. لَا تَسْتَعْلِيَا اور مجہول میں لَا تُسْتَعْلَيَا. لَا تُسْتَعْلَوْا. لَا تُسْتَعْلَيْ. لَا تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَعْلِيْنَ. اور مجہول میں لَا تُسْتَعْلَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَعْلِ. لَا تَسْتَعْلِ. لَا أَسْتَعْلِ. لَا نَسْتَعْلِ.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَعْلَ. لَا تُسْتَعْلَ. لَا أُسْتَعْلَ. لَا نُسْتَعْلَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَعْلِيَا. لَا يَسْتَعْلُوْا. لَا تَسْتَعْلِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَعْلَيَا. لَا يُسْتَعْلَوْا. لَا تُسْتَعْلَيَا.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَعْلِيْنَ. لَا تَسْتَعْلِيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُسْتَعْلَيْنَ. لَا تُسْتَعْلَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَعْلًى: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَعْلَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَعْلًى بن گیا۔

مُسْتَعْلَيَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل مُسْتَعْلَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَانِ بن گیا۔

مُسْتَعْلَيَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَعْلَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَعْلٍ : صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مُسْتَعْلٍ بن گیا۔

مُسْتَعْلِيَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلِيَانِ بن گیا۔

مُسْتَعْلُوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلِيُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مُسْتَعْلُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَعْلِيَةٌ. مُسْتَعْلِيَتَانِ. مُسْتَعْلِيَاتٌ : صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَعْلِوَةٌ. مُسْتَعْلِوَتَانِ. مُسْتَعْلِوَاتٌ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَعْلًى : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَعْلًى بن گیا۔

مُسْتَعْلَيَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَانِ بن گیا۔

مُسْتَعْلَوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيُوْنَ بن گیا۔ پھر

معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَعْلَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَعْلاةٌ. مُسْتَعْلاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَعْلَوَةٌ. مُسْتَعْلَوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَةٌ مُسْتَعْلَيَتَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مُسْتَعْلَيَاتٌ: صیغہ جمع مؤنث اسم مفعول

اصل میں مُسْتَعْلَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَعْلَيَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِنْفِعَالٌ جیسے: اَلاِنْمِحَاءُ (مٹ جانا)

اِنْمِحَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِنْفِعَالٌ.

اصل میں اِنْمِحَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِنْمِحَايٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِنْمِحَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْمَحٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب انفعال۔

اصل میں اِنْمَحَوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَ بن گیا۔ پھر معتل قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحٰی بن گیا۔

اِنْمَحَيَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَا بن گیا۔

اِنْمَحَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوُوا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيُوا بن گیا۔ پھر معتل قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرا دیا تو اِنْمَحَوْا بن گیا۔

اِنْمَحَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَتْ بن گیا۔ پھر معتل

کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْمَحَتْ بن گیا۔

اِنْمَحَتَا : صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اِنْمَحَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِنْمَحَيَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِنْمَحَتَا بن گیا۔

اِنْمَحَيْنَ. اِنْمَحَيْتَ. اِنْمَحَيْتُمَا. اِنْمَحَيْتُمْ. اِنْمَحَيْتِ. اِنْمَحَيْتُمَا. اِنْمَحَيْتُنَّ. اِنْمَحَيْتُ. اِنْمَحَيْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب' واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں اِنْمَحَوْنَ. اِنْمَحَوْتَ. اِنْمَحَوْتُمَا. اِنْمَحَوْتُمْ. اِنْمَحَوْتِ. اِنْمَحَوْتُمَا. اِنْمَحَوْتُنَّ. اِنْمَحَوْتُ. اِنْمَحَوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْمُحِيَ بِهٖ : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُنْمُحِوَ. تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اُنْمُحِيَ بِهٖ. بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَنْمَحِيْ. تَنْمَحِيْ. اَنْمَحِيْ. نَنْمَحِيْ : صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَنْمَحِوُ. تَنْمَحِوُ. اَنْمَحِوُ. نَنْمَحِوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَنْمَحِيَانِ. تَنْمَحِيَانِ : صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يَنْمَحِوَانِ. تَنْمَحِوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَنْمَحِيْنَ. تَنْمَحِيْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يَنْمَحِوْنَ. تَنْمَحِوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَنْمَحُوْنَ. تَنْمَحُوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَنْمَحِوُوْنَ. تَنْمَحِوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يَنْمَحِيُوْنَ. تَنْمَحِيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر

معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واوَ سے تبدیل کر دیا تو یَنمَحُوُوْنَ. تَنمَحُوُوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واوَ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَنمَحِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَنمَحِوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرا دی تو تَنمَحِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنمَحٰی بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُنمَحَوُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوَ کو یاء سے تبدیل کیا یُنمَحَیُ بِہٖ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو یُنمَحٰی بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم) کے آخر سے یاء گر جائے گی۔

جیسے: لَمْ یَنمَحِ. لَمْ تَنمَحِ. لَمْ اَنمَحِ. لَمْ نَنمَحِ ۔سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَنمَحِیَا. لَمْ یَنمَحُوْا. لَمْ تَنمَحِیَا. لَمْ تَنمَحُوْا. لَمْ تَنمَحِیْ. لَمْ تَنمَحِیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَنمَحِیْنَ. لَمْ تَنمَحِیْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: لَمْ یُنمَحَ بِہٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ جیسے میں: لَنْ یَنمَحِیَ. لَنْ تَنمَحِیَ. لَنْ اَنمَحِیَ. لَنْ نَنمَحِیَ ۔سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث

حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَنْ یُّنْمَحِیَا. لَنْ یُّنْمَحُوْا. لَنْ تَنْمَحِیَا. لَنْ تَنْمَحُوْا. لَنْ تَنْمَحِیْ. لَنْ تَنْمَحِیَا. صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے میں: لَنْ یُّنْمَحِیْنَ. لَنْ تَنْمَحِیْنَ.

بحث نفی تاکید بلن ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصبہ لن لگا دیں گے جس کی وجہ سے فعل مضارع مجہول کے آخر میں تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے: لَنْ یُّنْمَحٰی بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: لَیَنْمَحِیَنَّ. لَتَنْمَحِیَنَّ. لَاَنْمَحِیَنَّ. لَنَنْمَحِیَنَّ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے: لَیَنْمَحُنَّ. لَتَنْمَحُنَّ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَتَنْمَحِنَّ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے: لَیَنْمَحِیَانِّ. لَتَنْمَحِیَانِّ. لَیَنْمَحِیْنَانِّ. لَتَنْمَحِیَانِّ. لَتَنْمَحِیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید خفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید خفیفہ لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید خفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: لَیَنْمَحِیَنْ. لَتَنْمَحِیَنْ. لَاَنْمَحِیَنْ. لَنَنْمَحِیَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَیَنمَحُنْ . لَتَنمَحُنْ .

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تا کہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: لَتَنمَحِنْ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔ جو یاء فعل مضارع مجہول میں الف سے تبدیل ہوگئی تھی اسے فتحہ دیں گے جیسے: لَیُنمَحَیَنَّ بِہٖ. لَیُنمَحَیَنْ بِہٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنمَحِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنمَحِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِنمَحِ بن گیا۔

اِنمَحِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنمَحِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنمَحِیَا بن گیا۔

اِنمَحُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنمَحُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنمَحُوْا بن گیا۔

اِنمَحِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنمَحِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنمَحِیْ بن گیا۔

اِنمَحِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنمَحِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِنمَحِیْنَ بن گیا۔ آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیں گے جیسے: لِتُنْمَحَ بِکَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گرادیں گے۔

جیسے: لِيَنْمَحِ. لِتَنْمَحِ. لِأَنْمَحِ. لِنَنْمَحِ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر غائب، تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گرادیں گے۔

جیسے: لِيَنْمَحِيَا. لِيَنْمَحُوْا. لِتَنْمَحِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِيَنْمَحِيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرادیں گے۔ جیسے: يُنْمَحٰى بِهٖ. سے لِيُنْمَحَ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے یاء گر جائے گی۔ جیسے: لَا تَنْمَحِ.

چار صیغوں (تثنیہ، وجمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لَا تَنْمَحِيَا. لَا تَنْمَحُوْا. لَا تَنْمَحِيْ. لَا تَنْمَحِيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَنْمَحِيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے آخر سے الف گرادیں گے۔ جیسے: تُنْمَحٰى بِکَ سے لَا تُنْمَحَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء گر جائے گی۔

جیسے: لَا یَنْمَحِ. لَا تَنْمَحِ. لَا اَنْمَحِ. لَا نَنْمَحِ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے :لَا یَـنْـمَـحِیَـا.

لَا یَنْمَحُوْا. لَا تَنْمَحِیَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا یَنْمَحِیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے جس کی وجہ سے آخر سے الف گر جائے گا۔ جیسے: یُنْمَحٰی بِهٖ سے لَا یُنْمَحَ بِهٖ .

بحث اسم ظرف

مُنْمَحًی : صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُنْمَحَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُنْمَحًی بن گیا۔

مُنْمَحَیَانِ : صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مُنْمَحَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحَیَانِ بن گیا۔

مُنْمَحَیَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُنْمَحَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحَیَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُنْمَحٍ : صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُنْمَحٍ بن گیا۔

مُنْمَحِیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحِیَانِ بن گیا۔

مُنْمَحُوْنَ : صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحِیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مُنْمَحُوْنَ بن گیا۔

مُنْمَحِیَةٌ. مُنْمَحِیَتَانِ. مُنْمَحِیَاتٌ : صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُنْمَحِوَةٌ. مُنْمَحِوَتَانِ. مُنْمَحِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُنْمَحیً م بِہٖ: صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُنْمَحَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُنْمَحَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُنْمَحیً بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْعَالٌ جیسے: اَلْاِعْطَاءُ (دینا)

اِعْطَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب اِفْعَالٌ۔

اصل میں اِعْطَاوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِعْطَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِعْطَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَعْطٰی : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب افعال۔

اصل میں اَعْطَوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو اَعْطٰی بن گیا۔

اَعْطَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَا بن گیا۔

اَعْطَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرا دیا تو اَعْطَوْا بن گیا۔

اَعْطَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَعْطَتْ بن گیا۔

اَعْطَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اَعْطَیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَعْطَتَا بن گیا۔

اَعْطَیْنَ. اَعْطَیْتَ. اَعْطَیْتُمَا. اَعْطَیْتُمْ. اَعْطَیْتِ. اَعْطَیْتُمَا. اَعْطَیْتُنَّ. اَعْطَیْتُ. اَعْطَیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں اَعْطَوْنَ. اَعْطَوْتَ. اَعْطَوْتُمَا. اَعْطَوْتُمْ. اَعْطَوْتِ. اَعْطَوْتُمَا. اَعْطَوْتُنَّ. اَعْطَوْتُ. اَعْطَوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُعْطِیَ. اُعْطِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُعْطِوَ. اُعْطِوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُعْطِیَ. اُعْطِیَا بن گئے۔

اُعْطُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُعْطِوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو اُعْطِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُعْطُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے ایک واؤ گرا دی تو اُعْطُوْا بن گیا۔

اُعْطِیَتْ. اُعْطِیَتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اُعْطِوَتْ . اُعْطِوَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اُعْطِيَتْ . اُعْطِيَتَا بن گئے۔

اُعْطِيْنَ. اُعْطِيْتَ. اُعْطِيْتُمَا. اُعْطِيْتُمْ. اُعْطِيْتِ. اُعْطِيْتُمَا. اُعْطِيْتُنَّ. اُعْطِيْتُ. اُعْطِيْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُعْطِوْنَ. اُعْطِوْتَ. اُعْطِوْتُمَا. اُعْطِوْتُمْ. اُعْطِوْتِ. اُعْطِوْتُمَا. اُعْطِوْتُنَّ. اُعْطِوْتُ. اُعْطِوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُعْطِيْ. تُعْطِيْ. اُعْطِيْ. نُعْطِيْ : صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يُعْطِوُ. تُعْطِوُ. اُعْطِوُ. نُعْطِوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطِيَانِ. تُعْطِيَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يُعْطِوَانِ. تُعْطِوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطِيْنَ. تُعْطِيْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يُعْطِوْنَ. تُعْطِوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يُعْطُوْنَ. تُعْطُوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يُعْطِوُوْنَ. تُعْطِوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يُعْطِيُوْنَ. تُعْطِيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو يُعْطُوْوْنَ. تُعْطُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُعْطِيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُعْطِوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تُعْطِيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو تُعْطِيْيْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء

گرادی تو تُعْطِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُعْطٰی. تُعْطٰی. اُعْطٰی. نُعْطٰی :صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُعْطَوُ. تُعْطَوُ. اُعْطَوُ. نُعْطَوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُعْطَیُ. تُعْطَیُ. اُعْطَیُ. نُعْطَیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُعْطَیَانِ. تُعْطَیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُعْطَوَانِ. تُعْطَوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُعْطَیْنَ. تُعْطَیْنَ : صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُعْطَوْنَ. تُعْطَوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُعْطَوْنَ. تُعْطَوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُعْطَوُوْنَ. تُعْطَوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا یُعْطَیُوْنَ تُعْطَیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُعْطَیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُعْطَوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واو کو یاء سے تبدیل کیا تو تُعْطَیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُعْطَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُعْطِ. لَمْ تُعْطِ. لَمْ اُعْطِ. لَمْ نُعْطِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُعْطَ. لَمْ تُعْطَ. لَمْ اُعْطَ. لَمْ نُعْطَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُعْطِيَا. لَمْ يُعْطُوْا. لَمْ تُعْطِيَا. لَمْ تُعْطُوْا. لَمْ تُعْطِيْ. لَمْ تُعْطِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُعْطَيَا. لَمْ يُعْطَوْا. لَمْ تُعْطَيَا. لَمْ تُعْطَوْا. لَمْ تُعْطَيْ. لَمْ تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُعْطِيْنَ. لَمْ تُعْطِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُعْطَيْنَ. لَمْ تُعْطَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّعْطِيَ. لَنْ تُعْطِيَ. لَنْ أُعْطِيَ. لَنْ نُّعْطِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّعْطٰى. لَنْ تُعْطٰى. لَنْ أُعْطٰى. لَنْ نُّعْطٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّعْطِيَا. لَنْ يُّعْطُوْا. لَنْ تُعْطِيَا. لَنْ تُعْطُوْا. لَنْ تُعْطِيْ. لَنْ تُعْطِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّعْطَيَا. لَنْ يُّعْطَوْا. لَنْ تُعْطَيَا. لَنْ تُعْطَوْا. لَنْ تُعْطَيْ. لَنْ تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّعْطِيْنَ. لَنْ تُعْطِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّعْطَيْنَ. لَنْ تُعْطَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) میں یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُعْطِيَنَّ. لَتُعْطِيَنَّ. لَأُعْطِيَنَّ. لَنُعْطِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُعْطِيَنْ. لَتُعْطِيَنْ. لَأُعْطِيَنْ. لَنُعْطِيَنْ.

فعل مضارع مجہول کے مذکورہ پانچ صیغوں میں جس یاء کو الف سے تبدیل کر دیا گیا تھا۔ نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُعْطَيَنَّ . لَتُعْطَيَنَّ. لَأُعْطَيَنَّ. لَنُعْطَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُعْطَيَنْ . لَتُعْطَيَنْ. لَأُعْطَيَنْ. لَنُعْطَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَيُعْطُنَّ. لَتُعْطُنَّ . لَيُعْطُنْ. لَتُعْطُنْ.

مجہول کے ان دو صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں: لَيُعْطَوُنَّ. لَتُعْطَوُنَّ. لَيُعْطَوُنْ. لَتُعْطَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَتُعْطِنَّ. لَتُعْطِنْ۔ مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُعْطَيِنَّ. لَتُعْطَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُعْطِيَانِّ. لَتُعْطِيَانِّ. لَيُعْطِيْنَانِّ. لَتُعْطِيَانِّ. لَتُعْطِيْنَانِّ اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُعْطَيَانِّ. لَتُعْطَيَانِّ. لَيُعْطَيْنَانِّ. لَتُعْطَيَانِّ. لَتُعْطَيْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اَعْطِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِيْ جو اصل میں تُئَعْطِيُ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو اَعْطِ بن گیا۔

اَعْطِيَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِيَانِ جو اصل میں تُئَعْطِيَانِ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَعْطِيَا بن گیا۔

اَعْطُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطُوْنَ جو اصل میں تُئَعْطُوْنَ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَعْطُوْا بن گیا۔

اَعْطِيْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِیْنَ جو اصل میں تُتَعْطِیْنَ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَعْطِیْ بن گیا۔

اَعْطِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُعْطِیْنَ جو اصل میں تُتَعْطِیْنَ تھا۔ اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہا تو اَعْطِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُعْطٰی سے لِتُعْطَ. چار صیغوں (تثنیہ، جمع مذکر، واحد، تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُعْطَیَا. لِتُعْطَوْا. لِتُعْطَیْ. لِتُعْطَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُعْطَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُعْطِ. لِتُعْطِ. لِاُعْطِ. لِنُعْطِ.

اور مجہول میں: لِیُعْطَ. لِتُعْطَ. لِاُعْطَ. لِنُعْطَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر غائب و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُعْطِیَا. لِیُعْطُوْا. لِتُعْطِیَا.

اور مجہول میں: لِیُعْطَیَا. لِیُعْطَوْا. لِتُعْطَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُعْطِیْنَ. لِتُعْطِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُعْطَیْنَ. لِتُعْطَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف: لَا تُعْطِ. اور مجہول میں: لَا تُعْطَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُعْطِيَا. لَا تُعْطُوْا. لَا تُعْطِيْ. لَا تُعْطِيَا. اور مجہول میں لَا تُعْطَيَا. لَا تُعْطَوْا. لَا تُعْطَيْ. لَا تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُعْطِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُعْطَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُعْطِ. لَا تُعْطِ. لَا أُعْطِ. لَا نُعْطِ.

اور مجہول میں: لَا يُعْطَ. لَا تُعْطَ. لَا أُعْطَ. لَا نُعْطَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُعْطِيَا. لَا يُعْطُوْا. لَا تُعْطِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُعْطَيَا. لَا يُعْطَوْا. لَا تُعْطَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُعْطِيْنَ اور مجہول میں: لَا يُعْطَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُعْطًى: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُعْطَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُعْطًى بن گیا۔

مُعْطَيَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مُعْطَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیَانِ بن گیا۔

مُعْطَیَاتٌ : صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُعْطَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُعْطٍ : صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُعْطِوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُعْطٍ بن گیا۔

مُعْطِیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُعْطِوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطِیَانِ بن گیا۔

مُعْطُوْنَ : صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُعْطِوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطِیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُعْطُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُعْطُوْنَ بن گیا۔

مُعْطِیَةٌ. مُعْطِیَتَانِ. مُعْطِیَاتٌ : صیغہائے واحد و تثنیہ وجمع مؤنث اسم فاعل۔

اصل میں مُعْطِوَةٌ. مُعْطِوَتَانِ. مُعْطِوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُعْطًی : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُعْطًی بن گیا۔

مُعْطَیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیَانِ بن گیا۔

مُعْطَوْنَ : صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل

کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُعْطَوْنَ بن گیا۔

مُعْطَاةٌ. مُعْطَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوَةٌ. مُعْطَوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَيَةٌ. مُعْطَيَتَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مُعْطَيَاتٌ: صیغہ جمع مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُعْطَوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُعْطَيَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بر باعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفۡعِیۡلٌ
جیسے: اَلتَّسۡمِیَۃُ (نام رکھنا)

اَلتَّسۡمِیَۃُ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفۡعِیۡلٌ۔

اصل میں اَلتَّسۡمِوَۃُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو اَلتَّسۡمِیَۃُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

سَمّٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی معروف ناقص واوی از باب تفعیل۔

اصل میں سَمَّوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو سَمّٰی بن گیا۔

سَمَّیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَا بن گیا۔

سَمَّوۡا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوُوۡا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو سَمَّیُوۡا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرادیا تو سَمَّوۡا بن گیا۔

سَمَّتۡ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوَتۡ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَتۡ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو سَمَّتۡ بن گیا۔

سَمَّتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو سَمَّیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو سَمَّتَا بن گیا۔

سَمَّیۡنَ. سَمَّیۡتَ. سَمَّیۡتُمَا. سَمَّیۡتُمۡ. سَمَّیۡتِ. سَمَّیۡتُمَا. سَمَّیۡتُنَّ. سَمَّیۡتُ. سَمَّیۡنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب وواحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں سَمَّوۡنَ. سَمَّوۡتَ. سَمَّوۡتُمَا. سَمَّوۡتُمۡ. سَمَّوۡتِ. سَمَّوۡتُمَا. سَمَّوۡتُنَّ. سَمَّوۡتُ. سَمَّوۡنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

سُمِّیَ. سُمِّیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں سُمِّوَ. سُمِّوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو سُمِّیَ. سُمِّیَا بن گئے۔

سُمُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں سُمِّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو سُمِّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو سُمُّوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو سُمُّوْا بن گیا۔

سُمِّیَتْ. سُمِّیَتَا. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں سُمِّوَتْ. سُمِّوَتَا. معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

سُمِّیْنَ. سُمِّیْتَ. سُمِّیْتُمَا. سُمِّیْتُمْ. سُمِّیْتِ. سُمِّیْتُمَا. سُمِّیْتُنَّ. سُمِّیْتُ. سُمِّیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب و واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم فعل ماضی مجہول۔

اصل میں سُمِّوْنَ. سُمِّوْتَ. سُمِّوْتُمَا. سُمِّوْتُمْ. سُمِّوْتِ. سُمِّوْتُمَا. سُمِّوْتُنَّ. سُمِّوْتُ. سُمِّوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یُسَمِّیْ. تُسَمِّیْ. اُسَمِّیْ. نُسَمِّیْ: صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یُسَمِّوُ. تُسَمِّوُ. اُسَمِّوُ. نُسَمِّوُ تھے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمِّیَانِ. تُسَمِّیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یُسَمِّوَانِ. تُسَمِّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمِّیْنَ. تُسَمِّیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یُسَمِّوْنَ. تُسَمِّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمُّوْنَ. تُسَمُّوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَمِّوُوْنَ. تُسَمِّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُسَمِّیُوْنَ. تُسَمِّیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واوٴ سے تبدیل کر دیا تو یُسَمُّوْوْنَ. تُسَمُّوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واوٴ گرادی تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُسَمِّیْنَ: صیغہ واحد موٴنث حاضر۔

اصل میں تُسَمِّوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُسَمِّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسَمّٰی. تُسَمّٰی. اُسَمّٰی. نُسَمّٰی : صیغہائے واحد مذکر وموٴنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسَمَّوُ. تُسَمَّوُ. اُسَمَّوُ. نُسَمَّوُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُسَمَّیُ. تُسَمَّیُ. اُسَمَّیُ. نُسَمَّیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمَّیَانِ. تُسَمَّیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر وموٴنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَمَّوَانِ. تُسَمَّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمَّیْنَ. تُسَمَّیْنَ : صیغہ جمع موٴنث غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَمَّوْنَ. تُسَمَّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یُسَمَّوْنَ. تُسَمَّوْنَ : صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسَمَّوُوْنَ. تُسَمَّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا تو یُسَمَّیُوْنَ. تُسَمَّیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرادیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُسَمَّیْنَ: صیغہ واحد موٴنث حاضر۔

اصل میں تُسَمَّوِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوٴ کو یاء سے تبدیل کیا تو تُسَمَّیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسَمَّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں صیغوں کے آخر سے الف گرجائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يُسَمِّ. لَمْ تُسَمِّ. لَمْ اُسَمِّ . لَمْ نُسَمِّ.

اور مجہول میں:لَمْ يُسَمَّ. لَمْ تُسَمَّ. لَمْ اُسَمَّ . لَمْ نُسَمَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يُسَمِّيَا. لَمْ يُسَمُّوْا. لَمْ تُسَمِّيَا. لَمْ تُسَمُّوْا. لَمْ تُسَمِّيْ. لَمْ تُسَمِّيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُسَمَّيَا. لَمْ يُسَمَّوْا. لَمْ تُسَمَّيَا. لَمْ تُسَمَّوْا. لَمْ تُسَمَّيْ. لَمْ تُسَمَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يُسَمِّيْنَ. لَمْ تُسَمِّيْنَ. اور مجہول میں:لَمْ يُسَمَّيْنَ. لَمْ تُسَمَّيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يُّسَمِّيَ. لَنْ تُسَمِّيَ. لَنْ اُسَمِّيَ. لَنْ نُّسَمِّيَ.

اور مجہول میں:لَنْ يُّسَمّٰى. لَنْ تُسَمّٰى. لَنْ اُسَمّٰى. لَنْ نُّسَمّٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مذکر غائب وحاضر اور ایک واحد مونث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يُّسَمِّيَا. لَنْ يُّسَمُّوْا. لَنْ تُسَمِّيَا. لَنْ تُسَمُّوْا. لَنْ تُسَمِّيْ. لَنْ تُسَمِّيَا.

اور مجہول میں:لَنْ يُّسَمَّيَا. لَنْ يُّسَمَّوْا. لَنْ تُسَمَّيَا. لَنْ تُسَمَّوْا. لَنْ تُسَمَّيْ. لَنْ تُسَمَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يُّسَمِّيْنَ. لَنْ تُسَمِّيْنَ. اور مجہول میں:لَنْ يُّسَمَّيْنَ. لَنْ تُسَمَّيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُسَمِّيَنَّ. لَتُسَمِّيَنَّ. لَأُسَمِّيَنَّ. لَنُسَمِّيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيُسَمِّيَنْ. لَتُسَمِّيَنْ. لَأُسَمِّيَنْ. لَنُسَمِّيَنْ.

فعل مضارع مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جس یاء کو الف سے تبدیل کردیا گیا تھا۔ نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسَمَّيَنَّ. لَتُسَمَّيَنَّ. لَأُسَمَّيَنَّ. لَنُسَمَّيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسَمَّيَنْ. لَتُسَمَّيَنْ. لَأُسَمَّيَنْ. لَنُسَمَّيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں: لَيُسَمُّنَّ. لَتُسَمُّنَّ. لَيُسَمُّنْ. لَتُسَمُّنْ.

مجہول کے ان دو صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسَمَّوُنَّ. لَتُسَمَّوُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسَمَّوُنْ. لَتُسَمَّوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے۔ تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف میں لَتُسَمِّنَّ. لَتُسَمِّنْ. مجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول میں لَتُسَمَّيِنَّ. لَتُسَمَّيِنْ. معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيُسَمِّيَانِّ. لَتُسَمِّيَانِّ. لَيُسَمِّيْنَانِّ. لَتُسَمِّيَانِّ. لَتُسَمِّيْنَانِّ اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُسَمَّيَانِّ. لَتُسَمَّيَانِّ. لَيُسَمَّيْنَانِّ. لَتُسَمَّيَانِّ. لَتُسَمَّيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

سَمِّ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّيْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے حرف علت گرادیا تو سَمِّ بن گیا۔

سَمِّیَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو سَمِّیَا بن گیا۔

سَمُّوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو سَمُّوْا بن گیا۔

سَمِّیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو سَمِّیْ بن گیا۔

سَمِّیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُسَمِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرا دی بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہا تو سَمِّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسَمّٰی سے لِتُسَمَّ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسَمَّیَا. لِتُسَمَّوْا. لِتُسَمَّیْ. لِتُسَمَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسَمَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُسَمِّ. لِتُسَمِّ. لِأُسَمِّ. لِنُسَمِّ.

اور مجہول میں: لِیُسَمَّ. لِتُسَمَّ. لِأُسَمَّ. لِنُسَمَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُسَمِّیَا. لِیُسَمُّوْا. لِتُسَمِّیَا.

اور مجہول میں: لِیُسَمَّیَا. لِیُسَمَّوْا. لِتُسَمَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُسَمِّیْنَ. اور مجہول میں: لِیُسَمَّیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُسَمِّ. اور مجہول میں: لَا تُسَمَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد، وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُسَمِّیَا. لَا تُسَمُّوْا. لَا تُسَمِّیْ. لَا تُسَمِّیَا. اور مجہول میں لَا تُسَمَّیَا. لَا تُسَمَّوْا. لَا تُسَمَّیْ. لَا تُسَمَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُسَمِّیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسَمَّیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُسَمِّ. لَا تُسَمِّ. لَا أُسَمِّ. لَا نُسَمِّ.

اور مجہول میں: لَا یُسَمَّ. لَا تُسَمَّ. لَا أُسَمَّ. لَا نُسَمَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُسَمِّیَا. لَا یُسَمُّوْا. لَا تُسَمِّیَا.

اور مجہول میں: لَا یُسَمَّیَا. لَا یُسَمَّوْا. لَا تُسَمَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُسَمِّيْنَ ۔ اور مجہول میں: لَا يُسَمَّيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسَمًّى: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسَمَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسَمَّيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسَمًّى بن گیا۔

مُسَمَّيَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف۔

اصل میں مُسَمَّوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسَمَّيَانِ بن گیا۔

مُسَمَّيَاتٌ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مُسَمَّوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسَمَّيَاتٌ بن گیا۔

بحث اسم فاعل

مُسَمٍّ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسَمِّيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُسَمٍّ بن گیا۔

مُسَمِّيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسَمِّيَانِ بن گیا۔

مُسَمُّوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُسَمِّيُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُسَمُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُسَمُّوْنَ بن گیا۔

مُسَمِّيَةٌ. مُسَمِّيَتَانِ. مُسَمِّيَاتٌ: صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسَمِّوَةٌ. مُسَمِّوَتَانِ. مُسَمِّوَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُسَمًّی : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسَمًّی بن گیا۔

مُسَمَّیَانِ : صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَانِ بن گیا۔

مُسَمَّوْنَ : صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسَمَّوْنَ بن گیا۔

مُسَمَّاۃٌ. مُسَمَّاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل مُسَمَّوَۃٌ. مُسَمَّوَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَۃٌ. مُسَمَّیَتَانِ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مُسَمَّیَاتٌ : صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسَمَّوَاتٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُسَمَّیَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفَعُّلٌ جیسے: اَلتَّعَدِّیْ (زیادتی کرنا)

تَعَدِّی: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب تَفَعُّلٌ۔

اصل میں تَعَدُّوٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق واؤ کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو تَعَدِّوٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو تَعَدِّیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے اگر تنوین کو گرائیں گے تو تَعَدِّیْ بن جائے گا۔ اگر یاء کو گرائیں گے تو تَعَدٍّ بن جائے گا۔

نوٹ: صرف صغیر میں تَعَدِّیًا پڑھا جائے گا کیونکہ اسم منقوص ہونے کی وجہ سے اس کی حالت نصبی فتحہ لفظی کے ساتھ آئے گی۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَعَدّٰی : صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل ناقص واوی از باب

تفعل۔

اصل میں تَعَدَّوَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو تَعَدّٰی بن گیا۔

تَعَدَّیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَا بن گیا۔

تَعَدَّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کیوجہ سے الف گرا دیا تو تَعَدَّوْا بن گیا۔

تَعَدَّتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوَتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَتْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَعَدَّتْ بن گیا۔

تَعَدَّتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تَعَدَّیَتَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَعَدَّتَا بن گیا۔

تَعَدَّیْنَ. تَعَدَّیْتَ. تَعَدَّیْتُمَا. تَعَدَّیْتُمْ. تَعَدَّیْتِ. تَعَدَّیْتُمَا. تَعَدَّیْتُنَّ. تَعَدَّیْتُ. تَعَدَّیْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث حاضر، واحد وجمع متکلم فعل ماضی معروف۔

اصل میں تَعَدَّوْنَ. تَعَدَّوْتَ. تَعَدَّوْتُمَا. تَعَدَّوْتُمْ. تَعَدَّوْتِ. تَعَدَّوْتُمَا. تَعَدَّوْتُنَّ. تَعَدَّوْتُ. تَعَدَّوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُعُدِّیَ. تُعُدِّیَا: صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُعُدِّوَ. تُعُدِّوَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تُعُدِّیَ. تُعُدِّیَا بن گئے۔

تُعُدُّوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُعُدِّوُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یا سے تبدیل کر دیا تو تُعُدِّیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے

قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو تَعُدُّوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو تُعُدُّوْا بن گیا۔

تُعُدِّيَتْ . تُعُدِّيَتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تُعُدِّوَتْ. تُعُدِّوَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تُعُدِّيْنَ. تُعُدِّيْتَ. تُعُدِّيْتُمَا. تُعُدِّيْتُمْ. تُعُدِّيْتِ. تُعُدِّيْتُمَا. تُعُدِّيْتُنَّ. تُعُدِّيْتُ. تُعُدِّيْنَا: صیغہائے جمع مؤنث غائب و واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر و واحد و جمع متکلم فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُعُدِّوْنَ. تُعُدِّوْتَ. تُعُدِّوْتُمَا. تُعُدِّوْتُمْ. تُعُدِّوْتِ. تُعُدِّوْتُمَا. تُعُدِّوْتُنَّ. تُعُدِّوْتُ. تُعُدِّوْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَعَدّٰى. تَتَعَدّٰى. اَتَعَدّٰى. نَتَعَدّٰى: صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَتَعَدَّوُ . تَتَعَدَّوُ. اَتَعَدَّوُ. نَتَعَدَّوُ تھے معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَتَعَدَّيَانِ. تَتَعَدَّيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يَتَعَدَّوَانِ. تَتَعَدَّوَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَتَعَدَّيْنَ. تَتَعَدَّيْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں يَتَعَدَّوْنَ. تَتَعَدَّوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

يَتَعَدَّوْنَ. تَتَعَدَّوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَتَعَدَّوُوْنَ. تَتَعَدَّوُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو يَتَعَدَّيُوْنَ. تَتَعَدَّيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

تَتَعَدَّيْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَعَدَّوِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 20 کے مطابق واوء کو یاء سے تبدیل کیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَتَعَدَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتَعَدّٰی. تُتَعَدّٰی. اُتَعَدّٰی. نُتَعَدّٰی : صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب واحد مذکر حاضر وواحد وجمع متکلم۔

یَنْسَوْنَ. تَنْسَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَنْسَیُوْنَ. تَنْسَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

یَنْسَیْنَ . تَنْسَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں اپنی اصل پر ہیں۔

تَنْسَیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر

اصل میں تَنْسَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَنْسَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُنْسٰی بِہٖ: صیغہ واحد مذکر غائب فعل مضارع مثبت مجہول۔

اصل میں یُنْسَیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُنْسٰی بِہٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یُنْسَ. لَمْ تُنْسَ. لَمْ اُنْسَ. لَمْ نُنْسَ.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر کے، ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یُنْسَیَا. لَمْ یُنْسَوْا. لَمْ تُنْسَیَا. لَمْ تُنْسَوْا. لَمْ تُنْسَیْ. لَمْ تُنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یُنْسَیْنَ. لَمْ تُنْسَیْنَ.

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے لَمْ یُنْسَ بِہٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب ہوگا۔

جیسے: لَنْ یَّنْسٰی. لَنْ تَنْسٰی. لَنْ اَنْسٰی. لَنْ نَّنْسٰی.

سات صیغوں (چار تثنیہ کے، دو جمع مذکر غائب و حاضر کے ایک واحد مذکر حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَنْ یَّنْسَیَا. لَنْ یَّنْسَوْا. لَنْ تَنْسَیَا. لَنْ تَنْسَوْا. لَنْ تَنْسَیْ. لَنْ تَنْسَیَا.

صیغہ جمع مونث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہیں گے۔ جیسے: لَنْ یَّنْسَیْنَ. لَنْ تَنْسَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف کی وجہ سے تقدیری نصب ہوگا۔ جیسے: لَنْ یُّنْسٰی بِہٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔

فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) میں یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَنْسَیَنَّ. لَتَنْسَیَنَّ. لَاَنْسَیَنَّ. لَنَنْسَیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَنْسَیَنْ. لَتَنْسَیَنْ. لَاَنْسَیَنْ. لَنَنْسَیَنْ.

جمع مذکر غائب وحاضر کے صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَنْسَوُنَّ. لَتَنْسَوُنَّ . اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَنْسَوُنْ . لَتَنْسَوُنْ .

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق یاء کو کسرہ دیں گے جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَتَـنْسَیِنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَتَنْسَیِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَنْسَیَانِّ. لَتَنْسَیَانِّ. لَیَنْسَیْنَانِّ. لَتَنْسَیَانِّ. لَتَنْسَیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ جو یاء فعل مضارع مجہول میں معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُنْسَیَنَّ بِهٖ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَیُنْسَیَنْ بِهٖ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِنْسَ :۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِنْسَ بن گیا۔

اِنْسَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـنْسَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْسَیَا بن گیا۔

اِنْسَوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـنْسَـوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِنْسَوْا بن گیا۔

اِنْسَیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَـنْسَیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔

عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرا دیا تو اِنْسَیْ بن گیا۔

اِنْسَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَنْسَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِنْسَیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُنْسٰی بِکَ سے لِتُنْسَ بِکَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لِیَنْسَ. لِتَنْسَ. لِاَنْسَ لِنَنْسَ.

تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِیَنْسَیَا. لِیَنْسَوْا. لِتَنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے :لِیَنْسَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: یُنْسٰی بِہٖ. سے لِیُنْسَ بِہٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو بحث فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: لَا تَنْسَ.

چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے میں: لَا تَنْسَیَا. لَا تَنْسَوْا. لَا تَنْسَیْ. لَا تَنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَنْسَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُنْسٰی بِکَ سے لَا تُنْسَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَا یَنْسَ. لَا تَنْسَ . لَا اَنْسَ. لَا نَنْسَ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَا یَنْسَیَا. لَا یَنْسَوْا. لَا تَنْسَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا یَنْسَیْنَ .

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: یُنْسٰی بِهٖ سے لَا یُنْسَ بِهٖ.

بحث اسم ظرف

مَنْسًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَنْسَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مَنْسًی بن گیا۔

مَنْسَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَنَاسٍ :۔ صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَنَاسِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء کو گرادیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَنَاسٍ بن گیا۔

مُنَیْسٍ :۔ صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُنَیْسِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُنَیْسٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِنْسًى :۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِنْسَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِنْسًى بن گیا۔

مِنْسَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مَنَاسٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَنَاسِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ تنوین لوٹ آئی تو مَنَاسٍ بن گیا۔

مُنَيْسٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُنَيْسِيٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُنَيْسٍ بن گیا۔

مِنْسَاةٌ :۔صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِنْسَيَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مِنْسَاةٌ بن گیا۔

مِنْسَاتَانِ :۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِنْسَيَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مِنْسَاتَانِ بن گیا۔

مَنَاسٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَنَاسِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَنَاسٍ بن گیا۔

مُنَيْسِيَةٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

مِنْسَاءٌ ، مِنْسَاءَانِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِنْسَايٌ اور مِنْسَايَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِنْسَاءٌ اور مِنْسَاءَانِ بن گئے۔

مَنَاسِيُّ :۔صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَنَاسِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَنَاسِیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَنَاسِیُّ بن گیا۔

مُنَیْسِیٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُنَیْسِایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُنَیْسِیْیٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُنَیْسِیٌّ بن گیا۔

مُنَیْسِیَّةٌ :۔ صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُنَیْسِایَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُنَیْسِیْیَةٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُنَیْسِیَّةٌ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَنْسٰی :۔ صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَنْسَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو اَنْسٰی بن گیا۔

اَنْسَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَنْسَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَنْسَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَنْسَوْنَ بن گیا۔

اَنَاسٍ :۔ صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں میں اَنَاسِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَنَاسٍ بن گیا۔

اُنَیْسٍ :۔ صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُنَیْسِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُنَیْسٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

نُسْیٰی . نُسْیَیَانِ . نُسْیَیَاتٌ ۔ صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل مؤنث۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

نُسّی:۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں نُسَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیاتو نُسّی بن گیا۔

نُسَیٌّ :۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں نُسَیْیٌ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیاتونُسَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَاأَنْسَاہُ:صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَاأَنْسَیَہُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کوالف سے تبدیل کریاتومَاأَنْسَاہُ بن گیا۔

أَنْسِ بِہٖ:۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں أَنْسِیْ بِــہٖ تھا۔امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ فعل ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرادیاتو أَنْسِ بِہٖ بن گیا۔

نَسُوَ اور نَسُوَتْ:۔صیغہ واحد مذکر ومؤنث فعل تعجب۔

اصل میں نَسُیَ اور نَسُیَتْ تھے۔معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کوواؤ سے تبدیل کردیاتو نَسُوَ اور نَسُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

نَاسٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں نَــاسِیٌ تھا۔یاء پرضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تونَــاسٍ بن گیا۔

نَاسِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

نَاسُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں نَاسِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کوساکن کرکے یاء کاضمہ اسے دیاتو نَاسْیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کوواؤ سے تبدیل کردیاتونَاسُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تونَاسُوْنَ بن گیا۔

نُسَاۃٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نَسَیَۃٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا تو نَسَاۃٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاءکلمہ کو ضمہ دیا تو نُسَاۃٌ بن گیا۔

نُسَّاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسَّایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو نُسَّاءٌ بن گیا۔

نُسًّی:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو نُسًّی بن گیا۔

نُسَیٌّ . نُسَیَاءُ . نُسْیَانٌ۔صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

نِسَاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نِسَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو نِسَاءٌ بن گیا۔

نُسِیٌّ یا نِسِیٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسُوْیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو نُسُیٌّ بن گیا۔پھر اسی قانون کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو نُسِیٌّ بن گیا۔عین کلمہ کی مناسبت سے فاءکلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے جیسے نِسِیٌّ .

نُوَیْسٍ:صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں نُوَیْسِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو نُوَیْسٍ بن گیا۔

نَاسِیَۃٌ ، نَاسِیَتَانِ ، نَاسِیَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

نَوَاسٍ :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نَوَاسِیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین

لوٹ آئی تونَوَاسٍ بن گیا۔

نُسًّی :۔صیغہ جمع مونث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں نُسَّــیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تونُسًّی بن گیا۔

نُوَیْسِیَۃٌ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

مَنْسِیٌّ بِہٖ :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مَنْسُوْیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تومَـنْسُـیٌّ بن گیا پھر اسی قانون کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا تومَنْسِیٌّ بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد ناقص یائی از باب فَتَحَ. یَفْتَحُ جیسے اَلرَّعْیُ (مویشی چرانا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

رَعٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب فَتَحَ یَفْتَحُ.

اصل میں رَعَیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کوالف سے تبدیل کردیا تورَعٰی بن گیا۔

رَعَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اپنی اصل پر ہے۔

رَعَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں رَعَیُــوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنَین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تورَعَوْا بن گیا۔

رَعَتْ:۔صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں رَعَیَتْ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تورَعَتْ بن گیا۔

رَعَتَا :۔صیغہ تثنیہ مؤنث غائب فعل ماضی مثبت معروف۔

اصل میں رَعَیَتَا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کردیا تورَعَاتَابن گیا۔پھر اجتماع ساکنین

علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رَعَتَا بن گیا۔

رَعَيْنَ. رَعَيْتَ. رَعَيْتُمَا. رَعَيْتُمْ. رَعَيْتِ. رَعَيْتُمَا. رَعَيْتُنَّ. رَعَيْتُ. رَعَيْنَا.

(صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک) تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

رُعِيَ. رُعِيَا. صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رُعُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں رُعِيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو رُعْيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو رُعْوُوْا ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو رُعُوْا بن گیا۔

رُعِيَتْ. رُعِيَتَا. رُعِيْنَ. رُعِيْتَ. رُعِيْتُمَا. رُعِيْتُمْ. رُعِيْتِ. رُعِيْتُمَا. رُعِيْتُنَّ. رُعِيْتُ. رُعِيْنَا.

صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف و مجہول

معروف و مجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث، غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء کو معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق الف سے تبدیل کر دیں گے۔ جیسے معروف میں: يَرْعَيُ. تَرْعَيُ. اَرْعَيُ. نَرْعَيُ. سے يَرْعٰي. تَرْعٰي. اَرْعٰي. نَرْعٰي. اور مجہول میں: يُرْعَيُ. تُرْعَيُ. اُرْعَيُ. نُرْعَيُ. سے يُرْعٰي. تُرْعٰي. اُرْعٰي. نُرْعٰي.

يَرْعَيَان. تَرْعَيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر معروف و مجہول۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَرْعَوْنَ ، تَرْعَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر معروف۔

اصل يَرْعَيُوْنَ ، تَرْعَيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يَرْعَوْنَ . تَرْعَوْنَ بن گئے۔

يُرْعَوْنَ ، تُرْعَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر مجہول۔

اصل يُرْعَيُوْنَ ، تُرْعَيُوْنَ تھے معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُرْعَوْنَ . تُرْعَوْنَ بن گئے۔

یَرْعَیْنَ. تَرْعَیْنَ .یُرْعَیْنَ. تُرْعَیْنَ: صیغہائے جمع مؤنث غائب وحاضر معروف ومجہول۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَرْعَیْنَ. تُرْعَیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف ومجہول۔

اصل میں تَرْعَیِیْنَ. اور تُرْعَیِیْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَرْعَیْنَ. اور تُرْعَیْنَ بن گئے۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَرْعَ. لَمْ تَرْعَ. لَمْ اَرْعَ. لَمْ نَرْعَ.

اور مجہول میں: لَمْ یُرْعَ. لَمْ تُرْعَ. لَمْ اُرْعَ. لَمْ نُرْعَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَرْعَیَا. لَمْ یَرْعَوْا. لَمْ تَرْعَیَا. لَمْ. تَرْعَوْا. لَمْ تَرْعَیْ . لَمْ تَرْعَیَا .

اور مجہول میں: لَمْ یُرْعَیَا. لَمْ یُرْعَوْا. لَمْ تُرْعَیَا. لَمْ تُرْعَوْا. لَمْ تُرْعَیْ . لَمْ تُرْعَیَا .

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَرْعَیْنَ. لَمْ تَرْعَیْنَ اور مجہول میں: لَمْ یُرْعَیْنَ. لَمْ تُرْعَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّرْعٰی. لَنْ تَرْعٰی. لَنْ اَرْعٰی. لَنْ نَّرْعٰی.

اور مجہول میں: لَنْ یُّرْعٰی. لَنْ تُرْعٰی. لَنْ اُرْعٰی. لَنْ نُّرْعٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں (چار تثنیہ کے' دو جمع مذکر غائب وحاضر ایک واحد مؤنث حاضر کا) کے آخر سے نون اعرابی

گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لَنْ یَّرْعَیَا. لَنْ یَّرْعَوْا. لَنْ تَرْعَیَا. لَنْ تَرْعَوْا. لَنْ تَرْعَیْ . لَنْ تَرْعَیَا .

اور مجہول میں :لَنْ یُّرْعَیَا. لَنْ یُّرْعَوْا. لَنْ تُرْعَیَا. لَنْ تَرْعَوْا. لَنْ تُرْعَیْ . لَنْ تُرْعَیَا .

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّرْعَیْنَ. لَنْ تَرْعَیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُّرْعَیْنَ. لَنْ تُرْعَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَرْعَیَنَّ. لَتَرْعَیَنَّ. لَاَرْعَیَنَّ. لَنَرْعَیَنَّ.

اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُرْعَیَنَّ. لَتُرْعَیَنَّ. لَاُرْعَیَنَّ. لَنُرْعَیَنَّ.

جیسے نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَرْعَیَنْ. لَتَرْعَیَنْ. لَاَرْعَیَنْ. لَنَرْعَیَنْ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُرْعَیَنْ. لَتُرْعَیَنْ. لَاُرْعَیَنْ. لَنُرْعَیَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیَرْعَوُنَّ. لَتَرْعَوُنَّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں:لَیُرْعَوُنَّ. لَتُرْعَوُنَّ. جیسے نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَرْعَوُنْ. لَتَرْعَوُنْ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں:لَیُرْعَوُنْ. لَتُرْعَوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے:نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَرْعَیِنَّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں:لَتُرْعَیِنَّ. جیسے نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَرْعَیِنْ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں:لَتُرْعَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے اور دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیَرْعَیَانِّ. لَتَرْعَیَانِّ. لَیَرْعَیْنَانِّ. لَتَرْعَیَانِّ. لَتَرْعَیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُرْعَیَانِّ. لَتُرْعَیَانِّ. لَیُرْعَیْنَانِّ. لَتُرْعَیَانِّ. لَتُرْعَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِدْعَ:۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعُو سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِدْعَ بن گیا۔

اِدْعَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعَیَا بن گیا۔

اِدْعَوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعَوْا بن گیا۔

اِدْعَیْ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِدْعَیْ بن گیا۔

اِدْعَیْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَدْعَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِدْعَیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُدْعٰی سے لِتُدْعَ اور چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُدْعَیَا۔ لِتُدْعَوْا۔ لِتُدْعَیْ۔ لِتُدْعَیَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُدْعَیْنَ۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کے آخر سے الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَرْعَ. لِتَرْعَ. لِأَرْعَ. لِنَرْعَ.

اور مجہول میں: لِيُرْعَ. لِتُرْعَ. لِأُرْعَ. لِنُرْعَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَرْعَيَا. لِيَرْعَوْا. لِتَرْعَيَا.

اور مجہول میں: لِيُرْعَيَا. لِيُرْعَوْا. لِتُرْعَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَرْعَيْنَ. اور مجہول میں: لِيُرْعَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَرْعَ. اور مجہول میں: لَا تُرْعَ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر حاضر و واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَرْعَيَا. لَا تَرْعَوْا. لَا تَرْعَيْ. لَا تَرْعَيَا. اور مجہول میں: لَا تُرْعَيَا. لَا تُرْعَوْا. لَا تُرْعَيْ. لَا تُرْعَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَرْعَيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُرْعَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَرْعَ. لَا تَرْعَ. لَا أَرْعَ. لَا نَرْعَ.

اور مجہول میں: لَا يُرْعَ. لَا تُرْعَ. لَا أُرْعَ. لَا نُرْعَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نونِ اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَرْعَیَا. لاَ یَرْعَوْا. لاَ تَرْعَیَا.

اور مجہول میں: لاَ یُرْعَیَا. لاَ یُرْعَوْا. لاَ تُرْعَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَرْعَیْنَ اور مجہول میں: لاَ یُرْعَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مَرْعًی: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَـرْعَـیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَرْعًی بن گیا۔

مَرْعَیَانِ: ۔صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَرَاعٍ: ۔صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَرَاعِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاعٍ بن گیا۔

مُرَیْعٍ: ۔صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُـرَیْـعِـیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مُرَیْعٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ

مِرْعًی: ۔صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِـرْعَـیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مِرْعًی بن گیا۔

مِرْعَیَانِ: ۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مَرَاعٍ: ۔صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَـرَاعِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ تنوین لوٹ آئی تو مَرَاعٍ بن گیا۔

مُرَیْعٍ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ۔

اصل میں مُـرَیْعِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماعِ ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُرَیْعٍ بن گیا۔

مِرْعَاۃٌ :۔صیغہ واحد اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مِرْعَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مِرْعَاۃٌ بن گیا۔

مِرْعَاتَانِ:۔صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مِرْعَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کردیا تو مِرْعَاتَانِ بن گیا۔

مَرَاعٍ :۔صیغہ جمع اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مَـرَاعِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَرَاعٍ بن گیا۔

مُرَیْعِیَۃٌ:۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطی۔

اپنی اصل پر ہے۔

مِرْعَاءٌ ، مِرْعَاءَ انِ :۔صیغہ واحد و تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِـرْعَایٌ اور مِـرْعَـایَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء طرف میں الف زائدہ کے بعد واقع ہوئی اسے ہمزہ سے بدل دیا تو مِرْعَاءٌ اور مِرْعَاءَ انِ بن گئے۔

مَرَاعِیٌّ :۔صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَـرَاعِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مَـرَاعِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَرَاعِیٌّ بن گیا۔

مُرَیْعِیٌّ :صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُـرَیْعِایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مُرَیْعِیْیٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُرَیْعِیٌّ بن گیا۔

مُرَیْعِیَّۃٌ :۔صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُرَیْعِایَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کیا تو مُرَیْعِیْیَۃٌ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُرَیْعِیَّۃٌ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَرْعٰی :۔صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْعَیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اَرْعٰی بن گیا۔

اَرْعَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل۔

اپنی اصل پر ہے۔

اَرْعَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَرْعَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَرْعَوْنَ بن گیا۔

اَرَاعٍ :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل مذکر۔

اصل میں میں اَرَاعِیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَرَاعٍ بن گیا۔

اُرَیْعٍ :۔صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل مذکر۔

اصل میں اُرَیْعِیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُرَیْعٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

رُعْیٰ . رُعْیَیَانِ . رُعْیَیَاتٌ ۔صیغہائے واحد تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل مؤنث۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رُعًی :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں رُعَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو رُعًی بن گیا۔

رُعَیٌّ :۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل مؤنث۔

اصل میں رُعَیْیٰ تھا۔مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو رُعَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَاأَرْعَاهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَاأَرْعَيَهُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو مَاأَرْعَاهُ بن گیا۔

اَرْعِ بِهٖ: ۔صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَرْعِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگر چہ ماضی کے معنی میں ہے۔ آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَرْعِ بِهٖ بن گیا۔

رَعُوَ اور رَعُوَتْ: ۔صیغہ واحد مذکر و مؤنث فعل تعجب۔

یہ اصل میں رَعُيَ اور رَعُيَتْ تھے معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو رَعُوَ اور رَعُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

رَاعٍ : ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں رَاعِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو رَاعٍ بن گیا۔

رَاعِيَانِ : ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

رَاعُوْنَ : ۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں رَاعِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو رَاعُيْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو رَاعُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو رَاعُوْنَ بن گیا۔

رُعَاةٌ: ۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَعَيَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو رَعَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاکلمہ کو ضمہ دیا تو رُعَاةٌ بن گیا۔

رُعَّاءٌ: ۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعَّایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو رُعَّاءٌ بن گیا۔

رُعًّی :۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رُعًّی بن گیا۔

رِعْيٌ . رُعَيَاءُ . رُعْيَانٌ۔صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رِعَاءٌ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رِعَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو رِعَاءٌ بن گیا۔

رُعِيٌّ یا رِعِيٌّ:۔صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعُوْیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو رُعُيٌّ بن گیا۔
پھر اسی قانون کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو رُعِيٌّ بن گیا۔پھر عین کلمہ کی مناسبت سے فاء کلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے جیسے رِعِيٌّ .

رُوَيْعٍ :صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں رُوَیْعِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو رُوَيْعٍ بن گیا۔

رَاعِيَةٌ ، رَاعِيَتَانِ ، رَاعِيَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

رَوَاعٍ :۔صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رَوَاعِیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو رَوَاعٍ بن گیا۔

رُعًّی :۔صیغہ جمع مونث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں رُعَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو رُعًّی بن گیا۔

رُوَيْعِيَةٌ:۔صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم مفعول

مَرْعِيٌّ. مَّرْعِيَّانِ. مَرْعِيُّوْنَ. مَرْعِيَّةٌ. مَّرْعِيَّتَانِ. مَرْعِيَّاتٌ :صیغہائے واحد' تثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَرْعُوْيٌ. مَّرْعُوْيَانِ. مَرْعُوْيُوْنَ. مَرْعُوْيَةٌ. مَّرْعُوْيَتَانِ. مَرْعُوْيَاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 11 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مَرْعُيٌّ . مَّرْعُيَّانِ. مَرْعُيُّوْنَ. مَرْعُيَّةٌ. مَّرْعُيَّتَانِ. مَرْعُيَّاتٌ بن گئے۔ پھراسی قانون نمبر 14 کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَرَاعِيٌّ :۔صیغہ جمع مذکر ومونث اسم مفعول۔

اصل میں مَرَاعِوْيٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مَرَاعِيْيٌ بن گیا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو مَرَاعِيٌّ بن گیا۔

مُرَيْعِيٌّ اور مُرَيْعِيَّةٌ :۔صیغہ واحد مذکر ومونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُرَيْعِوْيٌ اور مُرَيْعِوْيَةٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کیا تو مُرَيْعِيْيٌ اور مُرَيْعِيْيَةٌ بن گئے۔پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُرَيْعِيٌّ اور مُرَيْعِيَّةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ
جیسے اَلاِجْتِبَاءُ (برگزیدہ ہونا)

اَلْاِجْتِبَاءُ: صیغہ اسم مصدر۔

اصل میں اَلْاِجْتِبَایُ تھا۔معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو اَلْاِجْتِبَاءُ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِجْتَبٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِجْتَبَیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کر دیا تو اِجْتَبٰی بن گیا۔

اِجْتَبَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اپنی اصل پر ہے۔

اِجْتَبَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِجْتَبَیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِجْتَبَوْا بن گیا۔

اِجْتَبَتْ. اِجْتَبَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِجْتَبَيَتْ. اِجْتَبَيَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِجْتَبَتْ. اِجْتَبَتَا بن گئے۔

اِجْتَبَيْنَ. اِجْتَبَيْتَ. اِجْتَبَيْتُمَا. اِجْتَبَيْتُمْ. اِجْتَبَيْتِ. اِجْتَبَيْتُمَا. اِجْتَبَيْتُنَّ. اِجْتَبَيْتُ. اِجْتَبَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُجْتُبِيَ بِهٖ:۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَجْتَبِيْ. تَجْتَبِيْ. اَجْتَبِيْ. نَجْتَبِيْ:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَجْتَبِيُ. تَجْتَبِيُ. اَجْتَبِيُ. نَجْتَبِيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يَجْتَبِيْ. تَجْتَبِيْ. اَجْتَبِيْ. نَجْتَبِيْ بن گئے۔

يَجْتَبِيَانِ. تَجْتَبِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَجْتَبُوْنَ. تَجْتَبُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَجْتَبِيُوْنَ. تَجْتَبِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَجْتَبْيُوْنَ، تَجْتَبْيُوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يَجْتَبُوْنَ. تَجْتَبُوْنَ بن گئے۔

يَجْتَبِيْنَ. تَجْتَبِيْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَجْتَبِيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَجْتَبِيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَجْتَبِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُجْتَبٰى بِهٖ : صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں يُجْتَبَىُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُجْتَبٰى بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے یاء گرجائے گی۔

جیسے: لَمْ يَجْتَبِ. لَمْ تَجْتَبِ. لَمْ اَجْتَبِ. لَمْ نَجْتَبِ.

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے: لَمْ يَجْتَبِيَا. لَمْ يَجْتَبُوْا. لَمْ تَجْتَبِيَا. لَمْ تَجْتَبُوْا. لَمْ تَجْتَبِىْ . لَمْ تَجْتَبِيَا .

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ يَجْتَبِيْنَ. لَمْ تَجْتَبِيْنَ .

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔ جیسے يُجْتَبٰى بِهٖ سے لَمْ يُجْتَبَ بِهٖ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصبہ لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہوگئی تھی اسے نصب دیں گے۔

جیسے: لَنْ يَّجْتَبِيَ. لَنْ تَجْتَبِيَ. لَنْ اَجْتَبِيَ. لَنْ نَّجْتَبِيَ.

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے: لَنْ يَّجْتَبِيَا. لَنْ يَّجْتَبُوْا. لَنْ تَجْتَبِيَا. لَنْ تَجْتَبُوْا. لَنْ تَجْتَبِىْ . لَنْ تَجْتَبِيَا .

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَنْ يَّجْتَبِيْنَ. لَنْ تَجْتَبِيْنَ .

بحث فعل مضارع نفی تاکید بلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے یُجْتَبٰی بِہٖ سے لَنْ یُّجْتَبٰی بِہٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔

فعل مضارع کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیَجْتَبِیَنَّ. لَتَجْتَبِیَنَّ. لَاَجْتَبِیَنَّ. لَنَجْتَبِیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ میں: لَیَجْتَبِیَنْ. لَتَجْتَبِیَنْ. لَاَجْتَبِیَنْ. لَنَجْتَبِیَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر کے صیغوں سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیَجْتَبُنَّ. لَتَجْتَبُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ میں: لَیَجْتَبُنْ. لَتَجْتَبُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَتَجْتَبِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ میں لَتَجْتَبِنْ.

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے: لَیَجْتَبِیَانِّ. لَتَجْتَبِیَانِّ. لَیَجْتَبِیْنَانِّ. لَتَجْتَبِیَانِّ. لَتَجْتَبِیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگادیں گے۔ فعل مضارع مجہول میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے جیسے نون تاکید ثقیلہ میں: لَیُجْتَبَیَنَّ بِہٖ . اور نون تاکید خفیفہ میں: لَیُجْتَبَیَنْ بِہٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِجْتَبِ:۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَجْتَبِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِجْتَبِ بن گیا۔

اِجْتَبِیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔
اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَجْتَبِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِجْتَبِیَا بن گیا۔

اِجْتَبُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔
اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَجْتَبُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِجْتَبُوْا بن گیا۔
اِجْتَبِیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔
اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَجْتَبِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِجْتَبِیْ بن گیا۔
اِجْتَبِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔
اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَجْتَبِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِجْتَبِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُجْتَبٰی بِکَ سے لِتُجْتَبَ بِکَ۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔
جیسے: لِیَجْتَبِ. لِتَجْتَبِ. لِاَجْتَبِ. لِنَجْتَبِ.
تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لِیَجْتَبِیَا. لِیَجْتَبُوْا. لِتَجْتَبِیَا.
صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لِیَجْتَبِیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: يُجْتَبٰى بِهٖ سے لِيُجْتَبَ بِهٖ.

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔ جیسے: لَا تَجْتَبِ.

چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے: لَا تَجْتَبِيَا. لَا تَجْتَبُوْا. لَا تَجْتَبِیْ. لَا تَجْتَبِيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا تَجْتَبِيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُجْتَبٰى بِکَ سے لَا تُجْتَبَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء گر جائے گی۔

جیسے لَا يَجْتَبِ. لَا تَجْتَبِ. لَا اَجْتَبِ. لَا نَجْتَبِ.

تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَا يَجْتَبِيَا. لَا يَجْتَبُوْا. لَا تَجْتَبِيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَا يَجْتَبِيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: يُجْتَبٰى بِهٖ سے لَا يُجْتَبَ بِهٖ.

بحث اسم ظرف

مُجْتَبٰی:۔صیغہ واحد مذکر اسم ظرف۔

اصل میں مُجْتَبَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُجْتَبًی بن گیا۔

مُجْتَبَیَانِ. مُجْتَبَیَاتٌ : صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُجْتَبِی :صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُجْتَبِیٌ تھا۔یاء پرضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُجْتَبِیْنٌ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُجْتَبٍ بن گیا۔

مُجْتَبِیَانِ:۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُجْتَبُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُجْتَبِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُجْتَبُیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا تو مُجْتَبُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو مُجْتَبُوْنَ بن گیا۔

مُجْتَبِیَةٌ. مُجْتَبِیَتَانِ. مُجْتَبِیَاتٌ:صیغہائے واحد وتثنیہ وجمع مونث سالم۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُجْتَبًی بِہٖ : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُجْتَبَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مُجْتَبَانٌ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُجْتَبًی بِہٖ بن گیا۔

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بر باعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلاِشْتِرَاءُ (خریدنا' بیچنا)

اِشْتِرَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق بر باعی باہمزہ وصل ناقص یائی از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِشْتِرَایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِشْتِرَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِشْتَرٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ناقص یائی از باب افتعال۔

اصل میں اِشْتَرَیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِشْتَرٰی بن گیا۔

اِشْتَرَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

اِشْتَرَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِشْتَرَیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِشْتَرَوْا بن گیا۔

اِشْتَرَتْ اِشْتَرَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِشْتَرَیَتْ. اِشْتَرَیَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِشْتَرَتْ . اِشْتَرَتَا بن گئے۔

اِشْتَرَیْنَ. اِشْتَرَیْتَ. اِشْتَرَیْتُمَا. اِشْتَرَیْتُمْ. اِشْتَرَیْتِ. اِشْرَیْتُمَا. اِشْتَرَیْتُنَّ. اِشْتَرَیْتُ. اِشْتَرَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُشْتُرِیَ. اُشْتُرِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُشْتُرُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُشْتُرِیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ دیا۔تو اُشْتُرْیُوْا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُشْتُرُوْوْا بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین

علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُشْتُرُوْا بن گیا۔

اُشْتُرِیْنَ. اُشْتُرِیْتَ. اُشْتُرِیْتُمَا. اُشْتُرِیْتُمْ. اُشْتُرِیْتِ. اُشْتُرِیْتُمَا. اُشْتُرِیْتُنَّ. اُشْتُرِیْتُ. اُشْتُرِیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَشْتَرِیْ. تَشْتَرِیْ. اَشْتَرِیْ. نَشْتَرِیْ:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَشْتَرِیُ. تَشْتَرِیُ. اَشْتَرِیُ. نَشْتَرِیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَشْتَرِیْ. تَشْتَرِیْ. اَشْتَرِیْ. نَشْتَرِیْ بن گئے۔

یَشْتَرِیَانِ. تَشْتَرِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر، مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَشْتَرُوْنَ. تَشْتَرُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَشْتَرِیُوْنَ. تَشْتَرِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَشْتَرُیْوْنَ. تَشْتَرُیْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یائے کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَشْتَرُوْنَ. تَشْتَرُوْنَ بن گئے۔

یَشْتَرِیْنَ. تَشْتَرِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَشْتَرِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل مضارع مثبت معروف۔

اصل میں تَشْتَرِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَشْتَرِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُشْتَرٰی. تُشْتَرٰی. اُشْتَرٰی. نُشْتَرٰی:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یُشْتَرَیُ. تُشْتَرَیُ. اُشْتَرَیُ. نُشْتَرَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُشْتَرٰی. تُشْتَرٰی. اُشْتَرٰی. نُشْتَرٰی بن گئے۔

یُشْتَرَیَانِ تُشْتَرَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُشْتَرَوْنَ. تُشْتَرَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُشْتَرَيُوْنَ. تُشْتَرَيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُشْتَرَاوْنَ. تُشْتَرَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُشْتَرَوْنَ. تُشْتَرَوْنَ بن گئے ۔

يُشْتَرَيْنَ. تُشْتَرَيْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُشْتَرَيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُشْتَرَيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو تُشْتَرَايْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُشْتَرَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَشْتَرِ. لَمْ تَشْتَرِ. لَمْ اَشْتَرِ. لَمْ نَشْتَرِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُشْتَرَ. لَمْ تُشْتَرَ. لَمْ اُشْتَرَ. لَمْ نُشْتَرَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يَشْتَرِيَا. لَمْ يَشْتَرُوْا. لَمْ تَشْتَرِيَا.لَمْ تَشْتَرُوْا: لَمْ تَشْتَرِيْ . لَمْ تَشْتَرِيَا .

اور مجہول میں:لَمْ يُشْتَرَيَا. لَمْ يُشْتَرَوْا. لَمْ تُشْتَرَيَا. لَمْ تُشْتَرَوْا.لَمْ تُشْتَرَيْ . لَمْ تُشْتَرَيَا .

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں: لَمْ يَشْتَرِيْنَ. لَمْ تَشْتَرِيْنَ .اور مجہول میں: لَمْ يُشْتَرَيْنَ. لَمْ تُشْتَرَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیں گے جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا ۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّشْتَرِيَ. لَنْ تَشْتَرِيَ. لَنْ اَشْتَرِيَ. لَنْ نَّشْتَرِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّشْتَرٰى. لَنْ تُشْتَرٰى. لَنْ اُشْتَرٰى. لَنْ نُّشْتَرٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّشْتَرِيَا. لَنْ يَّشْتَرُوْا. لَنْ تَشْتَرِيَا. لَنْ تَشْتَرُوْا. لَنْ تَشْتَرِيْ. لَنْ تَشْتَرِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّشْتَرَيَا. لَنْ يُّشْتَرَوْا. لَنْ تُشْتَرَيَا. لَنْ تُشْتَرَوْا. لَنْ تُشْتَرَيْ. لَنْ تُشْتَرَيَا.

صیغہ جمع مونث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّشْتَرِيْنَ. لَنْ تَشْتَرِيْنَ اور مجہول میں: لَنْ يُّشْتَرَيْنَ. لَنْ تُشْتَرَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اصل میں مِوْقَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْــقَـانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِیْقًی بن گیا۔

مِیْقَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغری۔

اصل میں مِوْقَیَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَیَانِ بن گیا۔

مَوَاقٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغری۔

اصل میں مَــوَاقِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاقٍ بن گیا۔

مُوَیْقٍ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُوَیْقِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْقِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْقٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِیْقَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْقَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْقَاۃٌ بن گیا۔

مِیْقَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْقَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَیَتَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مِیْقَاتَانِ بن گیا۔

مَوَاقٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَوَاقِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاقٍ بن گیا۔

مُوَیْقِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِیْقَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْقَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْقَاءٌ بن گیا۔

مِیْقَاءَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْقَایَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْقَایَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْقَاءَانِ بن گیا۔

مَوَاقِيُّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَوَاقِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَوَاقِیْيُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَاقِيُّ بن گیا۔

مُوَیْقِيٌّ اور مُوَیْقِیَّۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُوَیْقِایٌ اور مُوَیْقِایَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُوَیْقِیْيٌ اور مُوَیْقِیْیَۃٌ

بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا تو مُوَيْقِيٌّ اور مُوَيْقِيَّةٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَوْقٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْقَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْقٰی بن گیا۔

اَوْقَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَوْقَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْقَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْقَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اَوْقَوْنَ بن گیا۔

اَوَاقٍ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوَاقِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاقٍ بن گیا۔

اُوَیْقٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُوَیْقِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو اُوَیْقِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو اُوَیْقٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

وُقْیٰ. وُقْیَیَانِ. وُقْیَیَاتٌ: صیغہائے واحد، تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

تینوں اپنی اصل پر ہیں۔

وُقًی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں وُقَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وُقًی بن گیا۔

وُقّیٰ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں وُقَیْیٰ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یائے ساکنہ کا یائے متحرکہ میں ادغام کر دیا تو وُقّیٰ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَوْقَاہُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَوْقَیَہٗ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مَا اَوْقَاہُ بن گیا۔

اَوْقِ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَوْقِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرا دیا تو اَوْقِ بِہٖ بن گیا۔

وَقُوَ اور وَقُوَتْ: صیغہ واحد مذکر و مونث فعل تعجب۔

اصل میں وَقُیَ اور وَقُیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَقُوَ اور وَقُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

وَاقٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں وَاقِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وَاقِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو وَاقٍ بن گیا۔

وَاقِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل ۔اپنی اصل پر ہے۔

وَاقُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں وَاقِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَاقِیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدل دیا تو وَاقُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو وَاقُوْنَ بن گیا۔

وُقَاۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا

تو وَقَاةٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو وُقَاةٌ بن گیا۔

وُقَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَّايٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو وُقَّاءٌ بن گیا۔

وُقًّى: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَّـيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو وُقَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وُقًّى بن گیا۔

وُقِيٌّ، وُقَيَاءُ، وُقْيَانٌ: صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

مذکورہ بالا تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وِقَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وِقَايٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو وِقَاءٌ بن گیا۔

وُقِيٌّ یا وِقِيٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقُوْيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو وُقُيٌّ بن گیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے قاف کو کسرہ دیا تو وُقِيٌّ بن گیا۔ قاف کے کسرہ کی مناسبت سے فاء کلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے جیسے وِقِيٌّ۔

اُوَيْقٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَيْقِيٌ تھا معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَيْقِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو اُوَيْقِيْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُوَيْقٍ بن گیا۔

وَاقِيَةٌ، وَاقِيَتَانِ، وَاقِيَاتٌ: صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اَوَاقٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَاقِيُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو اَوَاقِيُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاقٍ بن گیا۔

وُقًّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُقَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُقًّانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُقًّی بن گیا۔

اُوَیْقِیَةٌ: واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْقِیَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْقِیَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَوْقِیٌّ مَّوْقِیَّانِ. مَوْقِیُّوْنَ. مَوْقِیَّةٌ. مَّوْقِیَّتَانِ. مَوْقِیَّاتٌ: صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مذکر ومؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَوْقُوْیٌ. مَّوْقُوْیَانِ: مَوْقُوْیُوْنَ. مَوْقُوْیَةٌ. مَّوْقُوْیَتَانِ. مَوْقُوْیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَوَاقِیٌّ: صیغہ جمع مذکر ومؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَوَاقِوْیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَوَاقِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَاقِیٌّ بن گیا۔

مُوَیْقِیٌّ اور مُوَیْقِیَّةٌ: صیغہ واحد مذکر ومونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَیْقِوْیٌ اور مُوَیْقِوْیَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُوَیْقِیْیٌ مُوَیْقِیْیَةٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُوَیْقِیٌّ اور مُوَیْقِیَّةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب

سَمِعَ. یَسْمَعُ جیسے اَلْوَجْیُ (ننگے پاؤں ہونا)

وَجْیٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب سَمِعَ یَسْمَعُ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَجِیَ. وَجِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وَجُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَجِیُــوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَجُیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَجُوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَجُوْا بن گیا۔

وَجِیَتْ. وَجِیَتَا. وَجِیْنَ. وَجِیْتَ. وَجِیْتُمَا. وَجِیْتُمْ. وَجِیْتِ. وَجِیْتُمَا. وَجِیْتُنَّ. وَجِیْتُ. وَجِیْنَا: صیغہائے واحد و تثنیہ جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُجِیَ بِہٖ. صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَوْجٰی. تَوْجٰی. اَوْجٰی. نَوْجٰی: صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَوْجَیُ. تَوْجَیُ. اَوْجَیُ. نَوْجَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرک کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یَوْجٰی. تَوْجٰی. اَوْجٰی. نَوْجٰی بن گئے۔

یَوْجَیَانِ. تَوْجَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوْجَوْنَ. تُوْجَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوْجَیُوْنَ. تُوْجَیُوْنَ تھے معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوْجَاوْنَ. تُوْجَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُوْجَوْنَ. تُوْجَوْنَ بن گئے۔

یُوْجَیْنَ. تُوْجَیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْجَیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوْجَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تُوْجَایْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُوْجَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوْجٰی بِهٖ: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اصل میں یُوْجَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو یُوْجٰی بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَوْجَ. لَمْ تَوْجَ. لَمْ اَوْجَ. لَمْ نَوْجَ.

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَمْ یَوْجَیَا. لَمْ یَوْجَوْا. لَمْ تَوْجَیَا. لَمْ تَوْجَوْا. لَمْ تَوْجَیْ. لَمْ تَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لَمْ یَوْجَیْنَ. لَمْ تَوْجَیْنَ.

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ مجہول

لَمْ یُوْجَ بِهٖ: صیغہ واحد مذکر غائب۔

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیا جس کی وجہ سے آخر سے حرف

علت الف گر گیا تو لَمْ یُوْجَ بِهٖ بن گیا۔

بحث فعل نفی تاکید بِلَنْ ناصبہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے : لَنْ یُّوْجٰی. لَنْ تُوْجٰی. لَنْ اُوْجٰی. لَنْ نُّوْجٰی .

سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لَنْ یُّوْجَیَا. لَنْ یُّوْجَوْا. لَنْ تُوْجَیَا. لَنْ تُوْجَوْا. لَنْ تُوْجَیْ . لَنْ تُوْجَیَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے: لَنْ یُّوْجَیْنَ. لَنْ تُوْجَیْنَ .

بحث فعل نفی تاکید بِلَنْ ناصبہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔ جیسے لَنْ یُّوْجٰی بِهٖ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف

اس بحث کو فعل مضارع معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب واحد مذکر حاضر واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْجَیَنَّ. لَتُوْجَیَنَّ. لَاُوْجَیَنَّ. لَنُوْجَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوْجَیَنْ. لَتُوْجَیَنْ. لَاُوْجَیَنْ. لَنُوْجَیَنْ.

صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْجَوُنَّ. لَتُوْجَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوْجَوُنْ. لَتُوْجَوُنْ.

صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوْجَیِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوْجَیِنْ .

چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْجَیَانِّ. لَتُوْجَیَانِّ. لَیُوْجَیْنَانِّ. لَتُوْجَیَانِّ. لَتُوْجَیْنَانِّ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ لگا دیں گے۔ جو یاء فعل مضارع مجہول میں الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْجَیَنَّ بِهٖ.
اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْجَیَنْ بِهٖ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِیْجَ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجٰی سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت الف گرادیا تو اِوْجَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اِیْجَ بن گیا۔

اِیْجَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِوْجَیَا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء کیا تو اِیْجَیَا بن گیا۔

اِیْجَوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِوْجَوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْجَوْا بن گیا۔

اِیْجَیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِوْجَیْ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ

کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْجَیْ بن گیا۔

اِیْجَیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَوْجَیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لائے تو اِوْجَیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْجَیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے۔ جس نے آخر سے حرف علت الف گرادیا۔ جیسے تُوْجٰی بِکَ سے لِتُوْجَ بِکَ ۔

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لِیَوْجَ. لِتَوْجَ. لِاَوْجَ. لِنَوْجَ .

معروف کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لِیَوْجَیَا. لِیَوْجَوْا. لِتَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔ جیسے: لِیَوْجَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع مجہول سے اس طرح بنایا کہ شروع میں لام امر مکسور لائے۔ جس نے آخر سے حرف علت الف گرادیا۔ جیسے یُوْجٰی بِہٖ سے لِیُوْجَ بِہٖ ۔

بحث فعل نہی حاضر معروف

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لَا تَوْجَ.

معروف کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے: لاَ تَوْجَیَا. لاَ تَوْجَوُا. لاَ تَوْجَیْ. لاَ تَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لاَ تَوْجَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا جیسے: تُوْجٰی بِکَ سے لاَ تُوْجَ بِکَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے: لاَ یَوْجَ. لاَ تَوْجَ. لاَ اَوْجَ. لاَ نَوْجَ.

معروف کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لاَ یَوْجَیَا. لاَ یَوْجَوُا. لاَ تَوْجَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے: لاَ یَوْجَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا جیسے یُوْجٰی بِہٖ سے لاَ یُوْجَ بِہٖ۔

بحث اسم ظرف

مَوْجًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَوْجَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَوْجَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گر گیا تو مَوْجًی بن گیا۔

مَوْجَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَوَاجٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَوَاجِیُ تھا معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاجٍ بن گیا۔

مُوَیْجٍ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُوَیْجِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْجٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِیْجًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْجَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْجَانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِیْجًی بن گیا۔

مِیْجَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْجَیَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیَانِ بن گیا۔

مَوَاجٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاجٍ بن گیا۔

مُوَیْجٍ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُوَیْجِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو مُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْجٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطی

مِیْجَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطی۔

اصل میں مِوْجَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون

نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْجَاۃٌ بن گیا۔

مِیْجَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْجَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَیَتَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مِیْجَاتَانِ بن گیا۔

مَوَاجٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَاجٍ بن گیا۔

مُوَیْجِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِیْجَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْجَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْجَاءٌ بن گیا۔

مِیْجَاءَ انِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِوْجَایَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْجَایَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْجَاءَ انِ بن گیا۔

مَوَاجِیُّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَوَاجِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کریا تو مَوَاجِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَاجِیُّ بن گیا۔

مُوَیْجِیٌّ اور مُوَیْجِیَّۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُوَیْجِایٌ اور مُوَیْجِایَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُوَیْجِیْیٌ اور مُوَیْجِیْیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کردیا تو مُوَیْجِیٌّ اور مُوَیْجِیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَوْجٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْجَیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْجٰی بن گیا۔

اَوْجَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَوْجَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْجَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو اَوْجَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَوْجَوْنَ بن گیا۔

اَوَاجٍ: صیغہ جمع مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاجٍ بن گیا۔

اُوَیْجٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُوَیْجِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو اُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو اُوَیْجٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

وُجْیٰ۔ وُجْیَیَانِ۔ وُجْیَیَاتٌ: صیغہ ہائے واحد، تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل تینوں اپنی اصل پر ہیں۔

وُجیً: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں وُجَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُجیً بن گیا۔

وُجَیٌّ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں وُجَیْیٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو وُجَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَوْجَاهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَوْجَیَہُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مَا اَوْجَاہُ بن گیا۔

اَوْجِ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَوْجِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ فعل ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو اَوْجِ بِہٖ بن گیا۔

وَجُوَ. وَجُوَتْ: صیغہ واحد مذکر و مونث فعل تعجب۔

اصل میں وَجُیَ اور وَجُیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَجُوَ اور وَجُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

وَاجٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں وَاجِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وَاجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو وَاجٍ بن گیا۔

وَاجِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

وَاجُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں وَاجِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَاجُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَاجُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَاجُوْنَ بن گیا۔

وُجَاۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَجَیَۃٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَجَاۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو وُجَاۃٌ بن گیا۔

وُجّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجّایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو وُجّاءٌ بن گیا۔

وُجّی: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجَّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُجّانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُجّی بن گیا۔

وُجِیٌّ: وُجَیَاءُ. وُجْیَانٌ: صیغہ ہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وِجَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وِجَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو وِجَاءٌ بن گیا۔

وُجِیٌّ یا وِجِیٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجُـــوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدلا پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو وُجُـــیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل کو کسرہ دیا تو وُجِـــیٌّ بن گیا۔ عین کلمہ کے کسرہ کی موافقت میں فاء کلمہ کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے۔ جیسے وِجِیٌّ ۔

اُوَیْجٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْـجِیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْـجِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا تو اُوَیْجِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو اُوَیْجٍ بن گیا۔

وَاجِیَةٌ. وَّاجِیَتَانِ. وَاجِیَاتٌ: صیغہ ہائے واحد، تثنیہ، جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اَوَاجٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَاجِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو اَوَاجِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق یاء کو حذف کردیا۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَاجٍ بن گیا۔

وُجّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُجَّـــیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو

وُجّان بن گیا۔ پھر اجتماعِ ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُجّی بن گیا۔

اُوَیْجِیَۃٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْجِیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اُوَیْجِیَۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَوْجِیٌّ م بِہٖ : صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مَوْجُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مَوْجُیٌّ بن گیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل کو کسرہ دیا تو مَوْجِیٌّ م بِہٖ بن گیا۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب حَسِبَ. یَحْسِبُ جیسے اَلْوَلْیُ (مدد دینا)

وَلْیٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مفروق از باب حَسِبَ یَحْسِبُ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَلِیَ وَلِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وَلُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَلِیُــوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَلْیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وَلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرا دی تو وَلُوْا بن گیا۔

وَلِیَتْ وَلِیَتَا. وَلِیْنَ. وَلِیْتَ. وَلِیْتُمَا. وَلِیْتُمْ. وَلِیْتِ. وَلِیْتُمَا. وَلِیْتُنَّ. وَلِیْتُ. وَلِیْنَا: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث غائب واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُلِیَ. وُلِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وُلُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں وُلِیُـــوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وُلِیْوُا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وُلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وُلُوْا بن گیا۔

وُلِیَــتْ. وُلِیَتَا. وُلِیْنَ. وُلِیْتَ. وُلِیْتُمَا. وُلِیْتُمْ. وُلِیْتِ. وُلِیْتُمَا. وُلِیْتُنَّ. وُلِیْتُ. وُلِیْنَا: صیغہائے واحد، تثنیہ، جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَلِیْ. تَلِیْ. اَلِیْ. نَلِیْ. صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَوْلِیُ. تَوْلِیُ. اَوْلِیُ. نَوْلِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیُ. تَلِیُ. اَلِیُ. نَلِیُ. بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَلِیْ. تَلِیْ. اَلِیْ. نَلِیْ. بن گئے۔

یَلِیَانِ. تَلِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

اصل میں یَوْلِیَانِ. تَوْلِیَانِ. تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیَانِ. تَلِیَانِ بن گئے۔

یَلُوْنَ. تَلُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَوْلِیُوْنَ. تَوْلِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیُوْنَ. تَلِیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل حرف کی حرکت گرا کر یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَلُیْوْنَ. تَلُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو یَلُوْوْنَ. تَلُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو یَلُوْنَ. تَلُوْنَ بن گئے۔

یَلِیْنَ. تَلِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَوْلِیْنَ. تَوْلِیْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو یَلِیْنَ. تَلِیْنَ بن گئے۔

تَلِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَوْلِیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 1 کے مطابق واؤ گرادی تو تَلِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَلِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوْلٰی. تُوْلٰی. اُوْلٰی. نُوْلٰی: صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوْلَیُ. تُوْلَیُ. اُوْلَیُ. نُوْلَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُوْلٰی. تُوْلٰی. اُوْلٰی. نُوْلٰی بن گئے۔

یُوْلَیَانِ. تُوْلَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوْلَوْنَ. تُوْلَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوْلَیُوْنَ. تُوْلَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُوْلَاوْنَ. تُوْلَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُوْلَوْنَ. تُوْلَوْنَ بن گئے۔

یُوْلَیْنَ. تُوْلَیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْلَیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوْلَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو تُوْلَایْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوْلَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول

کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَم یَلِ. لَمْ تَلِ. لَمْ اَلِ. لَمْ نَلِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُوْلَ. لَمْ تُوْلَ. لَمْ اُوْلَ. لَمْ نُوْلَ.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف: لَمْ یَلِیَا. لَمْ یَلُوْا. لَمْ تَلِیَا. لَمْ تَلُوْا. لَمْ تَلِیْ. لَمْ تَلِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُوْلَیَا لَمْ یُوْلَوْا. لَمْ تُوْلَیَا. لَمْ تُوْلَوْا. لَمْ تُوْلَیْ. لَمْ تُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَلِیْنَ. لَمْ تَلِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُوْلَیْنَ. لَمْ تُوْلَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَـنْ لگا دیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔

اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّلِیَ. لَنْ تَلِیَ. لَنْ اَلِیَ. لَنْ نَّلِیَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّوْلٰی. لَنْ تُوْلٰی. لَنْ اُوْلٰی. لَنْ نُّوْلٰی.

معروف و مجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّلِیَا. لَنْ یَّلُوْا. لَنْ تَلِیَا. لَنْ تَلُوْا. لَنْ تَلِیْ. لَنْ تَلِیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّوْلَیَا. لَنْ یُّوْلَوْا. لَنْ تُوْلَیَا. لَنْ تُوْلَوْا. لَنْ تُوْلَیْ. لَنْ تُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّلِیْنَ. لَنْ تَلِیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّوْلَیْنَ. لَنْ تُوْلَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہو گئی تھی

نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَلِیَنَّ. لَتَلِیَنَّ. لَاَلِیَنَّ. لَنَلِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَلِیَنْ. لَتَلِیَنْ. لَاَلِیَنْ. لَنَلِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْلَیَنَّ. لَتُوْلَیَنَّ. لَاُوْلَیَنَّ. لَنُوْلَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْلَیَنْ. لَتُوْلَیَنْ. لَاُوْلَیَنْ. لَنُوْلَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَلُنَّ. لَتَلُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَلُنْ. لَتَلُنْ .

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْلَوُنَّ. لَتُوْلَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْلَوُنْ. لَتُوْلَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَلِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَلِنْ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوْلَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوْلَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَلِیَانِّ. لَتَلِیَانِّ. لَیَلِیْنَانِّ. لَتَلِیَانِّ. لَتَلِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوْلَیَانِّ. لَتُوْلَیَانِّ. لَیُوْلَیْنَانِّ ۔ لَتُوْلَیَانِّ . لَتُوْلَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

لِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے حرف علت گرادیا تو لِ بن گیا۔

لِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِیَا بن گیا۔

لُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لُوْا بن گیا۔

لِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں آخر سے نون اعرابی گرادیا تو لِیْ بن گیا۔

لِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَلِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہونے کی وجہ سے ہمزہ وصلی کی ضرورت نہیں تو لِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُوْلٰی سے لِتُوْلَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُوْلَیَا. لِتُوْلَوْا. لِتُوْلَیْ. لِتُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوْلَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَلِ. لِتَلِ. لِاَلِ. لِنَلِ.

اور مجہول میں: لِیُوْلَ. لِتُوْلَ. لِاُوْلَ. لِنُوْلَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَلِیَا. لِیَلُوْا. لِتَلِیَا اور مجہول میں: لِیُوْلَیَا. لِیُوْلَوْا. لِتُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَلِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُوْلَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَلِ. اور مجہول میں: لَا تُوْلَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر کے) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَلِیَا. لَا تَلُوْا. لَا تَلِیْ. لَا تَلِیَا. اور مجہول میں: لَا تُوْلَیَا. لَا تُوْلَوْا. لَا تُوْلَیْ. لَا تُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَلِیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوْلَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَلِ. لَا تَلِ. لَا اَلِ. لَا نَلِ.

اور مجہول میں: لَا یُوْلَ. لَا تُوْلَ. لَا اُوْلَ. لَا نُوْلَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَلِیَا. لَا یَلُوْا. لَا تَلِیَا.

اور مجہول میں: لَا یُوْلَیَا. لَا یُوْلَوْا. لَا تُوْلَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَلِیْنَ . اور مجہول میں: لَا یُوْلَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مَوْلًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَوْلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مَوْلَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مَوْلًی بن گیا۔

مَوْلَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَوَالٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَـوَالِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَالٍ بن گیا۔

مُوَیْلٍ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُوَیْلِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا تو مُوَیْلِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مُوَیْلٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِیْلًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِـوْلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْـلَیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِیْلَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مِیْلًی بن گیا۔

مِیْلَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِوْلَیَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مِیْلَیَانِ بن گیا۔

مَوَالٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَـوَالِـیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَالٍ بن گیا۔

مُوَیْلٍ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُـوَیْلِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے اسے گرادیا تو مُـوَیْلِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُوَیْلٍ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطیٰ

مِیْلَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِـوْلَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْـلَـیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاۃٌ بن گیا۔

مِیْلَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مِوْلَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْلَیَتَانِ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاتَانِ بن گیا۔

مَوَالٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطیٰ۔

اصل میں مَـوَالِـیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَوَالٍ بن گیا۔

مُوَیْلِیَۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطیٰ اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِیْلَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِـوْلَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْلَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاءٌ بن گیا۔

مِیْلَاءَ انِ :صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِـوْلَایَـانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مِیْلَایَـانِ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو مِیْلَاءَ انِ بن گیا۔

مَوَالِيُّ:صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَوَالِائیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَـوَالِیْیُ بن گیا۔پھر مضاعف کے قانون نمبر1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَالِيُّ بن گیا۔

مُوَيْلِيٌّ اور مُوَيْلِيَّةٌ:صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُوَيْلِ ایٌ اور مُوَيْلِ ایَۃٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُـوَيْلِيْیٌ. مُوَيْلِيْيَةٌ بن گئے۔پھر مضاعف کے قانون نمبر1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُوَيْلِيٌّ اور مُوَيْلِيَّةٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَوْلٰی:صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْلَیُ تھا۔معتل کے قانون نمبر7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو اَوْلٰی بن گیا۔

اَوْلَیَانِ:صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَوْلَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَوْلَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو اَوْلَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَوْلَوْنَ بن گیا۔

اَوَالٍ:صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَوَالِیُ تھا معتل کے قانون نمبر24 کے مطابق یاء گرادی۔غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَالٍ بن گیا۔

اُوَيْلٍ:صیغہ واحد مذکر مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُوَيْـلِیٌ تھا۔یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو اُوَيْـلِیْنٌ ہوگیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء

گرادی تو اُوَیلٍ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

وُلْیٰ. وُلْیَیَانِ. وُلْیَیَاتٌ: صیغہائے واحد، تثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

وُلًی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں وُلَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُلًی بن گیا۔

وُلَیٌّ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں وُلَیْیٰ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو وُلَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَوْلَاهُ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَوْلَیَہٗ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا تو مَا اَوْلَاهُ بن گیا۔

اَوْلِ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَوْلِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگرچہ فعل ماضی کے معنی میں ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو اَوْلِ بِہٖ ہو گیا۔

وَلُوَ. وَلُوَتْ: صیغہ واحد مذکر ومونث فعل تعجب۔

اصل میں وَلُیَ اور وَلُیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وَلُوَ اور وَلُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

وَالٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں وَالِیٌ تھا۔ یاء کا ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گر گیا تو وَالِیْنْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو وَال بن گیا۔

وَالِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

وَالُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں وَالِیُــوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کرکے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وَالْیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو وَالُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو وَالُوْنَ بن گیا۔

وُلَاۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَلَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو وَلَاۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو وُلَاۃٌ بن گیا۔

وُلَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلَّایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو وُلَّاءٌ بن گیا۔

وُلًّی: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلَّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُلَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُلًّی بن گیا۔

وُلِیٌّ: وُلَیَاءُ. وُلْیَانٌ: صیغہائے جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہیں۔

وِلَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وِلَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدلا تو وِلَاءٌ بن گیا۔

وُلِیٌّ یا وِلِیٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل کر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو وُلُیٌّ بن گیا۔ یاء کی مناسبت سے ماقبل کو کسرہ دیا تو وُلِیٌّ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے فاء کو بھی کسرہ دے کر پڑھنا جائز ہے۔ جیسے: وِلِیٌّ

اُوَیْلٍ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْلِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْلِیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو اُوَیْلِیْنٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو اُوَیْلٍ بن گیا۔

وَالِیَةٌ. وَّالِیَتَانِ. وَالِیَاتٌ: صیغہائے واحد، تثنیہ، جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اپنی اصل پر ہیں۔

اَوَالٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وَوَالِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے بدلا تو اَوَالِیُ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَوَالٍ بن گیا۔

وُلَّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں وُلَّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو وُلَّانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وُلًّی بن گیا۔

اُوَیْلِیَةٌ: واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں وُوَیْلِیَةٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 6 کے مطابق پہلی واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اُوَیْلِیَةٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَوْلِیٌّ مَّوْلِیَّانِ. مَوْلِیُّوْنَ. مَوْلِیَّةٌ. مَّوْلِیَّتَانِ. مَوْلِیَّاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَوْلُوْیٌ. مَّوْلُوْیَانِ. مَوْلُوْیُوْنَ. مَوْلُوْیَةٌ. مَّوْلُوْیَتَانِ. مَوْلُوْیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا۔ پھر یاء کی مناسبت سے ماقبل حرف کو کسرہ دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَوَالِیُّ: صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَوَالِوْیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مَوَالِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مَوَالِیُّ بن گیا۔

مُوَیْلِیٌّ اور مُوَیْلِیَّةٌ: صیغہائے واحد مذکر و مونث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَیْلِوْیٌ اور مُوَیْلِوْیَةٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کردیا تو مُوَیْلِیْیٌ. مُوَیْلِیْیَةٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُوَیْلِیٌّ اور مُوَیْلِیَّةٌ بن گئے۔

☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْتِعَالٌ

جیسے: اَلْاِتِّقَاءُ (ڈرنا)

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِتِّقَاءٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْتِعَالٌ۔

اصل میں اِوْتِقَایٌ تھا معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو اِتِّقَایٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کردیا تو اِتِّقَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِتَّقٰی: ۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِوْتَـقَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو اِتَّـقَیَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو اِتَّقٰی بن گیا۔

اِتَّقَیَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِوْتَقَیَا تھا معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو اِتَّقَیَا بن گیا

اِتَّقَوْا: ۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِوْتَـقَیُـوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو اِتَّـقَیُـوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِتَّقَوْا بن گیا۔

اِتَّقَتْ. اِتَّقَتَا: ۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِوْتَـقَیَتْ. اِوْتَـقَیَتَـا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو اِتَّقَیَتْ. اِتَّقَیَتَا بن گئے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِتَّقَتْ. اِتَّقَتَا بن گئے۔

اِتَّقَیْنَ. اِتَّقَیْتَ. اِتَّقَیْتُمَا. اِتَّقَیْتُمْ. اِتَّقَیْتِ. اِتَّقَیْتُمَا. اِتَّقَیْتُنَّ. اِتَّقَیْتُ. اِتَّقَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اِوْتَقَیْنَ. اِوْتَقَیْتَ. اِوْتَقَیْتُمَا. اِوْتَقَیْتُمْ. اِوْتَقَیْتِ. اِوْتَقَیْتُمَا. اِوْتَقَیْتُنَّ. اِوْتَقَیْتُ. اِوْتَقَیْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُتُّقِیَ. اُتُّقِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں اُوْتُقِیَ . اُوْتُقِیَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

اُتُّقُوْا :۔ صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول۔

اصل میں اُوْتُقِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو اُتُّقِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُتُّقُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُتُّقُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو اُتُّقُوْا بن گیا۔

اُتُّقِیَتْ . اُتُّقِیَتَا. اُتُّقِیْنَ. اُتُّقِیْتَ . اُتُّقِیْتُمَا. اُتُّقِیْتُمْ. اُتُّقِیْتِ. اُتُّقِیْتُمَا. اُتُّقِیْتُنَّ. اُتُّقِیْتُ. اُتُّقِیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں اُوْتُقِیَتْ. اُوْتُقِیَتَا. اُوْتُقِیْنَ. اُوْتُقِیْتَ. اُوْتُقِیْتُمَا. اُوْتُقِیْتُمْ. اُوْتُقِیْتِ. اُوْتُقِیْتُمَا. اُوْتُقِیْتُنَّ. اُوْتُقِیْتُ. اُوْتُقِیْنَا تھے معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَتَّقِیُ. تَتَّقِیُ. اَتَّقِیُ. نَتَّقِیُ:۔ صیغہ واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَوْتَقِیُ. تَوْتَقِیُ. اَوْتَقِیُ. نَوْتَقِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو یَتَّقِیُ. تَتَّقِیُ. اَتَّقِیُ. نَتَّقِیُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرا دی تو یَتَّقِیْ. تَتَّقِیْ. اَتَّقِیْ. نَتَّقِیْ بن گئے۔

يَتَّقِيَانِ. تَتَّقِيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَوْتَقِيَانِ. تَوْتَقِيَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو يَتَّقِيَانِ. تَتَّقِيَانِ بن گے۔

يَتَّقُوْنَ. تَتَّقُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَوْتَقِيُوْنَ. تَوْتَقِيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو يَتَّقِيُوْنَ. تَتَّقِيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَتَّقْيُوْنَ. تَتَّقْيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يَتَّقُوْنَ. تَتَّقُوْنَ بن گئے ۔

يَتَّقِيْنَ. تَتَّقِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يَوْتَقِيْنَ. تَوْتَقِيْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو يَتَّقِيْنَ. تَتَّقِيْنَ بن گئے۔

تَتَّقِيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَوْتَقِيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو تَتَّقِيِيْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کا کسرہ گرادیا تو تَتَّقِيْيْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَتَّقِيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُتَّقٰى. تُتَّقٰى. اُتَّقٰى. نُتَّقٰى:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوْتَقَيُ. تُوْتَقَيُ. اُوْتَقَيُ. نُوْتَقَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو يُتَّقَيُ. تُتَّقَيُ. اُتَّقَيُ. نُتَّقَيُ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يُتَّقٰى. تُتَّقٰى. اُتَّقٰى. نُتَّقٰى بن گئے۔

يُتَّقَيَانِ. تُتَّقَيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْتَقَيَانِ. تُوْتَقَيَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو يُتَّقَيَانِ. تُتَّقَيَانِ بن گئے۔

یَتَّقُوْنَ. تَتَّقُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَوْتَقِیُوْنَ. تَوْتَقِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو یَتَّقِیُوْنَ. تَتَّقِیُوْنَ بن گئے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یَتَّقَاوْنَ. تَتَّقَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یَتَّقَوْنَ. تَتَّقَوْنَ بن گئے ۔

یَتَّقِیْنَ. تَتَّقِیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

اصل میں یَوْتَقِیْنَ. تَوْتَقِیْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو یَتَّقِیْنَ. تَتَّقِیْنَ بن گئے۔

تَتَّقِیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَوْتَقِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو تَتَّقِیِیْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَّقَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَتَّقِ. لَمْ تَتَّقِ. لَمْ اَتَّقِ. لَمْ نَتَّقِ.

اورمجہول میں: لَمْ یُتَّقَ. لَمْ تُتَّقَ. لَمْ اُتَّقَ. لَمْ نُتَّقَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ یَتَّقِیَا. لَمْ یَتَّقُوْا. لَمْ تَتَّقِیَا. لَمْ تَتَّقُوْا. لَمْ تَتَّقِیْ . لَمْ تَتَّقِیَا .

اورمجہول میں: لَمْ یُتَّقَیَا. لَمْ یُتَّقَوْا. لَمْ تُتَّقَیَا. لَمْ تُتَّقَوْا. لَمْ تُتَّقَیْ . لَمْ تُتَّقَیَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے معروف میں لَمْ یَتَّقِیْنَ. لَمْ تَتَّقِیْنَ . اورمجہول میں: لَمْ یُتَّقَیْنَ. لَمْ تُتَّقَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِيَ. لَنْ تَتَّقِيَ. لَنْ اَتَّقِيَ. لَنْ نَتَّقِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقٰى. لَنْ تُتَّقٰى. لَنْ اُتَّقٰى. لَنْ نُتَّقٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِيَا. لَنْ يَّتَّقُوْا. لَنْ تَتَّقِيَا. لَنْ تَتَّقُوْا. لَنْ تَتَّقِيْ. لَنْ تَتَّقِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَيَا. لَنْ يُّتَّقَوْا. لَنْ تُتَّقَيَا. لَنْ تُتَّقَوْا. لَنْ تُتَّقَيْ. لَنْ تُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَّقِيْنَ. لَنْ تَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّتَّقَيْنَ. لَنْ تُتَّقَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہی پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَّقِيَنَّ. لَتَتَّقِيَنَّ. لَاَتَّقِيَنَّ. لَنَتَّقِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَّقِيَنْ. لَتَتَّقِيَنْ. لَاَتَّقِيَنْ. لَنَتَّقِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَّقَيَنَّ. لَتُتَّقَيَنَّ. لَاُتَّقَيَنَّ. لَنُتَّقَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَّقَيَنْ. لَتُتَّقَيَنْ. لَاُتَّقَيَنْ. لَنُتَّقَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَّقُنَّ. لَتَتَّقُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَّقُنْ. لَتَتَّقُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُتَّقَوُنَّ. لَتُتَّقَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُتَّقَوُنْ. لَتُتَّقَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَّقِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَّقِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَّقَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَّقَیِنْ.

معروف و مجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب و حاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید معروف ثقیلہ میں: لَیَتَّقِیَانِّ . لَتَتَّقِیَانِّ . لَیَتَّقِیْنَانِّ . لَتَتَّقِیَانِّ . لَتَتَّقِیْنَانِّ . اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُتَّقَیَانِّ . لَتُتَّقَیَانِّ . لَیُتَّقَیْنَانِّ . لَتُتَّقَیَانِّ . لَتُتَّقَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِتَّقِ: ۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِیُ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِتَّقِ بن گیا۔

اِتَّقِیَا : ۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِیَا بن گیا۔

اِتَّقُوْا : ۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقُوْا بن گیا۔

اِتَّقِیْ: ۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِتَّقِیْ بن گیا۔

اِتَّقِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَتَّقِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعدوالاحرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِتَّقِيْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَّقٰی سے لِتُتَّقَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَّقَيَا. لِتُتَّقَوْا. لِتُتَّقَيْ. لِتُتَّقَيَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَّقَيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَّقِ. لِتَتَّقِ. لِأَتَّقِ. لِنَتَّقِ.

اور مجہول میں: لِيُتَّقَ. لِتُتَّقَ. لِأُتَّقَ. لِنُتَّقَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِيَتَّقِيَا. لِيَتَّقُوْا. لِتَتَّقِيَا اور مجہول میں: لِيُتَّقَيَا. لِيُتَّقَوْا. لِتُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُتَّقَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی

وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِ. اور مجہول میں: لَا تُتَّقَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِيَا. لَا تَتَّقُوْا. لَا تَتَّقِيْ. لَا تَتَّقِيَا. اور مجہول میں: لَا تُتَّقَيَا. لَا تُتَّقَوْا. لَا تُتَّقَيْ. لَا تُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَّقِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَّقَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِ. لَا تَتَّقِ. لَا اَتَّقِ. لَا نَتَّقِ.

اور مجہول میں: لَا يُتَّقَ. لَا تُتَّقَ. لَا اُتَّقَ. لَا نُتَّقَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِيَا. لَا يَتَّقُوْا. لَا تَتَّقِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُتَّقَيَا. لَا يُتَّقَوْا. لَا تُتَّقَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَتَّقِيْنَ اور مجہول میں: لَا يُتَّقَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَّقًى: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُوْتَقَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مُتَّقَيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَّقًى بن گیا۔

مُتَّقَیَانِ . مُتَّقَیَاتٌ :۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

اصل مُـوْتَـقَیَـانِ. مُوْتَـقَیَـاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھرتاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مُتَّقَیَانِ. مُتَّقَیَاتٌ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

مُتَّقٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْتَقِیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھرتاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مُتَّقِیٌ بن گیا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرگیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو مُتَّقٍ بن گیا۔

مُتَّقِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْتَقِیَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھرتاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مُتَّقِیَانِ بن گیا۔

مُتَّقُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُـوْتَقِیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھرتاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مُتَّقِیُوْنَ بن گیا پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کوساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَّقُیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کوواؤ سے تبدیل کردیا تو مُتَّقُوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُتَّقُوْنَ بن گیا۔

مُتَّقِیَةٌ. مُتَّقِیَتَانِ. مُتَّقِیَاتٌ :۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُـوْتَـقِیَةٌ. مُـوْتَـقِیَتَـانِ. مُوْتَقِیَـاتٌ تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھرتاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث اسم مفعول

مُتَّقًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـوْتَـقَیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کوتاء کیا پھرتاء کا تاء میں ادغام کردیا تو مُـتَّـقَیٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَّقًی بن گیا۔

مُتَّقَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیَانِ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَانِ بن گیا۔

مُتَّقَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَّقَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَّقَوْنَ بن گیا۔

مُتَّقَاۃٌ. مُتَّقَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیَۃٌ. مُوْتَقَیَتَانِ. تھے۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَۃٌ. مُتَّقَیَتَانِ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَّقَاۃٌ. مُتَّقَاتَانِ بن گئے۔

مُتَّقَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوْتَقَیَاتٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 4 کے مطابق واؤ کو تاء کیا پھر تاء کا تاء میں ادغام کر دیا تو مُتَّقَیَاتٌ بن گیا۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِیْفَاءُ (پورا پورا حق لینا)

اِسْتِیْفَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِسْتِفْعَالٌ۔

اصل میں اِسْتِوْفَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِیْفَایٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِیْفَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَوْفٰی :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِسْتِفْعَالٌ.

اصل میں اِسْتَوْفَیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کردیا تو اِسْتَوْفٰی بن گیا۔

اِسْتَوْفَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِسْتَوْفَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِسْتَوْفَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِسْتَوْفَوْا بن گیا۔

اِسْتَوْفَتْ. اِسْتَوْفَتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِسْتَوْفَیَتْ. اِسْتَوْفَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِسْتَوْفَتْ . اِسْتَوْفَتَا بن گئے۔

اِسْتَوْفَیْنَ. اِسْتَوْفَیْتَ. اِسْتَوْفَیْتُمَا. اِسْتَوْفَیْتُمْ. اِسْتَوْفَیْتِ. اِسْتَوْفَیْتُمَا. اِسْتَوْفَیْتُنَّ. اِسْتَوْفَیْتُ. اِسْتَوْفَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُوْفِیَ. اُسْتُوْفِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُسْتُوْفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُسْتُوْفِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُسْتُوْفُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یائے ساکنہ کو واو سے تبدیل کردیا تو اُسْتُوْفُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُسْتُوْفُوْا بن گیا۔

اُسْتُوْفِیَتْ. اُسْتُوْفِیَتَا. اُسْتُوْفِیْنَ. اُسْتُوْفِیْتَ. اُسْتُوْفِیْتُمَا. اُسْتُوْفِیْتُمْ. اُسْتُوْفِیْتِ. اُسْتُوْفِیْتُمَا. اُسْتُوْفِیْتُنَّ. اُسْتُوْفِیْتُ. اُسْتُوْفِیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَوْفِیْ. تَسْتَوْفِیْ. اَسْتَوْفِیْ. نَسْتَوْفِیْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَوْفِیُ. تَسْتَوْفِیُ. اَسْتَوْفِیُ. نَسْتَوْفِیُ تھے معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَسْتَوْفِیْ. تَسْتَوْفِیْ. اَسْتَوْفِیْ. نَسْتَوْفِیْ بن گئے۔

یَسْتَوْفِیَانِ. تَسْتَوْفِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَسْتَوْفُوْنَ. تَسْتَوْفُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَوْفِیُوْنَ. تَسْتَوْفِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَسْتَوْفُیْوْنَ. تَسْتَوْفُیْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَسْتَوْفُوْنَ. تَسْتَوْفُوْنَ بن گئے ۔

یَسْتَوْفِیْنَ. تَسْتَوْفِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَسْتَوْفِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَوْفِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَسْتَوْفِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَوْفٰی. تُسْتَوْفٰی. اُسْتَوْفٰی. نُسْتَوْفٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَوْفَیُ. تُسْتَوْفَیُ. اُسْتَوْفَیُ. نُسْتَوْفَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسْتَوْفٰی. تُسْتَوْفٰی. اُسْتَوْفٰی. نُسْتَوْفٰی بن گئے۔

یُسْتَوْفَیَانِ. تُسْتَوْفَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُسْتَوْفَوْنَ. تُسْتَوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَوْفَیُوْنَ. تُسْتَوْفَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ

سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسْتَـوْفَـاوْنَ. تُسْتَـوْفَـاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُسْتَوْفَوْنَ. تُسْتَوْفَوْنَ بن گئے۔

یُسْتَوْفَیْنَ. تُسْتَوْفَیْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسْتَوْفَیْنَ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَـوْفَیِـیْـنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُسْتَوْفَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَـمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوْفِ. لَمْ تَسْتَوْفِ. لَمْ اَسْتَوْفِ. لَمْ نَسْتَوْفِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوْفَ. لَمْ تُسْتَوْفَ. لَمْ اُسْتَوْفَ. لَمْ نُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوْفِیَا. لَمْ یَسْتَوْفُوْا. لَمْ تَسْتَوْفِیَا. لَمْ تَسْتَوْفُوْا. لَمْ تَسْتَوْفِیْ. لَمْ تَسْتَوْفِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوْفَیَا. لَمْ یُسْتَوْفَوْا. لَمْ تُسْتَوْفَیَا. لَمْ تُسْتَوْفَوْا. لَمْ تُسْتَوْفَیْ.. لَمْ تُسْتَوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوْفِیْنَ. لَمْ تَسْتَوْفِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوْفَیْنَ. لَمْ تُسْتَوْفَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَـنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوْفِیَ. لَنْ تَسْتَوْفِیَ. لَنْ اَسْتَوْفِیَ. لَنْ نَّسْتَوْفِیَ .

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوْفٰی. لَنْ تُسْتَوْفٰی. لَنْ اُسْتَوْفٰی. لَنْ نُّسْتَوْفٰی .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں :لَنْ یَّسْتَوْفِیَا. لَنْ یَّسْتَوْفُوْا. لَنْ تَسْتَوْفِیَا. لَنْ تَسْتَوْفُوْا. لَنْ تَسْتَوْفِیْ . لَنْ تَسْتَوْفِیَا .

اور مجہول میں :لَنْ یُّسْتَوْفَیَا. لَنْ یُّسْتَوْفَوْا. لَنْ تُسْتَوْفَیَا. لَنْ تُسْتَوْفَوْا. لَنْ تُسْتَوْفَیْ . لَنْ تُسْتَوْفَیَا.

جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔ جیسے معروف میں :لَنْ یَّسْتَوْفِیْنَ. لَنْ تَسْتَوْفِیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوْفَیْنَ. لَنْ تُسْتَوْفَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوْفِیَنَّ. لَتَسْتَوْفِیَنَّ. لَاَسْتَوْفِیَنَّ. لَنَسْتَوْفِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَسْتَوْفِیَنْ. لَتَسْتَوْفِیَنْ. لَاَ سْتَوْفِیَنْ: لَنَسْتَوْفِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَوْفَیَنَّ. لَتُسْتَوْفَیَنَّ. لَاُ سْتَوْفَیَنَّ. لَنُسْتَوْفَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَوْفَیَنْ. لَتُسْتَوْفَیَنْ. لَاُسْتَوْفَیَنْ. لَنُسْتَوْفَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں :لَیَسْتَوْفُنَّ. لَتَسْتَوْفُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں :لَیَسْتَوْفُنْ. لَتَسْتَوْفُنْ .

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں :لَیُسْتَوْفَوُنَّ. لَتُسْتَوْفَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں :لَیُسْتَوْفَوُنْ. لَتُسْتَوْفَوُنْ

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَوْفِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَوْفِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں :لَتُسْتَوْفَیِنَّ اور نون

تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَوْفِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوْفِیَانِّ . لَتَسْتَوْفِیَانِّ . لَیَسْتَوْفِیْنَانِّ . لَتَسْتَوْفِیَانِّ . لَتَسْتَوْفِیْنَانِّ . اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُسْتَوْفَیَانِّ . لَتُسْتَوْفَیَانِّ . لَیُسْتَوْفَیْنَانِّ . لَتُسْتَوْفَیَانِّ . لَتُسْتَوْفَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَوْفِ:۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوْفِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِسْتَوْفِ بن گیا۔

اِسْتَوْفِیَا:۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوْفِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَوْفِیَا بن گیا۔

اِسْتَوْفُوْا:۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوْفُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو اِسْتَوْفُوْا بن گیا۔

اِسْتَوْفِیْ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوْفِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَوْفِیْ بن گیا۔

اِسْتَوْفِیْنَ:۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوْفِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَوْفِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسْتَوْفٰی سے لِتُسْتَوْفَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسْتَوْفَیَا. لِتُسْتَوْفَوْا. لِتُسْتَوْفَیْ. لِتُسْتَوْفَیَا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَوْفَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَوْفِ. لِتَسْتَوْفِ. لِاَ سْتَوْفِ. لِنَسْتَوْفِ.

اور مجہول میں: لِیُسْتَوْفَ. لِتُسْتَوْفَ. لِاُ سْتَوْفَ. لِنُسْتَوْفَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے

معروف میں: لِیَسْتَوْفِیَا. لِیَسْتَوْفُوْا. لِتَسْتَوْفِیَا.

اور مجہول میں: لِیُسْتَوْفَیَا. لِیُسْتَوْفَوْا. لِتُسْتَوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَوْفِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُسْتَوْفَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَسْتَوْفِ. اور مجہول میں: لاَ تُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوْفِيَا. لَا تَسْتَوْفُوْا. لَا تَسْتَوْفِيْ. لَا تَسْتَوْفِيَا. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوْفَيَا. لَا تُسْتَوْفَوْا. لَا تُسْتَوْفَيْ. لَا تُسْتَوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوْفَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَوْفِ. لَا تَسْتَوْفِ. لَا اَسْتَوْفِ. لَا نَسْتَوْفِ.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَوْفَ. لَا تُسْتَوْفَ. لَا اُسْتَوْفَ. لَا نُسْتَوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر غائب وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَوْفِيَا. لَا يَسْتَوْفُوْا. لَا تَسْتَوْفِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَوْفَيَا. لَا يُسْتَوْفَوْا. لَا تُسْتَوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُسْتَوْفَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَوْفًى: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَوْفَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَوْفًى بن گیا۔

مُسْتَوْفَيَانِ. مُسْتَوْفَيَاتٌ: صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہے۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَوْفٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَوْفِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُسْتَوْفٍ بن گیا۔

مُسْتَوْفِیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہیں۔

مُسْتَوْفُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَوْفِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُسْتَوْفُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوْفُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسْتَوْفُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوْفِیَةٌ. مُسْتَوْفِیَتَانِ. مُسْتَوْفِیَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَوْفًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوْفَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَوْفًی بن گیا۔

مُسْتَوْفَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوْفَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا مُسْتَوْفَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَوْفَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوْفَاةٌ. مُسْتَوْفَاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوْفَیَةٌ. مُسْتَوْفَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوْفَاةٌ. مُسْتَوْفَاتَانِ بن گئے۔

مُسْتَوْفَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول۔

۔ اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْعَالٌ

جیسے اَلْاِیْفَاءُ (وعدہ پورا کرنا)

اِیْفَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب اِفْعَالٌ

اصل میں اِوْفَایٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو اِیْفَایٌ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِیْفَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اَوْفٰی :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب افعال.

اصل میں اَوْفَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اَوْفٰی بن گیا۔

اَوْفَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اَوْفَوْا : صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اَوْفَیُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَوْفَوْا بن گیا۔

اَوْفَتْ. اَوْفَتَا:صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اَوْفَیَتْ. اَوْفَیَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَوْفَتْ . اَوْفَتَا بن گئے۔

اَوْفَيْنَ. اَوْفَيْتَ. اَوْفَيْتُمَا. اَوْفَيْتُمْ. اَوْفَيْتِ. اَوْفَيْتُمَا. اَوْفَيْتُنَّ. اَوْفَيْتُ. اَوْفَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُوْفِيَ. اُوْفِيَا : صیغہ واحد وتثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُوْفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُوْفِيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 مطابق کے یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُوْفِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُوْفُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُوْفُوْا بن گیا۔

اُوْفِيَتْ. اُوْفِيَتَا. اُوْفِيْنَ. اُوْفِيْتَ. اُوْفِيْتُمَا. اُوْفِيْتُمْ. اُوْفِيْتِ. اُوْفِيْتُمَا. اُوْفِيْتُنَّ. اُوْفِيْتُ. اُوْفِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُوْفِيْ. تُوْفِيْ. اُوْفِيْ. نُوْفِيْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوْفِيُ. تُوْفِيُ. اُوْفِيُ. نُوْفِيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يُوْفِيْ. تُوْفِيْ. اُوْفِيْ. نُوْفِيْ بن گئے۔

يُوْفِيَانِ. تُوْفِيَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوْفُوْنَ. تُوْفُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوْفِيُوْنَ. تُوْفِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يُوْفِيُوْنَ. تُوْفِيُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يُوْفُوْنَ. تُوْفُوْنَ بن گئے۔

یُوْفِیْنَ.. تُوْفِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْفِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر

اصل میں تُوْفِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُوْفِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوْفٰی. تُوْفٰی. اُوْفٰی. نُوْفٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوْفَیُ. تُوْفَیُ. اُوْفَیُ. نُوْفَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوْفٰی. تُوْفٰی. اُوْفٰی. نُوْفٰی بن گئے۔

یُوْفَیَانِ. تُوْفَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوْفَوْنَ. تُوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوْفَیُوْنَ. تُوْفَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوْفَاوْنَ. تُوْفَاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُوْفَوْنَ. تُوْفَوْنَ بن گئے۔

یُوْفَیْنَ. تُوْفَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوْفَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوْفَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوْفَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔جس کی

وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُوْفِ. لَمْ تُوْفِ. لَمْ اُوْفِ. لَمْ نُوْفِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُوْفَ. لَمْ تُوْفَ. لَمْ اُوْفَ. لَمْ نُوْفَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُوْفِيَا. لَمْ يُوْفُوْا. لَمْ تُوْفِيَا. لَمْ تُوْفُوْا. لَمْ تُوْفِیْ. لَمْ تُوْفِيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُوْفَيَا. لَمْ يُوْفَوْا. لَمْ تُوْفَيَا. لَمْ تُوْفَوْا. لَمْ تُوْفَیْ. لَمْ تُوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث وغائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يُوْفِيْنَ. لَمْ تُوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُوْفَيْنَ. لَمْ تُوْفَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّوْفِيَ. لَنْ تُوْفِيَ. لَنْ اُوْفِيَ. لَنْ نُّوْفِيَ.

اور مجہول میں: لَنْ يُّوْفٰى. لَنْ تُوْفٰى. لَنْ اُوْفٰى. لَنْ نُّوْفٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُّوْفِيَا. لَنْ يُّوْفُوْا. لَنْ تُوْفِيَا. لَنْ تُوْفُوْا. لَنْ تُوْفِیْ. لَنْ تُوْفِيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّوْفَيَا. لَنْ يُّوْفَوْا. لَنْ تُوْفَيَا. لَنْ تُوْفَوْا. لَنْ تُوْفَیْ. لَنْ تُوْفَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يُّوْفِيْنَ. لَنْ تُوْفِيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّوْفَيْنَ. لَنْ تُوْفَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں

گے۔فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْفِیَنَّ. لَتُوْفِیَنَّ. لَاُوْفِیَنَّ. لَنُوْفِیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوْفِیَنْ. لَتُوْفِیَنْ. لَاُوْفِیَنْ. لَنُوْفِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْفَیَنَّ. لَتُوْفَیَنَّ. لَاُوْفَیَنَّ. لَنُوْفَیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْفَیَنْ. لَتُوْفَیَنْ. لَاُوْفَیَنْ. لَنُوْفَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْفُنَّ. لَتُوْفُنَّ اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوْفُنْ. لَتُوْفُنْ .

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوْفَوُنَّ. لَتُوْفَوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوْفَوُنْ. لَتُوْفَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوْفِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوْفِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوْفَیِنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوْفَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوْفِیَانِّ . لَتُوْفِیَانِّ . لَیُوْفِیْنَانِّ . لَتُوْفِیَانِّ . لَتُوْفِیْنَانِّ . اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوْفَیَانِّ . لَتُوْفَیَانِّ . لَیُوْفَیْنَانِّ . لَتُوْفَیَانِّ . لَتُوْفَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

اَوْفِ:۔صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفِیْ (جواصل میں تُؤَوْفِیُ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو اَوْفِ بن گیا۔

اَوْفِیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُـوْفِیَـانِ (جو اصل میں تُـوَوْفِیَـانِ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَوْفِیَا بن گیا۔

اَوْفُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفُوْنَ (جو اصل میں تُوَوْفُوْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو اَوْفُوْا بن گیا۔

اَوْفِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوْفِیْنَ (جو اصل میں تُوَوْفِیْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اَوْفِیْ بن گیا۔

اَوْفِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُـوْفِیْنَ (جو اصل میں تُـوَوْفِیْنَ تھا) سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو اَوْفِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُـوْفٰـی سے لِتُوْفَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُـوْفَیَا. لِتُوْفَوْا. لِتُوْفَیْ. لِتُوْفَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوْفَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب، واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُوْفِ. لِتُوْفِ. لِأُوْفِ. لِنُوْفِ.

اور مجہول میں: لِیُوْفَ. لِتُوْفَ. لِأُوْفَ. لِنُوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیُوْفِیَا. لِیُوْفُوْا. لِتُوْفِیَا اور مجہول میں: لِیُوْفَیَا. لِیُوْفَوْا. لِتُوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیُوْفِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُوْفَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوْفِ. اور مجہول میں: لَا تُوْفَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تُوْفِیَا. لَا تُوْفُوْا. لَا تُوْفِیْ. لَا تُوْفِیَا. اور مجہول میں: لَا تُوْفَیَا. لَا تُوْفَوْا. لَا تُوْفَیْ. لَا تُوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُوْفِیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوْفَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُوْفِ. لَا تُوْفِ. لَا أُوْفِ. لَا نُوْفِ.

اور مجہول میں: لَا یُوْفَ. لَا تُوْفَ. لَا أُوْفَ. لَا نُوْفَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یُوْفِیَا. لَا یُوْفُوْا. لَا تُوْفِیَا.

اور مجہول میں: لاَ یُوْفَیَا. لاَ یُوْفَوْا. لاَ تُوْفَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یُوْفِیْنَ اور مجہول میں: لاَ یُوْفَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُوْفًی:۔ صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُوْفَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا ۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوْفًی بن گیا۔

مُوْفَیَانِ . مُوْفَیَاتٌ:۔ صیغہ تثنیہ و جمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُوْفٍ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوْفِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُوْفٍ بن گیا۔

مُوْفِیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُوْفُوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُوْفِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوْفُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوْفُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُوْفُوْنَ بن گیا۔

مُوْفِیَةٌ. مُوْفِیَتَانِ. مُوْفِیَاتٌ:۔ صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُوْفًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُـوْفَـیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُوْفًی بن گیا۔

مُوْفَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُوْفَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُـوْفَیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُـوْفَـاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُوْفَوْنَ بن گیا۔

مُوْفَاۃٌ. مُوْفَاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ اسم مفعول۔

اصل میں مُوْفَیَۃٌ. مُوْفَیَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُـوْفَـاۃٌ. مُوْفَاتَانِ بن گئے۔

مُوْفَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفْعِیْلٌ

جیسے: اَلتَّوْلِیَۃُ (دوست بنانا)

اَلتَّوْلِیَۃُ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفْعِیْلٌ اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَلّــــی :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفْعِیْلٌ۔

اصل میں وَلّـیَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَلّی بن گیا۔

وَلَّيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

وَلَّوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وَلَّيُــوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وَلَّوْا بن گیا۔

وَلَّتْ. وَلَّتَا: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں وَلَّيَــتْ. وَلَّيَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو وَلَّتْ. وَلَّتَا بن گئے۔

وَلَّيْنَ. وَلَّيْتَ. وَلَّيْتُمَا. وَلَّيْتُمْ. وَلَّيْتِ. وَلَّيْتُمَا. وَلَّيْتُنَّ. وَلَّيْتُ. وَلَّيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُلِّيَ. وُلِّيَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں ۔

وُلُّوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وُلِّيُوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وُلُّيْوا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وُلُّوْوا بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو وُلُّوْا بن گیا۔

وُلِّيَتْ. وُلِّيَتَا. وُلِّيْنَ. وُلِّيْتَ. وُلِّيْتُمَا. وُلِّيْتُمْ. وُلِّيْتِ. وُلِّيْتُمَا. وُلِّيْتُنَّ. وُلِّيْتُ. وُلِّيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يُوَلِّيْ. تُوَلِّيْ. اُوَلِّيْ. نُوَلِّيْ:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يُوَلِّيُ. تُوَلِّيُ. اُوَلِّيُ. نُوَلِّيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يُوَلِّيْ. تُوَلِّيْ. اُوَلِّيْ. نُوَلِّيْ بن گئے۔

یُوَلِّیَانِ. تُوَلِّیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوَلُّوْنَ. تُوَلُّوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُـوَلِّیُوْنَ. تُوَلِّیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یُـوَلُّیْـوْنَ. تُوَلُّیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یُوَلُّوْنَ. تُوَلُّوْنَ بن گئے ۔

یُوَلِّیْنَ. تُوَلِّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَلِّیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُـوَلِّیِـیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُوَلِّیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُوَلّٰی. تُوَلّٰی. اُوَلّٰی. نُوَلّٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُـوَلَّـیُ. تُوَلَّیُ. اُوَلَّیُ. نُوَلَّیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوَلّٰی. تُوَلّٰی. اُوَلّٰی. نُوَلّٰی بن گئے۔

یُوَلَّیَانِ. تُوَلَّیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوَلَّوْنَ. تُوَلَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُـوَلَّـیُوْنَ. تُوَلَّیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُوَلَّاوْنَ. تُوَلَّاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُوَلَّوْنَ. تُوَلَّوْنَ بن گئے۔

یُوَلَّیْنَ. تُوَلَّیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَلَّيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوَلَّيَيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوَلَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يُوَلِّ. لَمْ تُوَلِّ. لَمْ أُوَلِّ. لَمْ نُوَلِّ.

اور مجہول میں: لَمْ يُوَلَّ. لَمْ تُوَلَّ. لَمْ أُوَلَّ. لَمْ نُوَلَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَمْ يُوَلِّيَا. لَمْ يُوَلُّوْا. لَمْ تُوَلِّيَا. لَمْ تُوَلُّوْا.لَمْ تُوَلِّيْ . لَمْ تُوَلِّيَا .

اور مجہول میں: لَمْ يُوَلَّيَا. لَمْ يُوَلَّوْا. لَمْ تُوَلَّيَا. لَمْ تُوَلَّوْا.لَمْ تُوَلَّيْ . لَمْ تُوَلَّيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔جیسے معروف میں: لَمْ يُوَلِّيْنَ. لَمْ تُوَلِّيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُوَلَّيْنَ. لَمْ تُوَلَّيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يُوَلِّيَ. لَنْ تُوَلِّيَ. لَنْ أُوَلِّيَ. لَنْ نُوَلِّيَ .

اور مجہول میں:لَنْ يُوَلّٰى. لَنْ تُوَلّٰى. لَنْ أُوَلّٰى. لَنْ نُوَلّٰى .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لَنْ يُوَلِّيَا. لَنْ يُوَلُّوْا. لَنْ تُوَلِّيَا. لَنْ تُوَلُّوْا . لَنْ تُوَلِّيْ . لَنْ تُوَلِّيَا .

اور مجہول میں:لَنْ یُوَلَّیَا. لَنْ یُوَلَّوْا. لَنْ تُوَلَّیَا. لَنْ تُوَلَّوْا. لَنْ تُوَلَّیْ . لَنْ تُوَلَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔

جیسے معروف میں:لَنْ یُوَلِّیْنَ. لَنْ تُوَلِّیْنَ . اور مجہول میں: لَنْ یُوَلَّیْنَ. لَنْ تُوَلَّیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَلِّیَنَّ. لَتُوَلِّیَنَّ. لَاُوَلِّیَنَّ. لَنُوَلِّیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوَلِّیَنْ. لَتُوَلِّیَنْ. لَاُ وَلِّیَنْ. لَنُوَلِّیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَلَّیَنَّ. لَتُوَلَّیَنَّ. لَاُوَلَّیَنَّ. لَنُوَلَّیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَلَّیَنْ. لَتُوَلَّیَنْ. لَاُوَلَّیَنْ. لَنُوَلَّیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیُوَلُّنَّ. لَتُوَلُّنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں:لَیُوَلُّنْ. لَتُوَلُّنْ.

مجہول کے ان صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَلَّوُنَّ. لَتُوَلَّوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں:لَیُوَلَّوُنْ. لَتُوَلَّوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوَلِّنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوَلِّنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں:لَتُوَلَّیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوَلَّیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں:لَیُوَلِّیَانِّ . لَتُوَلِّیَانِّ . لَیُوَلِّیْنَانِّ . لَتُوَلِّیَانِّ . لَتُوَلِّیْنَانِّ . اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوَلَّیَانِّ . لَتُوَلَّیَانِّ . لَیُوَلَّیْنَانِّ . لَتُوَلَّیَانِّ . لَتُوَلَّیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

وَلِّ :۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیْ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے حرف علت گرادیا تو وَلِّ بن گیا۔

وَلِّیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف، تُوَلِّیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَلِّیَا بن گئے۔

وَلُّوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلُّوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو وَلُّوْا بن گیا۔

وَلِّیْ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَلِّیْ بن گیا۔

وَلِّیْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَلِّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو وَلِّیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُوَلّٰی سے لِتُوَلَّ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُوَلَّیَا. لِتُوَلَّوْا. لِتُوَلَّیْ. لِتُوَلَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُوَلَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُوَلِّ. لِتُوَلِّ. لِأُوَلِّ. لِنُوَلِّ.

اور مجہول میں: لِيُوَلَّ. لِتُوَلَّ. لِأُوَلَّ. لِنُوَلَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِيُوَلِّيَا. لِيُوَلُّوْا. لِتُوَلِّيَا اور مجہول میں: لِيُوَلَّيَا. لِيُوَلَّوْا. لِتُوَلَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيُوَلِّيْنَ. اور مجہول میں: لِيُوَلَّيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوَلِّ. اور مجہول میں: لَا تُوَلَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تُوَلِّيَا. لَا تُوَلُّوْا. لَا تُوَلِّيْ. لَا تُوَلِّيَا. اور مجہول میں: لَا تُوَلَّيَا. لَا تُوَلَّوْا. لَا تُوَلَّيْ. لَا تُوَلَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُوَلِّيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوَلَّيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یُوَلِّ. لاَ تُوَلِّ . لاَ اُوَلِّ. لاَ نُوَلِّ.

اور مجہول میں: لاَ یُوَلَّ. لاَ تُوَلَّ . لاَ اُوَلَّ. لاَ نُوَلَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لاَ یُوَلِّیَا. لاَ یُوَلُّوْا. لاَ تُوَلِّیَا.

اور مجہول میں: لاَ یُوَلَّیَا. لاَ یُوَلَّوْا. لاَ تُوَلَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یُوَلِّیْنَ . اور مجہول میں: لاَ یُوَلَّیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُوَلًّی: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُـوَلَّـیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَلًّی بن گیا۔

مُوَلَّیَانِ . مُوَلَّیَاتٌ: ۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُوَلٍّ : ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوَلِّیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیرِ حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُوَلٍّ بن گیا۔

مُوَلِّیَانِ : ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُوَلُّوْنَ : ۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُوَلِّیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوَلُّیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوَلُّوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُوَلُّوْنَ بن گیا۔

مُوَلِّيَۃٌ. مُوَلِّيَتَانِ. مُوَلِّيَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُوَلًّی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَلَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَلًّی بن گیا۔

مُوَلَّيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُوَلَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوَلَّيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُوَلَّاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُوَلَّوْنَ بن گیا۔

مُوَلَّاۃٌ. مُوَلَّاتَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُوَلَّيَۃٌ. مُوَلَّيَتَانِ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُوَلَّاۃٌ. مُوَلَّاتَانِ بن گئے۔

مُوَلَّيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب مُفَاعَلَۃٌ

جیسے اَلْمُوَالاۃُ (دوستی کرنا)

مُوَالَاۃٌ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب مُفَاعَلَۃٌ۔

اصل میں مُوَالَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُوَالَاۃٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

وَالٰی:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں وَالَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو وَالٰی بن گیا۔

وَالَیَا:۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

وَالَوْا:۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وَالَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وَالَوْا بن گیا۔

وَالَتْ. وَالَتَا:۔ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں وَالَیَتْ. وَالَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو وَالَتْ. وَالَتَا بن گئے۔

وَالَیْنَ. وَالَیْتَ. وَالَیْتُمَا. وَالَیْتُمْ. وَالَیْتِ. وَالَیْتُمَا. وَالَیْتُنَّ. وَالَیْتُ. وَالَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

وُوْلِیَ. وُوْلِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں وُالِیَ. وُالِیَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو وُوْلِیَ. وُوْلِیَا بن گئے۔

وُوْلُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں وُالِیُـوْا تھا۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کوواوٴ سے تبدیل کر دیا تو وُوْلِیُـوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو وُوْلِیُـوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کوواوٴ سے تبدیل کر دیا تو وُوْلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واوٴ گرادی تو وُوْلُوْا بن گیا۔

وُوْلِیَتْ. وُوْلِیَتَا. وُوْلِیْنَ. وُوْلِیْتَ. وُوْلِیْتُمَا. وُوْلِیْتُمْ. وُوْلِیْتِ. وُوْلِیْتُمَا. وُوْلِیْتُنَّ. وُوْلِیْتُ. وُوْلِیْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں وُالِیَتْ. وُالِیَتَا. وُالِیْنَ. وُالِیْتَ. وُالِیْتُمَا. وُالِیْتُمْ. وُالِیْتِ. وُالِیْتُمَا. وُالِیْتُنَّ. وُالِیْتُ. وُالِیْنَا. تھے۔معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کوواوٴ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یُوَالِیْ. تُوَالِیْ. اُوَالِیْ. نُوَالِیْ :۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُوَالِیُ. تُـوَالِیُ. اُوَالِیُ. نُوَالِیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یُـوَالِیْ. تُوَالِیْ. اُوَالِیْ. نُوَالِیْ بن گئے۔

یُوَالِیَانِ. تُوَالِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُوَالُوْنَ. تُوَالُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُوَالِیُوْنَ. تُوَالِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یُـوَالُیُوْنَ. تُوَالُیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کوواوٴ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واوٴ گرادی تو یُوَالُوْنَ. تُوَالُوْنَ بن گئے۔

یُوَالِیْنَ. تُوَالِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَالِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُـوَالِیِیْـنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تُوَالِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُوَالٰى. تُوَالٰى. اُوَالٰى. نُوَالٰى:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُوَالَيُ. تُوَالَيُ. اُوَالَيُ. نُوَالَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُوَالٰى. تُوَالٰى. اُوَالٰى. نُوَالٰى بن گئے۔

يُوَالَيَانِ. تُوَالَيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُوَالَوْنَ. تُوَالَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُوَالَيُوْنَ. تُوَالَيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُوَالَاوْنَ. تُوَالَاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُوَالَوْنَ. تُوَالَوْنَ بن گئے ۔

يُوَالَيْنَ. تُوَالَيْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوَالَيْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُوَالَيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا۔ پھر اجتماع ساکنین علیٰ غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُوَالَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ. يُوَالِ. لَمْ تُوَالِ. لَمْ اُوَالِ. لَمْ نُوَالِ.

اور مجہول میں: لَمْ. يُوَالَ. لَمْ تُوَالَ. لَمْ اُوَالَ. لَمْ نُوَالَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یُوَالِیَا. لَمْ یُوَالُوْا. لَمْ تُوَالِیَا. لَمْ تُوَالُوْا. لَمْ تُوَالِیْ. لَمْ تُوَالِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُوَالَیَا. لَمْ یُوَالَوْا. لَمْ تُوَالَیَا. لَمْ تُوَالَوْا. لَمْ تُوَالَیْ. لَمْ تُوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یُوَالِیْنَ. لَمْ تُوَالِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُوَالَیْنَ. لَمْ تُوَالَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُّوَالِیَ. لَنْ تُوَالِیَ. لَنْ اُوَالِیَ. لَنْ نُّوَالِیَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّوَالٰی. لَنْ تُوَالٰی. لَنْ اُوَالٰی. لَنْ نُّوَالٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یُّوَالِیَا. لَنْ یُّوَالُوْا. لَنْ تُوَالِیَا. لَنْ تُوَالُوْا. لَنْ تُوَالِیْ. لَنْ تُوَالِیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّوَالَیَا. لَنْ یُّوَالَوْا. لَنْ تُوَالَیَا. لَنْ تُوَالَوْا. لَنْ تُوَالَیْ. لَنْ تُوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یُّوَالِیْنَ. لَنْ تُوَالِیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّوَالَیْنَ. لَنْ تُوَالَیْنَ

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہو گئی تھی اسے فتحہ دیں گے اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَالِیَنَّ. لَتُوَالِیَنَّ. لَاُوَالِیَنَّ. لَنُوَالِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوَالِیَنْ. لَتُوَالِیَنْ. لَاُوَالِیَنْ. لَنُوَالِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَالَیَنَّ. لَتُوَالَیَنَّ. لَأُوَالَیَنَّ. لَنُوَالَیَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَالَیَنْ. لَتُوَالَیَنْ. لَأُوَالَیَنْ. لَنُوَالَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَالُنَّ. لَتُوَالُنَّ اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیُوَالُنْ. لَتُوَالُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُوَالَوُنَّ. لَتُوَالَوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُوَالَوُنْ. لَتُوَالَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نونِ تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتُوَالِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتُوَالِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُوَالَیِنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُوَالَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر کے) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیُوَالِیَانِّ . لَتُوَالِیَانِّ . لَیُوَالِیْنَانِّ . لَتُوَالِیْنَانِّ . اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُوَالَیَانِّ . لَتُوَالَیَانِّ . لَیُوَالَیْنَانِّ . لَتُوَالَیَانِّ . لَتُوَالَیْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

وَالِ:۔ صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَالِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے حرف علت گرادیا تو وَالِ بن گیا۔

وَالِیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَالِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَالِیَا بن گیا۔

وَالُوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تُوَالُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَالُوْا بن گیا۔

وَالِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف وَالِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔آخر سے نون اعرابی گرادیا تو وَالِیْ بن گیا۔

وَالِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تُـوَالِیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو وَالِیْنَ بن گیا۔صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے: تُوَالٰی سے لِتُوَالَ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے:لِتُـوَالَیَا. لِتُـوَالَوْا. لِتُوَالَیْ. لِتُوَالَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے:لِتُوَالَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لِیُوَالِ. لِتُوَالِ. لِأُوَالِ. لِنُوَالِ.

اورمجہول میں:لِیُوَالَ. لِتُوَالَ. لِأُوَالَ. لِنُوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیُوَالِیَا. لِیُوَالُوْا. لِتُوَالِیَا اور مجہول میں:لِیُوَالَیَا. لِیُوَالَوْا. لِتُوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا ۔

جیسے معروف میں:لِیُوَالِیْنَ. اور مجہول میں:لِیُوَالَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوَالِ. اور مجہول میں: لَا تُوَالَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر،واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تُوَالِيَا. لَا تُوَالُوْا. لَا تُوَالِيْ. لَا تُوَالِيَا. اور مجہول میں: لَا تُوَالَيَا. لَا تُوَالَوْا. لَا تُوَالَيْ. لَا تُوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تُوَالِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُوَالَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوَالِ. لَا تُوَالِ. لَا أُوَالِ. لَا نُوَالِ.

اور مجہول میں: لَا يُوَالَ. لَا تُوَالَ. لَا أُوَالَ. لَا نُوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوَالِيَا. لَا يُوَالُوْا. لَا تُوَالِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُوَالَيَا. لَا يُوَالَوْا. لَا تُوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يُوَالِيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُوَالَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُوَالًى:۔ صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُوَالَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُوَالًی بن گیا۔

مُوَالَیَانِ . مُوَالَیَاتٌ:۔ صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُوَالٍ :۔ صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُوَالِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُوَالٍ بن گیا۔

مُوَالِیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُوَالُوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُوَالِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُوَالْیُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُوَالُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُوَالُوْنَ بن گیا۔

مُوَالِیَةٌ. مُوَالِیَتَانِ. مُوَالِیَاتٌ:۔ صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُوَالًی :۔ صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُوَالَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُوَالًی بن گیا۔

مُوَالَیَانِ :۔ صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُوَالَوْنَ :۔ صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُوَالَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُوَالَاْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُوَالَوْنَ بن گیا۔

مُوَالاۃٌ. مُوَالاَ تَانِ: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُوَالَیَۃٌ. مُوَالَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کردیا تو مُوَالاَ ۃٌ. مُوَالاَ تَانِ بن گئے۔

مُوَالَیَاتٌ: ۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تفعُّلٌ

جیسے: اَلتَّوَقِّیْ (بچنا)

تَوَقِّی: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَعُّلٌ .

اصل میں تَوَقُّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کیا تو تَوَقِّیٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرادیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو تَوَقٍّ بن گیا۔

نوٹ: مصدر پر الف لام داخل ہونے کی صورت میں یاء کے بجائے تنوین گر جائے گی جیسے اَلتَّوَقِّیْ .

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَوَقّٰی: ۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تفعل.

اصل میں تَوَقَّیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَوَقّٰی بن گیا۔

تَوَقَّیَا: ۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

تَوَقَّوْا: ۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تَوَقَّیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَوَقَّوْا بن گیا۔

تَوَقَّتْ. تَوَقَّتَا: صیغہ واحد وتثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تَوَقَّیَتْ. تَوَقَّیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَوَقَّتْ. تَوَقَّتَا بن گئے۔

تَوَقَّيْنَ. تَوَقَّيْتَ. تَوَقَّيْتُمَا. تَوَقَّيْتُمْ. تَوَقَّيْتِ. تَوَقَّيْتُمَا. تَوَقَّيْتُنَّ. تَوَقَّيْتُ. تَوَقَّيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُوُقِّيَ. تُوُقِّيَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُوُقُّوْا :۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تُـوُقِّيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو تُوُقُّيْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُقُّوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو تُوُقُّوْا بن گیا۔

تُوُقِّيَتْ. تُوُقِّيَتَا. تُوُقِّيْنَ. تُوُقِّيْتَ. تُوُقِّيْتُمَا. تُوُقِّيْتُمْ. تُوُقِّيْتِ. تُوُقِّيْتُمَا. تُوُقِّيْتُنَّ. تُوُقِّيْتُ. تُوُقِّيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَوَقّٰى. تَتَوَقّٰى. اَتَوَقّٰى. نَتَوَقّٰى:۔ صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَتَوَقَّيُ. تَتَوَقَّيُ. اَتَوَقَّيُ. نَتَوَقَّيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يَتَوَقّٰى. تَتَوَقّٰى. اَتَوَقّٰى. نَتَوَقّٰى بن گئے۔

يَتَوَقَّيَانِ. تَتَوَقَّيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَتَوَقَّوْنَ. تَتَوَقَّوْنَ:۔ صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں يَتَـوَقَّيُـوْنَ. تَتَوَقَّيُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو يَتَـوَقَّـاوْنَ. تَتَـوَقَّـاوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو يَتَـوَقَّـوْنَ. تَتَوَقَّوْنَ بن گئے۔

يَتَوَقَّيْنَ. تَتَوَقَّيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَوَقَّيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَوَقَّيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَوَقَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

يُتَوَقّٰى. تُتَوَقّٰى. اُتَوَقّٰى. نُتَوَقّٰى:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يُتَوَقَّيُ. تُتَوَقَّيُ. اُتَوَقَّيُ. نُتَوَقَّيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَوَقّٰى. تُتَوَقّٰى. اُتَوَقّٰى. نُتَوَقّٰى بن گئے۔

يُتَوَقَّيَانِ تُتَوَقَّيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يُتَوَقَّوْنَ. تُتَوَقَّوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يُتَوَقَّيُوْنَ. تُتَوَقَّيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو يُتَوَقَّاوْنَ. تُتَوَقَّاوْنَ بن گئے۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو يُتَوَقَّوْنَ. تُتَوَقَّوْنَ بن گئے۔

يُتَوَقَّيْنَ. تُتَوَقَّيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُتَوَقَّيْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَوَقَّيِيْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کوالف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُتَوَقَّيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی

وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَوَقَّ. لَمْ تَتَوَقَّ. لَمْ اَتَوَقَّ. لَمْ نَتَوَقَّ.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَوَقَّ. لَمْ تُتَوَقَّ. لَمْ اُتَوَقَّ. لَمْ نُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَوَقَّيَا. لَمْ يَتَوَقَّوْا. لَمْ تَتَوَقَّيَا. لَمْ تَتَوَقَّوْا. لَمْ تَتَوَقَّيْ. لَمْ تَتَوَقَّيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَوَقَّيَا. لَمْ يُتَوَقَّوْا. لَمْ تُتَوَقَّيَا. لَمْ تُتَوَقَّوْا. لَمْ تُتَوَقَّيْ. لَمْ تُتَوَقَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَتَوَقَّيْنَ. لَمْ تَتَوَقَّيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُتَوَقَّيْنَ. لَمْ تُتَوَقَّيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَوَقّٰى. لَنْ تَتَوَقّٰى. لَنْ اَتَوَقّٰى. لَنْ نَّتَوَقّٰى.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَوَقّٰى. لَنْ تُتَوَقّٰى. لَنْ اُتَوَقّٰى. لَنْ نُّتَوَقّٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَوَقَّيَا. لَنْ يَّتَوَقَّوْا. لَنْ تَتَوَقَّيَا. لَنْ تَتَوَقَّوْا. لَنْ تَتَوَقَّيْ. لَنْ تَتَوَقَّيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَوَقَّيَا. لَنْ يُّتَوَقَّوْا. لَنْ تُتَوَقَّيَا. لَنْ تُتَوَقَّوْا. لَنْ تُتَوَقَّيْ. لَنْ تُتَوَقَّيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَوَقَّيْنَ. لَنْ تَتَوَقَّيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّتَوَقَّيْنَ. لَنْ تُتَوَقَّيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں

گے۔معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب،واحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے تبدیل ہوگئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَوَقَّيَنَّ. لَتَتَوَقَّيَنَّ. لَاَتَوَقَّيَنَّ. لَنَتَوَقَّيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَوَقَّيَنْ. لَتَتَوَقَّيَنْ. لَاَ تَوَقَّيَنْ. لَنَتَوَقَّيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَوَقَّيَنَّ. لَتُتَوَقَّيَنَّ. لَاُتَوَقَّيَنَّ. لَنُتَوَقَّيَنَّ.

اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَوَقَّيَنْ. لَتُتَوَقَّيَنْ. لَاُ تَوَقَّيَنْ. لَنُتَوَقَّيَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَوَقَّوُنَّ. لَتَتَوَقَّوُنَّ اورنون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَوَقَّوُنْ. لَتَتَوَقَّوُنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَوَقَّوُنَّ. لَتُتَوَقَّوُنَّ. اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَوَقَّوُنْ. لَتُتَوَقَّوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَوَقَّيِنَّ. اورنون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَوَقَّيِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُتَوَقَّيِنَّ اورنون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَوَقَّيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دوجمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَوَقَّيَانِّ . لَتَتَوَقَّيَانِّ. لَيَتَوَقَّيْنَانِّ . لَتَتَوَقَّيَانِّ ، لَتَتَوَقَّيْنَانِّ . اورنون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَوَقَّيَانِّ . لَتُتَوَقَّيَانِّ . لَيُتَوَقَّيْنَانِّ . لَتُتَوَقَّيَانِّ . لَتُتَوَقَّيْنَانِّ .

بحث فعل امر حاضر معروف

تَوَقَّ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقّٰى سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔بعد والا حرف متحرک ہے۔آخر سے حرف علت گرادیا تو تَوَقَّ بن گیا۔

تَوَقَّيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَوَقَّيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔بعد والا حرف متحرک ہے آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَقَّيَا بن گیا۔

تَوَقَّوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَقَّـوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَقَّوْا بن گیا۔

تَوَقَّیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَقَّیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَقَّیْ بن گیا۔

تَوَقَّیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَقَّـیْـنَ سے اس طرح بنایا کہ علامتِ مضارع گرادی۔ بعد والاحرف متحرک ہے۔ تو تَوَقَّیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کوفعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَـوَقّٰـی سے لِتُتَوَقَّ. چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر' واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَـوَقَّیَا. لِتُتَوَقَّوْا. لِتُتَوَقَّیْ. لِتُتَوَقَّیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَوَقَّیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَوَقَّ. لِتَتَوَقَّ. لِاَ تَوَقَّ. لِنَتَوَقَّ .

اور مجہول میں: لِیُتَوَقَّ. لِتُتَوَقَّ. لِاُ تَوَقَّ. لِنُتَوَقَّ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف

میں: لِیَتَوَقَّیَا. لِیَتَوَقَّوْا. لِتَتَوَقَّیَا اور مجہول میں: لِیُتَوَقَّیَا. لِیُتَوَقَّوْا. لِتُتَوَقَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَتَوَقَّیْنَ. اور مجہول میں: لِیُتَوَقَّیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَتَوَقَّ. اور مجہول میں: لاَ تُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نونِ اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لاَ تَتَوَقَّیَا. لاَ تَتَوَقَّوْا. لاَ تَتَوَقَّیْ. لاَ تَتَوَقَّیَا. اور مجہول میں: لاَ تُتَوَقَّیَا. لاَ تُتَوَقَّوْا. لاَ تُتَوَقَّیْ. لاَ تُتَوَقَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ تَتَوَقَّیْنَ. اور مجہول میں: لاَ تُتَوَقَّیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَتَوَقَّ. لاَ تَتَوَقَّ. لاَ اَتَوَقَّ. لاَ نَتَوَقَّ.

اور مجہول میں: لاَ یُتَوَقَّ. لاَ تُتَوَقَّ. لاَ اُتَوَقَّ. لاَ نُتَوَقَّ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَتَوَقَّیَا. لاَ یَتَوَقَّوْا. لاَ تَتَوَقَّیَا اور مجہول میں: لاَ یُتَوَقَّیَا. لاَ یُتَوَقَّوْا. لاَ تُتَوَقَّیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لاَ یَتَوَقَّیْنَ. اور مجہول میں: لاَ یُتَوَقَّیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَوَقًّی:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُتَوَقَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَقًّی بن گیا۔

مُتَوَقَّیَانِ . مُتَوَقَّیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُتَوَقٍّ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَقِّیٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرگئی تو مُتَوَقٍّ بن گیا۔

مُتَوَقِّیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَقُّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَقِّیُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَوَقُّیْوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُتَوَقُّوْوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُتَوَقُّوْنَ بن گیا۔

مُتَوَقِّیَةٌ. مُتَوَقِّیَتَانِ. مُتَوَقِّیَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُتَوَقًّی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَقَّیٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَقًّی بن گیا۔

مُتَوَقَّیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَقَّوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَقَّيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَوَقَّاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَوَقَّوْنَ بن گیا۔

مُتَوَقَّاةٌ. مُتَوَقَّاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَقَّيَةٌ. مُتَوَقَّيَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُتَوَقَّاةٌ. مُتَوَقَّاتَانِ بن گئے۔

مُتَوَقَّيَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَاعُلٌ جیسے اَلتَّوَالِيُ (پے در پے کرنا)

تَوَالِي : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی بے ہمزہ وصل لفیف مفروق از باب تَفَاعُلٌ.

اصل میں تَوَالُيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 16 کے مطابق یاء کے ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو تَوَالِيٌ بن گیا۔ یاء پر ضمہ ثقیل تھا اسے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو تَوَالٍ بن گیا۔

نوٹ: مصدر پر الف لام داخل ہونے کی صورت میں جب تنوین گر جائے گی تو اَلتَّوَالِيُ بن جائے گا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

تَوَالٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں تَوَالَيَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تَوَالٰی بن گیا۔

تَوَالَيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب۔

اپنی اصل پر ہے۔

تَوَالَوْا:۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تَوَالَيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل

کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَوَالَوْا بن گیا۔

تَوَالَتْ. تَوَالَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں تَوَالَيَتْ. تَوَالَيَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تَوَالَتْ. تَوَالَتَا بن گئے۔

تَوَالَيْنَ. تَوَالَيْتَ. تَوَالَيْتُمَا. تَوَالَيْتُمْ. تَوَالَيْتِ. تَوَالَيْتُمَا. تَوَالَيْتُنَّ. تَوَالَيْتُ. تَوَالَيْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

تُوُوْلِيَ. تُوُوْلِيَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

اصل میں تُوَالِيَ. تُوَالِيَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُوْلِيَ. تُوُوْلِيَا بن گئے۔

تُوُوْلُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں تُوَالِيُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُوْلِيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو تُوُوْلْيُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو تُوُوْلُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو تُوُوْلُوْا بن گیا۔

تُوُوْلِيَتْ. تُوُوْلِيَتَا. تُوُوْلِيْنَ. تُوُوْلِيْتَ. تُوُوْلِيْتُمَا. تُوُوْلِيْتُمْ. تُوُوْلِيْتِ. تُوُوْلِيْتُمَا. تُوُوْلِيْتُنَّ. تُوُوْلِيْتُ. تُوُوْلِيْنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

اصل میں تُوَالِيَتْ. تُوَالِيَتَا. تُوَالِيْنَ. تُوَالِيْتَ. تُوَالِيْتُمَا. تُوَالِيْتُمْ. تُوَالِيْتِ. تُوَالِيْتُمَا. تُوَالِيْتُنَّ. تُوَالِيْتُ. تُوَالِيْنَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَتَوَالَى. تَتَوَالَى. اَتَوَالَى. نَتَوَالَى:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر و واحد و جمع متکلم۔

اصل میں يَتَوَالَيُ. تَتَوَالَيُ. اَتَوَالَيُ. نَتَوَالَيُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے

کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یَتَوَالٰی. تَتَوَالٰی. اَتَوَالٰی. نَتَوَالٰی بن گئے۔

یَتَوَالَیَانِ. تَتَوَالَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَتَوَالَوْنَ. تَتَوَالَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَتَوَالَیُوْنَ. تَتَوَالَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یَتَوَالاَوْنَ. تَتَوَالاَوْنَ بن گئے۔پھراجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یَتَوَالَوْنَ. تَتَوَالَوْنَ بن گئے۔

یَتَوَالَیْنَ. تَتَوَالَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَتَوَالَیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَتَوَالَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھراجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تَتَوَالَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُتَوَالٰی. تُتَوَالٰی. اُتَوَالٰی. نُتَوَالٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُتَوَالَیُ. تُتَوَالَیُ. اُتَوَالَیُ. نُتَوَالَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُتَوَالٰی. تُتَوَالٰی. اُتَوَالٰی. نُتَوَالٰی بن گئے۔

یُتَوَالَیَانِ. تُتَوَالَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُتَوَالَوْنَ. تُتَوَالَوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُتَوَالَیُوْنَ. تُتَوَالَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُتَوَالاَوْنَ. تُتَوَالاَوْنَ بن گئے۔پھراجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُتَوَالَوْنَ. تُتَوَالَوْنَ بن گئے۔

يُتَوَالَيْنَ. تُتَوَالَيْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُتَوَالَيْنَ:۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُتَوَالَيِيْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تُتَوَالَيْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ. يَتَوَالَ. لَمْ تَتَوَالَ. لَمْ اَتَوَالَ. لَمْ نَتَوَالَ.

اور مجہول میں: لَمْ. يُتَوَالَ. لَمْ تُتَوَالَ. لَمْ اُتَوَالَ. لَمْ نُتَوَالَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَتَوَالَيَا. لَمْ يَتَوَالَوْا. لَمْ تَتَوَالَيَا. لَمْ تَتَوَالَوْا. لَمْ تَتَوَالَيْ. لَمْ تَتَوَالَيَا.

اور مجہول میں: لَمْ يُتَوَالَيَا. لَمْ يُتَوَالَوْا. لَمْ تُتَوَالَيَا. لَمْ تُتَوَالَوْا. لَمْ تُتَوَالَيْ. لَمْ تُتَوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ يَتَوَالَيْنَ. لَمْ تَتَوَالَيْنَ. اور مجہول میں: لَمْ يُتَوَالَيْنَ. لَمْ تُتَوَالَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَتَوَالٰى. لَنْ تَتَوَالٰى. لَنْ اَتَوَالٰى. لَنْ نَتَوَالٰى.

اور مجہول میں: لَنْ يُتَوَالٰى. لَنْ تُتَوَالٰى. لَنْ اُتَوَالٰى. لَنْ نُتَوَالٰى.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَوَالَيَا. لَنْ يَّتَوَالَوْا. لَنْ تَتَوَالَيَا. لَنْ تَتَوَالَوْا. لَنْ تَتَوَالَىْ. لَنْ تَتَوَالَيَا.

اور مجہول میں: لَنْ يُّتَوَالَيَا. لَنْ يُّتَوَالَوْا. لَنْ تُتَوَالَيَا. لَنْ تُتَوَالَوْا. لَنْ تُتَوَالَىْ. لَنْ تُتَوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّتَوَالَيْنَ. لَنْ تَتَوَالَيْنَ. اور مجہول میں: لَنْ يُّتَوَالَيْنَ. لَنْ تُتَوَالَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف ومجہول کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَوَالَيَنَّ. لَتَتَوَالَيَنَّ. لَأَتَوَالَيَنَّ. لَنَتَوَالَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَوَالَيَنْ. لَتَتَوَالَيَنْ. لَأَتَوَالَيَنْ. لَنَتَوَالَيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَوَالَيَنَّ. لَتُتَوَالَيَنَّ. لَأُتَوَالَيَنَّ. لَنُتَوَالَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَوَالَيَنْ. لَتُتَوَالَيَنْ. لَأُتَوَالَيَنْ. لَنُتَوَالَيَنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَوَالَوُنَّ. لَتَتَوَالَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَتَوَالَوُنْ. لَتَتَوَالَوُنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَوَالَوُنَّ. لَتُتَوَالَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُتَوَالَوُنْ. لَتُتَوَالَوُنْ.

معروف ومجہول کے صیغہ واحد مؤنث حاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَتَوَالَيِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَتَوَالَيِنْ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَتُتَوَالَيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُتَوَالَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَتَوَالَيَانِّ. لَتَتَوَالَيَانِّ. لَيَتَوَالَيْنَانِّ. لَتَتَوَالَيَانِّ. لَتَتَوَالَيْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُتَوَالَيَانِّ. لَتُتَوَالَيَانِّ. لَيُتَوَالَيْنَانِّ. لَتُتَوَالَيَانِّ. لَتُتَوَالَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

تَوَالَ :۔ صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَالٰـى سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے حرف علت گرادیا تو تَوَالَ بن گیا۔

تَوَالَيَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَالَيَـانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَالَيَا بن گیا۔

تَوَالَوْا :۔ صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَالَـوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَالَوْا بن گیا۔

تَوَالَيْ :۔ صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَالَيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے۔ آخر سے نون اعرابی گرادیا تو تَوَالَيْ بن گیا۔

تَوَالَيْنَ :۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَتَـوَالَيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف متحرک ہے تو تَوَالَيْنَ بن گیا۔ صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُتَـوَالٰـى سے لِتُتَـوَالَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُتَـوَالَيَـا. لِتُتَـوَالَـوْا. لِتُتَوَالَيْ. لِتُتَوَالَيَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُتَوَالَيْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَوَالَ. لِتَتَوَالَ. لِأَتَوَالَ. لِنَتَوَالَ.

اور مجہول میں: لِيُتَوَالَ. لِتُتَوَالَ. لِأُتَوَالَ. لِنُتَوَالَ.

معروف و مجہول کے تین صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر و تثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِيَتَوَالَيَا. لِيَتَوَالَوْا. لِتَتَوَالَيَا اور مجہول میں: لِيُتَوَالَيَا. لِيُتَوَالَوْا. لِتُتَوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَتَوَالَيْنَ. اور مجہول میں: لِيُتَوَالَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَوَالَ. اور مجہول میں: لَا تُتَوَالَ.

معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر' واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَتَوَالَيَا. لَا تَتَوَالَوْا. لَا تَتَوَالَيْ. لَا تَتَوَالَيَا. اور مجہول میں: لَا تُتَوَالَيَا. لَا تُتَوَالَوْا. لَا تُتَوَالَيْ. لَا تُتَوَالَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَتَوَالَيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُتَوَالَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف و مجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر و مؤنث غائب' واحد و جمع متکلم) کے آخر سے حرف علت الف

گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا یَتَوَالَ. لَا تَتَوَالَ. لَا اَتَوَالَ. لَا نَتَوَالَ.

اور مجہول میں: لَا یُتَوَالَ. لَا تُتَوَالَ. لَا اُتَوَالَ. لَا نُتَوَالَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف: لَا یَتَوَالَیَا. لَا یَتَوَالَوْا. لَا تَتَوَالَیَا.

اور مجہول میں: لَا یُتَوَالَیَا. لَا یُتَوَالَوْا. لَا تُتَوَالَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَتَوَالَیْنَ. اور مجہول میں: لَا یُتَوَالَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مُتَوَالًی:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُتَوَالَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُتَوَالًی بن گیا۔

مُتَوَالَیَانِ. مُتَوَالَیَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُتَوَالٍ:۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَالِیٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گر گئی تو مُتَوَالٍ بن گیا۔

مُتَوَالِیَانِ:۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَالُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُتَوَالِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُتَوَالُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُتَوَالُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُتَوَالُوْنَ بن گیا۔

مُتَوَالِيَةٌ. مُتَوَالِيَتَانِ. مُتَوَالِيَاتٌ:۔صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُتَوَالًى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَالَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَالًی بن گیا۔

مُتَوَالَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُتَوَالَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَالَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُتَوَالَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُتَوَالَوْنَ بن گیا۔

مُتَوَالَاةٌ. مُتَوَالَاتَانِ: صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُتَوَالَیَةٌ. مُتَوَالَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُتَوَالَاةٌ. مُتَوَالَاتَانِ بن گئے۔

مُتَوَالَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

صرف کبیر ثلاثی مجرد لفیف مقرون از باب ضَرَبَ .یَضْرِبُ. جیسے اَلطَّیُّ (لپیٹنا)

طَیٌّ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مجرد لفیف مقرون از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ .

اصل میں طَوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طَیٌّ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

طَوٰی: صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں طَوَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو طَوٰی بن گیا۔

طَوَیَا: صیغہ تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف اپنی اصل پر ہے۔

طَوَوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں طَوَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو طَوَاوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طَوَوْا بن گیا۔

طَوَتْ: صیغہ واحد مؤنث غائب۔

اصل میں طَـوَیَـتْ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو طَوَاتْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طَوَتْ بن گیا۔

طَوَتَا: صیغہ تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں طَوَیَتَا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو طَوَاتَا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا۔ تو طَوَتَا بن گیا۔

طَـوَیْنَ. طَوَیْتَ. طَوَیْتُمَا. طَوَیْتُمْ. طَوَیْتِ. طَوَیْتُمَا. طَوَیْتُنَّ. طَوَیْتُ . طَوَیْنَا : صیغہائے جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

طُوِیَ. طُوِیَا: صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

طُوُوْا: صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں طُـوِیُـوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو

طُوِیُوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واوَ سے بدلا تو طُوُوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے واوَ گرادی تو طُوْا بن گیا۔

طُوِیَتْ. طُوِیَتَا. طُوِیْنَ. طُوِیْتَ. طُوِیْتُمَا. طُوِیْتُمْ. طُوِیْتِ. طُوِیْتُمَا. طُوِیْتُنَّ. طُوِیْتُ. طُوِیْنَا: صیغہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث غائب، واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث حاضر، واحد و جمع متکلم. تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَطْوِیْ. تَطْوِیْ. اَطْوِیْ. نَطْوِیْ.

اصل میں یَطْوِیُ. تَطْوِیُ. اَطْوِیُ. نَطْوِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَطْوِیْ. تَطْوِیْ. اَطْوِیْ. نَطْوِیْ بن گئے۔

یَطْوِیَانِ . تَطْوِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَطْوُوْنَ. تَطْوُوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یَطْوِیُوْنَ. تَطْوِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَطْوُیْوْنَ. تَطْوُیْوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واوَ سے بدلا تو یَطْوُوْوْنَ تَطْوُوْوْنَ بن گئے۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واوَ گرادی تو یَطْوُوْنَ. تَطْوُوْنَ بن گئے۔

یَطْوِیْنَ. تَطْوِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب و حاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَطْوِیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَطْوِیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا تو تَطْوِیْیْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَطْوِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُطْوٰی. تُطْوٰی. اُطْوٰی. نُطْوٰی.

اصل میں یُطْوَیُ. تُطْوَیُ. اُطْوَیُ. نُطْوَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدلا تو یُطْوٰی. تُطْوٰی. اُطْوٰی. نُطْوٰی بن گئے۔

یُطْوَیَانِ . تُطْوَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُطْوَوْنَ. تُطْوَوْنَ: صیغہ جمع مذکر غائب و حاضر۔

اصل میں یُطْوَیُوْنَ. تُطْوَیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف

سے بدلا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو یُطْوَوْنَ. تُطْوَوْنَ بن گئے۔

یُطْوَیْنَ. تُطْوَیْنَ: صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُطْوَیْنَ: صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُطْوَیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو تُطْوَایْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو تُطْوَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَطْوِ. لَمْ تَطْوِ. لَمْ اَطْوِ. لَمْ نَطْوِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُطْوَ. لَمْ تُطْوَ. لَمْ اُطْوَ. لَمْ نُطْوَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَطْوِیَا. لَمْ یَطْوُوْا. لَمْ تَطْوِیَا. لَمْ تَطْوُوْا. لَمْ تَطْوِیْ. لَمْ تَطْوِیَا.

اور مجہول میں: لَمْ یُطْوَیَا لَمْ یُطْوَوْا. لَمْ تُطْوَیَا. لَمْ تُطْوَوْا. لَمْ تُطْوَیْ. لَمْ تُطْوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَمْ یَطْوِیْنَ. لَمْ تَطْوِیْنَ. اور مجہول میں: لَمْ یُطْوَیْنَ. لَمْ تُطْوَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگا دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّطْوِیَ. لَنْ تَطْوِیَ. لَنْ اَطْوِیَ. لَنْ نَّطْوِیَ.

اور مجہول میں: لَنْ یُّطْوٰی. لَنْ تُطْوٰی. لَنْ اُطْوٰی. لَنْ نُّطْوٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّطْوِیَا. لَنْ یَّطْوُوْا. لَنْ تَطْوِیَا. لَنْ تَطْوُوْا. لَنْ تَطْوِیْ. لَنْ تَطْوِیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُطْوَیَا. لَنْ یُطْوَوْا. لَنْ تُطْوَیَا. لَنْ تُطْوَوْا. لَنْ تُطْوَیْ. لَنْ تُطْوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَطْوِیْنَ. لَنْ تَطْوِیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُطْوَیْنَ. لَنْ تُطْوَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں گے۔ فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں جو یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ سے پہلے اس یاء کو فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَطْوِیَنَّ. لَتَطْوِیَنَّ. لَاَطْوِیَنَّ. لَنَطْوِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَطْوِیَنْ. لَتَطْوِیَنْ. لَاَطْوِیَنْ. لَنَطْوِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُطْوَیَنَّ. لَتُطْوَیَنَّ. لَاُطْوَیَنَّ. لَنُطْوَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُطْوَیَنْ. لَتُطْوَیَنْ. لَاُطْوَیَنْ. لَنُطْوَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَطْوُنَّ. لَتَطْوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَطْوُنْ. لَتَطْوُنْ.

مجہول کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُطْوَوُنَّ. لَتُطْوَوُنَّ. اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُطْوَوُنْ. لَتُطْوَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَطْوِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَطْوِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُطْوَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُطْوَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَطْوِیَانِّ. لَتَطْوِیَانِّ. لَیَطْوِیْنَانِّ. لَتَطْوِیَانِّ. لَتَطْوِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَیُطْوَیَانِّ. لَتُطْوَیَانِّ. لَیُطْوَیْنَانِّ. لَتُطْوَیَانِّ. لَتُطْوَیْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِطْوِ: صیغہ واحد مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِطْوِ بن گیا۔

اِطْوِیَا: صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْوِیَا بن گیا۔

اِطْوُوْا: صیغہ جمع مذکر حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسب سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْوُوْا بن گیا۔

اِطْوِیْ: صیغہ واحد مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِطْوِیْ بن گیا۔

اِطْوِیْنَ: صیغہ جمع مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَطْوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِطْوِیْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُطْوٰی سے لِتُطْوَ. چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُطْوَیَا. لِتُطْوَوْا. لِتُطْوَیْ. لِتُطْوَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُطْوَیْنَ.

بحث فعل امر غائب و متکلم معروف و مجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب و متکلم معروف و مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَطْوِ. لِتَطْوِ. لِأَطْوِ. لِنَطْوِ۔

اور مجہول میں: لِيُطْوَ. لِتُطْوَ. لِأُطْوَ. لِنُطْوَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) جیسے معروف میں: لِيَطْوِيَا. لِيَطْوُوْا. لِتَطْوِيَا اور مجہول میں: لِيُطْوَيَا. لِيُطْوَوْا. لِتُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَطْوِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُطْوَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَطْوِ. اور مجہول میں: لَا تُطْوَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَطْوِيَا. لَا تَطْوُوْا. لَا تَطْوِیْ. لَا تَطْوِيَا. اور مجہول میں: لَا تُطْوَيَا. لَا تُطْوَوْا. لَا تُطْوَیْ. لَا تُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَطْوِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُطْوَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَطْوِ. لَا تَطْوِ. لَا أَطْوِ. لَا نَطْوِ.

اور مجہول میں: لَا يُطْوَ. لَا تُطْوَ. لَا أُطْوَ. لَا نُطْوَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَطْوِيَا. لَا يَطْوُوْا. لَا تَطْوِيَا اور مجہول میں: لَا يُطْوَيَا. لَا يُطْوَوْا. لَا تُطْوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَطْوِیْنَ . اور مجہول میں: لَا یُطْوَیْنَ.

بحث اسم ظرف

مَطْوًی: صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مَطْوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مَطْوَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مَطْوًی بن گیا۔

مَطْوَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم ظرف اپنی اصل پر ہے۔

مَطَاوٍ: صیغہ جمع اسم ظرف۔

اصل میں مَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَطَاوٍ بن گیا۔

مُطَیٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم ظرف۔

اصل میں مُطَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مُطَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کردیا تو مُطَیٌّ بن گیا۔

بحث اسم آلہ صغریٰ

مِطْوًی: صیغہ واحد اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مِطْوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو مِطْوَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مِطْوًی بن گیا۔

مِطْوَیَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ صغریٰ اپنی اصل پر ہے۔

مَطَاوٍ: صیغہ جمع اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کے وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَطَاوٍ بن گیا۔

مُطَیٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ صغریٰ۔

اصل میں مُطَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مُطَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کردیا تو مُطَیٌّ بن گیا۔

بحث اسم آلہ وسطٰی

مِطْوَاۃٌ: صیغہ واحد اسم آلہ وسطٰی۔

اصل میں مِطْوَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِطْوَاۃٌ بن گیا۔

مِطْوَاتَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ وسطٰی۔

اصل میں مِطْوَیَتَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو مِطْوَاتَانِ بن گیا۔

مَطَاوٍ: صیغہ جمع اسم آلہ وسطٰی۔

اصل میں مَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو مَطَاوٍ بن گیا۔

مُطَیَّۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ وسطٰی۔

اصل میں مُطَیْوِیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو مُطَیِّیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کر دیا تو مُطَیَّۃٌ بن گیا۔

بحث اسم آلہ کبریٰ

مِطْوَاءٌ: صیغہ واحد اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِطْوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو مِطْوَاءٌ بن گیا۔

مِطْوَاءَانِ: صیغہ تثنیہ اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مِطْوَایَانِ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو مِطْوَاءَانِ بن گیا۔

مَطَاوِیُّ: صیغہ جمع اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مَطَاوِایُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مَطَاوِیُیُ بن گیا۔ پھر پہلی یاء کا دوسری میں ادغام کر دیا تو مَطَاوِیُّ بن گیا۔

مُطَیٌّ اور مُطَیَّۃٌ: صیغہ واحد مصغر اسم آلہ کبریٰ۔

اصل میں مُطَیْوَایٌ مُطَیْوَایَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق الف کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُطَیْوِیْیٌ اور مُطَیْوِیَۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء سے تبدیل کر دیا تو مُطَیْیِیْیٌ . مُطَیْیِیَۃٌ بن گئے۔ پھر پہلی یاء کا

دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُطَیِّیِيٌ . مُطَیِّیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مُطَیِّيٌ اور مُطَیِّیَۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 28 کے مطابق دوسری یائے مشدد کو نسیاً منسیا حذف کردیا تو مُطَيٌّ اور مُطَیَّۃٌ بن گئے۔

بحث اسم تفضیل مذکر

اَطْوٰی: صیغہ واحد مذکر اسم تفضیل۔

اصل میں اَطْوَیُ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو اَطْوٰی بن گیا۔

اَطْوَیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم تفضیل اپنی اصل پر ہے۔

اَطْوَوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم تفضیل۔

اصل میں اَطْوَیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو اَطْوَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اَطْوَوْنَ بن گیا۔

اَطَاوٍ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں اَطَاوِیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرادی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو اَطَاوٍ بن گیا۔

اُطَيٌّ: صیغہ واحد مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں اُطَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کرکے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو اُطَیِّيٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق دوسری یاء کو نسیاً منسیا حذف کردیا تو اُطَيٌّ بن گیا۔

بحث اسم تفضیل مؤنث

طِيّٰ. طِیَّیَانِ. طِیَّیَاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم تفضیل۔

اصل میں طُوْیٰ طُوْیَیَانِ. طُوْیَیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کرکے یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو طُيّٰ. طُیَّیَانِ. طُیَّیَاتٌ بن گئے۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کردیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

طُوًی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم تفضیل۔

اصل میں طُوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو طُوَانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو طُوًی بن گیا۔

طُوَیٰ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم تفضیل۔

اصل میں طُوَیْیٌ تھا۔ مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کا دوسری یاء میں ادغام کر دیا تو طُوَیّٰ بن گیا۔

بحث فعل تعجب

مَا اَطْوَاہُ : صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں مَا اَطْوَیَہٗ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مَا اَطْوَاہُ بن گیا۔

وَ اَطْوِ بِہٖ: صیغہ واحد مذکر فعل تعجب۔

اصل میں اَطْوِیْ بِہٖ تھا۔ امر کا صیغہ ہونے کی وجہ سے اگر چہ بمعنی ماضی کے ہے۔ آخر سے حرف علت یاء گرادی تو اَطْوِ بِہٖ بن گیا۔

طُوُوَ اور طُوُوَتْ : اصل میں طُوِیَ اور طُوِیَتْ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 12 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو طُوُوَ اور طُوُوَتْ بن گئے۔

بحث اسم فاعل

طَاوٍ: صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں طَاوِیٌ تھا یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا تو طَاوِیْنٌ ہو گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے حرف علت یاء گرادی تو طَاوٍ بن گیا۔

طَاوِیَانِ: صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

طَاوُوْنَ: صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں طَاوِیُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق واؤ کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو طَاوُیْوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے بدل دیا تو طَاوُوْوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک واؤ گرادی تو طَاوُوْنَ بن گیا۔

طُوَاۃٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طَوَیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو طَوَاۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 26 کے مطابق فاء کلمہ کو ضمہ دیا تو طُوَاۃٌ بن گیا۔

طُوَّاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُوَّایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو طُوَّاءٌ بن گیا۔

طُوًّی: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُــوَّیٌ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو طُوَّانْ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو طُوًّی بن گیا۔

طِيٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُـیٌّ بن گیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو طِيٌّ بن گیا۔

طُوَیَاءُ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

طِیَّانٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُوْیَانٌ تھا معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واو کو یاء کر کے یاء کا یاء میں ادغام کیا طُیَّانٌ بن گیا۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو طِیَّانٌ بن گیا۔

طِوَاءٌ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طِوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے بدل دیا تو طِوَاءٌ بن گیا۔

طُوِیٌّ یا طِوِیٌّ: صیغہ جمع مذکر مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُـوُوْیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُـوُیٌّ بن گیا۔ پھر معتل کے اسی قانون کے مطابق ماقبل ضمہ کو کسرہ سے تبدیل کر دیا تو طُوِیٌّ بن گیا۔ عین کلمہ کی مناسبت سے فاء کلمہ کو کسرہ دے کر پڑھنا بھی جائز ہے جیسے طِوِیٌّ

طُوَیٌّ: صیغہ واحد مذکر مصغر اسم فاعل۔

اصل میں طُوَیْوِیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کر دیا تو طُـوَیِّیٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیاً منسیاً حذف کر دیا تو طُوَیٌّ بن گیا۔

طَاوِیَۃٌ. طَاوِیَتَانِ. طَاوِیَاتٌ: صیغہ ہائے واحد و تثنیہ و جمع مؤنث سالم اسم فاعل تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

طَوَاءٍ: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طَـوَاوِیُ تھا معتل کے قانون نمبر 24 کے مطابق یاء گرا دی۔ غیر منصرف کا وزن ختم ہونے کی وجہ سے تنوین لوٹ آئی تو طَوَاوٍ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق واؤ کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو طَوَاءٍ بن گیا۔

طُوًّی: صیغہ جمع مؤنث مکسر اسم فاعل۔

اصل میں طُـوًّیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے بدل دیا تو طُوًّانٌ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو طُوًّی بن گیا۔

طُوَیَّۃٌ: صیغہ واحد مؤنث مصغر اسم فاعل۔

اصل میں طُـوَیْـوِیَۃٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق دوسری واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو طُـوَیِّیَۃٌ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 27 کے مطابق تیسری یاء کو نسیا منسیا حذف کردیا تو طُوَیَّۃٌ بن گیا۔

بحث اسم مفعول

مَطْوِیٌّ . مَّطْوِیَّانِ. مَطْوِیُّوْنَ. مَطْوِیَّۃٌ. مَّطْوِیَّتَانِ. مَطْوِیَّاتٌ: صیغہ واحد و تثنیہ و جمع مذکر و مؤنث سالم اسم مفعول۔

اصل میں مَطْوُوْیٌ. مَّـطْـوُوْیَانِ. مَطْوُوْیُوْنَ. مَطْوُوْیَۃٌ. مَّطْوُوْیَتَانِ. مَطْوُوْیَاتٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا۔ پھر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مَـطْـوُیٌّ .مَّـطْـوُیَّـانِ. مَطْوُیُّوْنَ. مَطْوُیَّۃٌ. مَّطْوُیَّتَانِ. مَطْوُیَّاتٌ بن گئے۔ پھر ماقبل ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا تو مذکورہ بالا صیغے بن گئے۔

مَطَاوِیٌّ: صیغہ جمع مذکر و مؤنث مکسر اسم مفعول۔

اصل میں مَـطَاوِوْیُ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مَـطَـاوِیْیُ بن گیا۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مَطَاوِیٌّ بن گیا۔

مُطَیٌّ. اور مُطَیَّۃٌ: صیغہ واحد مذکر و مؤنث مصغر اسم مفعول۔

اصل میں مُطَیْوِوْیٌ اور مُطَیْوِوْیَۃٌ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق واؤ کو یاء سے بدل دیا تو مُطَیْوِیْیٌ اور مُطَیْوِیْیَۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 14 کے مطابق واؤ کو یاء کیا پھر یاء کا یاء میں ادغام کردیا تو مُـطَـیِّـیْـیٌ اور مُـطَـیِّـیْـیَۃٌ بن گئے۔ پھر مضاعف کے قانون نمبر 1 کے مطابق پہلی یاء کو دوسری یاء میں ادغام کردیا تو مُـطَـیِّـیٌّ. اور مُـطَـیِّـیَّۃٌ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 28 کے مطابق دوسری یائے مشدد کو نسیا منسیا حذف کردیا تو مُطَیٌّ اور مُطَیَّۃٌ بن گئے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون ازباب اِفْتِعَالٌ جیسے اَلاِسْتِوَاءُ (ارادہ کرنا)

اِسْتِوَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون ازباب افتعال۔

اصل میں اِسْتِوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِوَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَوٰی:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَوَیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَوٰی بن گیا۔

اِسْتَوَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِسْتَوَوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِسْتَوَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَوَوْا بن گیا۔

اِسْتَوَتْ. اِسْتَوَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب ۔

اصل میں اِسْتَوَیَتْ. اِسْتَوَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو اِسْتَوَتْ. اِسْتَوَتَا بن گئے۔

اِسْتَوَیْنَ. اِسْتَوَیْتَ. اِسْتَوَیْتُمَا. اِسْتَوَیْتُمْ. اِسْتَوَیْتِ. اسْتَوَیْتُمَا. اِسْتَوَیْتُنَّ. اِسْتَوَیْتُ. اِسْتَوَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک۔

تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسْتُوِیَ. اُسْتُوِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُسْتُوُوْا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اُسْتُوِیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُسْتُوُیْوْا بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُسْتُوُوْوْا بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی

غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُسْتُوُوْا بن گیا۔

اُسْتُوِیَتْ. اُسْتُوِیَتَا. اُسْتُوِیْنَ. اُسْتُوِیْتَ. اُسْتُوِیْتُمَا. اُسْتُوِیْتُمْ. اُسْتُوِیْتِ. اُسْتُوِیْتُمَا. اُسْتُوِیْتُنَّ. اُسْتُوِیْتُ. اُسْتُوِیْنَا صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسْتَوِیْ. تَسْتَوِیْ. اَسْتَوِیْ. نَسْتَوِیْ:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یَسْتَوِیُ. تَسْتَوِیُ. اَسْتَوِیُ. نَسْتَوِیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَسْتَوِیْ. تَسْتَوِیْ. اَسْتَوِیْ. نَسْتَوِیْ بن گئے۔

یَسْتَوِیَانِ. تَسْتَوِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَسْتَوُوْنَ. تَسْتَوُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَوِیُوْنَ. تَسْتَوِیُوْنَ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَسْتَوُیُوْنَ. تَسْتَوُیُوْنَ بن گئے۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَسْتَوُوْنَ. تَسْتَوُوْنَ بن گئے۔

یَسْتَوِیْنَ. تَسْتَوِیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَسْتَوِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَوِیِیْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَسْتَوِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَوٰی. تُسْتَوٰی. اُسْتَوٰی. نُسْتَوٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَوَیُ. تُسْتَوَیُ. اُسْتَوَیُ. نُسْتَوَیُ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو یُسْتَوٰی. تُسْتَوٰی. اُسْتَوٰی. نُسْتَوٰی بن گئے۔

یُسْتَوَیَانِ. تُسْتَوَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُسْتَوَوْنَ. تُسْتَوَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَوَیُوْنَ. تُسْتَوَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُسْتَوَوْنَ. تُسْتَوَوْنَ بن گئے۔

یُسْتَوَیْنَ. تُسْتَوَیْنَ:۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسْتَوَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَوَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسْتَوَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بَلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوِ. لَمْ تَسْتَوِ. لَمْ اَسْتَوِ. لَمْ نَسْتَوِ.

اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوَ. لَمْ تُسْتَوَ. لَمْ اُسْتَوَ. لَمْ نُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گرجائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ یَسْتَوِیَا. لَمْ یَسْتَوُوْا. لَمْ تَسْتَوِیَا. لَمْ تَسْتَوُوْا.لَمْ تَسْتَوِیْ . لَمْ تَسْتَوِیَا .

اور مجہول میں:لَمْ یُسْتَوَیَا. لَمْ یُسْتَوَوْا. لَمْ تُسْتَوَیَا. لَمْ تُسْتَوَوْا. لَمْ تُسْتَوَیْ . لَمْ تُسْتَوَیَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں:لَمْ یَسْتَوِیْنَ. لَمْ تَسْتَوِیْنَ . اور مجہول میں: لَمْ یُسْتَوَیْنَ. لَمْ تُسْتَوَیْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بَلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوِیَ. لَنْ تَسْتَوِیَ. لَنْ اَسْتَوِیَ. لَنْ نَّسْتَوِیَ .

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوٰی. لَنْ تُسْتَوٰی. لَنْ اُسْتَوٰی. لَنْ نُّسْتَوٰی.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوِیَا. لَنْ یَّسْتَوُوْا. لَنْ تَسْتَوِیَا. لَنْ تَسْتَوُوْا. لَنْ تَسْتَوِیْ. لَنْ تَسْتَوِیَا.

اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوَیَا. لَنْ یُّسْتَوَوْا. لَنْ تُسْتَوَیَا. لَنْ تُسْتَوَوْا. لَنْ تُسْتَوَیْ. لَنْ تُسْتَوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ یَّسْتَوِیْنَ. لَنْ تَسْتَوِیْنَ. اور مجہول میں: لَنْ یُّسْتَوَیْنَ. لَنْ تُسْتَوَیْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگا دیں گے۔ معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد مذکر حاضر، واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہو گئی تھی نون تاکید سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوِیَنَّ. لَتَسْتَوِیَنَّ. لَاَسْتَوِیَنَّ. لَنَسْتَوِیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَسْتَوِیَنْ. لَتَسْتَوِیَنْ. لَاَسْتَوِیَنْ. لَنَسْتَوِیَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَوَیَنَّ. لَتُسْتَوَیَنَّ. لَاُسْتَوَیَنَّ. لَنُسْتَوَیَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَوَیَنْ. لَتُسْتَوَیَنْ. لَاُسْتَوَیَنْ. لَنُسْتَوَیَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوُنَّ. لَتَسْتَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَیَسْتَوُنْ. لَتَسْتَوُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَیُسْتَوَوُنَّ. لَتُسْتَوَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَیُسْتَوَوُنْ. لَتُسْتَوَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔ مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔ جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَوِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَوِنْ. جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُسْتَوَیِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَوَیِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر کے) کے آخر میں نون تاکید سے پہلے الف ہو گا جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَیَسْتَوِیَانِّ. لَتَسْتَوِیَانِّ. لَیَسْتَوِیْنَانِّ. لَتَسْتَوِیَانِّ. لَتَسْتَوِیْنَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ

مجہول میں لَيُسْتَوَيَانِّ . لَتُسْتَوَيَانِّ . لَيُسْتَوَيْنَانِّ. لَتُسْتَوَيَانِّ . لَتُسْتَوَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَوِ :۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِیْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِسْتَوِ بن گیا۔

اِسْتَوِيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِيَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَوِيَا بن گیا۔

اِسْتَوُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی کو گرادیا تو اِسْتَوُوْا بن گیا۔

اِسْتَوِیْ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَوِیْ بن گیا۔

اِسْتَوِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَوِيْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَوِيْنَ بن گیا۔ اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے: تُسْتَوٰی سے لِتُسْتَوَ. معروف و مجہول کے چار صیغوں (تثنیہ و جمع مذکر، واحد و تثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے: لِتُسْتَوَيَا. لِتُسْتَوَوْا. لِتُسْتَوَیْ. لِتُسْتَوَيَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے: لِتُسْتَوَيْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے ۔جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَوِ. لِتَسْتَوِ. لِاَسْتَوِ. لِنَسْتَوِ.

اور مجہول میں: لِیُسْتَوَ. لِتُسْتَوَ. لِاُسْتَوَ. لِنُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لِیَسْتَوِیَا. لِیَسْتَوُوْا. لِتَسْتَوِیَا اور مجہول میں: لِیُسْتَوَیَا. لِیُسْتَوَوْا. لِتُسْتَوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِیَسْتَوِیْنَ. اور مجہول میں: لِیُسْتَوَیْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوِ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوِیَا. لَا تَسْتَوُوْا. لَا تَسْتَوِیْ. لَا تَسْتَوِیَا. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوَیَا. لَا تُسْتَوَوْا. لَا تُسْتَوَیْ. لَا تُسْتَوَیَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَوِیْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَوَیْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگا دیں گے۔

جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا یَسْتَوِ. لَا تَسْتَوِ. لَا اَسْتَوِ. لَا نَسْتَوِ.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَوَ. لَا تُسْتَوَ. لَا أُسْتَوَ. لَا نُسْتَوَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَوِيَا. لَا يَسْتَوُوْا. لَا تَسْتَوِيَا اور مجہول میں: لَا يُسْتَوَيَا. لَا يُسْتَوَوْا. لَا تُسْتَوَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَوِيْنَ . اور مجہول میں: لَا يُسْتَوَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَوًى: ۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَوَيٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَوًى بن گیا۔

مُسْتَوَيَانِ . مُسْتَوَيَاتٌ: ۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَوٍ: ۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَـوِيٌ تھا۔ یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرا دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرا دی تو مُسْتَوٍ بن گیا۔

مُسْتَوِيَانِ: ۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَوُوْنَ: ۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَـوِيُوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کی حرکت اسے دی تو مُسْتَوْيُوْنَ بن گیا۔ پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوْوُوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دی تو مُسْتَوُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوِيَةٌ. مُسْتَوِيَتَانِ. مُسْتَوِيَاتٌ: ۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَوًی :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَوَیٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرا دیا تو مُسْتَوًی بن گیا۔

مُسْتَوَیَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَوَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَـوَیُـوْنَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَـوَاوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرا دیا تو مُسْتَوَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَوَاۃٌ. مُسْتَوَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَـوَیَۃٌ. مُسْتَوَیَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کر دیا تو مُسْتَوَاۃٌ. مُسْتَوَاتَانِ بن گئے۔

مُسْتَوَیَاتٌ:۔صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

☆☆☆☆☆

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِسْتِفْعَالٌ جیسے اَلْاِسْتِحْیَاءُ (شرم کرنا)

اِسْتِحْیَاءٌ : صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِسْتِفْعَالٌ۔

اصل میں اِسْتِحْیَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کر دیا تو اِسْتِحْیَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِسْتَحْیٰ:۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف۔

اصل میں اِسْتَـحْیَـیَ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِسْتَحْیٰ بن گیا۔

اِسْتَحْیَیَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِسۡتَحۡیَوۡا :۔صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِسۡتَحۡیَیُوۡا تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِسۡتَحۡیَوۡا بن گیا۔

اِسۡتَحۡیَتۡ. اِسۡتَحۡیَتَا:۔صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِسۡتَحۡیَیَتۡ. اِسۡتَحۡیَیَتَا تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِسۡتَحۡیَتۡ. اِسۡتَحۡیَتَا بن گئے۔

اِسۡتَحۡیَیۡنَ. اِسۡتَحۡیَیۡتَ. اِسۡتَحۡیَیۡتُمَا. اِسۡتَحۡیَیۡتُمۡ. اِسۡتَحۡیَیۡتِ. اِسۡتَحۡیَیۡتُمَا. اِسۡتَحۡیَیۡتُنَّ. اِسۡتَحۡیَیۡتُ. اِسۡتَحۡیَیۡنَا

صیغہ جمع مؤنث سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُسۡتُحۡیِیَ. اُسۡتُحۡیِیَا : صیغہ واحد و تثنیہ مذکر غائب فعل ماضی مجہول۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

اُسۡتُحۡیُوۡا :۔صیغہ جمع مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اصل میں اُسۡتُحۡیِیُوۡا تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو اُسۡتُحۡیُیۡوۡا بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کر دیا تو اُسۡتُحۡیُوۡوۡا ہوگیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو اُسۡتُحۡیُوۡا بن گیا۔

اُسۡتُحۡیِیَتۡ. اُسۡتُحۡیِیَتَا. اُسۡتُحۡیِیۡنَ. اُسۡتُحۡیِیۡتَ. اُسۡتُحۡیِیۡتُمَا. اُسۡتُحۡیِیۡتُمۡ. اُسۡتُحۡیِیۡتِ. اُسۡتُحۡیِیۡتُمَا. اُسۡتُحۡیِیۡتُنَّ. اُسۡتُحۡیِیۡتُ. اُسۡتُحۡیِیۡنَا.

صیغہ واحد مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

یَسۡتَحۡیِیۡ. تَسۡتَحۡیِیۡ. اَسۡتَحۡیِیۡ. نَسۡتَحۡیِیۡ:۔صیغہائے واحد مذکر و مؤنث غائب و واحد مذکر حاضر، واحد و جمع متکلم۔

اصل میں یَسۡتَحۡیِیُ. تَسۡتَحۡیِیُ. اَسۡتَحۡیِیُ. نَسۡتَحۡیِیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو یَسۡتَحۡیِیۡ. تَسۡتَحۡیِیۡ. اَسۡتَحۡیِیۡ. نَسۡتَحۡیِیۡ بن گئے۔

یَسۡتَحۡیِیَانِ. تَسۡتَحۡیِیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر و مؤنث غائب و حاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یَسْتَحْیُوْنَ. تَسْتَحْیُوْنَ:۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یَسْتَحْیِیُوْنَ. تَسْتَحْیِیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو یَسْتَحْیُیْوْنَ. تَسْتَحْیُیْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو یَسْتَحْیُوْنَ. تَسْتَحْیُوْنَ بن گئے ۔

یَسْتَحْیِیْنَ. تَسْتَحْیِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تَسْتَحْیِیْنَ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تَسْتَحْیِیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 2 کے مطابق یاء کو ساکن کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہٖ کی وجہ سے ایک یاء گرادی تو تَسْتَحْیِیْنَ بن گیا۔

بحث فعل مضارع مثبت مجہول

یُسْتَحْیٰی. تُسْتَحْیٰی. اُسْتَحْیٰی. نُسْتَحْیٰی:۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم۔

اصل میں یُسْتَحْیَیُ. تُسْتَحْیَیُ. اُسْتَحْیَیُ. نُسْتَحْیَیُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کردیا تو یُسْتَحْیٰی. تُسْتَحْیٰی. اُسْتَحْیٰی. نُسْتَحْیٰی بن گئے۔

یُسْتَحْیَیَانِ. تُسْتَحْیَیَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

یُسْتَحْیَوْنَ. تُسْتَحْیَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں یُسْتَحْیَیُوْنَ. تُسْتَحْیَیُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو یُسْتَحْیَوْنَ. تُسْتَحْیَوْنَ بن گئے۔

یُسْتَحْیَیْنَ. تُسْتَحْیَیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

تُسْتَحْیَیْنَ :۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اصل میں تُسْتَحْیَیِیْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو تُسْتَحْیَیْنَ بن گیا۔

بحث فعل نفی جحد بلَمْ جازمہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف جازم لَمْ لگادیتے ہیں۔جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب،واحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَحْيِ. لَمْ تَسْتَحْيِ. لَمْ اَسْتَحْيِ. لَمْ نَسْتَحْيِ.

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَحْيَ. لَمْ تُسْتَحْيَ. لَمْ اُسْتَحْيَ. لَمْ نُسْتَحْيَ.

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَحْيِيَا. لَمْ يَسْتَحْيُوْا. لَمْ تَسْتَحْيِيَا. لَمْ تَسْتَحْيُوْا. لَمْ تَسْتَحْيِيْ . لَمْ تَسْتَحْيِيَا .

اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَحْيَيَا. لَمْ يُسْتَحْيَوْا. لَمْ تُسْتَحْيَيَا. لَمْ تُسْتَحْيَوْا. لَمْ تُسْتَحْيَيْ . لَمْ تُسْتَحْيَيَا .

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے معروف میں: لَمْ يَسْتَحْيِيْنَ. لَمْ تَسْتَحْيِيْنَ . اور مجہول میں: لَمْ يُسْتَحْيَيْنَ. لَمْ تُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل نفی تاکید بلَنْ ناصبہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بناتے ہیں کہ شروع میں حرف ناصب لَنْ لگادیتے ہیں جس کی وجہ سے معروف کے پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب،واحد مذکر حاضر،واحد وجمع متکلم) کے آخر میں لفظی نصب آئے گا۔ اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں الف ہونے کی وجہ سے تقدیری نصب آئے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَحْيِيَ. لَنْ تَسْتَحْيِيَ. لَنْ اَسْتَحْيِيَ. لَنْ نَّسْتَحْيِيَ .

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَحْيٰى. لَنْ تُسْتَحْيٰى. لَنْ اُسْتَحْيٰى. لَنْ نُّسْتَحْيٰى .

معروف ومجہول کے سات صیغوں کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَحْيِيَا. لَنْ يَّسْتَحْيُوْا. لَنْ تَسْتَحْيِيَا. لَنْ تَسْتَحْيُوْا. لَنْ تَسْتَحْيِيْ . لَنْ تَسْتَحْيِيَا .

اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَحْيَيَا. لَنْ يُّسْتَحْيَوْا. لَنْ تُسْتَحْيَيَا. لَنْ تُسْتَحْيَوْا. لَنْ تُسْتَحْيَيْ . لَنْ تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔ جیسے معروف میں: لَنْ يَّسْتَحْيِيْنَ. لَنْ تَسْتَحْيِيْنَ . اور مجہول میں: لَنْ يُّسْتَحْيَيْنَ. لَنْ تُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل مضارع لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ وخفیفہ معروف ومجہول

اس بحث کوفعل مضارع معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام تاکید اور آخر میں نون تاکید لگادیں

گے۔فعل مضارع معروف کے جن پانچ صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب' واحد مذکر حاضر' واحد وجمع متکلم) کے آخر میں یاء ساکن ہوگئی تھی نون تاکید ثقیلہ سے پہلے اسے فتحہ دیں گے۔اور مجہول کے انہیں پانچ صیغوں کے آخر میں جو یاء الف سے بدل گئی تھی اسے فتحہ دیں گے۔

جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَحْيِيَنَّ. لَتَسْتَحْيِيَنَّ. لَأَسْتَحْيِيَنَّ. لَنَسْتَحْيِيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَحْيِيَنْ. لَتَسْتَحْيِيَنْ. لَأَسْتَحْيِيَنْ. لَنَسْتَحْيِيَنْ.

جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَيَنَّ. لَتُسْتَحْيَيَنَّ. لَأُسْتَحْيَيَنَّ. لَنُسْتَحْيَيَنَّ.

اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَيَنْ. لَتُسْتَحْيَيَنْ. لَأُسْتَحْيَيَنْ. لَنُسْتَحْيَيَنْ.

معروف کے صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر سے واؤ گرا کر ماقبل ضمہ برقرار رکھیں گے تاکہ ضمہ واؤ کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَحْيُنَّ. لَتَسْتَحْيُنَّ اور نون تاکید خفیفہ معروف میں: لَيَسْتَحْيُنْ. لَتَسْتَحْيُنْ.

مجہول کے انہیں صیغوں میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق واؤ کو ضمہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَوُنَّ. لَتُسْتَحْيَوُنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں: لَيُسْتَحْيَوُنْ. لَتُسْتَحْيَوُنْ.

معروف کے صیغہ واحد مؤنث حاضر سے یاء گرا کر ماقبل کسرہ برقرار رکھیں گے تاکہ کسرہ یاء کے حذف ہونے پر دلالت کرے۔مجہول کے اسی صیغہ میں معتل کے قانون نمبر 30 کے مطابق نون تاکید سے پہلے یاء کو کسرہ دیں گے۔جیسے: نون تاکید ثقیلہ معروف میں لَتَسْتَحْيِنَّ. اور نون تاکید خفیفہ معروف میں لَتَسْتَحْيِنْ جیسے نون تاکید ثقیلہ مجہول میں: لَتُسْتَحْيَيِنَّ اور نون تاکید خفیفہ مجہول میں لَتُسْتَحْيَيِنْ.

معروف ومجہول کے چھ صیغوں (چار تثنیہ کے دو جمع مؤنث غائب وحاضر) کے آخر میں نون تاکید ثقیلہ سے پہلے الف ہوگا۔جیسے نون تاکید ثقیلہ معروف میں: لَيَسْتَحْيِيَانِّ . لَتَسْتَحْيِيَانِّ . لَيَسْتَحْيِينَانِّ. لَتَسْتَحْيِيَانِّ . لَتَسْتَحْيِينَانِّ. اور نون تاکید ثقیلہ مجہول میں لَيُسْتَحْيَيَانِّ . لَتُسْتَحْيَيَانِّ . لَيُسْتَحْيَيْنَانِّ. لَتُسْتَحْيَيَانِّ . لَتُسْتَحْيَيْنَانِّ.

بحث فعل امر حاضر معروف

اِسْتَحْيِ:۔صیغہ واحد مذکر فعل امر حاضر معروف۔

اس کو فعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْيِيْ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔بعد والا حرف ساکن ہے۔ عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے حرف علت گرادیا تو اِسْتَحْيِ بن گیا۔

اِسْتَحْيِيَا :۔صیغہ تثنیہ مذکر ومؤنث حاضر فعل امر حاضر معروف۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیِیَانِ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَحْیِیَا بن گیا۔

اِسْتَحْیُوْا :۔صیغہ جمع مذکر حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیُوْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَحْیُوْا بن گیا۔

اِسْتَحْیِیْ:۔صیغہ واحد مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگا کر آخر سے نون اعرابی گرادیا تو اِسْتَحْیِیْ بن گیا۔

اِسْتَحْیِیْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث حاضر۔

اس کوفعل مضارع حاضر معروف تَسْتَحْیِیْنَ سے اس طرح بنایا کہ علامت مضارع گرادی۔ بعد والاحرف ساکن ہے۔عین کلمہ کی مناسبت سے شروع میں ہمزہ وصلی مکسور لگایا تو اِسْتَحْیِیْنَ بن گیا۔اس صیغہ کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

بحث فعل امر حاضر مجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر مجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔جس کی وجہ سے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔جیسے: تُسْتَحْیٰی سے لِتُسْتَحْیَ. معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔

جیسے:لِتُسْتَحْیَیَا. لِتُسْتَحْیَوْا. لِتُسْتَحْیَیْ. لِتُسْتَحْیَیَا. صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔جیسے:لِتُسْتَحْیَیْنَ.

بحث فعل امر غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لام امر مکسور لگا دیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف ومجہول کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں:لِیَسْتَحْیِ. لِتَسْتَحْیِ. لِاَسْتَحْیِ. لِنَسْتَحْیِ .

اور مجہول میں:لِیُسْتَحْیَ. لِتُسْتَحْیَ. لِاُسْتَحْیَ. لِنُسْتَحْیَ .

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لِيَسْتَحْيِيَا. لِيَسْتَحْيُوْا. لِتَسْتَحْيِيَا. اور مجہول میں: لِيُسْتَحْيَيَا. لِيُسْتَحْيَوْا. لِتُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لِيَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لِيُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل نہی حاضر معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع حاضر معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے صیغہ واحد مذکر حاضر کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے اسی صیغہ کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔ جیسے معروف میں: لَا تَسْتَحْيِ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَحْيَ.

معروف ومجہول کے چار صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر، واحد وتثنیہ مؤنث حاضر) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا جیسے معروف میں: لَا تَسْتَحْيِيَا. لَا تَسْتَحْيُوْا. لَا تَسْتَحْيِيْ. لَا تَسْتَحْيِيَا. اور مجہول میں: لَا تُسْتَحْيَيَا. لَا تُسْتَحْيَوْا. لَا تُسْتَحْيَيْ. لَا تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث حاضر کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا تَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لَا تُسْتَحْيَيْنَ.

بحث فعل نہی غائب ومتکلم معروف ومجہول

اس بحث کو فعل مضارع غائب ومتکلم معروف ومجہول سے اس طرح بنائیں گے کہ شروع میں لائے نہی لگادیں گے۔ جس کی وجہ سے معروف کے چار صیغوں (واحد مذکر ومؤنث غائب، واحد وجمع متکلم) کے آخر سے حرف علت یاء اور مجہول کے انہیں چار صیغوں کے آخر سے حرف علت الف گر جائے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَحْيِ. لَا تَسْتَحْيِ. لَا أَسْتَحْيِ. لَا نَسْتَحْيِ.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَحْيَ. لَا تُسْتَحْيَ. لَا أُسْتَحْيَ. لَا نُسْتَحْيَ.

معروف ومجہول کے تین صیغوں (تثنیہ وجمع مذکر وتثنیہ مؤنث غائب) کے آخر سے نون اعرابی گر جائے گا

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَحْيِيَا. لَا يَسْتَحْيُوْا. لَا تَسْتَحْيِيَا.

اور مجہول میں: لَا يُسْتَحْيَيَا. لَا يُسْتَحْيَوْا. لَا تُسْتَحْيَيَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب کے آخر کا نون مبنی ہونے کی وجہ سے لفظی عمل سے محفوظ رہے گا۔

جیسے معروف میں: لَا يَسْتَحْيِيْنَ. اور مجہول میں: لَا يُسْتَحْيَيْنَ.

بحث اسم ظرف

مُسْتَحْيَى:۔صیغہ واحد اسم ظرف۔

اصل میں مُسْتَحْيَيٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَحْيَى بن گیا۔

مُسْتَحْيَيَانِ . مُسْتَحْيَيَاتٌ:۔صیغہ تثنیہ وجمع اسم ظرف دونوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم فاعل

مُسْتَحْيٍ :۔صیغہ واحد مذکر اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَحْيِيٌ تھا۔یاء پر ضمہ ثقیل ہونے کی وجہ سے گرادیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے یاء گرادی تو مُسْتَحْيٍ بن گیا۔

مُسْتَحْيِيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم فاعل اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَحْيُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم فاعل۔

اصل میں مُسْتَحْيِيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو مُسْتَحْيُيُوْنَ بن گیا۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کردیا تو مُسْتَحْيُوُوْنَ بن گیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسْتَحْيُوْنَ بن گیا۔

مُسْتَحْيِيَةٌ. مُسْتَحْيِيَتَانِ. مُسْتَحْيِيَاتٌ:۔صیغہ واحد وتثنیہ وجمع مؤنث سالم اسم فاعل۔

تینوں صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث اسم مفعول

مُسْتَحْيَى :۔صیغہ واحد مذکر اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَحْيَيٌ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو مُسْتَحْيَى بن گیا۔

مُسْتَحْيَيَانِ :۔صیغہ تثنیہ مذکر اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

مُسْتَحْيَوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر سالم اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَحْيَيُوْنَ تھا۔معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کردیا تو مُسْتَحْيَاوْنَ بن گیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو مُسْتَحْيَوْنَ بن گیا۔

مُسْتَحْيَاةٌ. مُسْتَحْيَاتَانِ. صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث اسم مفعول۔

اصل میں مُسْتَحْيَيَةٌ. مُسْتَحْيَيَتَانِ تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا تو مُسْتَحْيَاةٌ. مُسْتَحْيَاتَانِ بن گئے۔

مُسْتَحْيَيَاتٌ:۔ صیغہ جمع مؤنث سالم اسم مفعول اپنی اصل پر ہے۔

٭٭٭٭٭٭٭٭

صرف کبیر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِنْفِعَالٌ جیسے اَلْاِنْزِوَاءُ (گوشہ نشین ہونا)

اَلْاِنْزِوَاءُ: صیغہ اسم مصدر ثلاثی مزید فیہ غیر ملحق برباعی باہمزہ وصل لفیف مقرون از باب اِنْفِعَالٌ۔

اصل میں اِنْزِوَایٌ تھا۔ معتل کے قانون نمبر 18 کے مطابق یاء کو ہمزہ سے تبدیل کیا تو اِنْزِوَاءٌ بن گیا۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت معروف

اِنْزَوٰی:۔ صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت معروف ۔

اصل میں اِنْزَوَیَ تھا معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کر دیا تو اِنْزَوٰی بن گیا۔

اِنْزَوَیَا :۔ صیغہ تثنیہ مذکر غائب اپنی اصل پر ہے۔

اِنْزَوَوْا:۔ صیغہ جمع مذکر غائب۔

اصل میں اِنْزَوَیُوْا تھا۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یائے متحرکہ کو ماقبل مفتوح ہونے کی وجہ سے الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِنْزَوَوْا بن گیا۔

اِنْزَوَتْ. اِنْزَوَتَا:۔ صیغہ واحد و تثنیہ مؤنث غائب۔

اصل میں اِنْزَوَیَتْ. اِنْزَوَیَتَا تھے۔ معتل کے قانون نمبر 7 کے مطابق یاء کو الف سے تبدیل کیا۔ پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے الف گرادیا تو اِنْزَوَتْ. اِنْزَوَتَا بن گئے۔

اِنْزَوَیْنَ. اِنْزَوَیْتَ. اِنْزَوَیْتُمَا. اِنْزَوَیْتُمْ. اِنْزَوَیْتِ. اِنْزَوَیْتُمَا. اِنْزَوَیْتُنَّ. اِنْزَوَیْتُ. اِنْزَوَیْنَا.

صیغہ جمع مؤنث غائب سے صیغہ جمع متکلم تک تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

بحث فعل ماضی مطلق مثبت مجہول

اُنْزُوِيَ بِهٖ :۔صیغہ واحد مذکر غائب فعل ماضی مطلق مثبت مجہول اپنی اصل پر ہے۔

بحث فعل مضارع مثبت معروف

يَنْزَوِيْ. تَنْزَوِيْ. اَنْزَوِيْ. نَنْزَوِيْ :۔صیغہائے واحد مذکر ومؤنث غائب وواحد مذکر حاضر واحد وجمع متکلم۔

اصل میں يَنْزَوِيُ. تَنْزَوِيُ. اَنْزَوِيُ. نَنْزَوِيُ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کے مطابق یاء کی حرکت گرادی تو يَنْزَوِيْ. تَنْزَوِيْ. اَنْزَوِيْ. نَنْزَوِيْ بن گئے۔

يَنْزَوِيَانِ. تَنْزَوِيَانِ: صیغہائے تثنیہ مذکر ومؤنث غائب وحاضر۔

تثنیہ کے تمام صیغے اپنی اصل پر ہیں۔

يَنْزَوُوْنَ. تَنْزَوُوْنَ :۔صیغہ جمع مذکر غائب وحاضر۔

اصل میں يَنْزَوِيُوْنَ. تَنْزَوِيُوْنَ تھے۔معتل کے قانون نمبر 10 کی جز نمبر 3 کے مطابق یاء کے ماقبل کو ساکن کر کے یاء کا ضمہ اسے دیا تو يَنْزَوُيْوْنَ ، تَنْزَوُيْوْنَ بن گئے۔پھر معتل کے قانون نمبر 3 کے مطابق یاء کو واؤ سے تبدیل کیا۔پھر اجتماع ساکنین علی غیر حدہ کی وجہ سے پہلی واؤ گرادی تو يَنْزَوُوْنَ. تَنْزَوُوْنَ بن گئے۔

يَنْزَوِيْنَ. تَنْزَوِيْنَ :۔صیغہ جمع مؤنث غائب وحاضر۔

